UNIVERSAL
LIBRARY

OU_226580

UNIVERSAL
LIBRARY

Osmania University Library

Call No. 297.06 Accession No. U2961

Author J-1

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

روئداد

ادارۂ معارفِ اسلامیہ

اجلاس دوم

منعقدہ لاہور

۱۰-۱۱-۱۲ اپریل سنہ ۱۹۳۶ء

مجلس عاملہ ادارۂ معارف اسلامیہ

نے شائع کیا

لاہور

سنہ ۱۹۳۸ء

سنہ ۱۳۵۷ھ

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	علم تفسیر از مولانا حافظ محمد اسلم جیراجپوری ..	۱
۲	سراج ہندی از مولانا ریاست علی صاحب ندوی ..	۳۱
۳	مسلمانانِ سلف اور جمع و مطالعہ کتب کا شوق از قاضی احمد میاں اختر جوناگڈھی ..	۶۵
۴	علامہ شبلی بحیثیت شاعر از قاضی احمد میاں اختر جوناگڈھی ..	۹۳
۵	سمعانی اور اس کی کتاب الانساب از سید امتیاز علی صاحب عرشی ..	۱۳۳
۶	الرواج حول الجزیۃ والخراج از شمس العلماء مولانا مولوی عبدالرحمٰن صاحب	۱۸۵
۷	مثنوی عروۃ الوثقیٰ از شہابی از حافظ محمود خانصاحب شیرانی	۲۱۷
۸	مصر جدید کے دو شاعر، حافظ اور شوقی از ڈاکٹر پروفیسر محمد عبدالحق	۲۷۳
۹	تاریخ محمد عارف قندہاری از ڈاکٹر سید اظہر علی	۲۹۶
۱۰	ایران میں مرثیہ گوئی کی ابتدا از پروفیسر سید مسعود حسن صاحب رضوی	۳۲۳
۱۱	ہندوستان کی عربی تصانیف متعلقہ علوم قرآنیہ از ڈاکٹر زبید احمد	۳۹۷

گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں باہتمام بابو نظام الدین صاحب پرنٹر چھپی :-

دیباچہ

یادِ رفتگان ادارۂ معارفِ اسلامیہ کے اجلاسِ دوم کی کارروائی کو بیان کرنے سے پہلے ہم پر واجب ہے کہ اپنے ان عظیم قومی صدموں کے احساس کا اظہار کریں جو گذشتہ دو سال میں ہندوستان کے بدنصیب مسلمانوں کو برداشت کرنے پڑے ہیں۔ ناظرین کرام خود سمجھ گئے ہونگے کہ ان قومی صدموں سے ہماری مراد علامہ سر محمد اقبال علیہ الرحمۃ اور آنریبل سر فضلِ حسین مرحوم و مغفور کی مفارقت کے داغ ہیں جو باوفا مسلمانوں کے سینوں سے تاابد نہیں مٹ سکتے۔ اگرچہ ان بھاری موتوں کا ماتم عالمگیر ہے۔ لیکن ارکانِ ادارۂ معارفِ اسلامیہ اس سے خاص طور پر متاثر ہیں کہ انہی دونو بزرگوں کے دستِ شفقت سے ادارہ کی تربیت ہوئی۔ علامۂ مغفور ادارہ کے بانی اور اس کے اجلاسِ اوّل کے صدر تھے۔ اور میاں صاحب مرحوم نے اجلاسِ دوم کی صدارت کو قبول فرما کر اس کو شرف بخشا۔ ارکانِ ادارہ کی بدبختی ہے کہ ان دو محبوب رہنماؤں کا سایہ ان کے سر سے اٹھ گیا۔ لیکن ہمارا ایمان ہے۔ کہ ان کی پاک روحیں اپنی لازوال برکت سے ہمیشہ ہماری سرپرستی کرتی رہیں گی۔ خدا ہمیں توفیق دے کہ ان کی یاد کو دلوں میں تازہ رکھیں۔ اور ان کے بتائے ہوئے راستوں پر عزم و استقلال کے ساتھ گامزن رہیں۔

ان دو جلیل القدر بزرگوں کے علاوہ ہم اپنی استقبالیہ کمیٹی کے دو محترم ممبروں کی وفات کا اعلان بصد رنج و اندوہ کرتے ہیں۔ جو گذشتہ دو سال کے عرصے میں ہم سے جدا ہو گئے۔ شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی لاہور کے نامی اور پرانے اطباء میں سے تھے۔ جن کے

دم سے اس شہر میں طب یونانی کی عظمت قائم تھی ۔ مرحوم کے اخلاقِ حسنہ کا ہر شخص دل سے معترف ہے ۔ چودھری محمد حسین صاحب انسپکٹر مدارس جنہوں نے گذشتہ سال انتقال کیا محکمہ تعلیم پنجاب میں ایک سرگرم کارکن تھے ۔ اپنے محکمے میں انہوں نے تھوڑے ہی عرصے میں حیرت انگیز ترقی کی ، افسوس کہ عین جوانی میں اپنے اعزہ کو داغِ مفارقت دے گئے ۔ خدائے کریم دونو کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے ۔

ادارہ کا اجلاس دوم

ادارہ کا اجلاس دوم تین سال کے وقفہ کے بعد مینارڈ ہال لاہور میں ۱۰ - ۱۱ - ۱۲ اپریل ۱۹۳۶ء کو بصدارت میاں سر فضل حسین مرحوم و مغفور منعقد ہوا ۔

سب سے پہلے ہمیں اس بات کا اعلان کرنے میں فخر اور مسرت ہے کہ ادارہ کا یہ دوسرا اجلاس پہلے کی نسبت بہت زیادہ کامیاب اور بارونق تھا ۔ بیجا نہ ہوگا اگر ہم بعض امور میں پہلے اور دوسرے اجلاس کا موازنہ کریں تاکہ معلوم ہو سکے کہ اس قلیل عرصے میں ادارہ کی ترقی کا پیمانہ کیا ہے ؟ اجلاس اول کے پروگرام میں مقالات کی تعداد پندرہ تھی ۔ جن میں سے تیرہ پڑھے گئے ۔ اجلاس دوم میں ان کی تعداد اڑتیس تھی جن میں سے پچیس پڑھے گئے ۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ جہاں اجلاسِ اول کی کارروائی فقط ایک دن میں تمام ہو گئی ۔ وہاں اجلاس دوم میں تین دن صرف ہوئے ۔ اجلاس اول میں مندوبین کی تعداد گیارہ تھی ۔ اجلاس دوم میں سولہ تھی ۔ استقبالیہ کمیٹی کے ممبروں کی تعداد پہلے اجلاس کے وقت ۳۹ تھی ۔ اجلاس دوم میں ۷۷ اور یہ باوجود اس کے کہ چندہ کی مقدار دوگنی کر دی گئی تھی ۔ علی ہذا القیاس حاضرین جلسہ کی تعداد بھی بہ نسبت سابق بہت زیادہ تھی ۔ مخطوطات اور مصنوعات کی نمائش جو اجلاس دوم میں ہوئی ۔ وہ بھی پہلی نمائش کی نسبت بلحاظ آرائش

اور تعداد اشیا بہت بڑھ چڑھ کر تھی۔ ان باتوں سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ ادارہ کے اغراض و مقاصد کے ساتھ مسلم پبلک کو پوری ہمدردی ہے اگر کارکنانِ ادارہ تن دہی کے ساتھ کوشش میں مصروف ہو کر اہلِ ثروت کی توجہ اس کی ضرورت کی طرف منعطف کرانے میں کامیاب ہو سکیں تو کچھ شک نہیں کہ ہندوستان میں اسلامی تہذیب و علوم کو زندہ رکھنے میں ادارہ بہت بڑی خدمت کر سکتا ہے۔

افتتاح اجلاس دوم کا افتتاح ۱۰ اپریل ۱۹۳۶ء کو ۱۰ بجے صبح میناروڈہال میں ہوا۔ حاضرین کی تعداد تین سو کے قریب تھی۔ جن میں لاہور کے بعض معزز اور سربرآوردہ ہندو حضرات بھی شریک تھے۔ سب سے پہلے حافظ محمد حسن صاحب کوہاٹی نے سورہ فتح کا آخری رکوع خوش الحانی کے ساتھ پڑھا۔ جس کو حاضرین نے تعظیماً کھڑے ہو کر سنا۔ اس کے بعد علامہ عبداللہ یوسف علی صدر استقبالیہ کمیٹی نے مندوبین اور حاضرین کا خیر مقدم کرتے ہوئے ادارہ کی ضرورت اور اس کی مختصر گذشتہ تاریخ سے سامعین کو آگاہ کیا اور یہ بتلایا کہ اس کو کامیاب بنانے میں ارباب اورینٹل کالج نے بہت کوشش کی ہے علامہ موصوف کا پورا خطبہ روئداد ادارہ کے انگریزی حصے میں موجود ہے۔

اسکے بعد میاں سر فضل حسین مرحوم نے اپنا مختصر لیکن پر مغز خطبۂ صدارت پڑھا۔ جو اُس وقت لاہور کے انگریزی اخبارات میں شائع کیا گیا۔ اور اس کا اردو ترجمہ بھی مقامی اخباروں اور رسالوں میں چھاپا گیا۔ اب اس کو روئداد ادارہ میں دوبارہ ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے

اختتام خطبہ پر ملک برکت علی صاحب ایڈووکیٹ لاہور نے مناسب الفاظ میں جناب صدر کا شکریہ کارکنانِ ادارہ کی طرف سے ادا کیا۔ حقیقت میں میاں صاحب مرحوم اس شفقت اور کرمفرمائی کے لئے ہماری دلی شکرگذاری کے مستحق تھے کہ انہوں نے کارکنوں کی حوصلہ افزائی

کے خیال سے باوجود ضعف و علالت کے ادارہ کی صدارت کو قبول فرمایا۔

اِفتتاح نمائش افتتاحی اجلاس کی کارروائی گیارہ بجے تمام ہوئی۔جس کے بعد جناب صدر نے یونیورسٹی لائبریری میں نمائش کا افتتاح فرمایا۔ حاضرین میں سے اکثر اصحاب نے نمائش کا بالاستیعاب معائنہ کیا۔اور کارکنانِ ادارہ کو مشکور فرمایا۔مسکوکات جو اس نمائش میں دکھائے گئے وہ تمام تر اور مخطوطات کا معتد بہ حصہ ہمارے مخدوم پروفیسر حافظ محمود شیرانی کی ملکیت تھا۔لیکن اس کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے بعض نادر قلمی نسخے، پروفیسر سراج الدین آذر کے ذاتی کتب خانے کی بیش قیمت کتابیں، پروفیسر محمد شفیع صاحب کے بعض نادر اسلامی مصنوعات اور انڈیا آفس لائبریری کے چند قلمی نسخے نمائش کی زینت کا باعث تھے۔ایک نمایاں چیز جو اس نمائش میں دکھلائی گئی وہ اسلامی عمارات کے کتبوں کے چربے تھے۔جن کو ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی نے مہینوں کی لگاتار محنت اور زحمتِ سفر سے کاٹھیاواڑ اور گجرات اور دکن کے بعض دُور و دراز مقامات سے جمع کیا تھا اور پھر کئی دن کی مسلسل محنت سے ان کو ترتیب دیکر نمائش کے کمرے میں دیواروں پر سجایا تھا۔ان چربوں کی ایک فہرست بھی انہوں نے مرتب کی تھی۔جس کو ادارہ کی طرف سے طبع کرا کر زائرین نمائش کو تقسیم کیا تھا، مجلس عاملہ کا ارادہ تھا کہ ان میں سے بعض کتبے منتخب کر کے روٹمداد میں طبع کئے جائیں۔لیکن اس خیال سے کہ اس کی ضخامت پہلے ہی بہت زیادہ ہو چکی ہے۔ان کی اشاعت آیندہ اجلاس کی روٹمداد میں کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

سطور ذیل میں ہم بالترتیب اجلاس کی مختلف نشستوں کا حال درج کرتے ہیں:۔

نشست اول۔ ۱۰۔ اپریل ۸ بجے سے ۱۰ بجے شام

بصدارت مولوی محمد شفیع ایم۔اے

پرنسپل اورینٹل کالج لاہور

اس نشست میں مقالات ذیل پڑھے گئے :۔

۱۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب ایم۔اے ڈی لٹ ۔ پروفیسر و ڈیلیگیٹ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد۔

"ابتداء زمانۂ اسلام میں ایران کے ساتھ مسلمانوں کے سیاسی تعلقات" بزبان انگریزی

۲۔ مولانا محمد اسلم جیراجپوری ۔ ڈیلیگیٹ جامعہ ملّیہ دہلی ۔

"علم تفسیر" بزبان اردو

۳۔ خانصاحب قاضی فضل حق ایم۔ اے پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور۔

"پنجابی علم ادب میں مسلمانوں کا حصّہ" (بزبان اردو)

۴۔ خواجہ سنأاللہ ایم۔ اے ۔ پروفیسر عربی اسلامیہ کالج پشاور

"باب المدح فی کتاب العجائب للشیزری" (بزبان انگریزی)

۵۔ ملک محمد باقر ایم۔ اے متعلم پنجاب یونیورسٹی ۔ لاہور

"آدینہ بیگ خاں حاکم پنجاب" (بزبان انگریزی)

چونکہ وقتِ معین دو گھنٹے تھا اور پانچ مقالات تھے ۔ لہٰذا ہر مقالے کو ۲۵ منٹ دیئے گئے ۔ وقت میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے کسی مقالے پر بحث یا سوالات نہ ہو سکے ۔ اور یہی حالت ہر نشست میں رہی ۔

اس نشست کے پروگرام میں ڈاکٹر داؤد پوتہ پروفیسر اسماعیل کالج بمبئی کا مضمون بہ عنوان "ابن خلدون کے خیالات تعلیم کے بارے میں" (بزبان انگریزی) اور

سید مسعود حسن رضوی پروفیسر لکھنؤ یونیورسٹی کا مضمون "فارسی مراثی" پر۔ زبان اردو تھا۔ یہ دونو حضرات خود تشریف نہیں لاسکے۔ لیکن اپنے مضامین انہوں نے ارسال فرمادیئے تھے۔ جو روئداد میں طبع ہوگئے ہیں،

نشست دوم۔ ۱۱ اپریل۔ ۹ بجے سے ۱۲ بجے صبح

بصدارت میاں بشیر احمد صاحب بی۔ اے (آکسن)

اس نشست میں مقالات ذیل پڑھے گئے:۔

۱۔ پروفیسر شجاع منعمی ایم۔ اے۔ ایم۔ ایس۔ سی۔ پروفیسر طبیعات صادق اجوٹن کالج۔ بہاولپور (ڈیلیگیٹ ریاست بہاولپور)

"انحراف ضو" کا سبب جس کو مسلم سائنس دانوں نے واضح کیا" (بزبان انگریزی)

۲۔ مولوی سید ریاست علی صاحب ندوی (ڈیلیگیٹ دارالمصنفین اعظم گڈھ)

"سراج ہندی" (بزبان اردو)

۳۔ ڈاکٹر زبید احمد صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی پروفیسر الہ آباد یونیورسٹی،

"وہ تصانیف جو علوم قرآنی پر ہندوستان میں بزبان عربی لکھی گئیں۔ (بزبان اردو)

۴۔ قاضی احمد میاں اختر جوناگڈھی

"شبلی بحیثیت شاعر" (بزبان اردو)،

۵۔ سید امتیاز علی عرشی۔ ناظم کتب خانہ رامپور،

"سمعانی اور اس کی کتاب الانساب" (بزبان اردو)

باقی چار مقالات جو اس نشست کے پروگرام میں داخل تھے۔ کچھ وقت کی تنگی اور کچھ پڑھنے والے حضرات کے تشریف نہ لاسکنے کی وجہ سے نہیں پڑھے گئے۔

ڈاکٹر وحید مرزا صاحب پروفیسر لکھنؤ یونیورسٹی نے اپنا مضمون بہ عنوان "مقدمہ ابن خلدون میں مراکش کی شاعری کے نمونے" ارسال فرما دیا تھا۔ جو روئداد میں چھپا ہے۔ ڈاکٹر عنایت اللہ صاحب اور پروفیسر شیرانی صاحب سے ہم معافی کے طلبگار ہیں۔ کہ ان دونو حضرات کو وقت میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے پڑھنے کا موقع نہ دیا جا سکا۔

نشست سوم۔ ۱۱ اپریل ۲ سے ۴ بجے سہ پہر

بصدارت شمس العلماء مولوی عبدالرحمٰن صاحب دہلوی

مضامین ذیل اس نشست میں پڑھے گئے:۔

۱۔ ڈاکٹر نظام الدین صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ پروفیسر و ڈیلیگیٹ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد۔

"ایرانِ حاضر کے ادبی رجحانات" (بزبان انگریزی)

۲۔ ڈاکٹر وجاہت حسین عندلیب شادانی ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ پروفیسر ڈھاکہ یونیورسٹی۔

"تاج المآثر تالیف حسن نظامی نیشاپوری" (بزبان اردو)

۳۔ ڈاکٹر اظہر علی صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ پروفیسر و ڈیلیگیٹ دہلی یونیورسٹی۔

"تاریخ محمد عارف قندہاری" (بزبان اردو)

۴۔ یٰسین خان نیازی ایم۔ اے۔ متعلم پنجاب یونیورسٹی

"نیازیوں کی تاریخ" (بزبان انگریزی)

۵- قاضی احمد میاں اختر جوناگڈھی ،
" سعدی کا عربی کلام " (بزبان اردو)
ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی پروفیسر کلکتہ یونیورسٹی کا مضمون " مسند احمد بن حنبل " پر اور ڈاکٹر حسین الہمدانی کا مضمون " تصانیف احمد حمید الدین کرمانی " پر پڑھے نہیں گئے لیکن اول الذکر روئداد میں چھاپا گیا ہے۔

نشست چہارم ۱۱ر اپریل ۸ سے ۱ بجے شب

بصدارت ڈاکٹر عبدالحق پروفیسر جامعہ عثمانیہ حیدرآباد

اس نشست میں علامہ عبداللہ یوسف علی نے اپنا فاضلانہ مضمون بہ عنوان "تاریخ اسلام کی وسعت اور یونیورسٹیوں میں اس کی تعلیم کی ضرورت۔" بزبان انگریزی پڑھا۔ اس وقت حاضرین کی کثرت تعداد غیر معمولی تھی۔ علامہ موصوف کی تقریر میں جو کشش ہے وہ محتاج بیان نہیں اور یہ تعداد اس کشش کا نتیجہ تھی۔ مضمون ایک گھنٹے میں تمام ہوا جس کے بعد پروفیسر ڈاکٹر ہادی حسن (ڈیلیگیٹ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ) نے "تصوف اسلام" پر زبان انگریزی لکچر دیا۔ پروفیسر موصوف کی فصیح البیانی اور پرظرافت گفتگو مشہور و معروف ہے اور اس شہرت کی انہوں نے اس لکچر سے پوری تصدیق کی۔ لکچر کے تمام ہونے پر چونکہ وقت میں گنجائش نہ رہی تھی۔ لہٰذا ڈاکٹر تصدق حسین صاحب خالد کا مضمون جو اس نشست میں پڑھا جانے والا تھا۔ نہ پڑھا جا سکا۔

نشست پنجم - ۱۲ - اپریل ۹ بجے سے ۱۲ بجے صبح

بصدارت ڈاکٹر اظہر علی صاحب پروفیسر دہلی یونیورسٹی

مضامین ذیل اس نشست میں پڑھے گئے :-

۱- پروفیسر محمد شفیع ایم - اے پنجاب یونیورسٹی لاہور

"بعض قدیم فرامین جو پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہیں۔ (بزبان انگریزی)

۲- ڈاکٹر برکت علی قریشی ایم - اے - پی - ایچ - ڈی پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور۔

"ابن خلدون کا عقیدہ تہذیب و سیاست کے بارے میں" (بزبان انگریزی)

۳- پروفیسر محمد فضل الدین قریشی ایم - ایس - سی پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور

"فجر و شفق (مطالعہ طبیعی) حکماء مسلمین کی نظر سے" (بزبان انگریزی)

۴- ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی - لاہور

"بعض اسلامی عمارات اپنے کتبوں کی روشنی میں" (بزبان انگریزی)

۵- حکیم محمد حسن صاحب قرشی پرنسپل طبیہ کالج لاہور

"دورانِ خون کے انکشاف میں مسلمانوں کا حصہ" (بزبان اردو)

۶- ڈاکٹر عبدالحق ایم - اے - ڈی فل - پروفیسر و ڈیلیگیٹ جامعہ عثمانیہ (حیدرآباد)

مصر حاضر کے دو شاعر - شوقی اور حافظ (بزبان اردو)

۷- شمس العلماء مولوی عبدالرحمان صاحب دہلوی - پروفیسر و ڈیلیگیٹ دہلی یونیورسٹی۔

"الرواج حول الجزیۃ والخراج" (بزبان اردو)

قاضی محمد اسلم صاحب ایم - اے پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور کا مضمون بعنوان "اسلامی طریقۂ عبادت میں فلسفۂ توجہ" موصول ہوا۔ لیکن ان کے تشریف نہ لا سکنے کی وجہ سے پڑھا نہیں گیا۔ روئداد میں درج ہے۔

نشست ششم - ۱۲- اپریل ۲ سے ۴ بجے سہ پہر

بصدارت ڈاکٹر زبید احمد صاحب ایم اے پی ایچ - ڈی پروفیسر الہ آباد یونیورسٹی

اجلاس دوم کے منظور شدہ ریزولیوشن

اس نشست میں حسب ذیل ریزولیوشن بالاتفاق پاس ہوئے :-

۱ - ادارۂ معارف اسلامیہ کا یہ جلسہ حکومتِ ہند کے محکمۂ آثار قدیمہ کو بتاکید اس امر کی ضرورت جتلاتا ہے کہ وہ قدیم اسلامی عمارات کے کتبوں کو بلا تاخیر جمع کرکے شائع کرنے کا بندوبست کرے - ورنہ اندیشہ ہے کہ مزید غفلت سے عمارات کے پتھر اور در و دیوار کہنہ ہو کر شکستہ ہو جائیں گے اور ان کے کتبوں کی عبارات کے خستہ و محو ہو جانے کے باعث محققینِ علمِ تاریخ ان کے استفادہ سے محروم ہو جائیں گے "

محرک - ڈاکٹر عبدالحق پروفیسر جامعہ عثمانیہ حیدرآباد

مؤید - مولوی محمد شفیع صاحب ایم - اے - پرنسپل اورینٹل کالج لاہور

۲ - ادارۂ معارف اسلامیہ کا یہ جلسہ مسلمانوں کو بتاکید تحصیلِ زبان عربی کی ترغیب دلاتا ہے جو کہ ان کے تمام علوم و معارف اور تہذیب گذشتہ کی خزینہ دار ہے "

محرک - ڈاکٹر غلام محی الدین صوفی ایم - اے ڈی لٹ - انسپکٹر مدارس جبل پور (سی پی)

مؤید - پروفیسر شجاع منعمی ایم - اے - ایم ایس سی - بہاولپور -

۳ - ادارۂ معارف اسلامیہ کا یہ جلسہ ان تمام مندوبین کا دلی شکریہ ادا کرتا ہے - جو زحمتِ سفر گوارا کرکے لاہور تشریف لائے - اور ادارہ کے اجلاس دوم میں شریک ہوئے :-

محرک - پروفیسر محمد اقبال (سیکرٹری ادارہ)

مؤید:- ڈاکٹر محمد عبداللہ جغتائی

۴- ادارہ معارف اسلامیہ کا یہ جلسہ ان تمام حضرات کا دلی شکریہ ادا کرتا ہے جنہوں نے اپنی لگاتار محنت سے ادارہ کے اجلاس دوم کو کامیاب بنانے کی کوشش کی۔ بالخصوص لائبریرین پنجاب یونیورسٹی لائبریری ہماری شکرگذاری کے مستحق ہیں۔ جن کی محنت اور توجہ سے نمائش کو کامیابی ہوئی۔"

محرک۔ ڈاکٹر اظہر علی پروفیسر دہلی یونیورسٹی

مؤید۔ ڈاکٹر وجاہت حسین عندلیب شادانی پروفیسر ڈھاکہ یونیورسٹی۔

فہرست مندوبین اجلاس دوم

دہلی یونیورسٹی

۱۔ شمس العلماء مولوی عبدالرحمٰن پروفیسر عربی

۲۔ ڈاکٹر اظہر علی پروفیسر فارسی

جامعہ ملّیہ دہلی

۱۔ مولانا اسلم جیراجپوری

علیگڈھ یونیورسٹی

۱۔ پروفیسر ڈاکٹر ہادی حسن

ریاست بہاولپور

۱۔ پروفیسر شجاع منعمی ایم۔اے۔ایم۔ایس۔سی

ریاست رامپور

۱- سید امتیاز علی عرشی ناظم کتب خانہ

۲- سید عبد السلام خان

الہ آباد یونیورسٹی

پروفیسر ڈاکٹر زبید احمد

ڈھاکہ یونیورسٹی

پروفیسر ڈاکٹر وجاہت حسین عندلیب شادانی

جامعہ عثمانیہ حیدر آباد

۱- پروفیسر ڈاکٹر نظام الدین

۲- پروفیسر ڈاکٹر عبد الحق

۳- پروفیسر ڈاکٹر حمید اللہ

اسلامیہ کالج پشاور

خواجہ سخاء اللہ ایم۔ اے پروفیسر عربی

ریاست جوناگڈھ

قاضی احمد میاں اختر

دار المصنفین اعظم گڈھ

مولوی سید ریاست علی صاحب ندوی

ان کے علاوہ بمبئی یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹر محمد بدل الرحمٰن پرنسپل اسماعیل کالج اور کنونیو یونیورسٹی کیطرف سے پروفیسر سید معوجسن رضوی بطور ڈیلیگیٹ نامزد ہوئے تھے لیکن یہ دونو حضرات کسی مجبوری کی وجہ سے تشریف نہ لا سکے۔ پروفیسر محمد اقبال معتمد اعزازی ادارہ معارف اسلامیہ

فہرست ممبرانِ مجلس عاملہ

(۱) پرنسپل محمد شفیع صاحب ایم۔اے (صدر)

(۲) ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین صاحب بیرسٹر ایٹ لا۔ لاہور

(۳) پروفیسر حافظ محمود خاں صاحب شیرانی اورینٹل کالج لاہور

(۴) مولوی ظفر اقبال صاحب ایم۔ اے رجسٹرار محکمہ تعلیم۔ لاہور

(۵) خواجہ عبدالوحید صاحب سیکرٹری اسلامک ریسرچ انسٹیٹیوٹ لاہور

(۶) ملک عبدالقیوم صاحب پروفیسر لاء کالج لاہور

(۷) پروفیسر محمد اقبال اورینٹل کالج لاہور (معتمد و خازن)

فہرست ممبران استقبالیہ کمیٹی

۱۔ علامہ عبداللہ یوسف علی ایم اے۔ ایل ایل ایم۔ سی بی ای (صدر)

۲۔ پرنسپل محمد شفیع صاحب ایم۔اے۔

۳۔ پروفیسر حافظ محمود خاں صاحب شیرانی۔ اورینٹل کالج لاہور

۴۔ پروفیسر محمد اقبال۔ اورینٹل کالج لاہور

۵۔ رانا عبدالحمید صاحب ایم۔ اے پرنسپل گورنمنٹ کالج شاہ پور

۶۔ مولوی عبدالحی صاحب ایم۔ اے۔ گورنمنٹ کالج شاہ پور

۷۔ آنریبل چودھری سر شہاب الدین صاحب صدر پنجاب اسمبلی

۸۔ خان بہادر سردار حبیب اللہ لاہور

۹۔ پروفیسر عبداللطیف صاحب پیش ایم اے۔ گورنمنٹ کالج ملتان

۱۰۔ میرزا سر ظفر علی خاں سابق جج ہائی کورٹ لاہور

۱۱۔ ڈاکٹر جارج متھائی ایم۔ اے پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور

۱۲۔ خانصاحب میاں امیرالدین صاحب سب رجسٹرار۔ لاہور

۱۳۔ میاں نظام الدین صاحب۔ رئیس اعظم۔ لاہور

۱۴۔ خانصاحب قاضی فضل حق ایم۔ اے۔ پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور

۱۵۔ مولوی ظفر اقبال صاحب ایم۔ اے۔ رجسٹرار محکمہ تعلیم۔ لاہور

۱۶۔ شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی (مرحوم) لاہور

۱۷- پروفیسر سراج الدین صاحب آذر ایم۔ اے گورنمنٹ کالج پسرور

۱۸- پروفیسر ڈاکٹر محمد صدر الدین صاحب گورنمنٹ کالج لاہور

۱۹- مولوی عبدالحمید صاحب ایم۔ اے سابق انسپکٹر مدارس

۲۰- مولوی اولاد حسین صاحب شاداں بلگرامی۔ اورینٹل کالج لاہور

۲۱- مولوی غلام محی الدین خان صاحب ایم ایل اے۔ لاہور

۲۲- مسٹر خورشید زماں صاحب بیرسٹر۔ لاہور

۲۳- پروفیسر ڈاکٹر برکت علی صاحب قریشی۔ اسلامیہ کالج لاہور

۲۴- شیخ مبارک علی صاحب تاجر کتب لاہور

۲۵- شیخ عبدالباری صاحب انارکلی لاہور

۲۶- خانصاحب شیخ فیاض الدین۔ رئیس لاہور

۲۷- پروفیسر ڈاکٹر ہادی حسن صاحب۔ علیگڈھ یونیورسٹی

۲۸- مسٹر عصمت اللہ خانصاحب تحصیل دار بھلوال۔ ضلع شاہپور

۲۹- مولوی حسن دین صاحب ایم۔ اے اورینٹل کالج لاہور

۳۰- خاں سعادت علی خاں صاحب رئیس لاہور

۳۱- ڈاکٹر غلام محمد صاحب برانڈرتھ روڈ۔ لاہور

۳۲- محمد طاہر خاں صاحب (بمبئی)

۳۳- سید حمید علی صاحب دارالاشاعت لاہور

۳۴- پروفیسر سید عبدالقادر صاحب ایم۔ اے اسلامیہ کالج لاہور

۳۵- پروفیسر خواجہ دل محمد صاحب ایم۔ اے۔ اسلامیہ کالج لاہور

۳۶۔ خانصاحب چودھری محمد حسین۔ ایم اے پنجاب سیکریٹریٹ لاہور

۳۷۔ مسٹر الطیفی صاحب فنانشل کمشنر لاہور

۳۸۔ ملک برکت علی صاحب ایم۔ اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ لاہور

۳۹۔ راجہ حسن اختر صاحب پی۔ سی۔ ایس لاہور

۴۰۔ خانصاحب شیخ فضل الٰہی۔ ڈائرکٹر انفرمیشن پبلسٹی۔ لاہور

۴۱۔ شیخ محمد اشرف صاحب تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

۴۲۔ حاجی فیروز الدین صاحب فلیمنگ روڈ۔ لاہور

۴۳۔ میاں بشیر احمد صاحب بی۔ اے آکسن لاہور

۴۴۔ پروفیسر عبد الحمید صاحب ایم۔ اے گورنمنٹ کالج لاہور

۴۵۔ خان غلام محمد خان صاحب ایم اے۔ گورنمنٹ پنشنر۔ لاہور

۴۶۔ ملک عبد القیوم صاحب پروفیسر لا، کالج لاہور

۴۷۔ میرزا محمد صادق صاحب مالک رین پریس لاہور۔

۴۸۔ ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین صاحب بیرسٹر لاہور

۴۹۔ شیخ محمد عبد الغنی صاحب ایم۔ اے پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور

۵۰۔ میرزا عبد الرب صاحب ایم۔ اے ڈسٹرکٹ جج لائل پور

۵۱۔ چودھری محمد حسین صاحب (مرحوم) انسپکٹر مدارس۔

۵۲۔ شیخ محمد نصیر ہمایوں بی۔ اے قومی کتب خانہ لاہور

۵۳۔ پروفیسر وحید الدین صاحب ایم۔ اے کینرڈ کالج لاہور

۵۴۔ چودھری سردار علی صاحب۔ آنریری مجسٹریٹ لاہور

۵۵ - چودھری صوبے خان صاحب تحصیلدار لاہور

۵۶ - سردار محمد اکبر خاں صاحب آنریری مجسٹریٹ پتوکی ضلع لاہور

۵۷ - خان بہادر سردار عبدالرحمٰن خاں صاحب ریلوے روڈ - لاہور

۵۸ - خان بہادر سردار دین محمد خاں صاحب ای - اے - سی لائل پور

۵۹ - سردار عبدالحمید صاحب ایم - اے لاہور

۶۰ - خاں بہادر عنایت اللہ خاں صاحب چودھری انجینیر انڈین سٹیٹ ریلویز -

۶۱ - حافظ عبدالمجید صاحب آئی سی ایس - اسسٹنٹ کمشنر جالندھر

۶۲ - محترمہ خدیجہ فیروزالدین صاحبہ ایم اے انسپکٹرس زنانہ مدارس

۶۳ - پروفیسر محمد فضل الدین صاحب قریشی ایم ایس سی اسلامیہ کالج لاہور

۶۴ - ڈاکٹر پروفیسر سعید اللہ صاحب اسلامیہ کالج لاہور

۶۵ - پروفیسر قاضی ظہیر الدین صاحب ایم - اے اسلامیہ کالج لاہور

۶۶ - پروفیسر غلام محی الدین صاحب ایم - اے گورنمنٹ کالج لائل پور

۶۷ - پروفیسر محمد عبداللہ صاحب ایم - اے - گورنمنٹ کالج لائل پور

۶۸ - پروفیسر صادق علی صاحب ایم - اے بہاولپور کالج

۶۹ - پروفیسر عبدالباسط صاحب ایم - اے اسلامیہ کالج لاہور

۷۰ - پروفیسر علم الدین صاحب سالک ایم - اے اسلامیہ کالج لاہور

۷۱ - سید ماجد علی صاحب دفتر محکمہ تعلیم لاہور

۷۲ - مولوی محمد شفیع صاحب ایم - اے ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی سکول لاہور

۷۳ - پروفیسر سید بشیر علی صاحب ایم ایس سی علیگڈھ یونیورسٹی

۷۴۔ صاحبزادہ ولی احمد خاں صاحب ایم۔ اے جج ریاست جے پور

۷۵۔ مولوی سید مرتضیٰ حسین صاحب خالصہ کالج امرتسر

۷۶۔ پروفیسر چودھری محمد صادق صاحب ایم۔ اے گورنمنٹ کالج شاہ پور

۷۷۔ پروفیسر عبدالباری صاحب ایم۔ اے گورنمنٹ کالج شاہ پور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً و مصلیاً

علم تفسیر

از مولانا حافظ محمد اسلم جیراجپوری جامعہ ملیہ دہلی

قرآن کریم ایسی صاف عربی زبان میں نازل ہوا جس کو عام طور پر اہل عرب سمجھتے تھے، خود قرآنی آیات میں قرآن کی زبان "عربی مبین" کہی گئی ہے یعنی بیّن اور واضح، اس لفظ کا استعمال قرآن میں جابجا اسی معنی میں ہوا ہے، مثلاً "فَاْتُوْنَا بِسُلْطَانٍ مُّبِیْنٍ" لاؤ ہمارے پاس کوئی کھلی ہوئی دلیل، "اِنَّ الشَّیْطَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ" شیطان انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے، یہی وجہ ہے کہ خود قرآن نے اپنی بھی صفت یہی بیان کی ہے، یعنی "اَلْکِتَابُ الْمُبِیْنُ" بلکہ اس سے بھی آگے بڑھ کر اپنے کو "نور مبین" کہا ہے، نیز آیات قرآنی کو بھی "آیات بیّنات" کے نام سے موسوم کیا ہے، "بَلْ هُوَ اٰیَاتٌ بَیِّنَاتٌ فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ" بلکہ وہ کھلی ہوئی آیتیں ہیں ان لوگوں کے سینوں میں جن کو علم دیا گیا ہے،

الغرض قرآن کی زبان، قرآن کی تعلیم، اور قرآنی آیات کا مفہوم سب خود قرآن کے بیان کے

مطابق واضح، کھلا ہوا بلکہ جگمگاتا ہوا نور ہے، یہی سبب ہے کہ اس نے بار بار تصریح کی ہے کہ "وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ" اور ہم نے قرآن کو نصیحت لینے کے لئے آسان کر دیا ہے، کوئی ہے جو نصیحت لے؟ نصیحت لینے کی آسانی کو دیکھنے کے لئے خود اہل عرب پر نظر ڈالنا کافی ہے جو قرآن کے اولین مخاطب اور بالعموم بدوی اور ناخواندہ تھے جس کی وجہ سے قرآن نے ان کو "اُمِّيِّينَ" کا لقب دیا اور فرمایا "هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ" وہی اللہ جس نے ناخواندہ لوگوں میں انہیں میں سے ایک رسول کھڑا کیا۔ ان اُمّیوں نے بے تکلف قرآن کو سمجھا اور اس کے اوپر عمل کیا۔ علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں :-

اِنَّ الْقُرْآنَ نزل بلغة العرب على اساليب بلاغتهم فكانوا كلهم يفهمونه ويعلمون معانيه فى مفرداته وتراكيبه[1]	قرآن عرب کی زبان میں ان کے انداز بلاغت کے مطابق نازل ہوا۔ ہر ایک اس کو سمجھتا تھا اور اس کے مفردات و مرکبات کے معانی کا علم رکھتا تھا

علامہ موصوف کا مقصد غالباً یہ ہے کہ اہل عرب بالعموم قرآن سے اس کی تعلیمات کو سمجھتے تھے ورنہ یہ تو ظاہر ہے کہ ہر فرد امت عربیہ کا اس کے جملہ الفاظ کے معانی اور اس کی تمام تراکیب کی تفصیلات کا عالم نہیں ہو سکتا تھا۔ خود حضرت عمر فاروقؓ کے متعلق روایت ہے کہ کسی نے ان سے "وَفَاكِهَةً وَّأَبًّا" میں "ابّا" کے معنے پوچھے، جواب دیا کہ ہم کو تکلف و تعمق سے ممانعت کی گئی ہے، ایک بار انہوں نے منبر پر یہ آیت پڑھی "اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ" اور حاضرین سے تخوف کے معنے دریافت کئے، بنی ہذیل کے ایک شخص نے کہا کہ اس کے معنے تنقص کے یعنی کم کرنے کے ہیں۔ اور سند میں یہ شعر پڑھا[2]

تَخَوَّفَ الرَّحْلُ مِنْهَا تَامِكًا قَرِدًا ۔۔۔ كَمَا تَخَوَّفَ عُودَ النَّبْعَةِ السَّفَنُ

---

[1] - مقدمہ ابن خلدون ص ۳۶۷، [2] - کتاب الموافقات ص ۵۷ - ۵۸ +

علےٰ ہذا ایک بار جمعہ کے خطبہ میں ارشاد فرمایا کہ میں اپنے بعد جو امور سب سے اہم چھوڑ جاؤں گا ان میں مسئلہ کلالہ بھی ہے۔ میں نے جس قدر بار بار اس کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اور کسی مسئلہ کو نہیں پوچھا۔ اور اس میں آپ نے جس قدر سختی میرے ساتھ روا رکھی اور کسی مسئلہ میں روا نہیں رکھی۔ یہانتک کہ اپنی انگلی میرے سینہ پر رکھ کر فرمایا کہ اے عمر! کیا تیرے لئے اس امر میں آیت صیف کافی نہیں ہے جو سورہ نساء کے آخر میں ہے[1]

یہ واقعات تو حضرت عمر کے بیان کئے گئے ہیں جن کے علمی اور عقلی رتبہ سے ہم سب واقف ہیں پھر دوسرے تمام صحابہ کے متعلق یہ کیونکر دعوےٰ کیا جا سکتا ہے کہ وہ ہر لفظ اور ہر ترکیب قرآنی کا علم رکھتے تھے۔ ہاں ایک اجمالی مفہوم ضرور سمجھ لیتے تھے۔ مثلاً "وَفاکِهةً وَاَبًّا" میں ان کے لئے یہ سمجھ لینا کافی تھا کہ یہاں اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کا ذکر ہے" اَبًّا" بھی انہیں میں سے ایک ہے۔ ہر آیت کے تفصیلی معانی تک پہونچنے کی تکلیف لازمی نہیں خیال کرتے تھے لیکن اس سے یہ اندازہ کر لینا کہ وہ بالعموم آیات قرآنی کے سرسری مفہوم پر قانع تھے صحیح نہیں ہو سکتا! ابو عبدالرحمٰن سلمی سے روایت ہے کہ صحابہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے دس آیتیں سیکھتے تھے تو جب تک ان کی علمی اور عملی حقیقت کو جان نہیں لیتے تھے آگے نہیں بڑھتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ہم میں سے جب کوئی سورۂ بقر اور آل عمران پڑھ لیتا تھا تو ہماری نگاہوں میں بڑا ہو جاتا تھا[2]

حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم میں زیادہ تر آیات محکمات ہیں جو اصول دین اور احکام شرعیت سے تعلق رکھتی ہیں، یا انبیاء کرام اور اقوام سالفہ کے نتیجہ خیز اور عبرت انگیز قصص ہیں اُن کا سمجھنا جمہور کے لئے آسان ہے۔ مگر اُسی کے ساتھ آیات متشابہات اور حقائق غامضہ بھی ہیں جن کو صرف راسخون فی العلم ہی سمجھ سکتے ہیں اور صحابہ کرام میں ایسے حضرات کی کمی نہیں تھی۔ لیکن

---

[1] تفسیر ابن جریر طبری ج ۶ ص ۲۶ + [2] مسند امام احمد

اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ان کی نگاہوں میں اس کا عملی پہلو غالب تھا ۔

یہاں اس بات کی تصریح کی ضرورت ہے کہ ظاہری اور عملی حیثیت کے علاوہ قرآن کریم کی نظری اور عقلی حیثیت بھی اہم ہے ۔ یہ چھوٹی سی کتاب جو آسانی کے ساتھ صرف چند اجزاء میں نمایاں اور صاف لکھی جاسکتی ہے قیامت تک کے لئے امت اسلامیہ کا دستور العمل بنائی گئی ہے اور ہر زمان اور ہر مکان میں ان کی ہدایت کا نصاب قرار دی گئی ہے ۔ اگر یہ ایسے حقائق جاودانی پر مشتمل نہ ہوتی جن کو ابدالاباد تک انسانی نسلیں ختم نہیں کرسکیں گی تو یہ کبھی ان کا دائمی نصاب ہدایت بننے کی صلاحیت رکھتی ۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن سے صرف عملی نصیحت ہی لینے کی ہدایت نہیں کی گئی بلکہ اس میں تفکر اور تدبّر کی بھی تاکید فرمائی گئی ہے مثلاً

كِتَابٌ اَنْزَلْنَاهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ ۲۸/۳۸ — مبارک کتاب ہم نے تیری طرف نازل کی ہے تاکہ لوگ اُس کی آیتوں میں غور کریں ۔

دوسری جگہ ہے

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَآ ۴۷/۲۴ — کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے یا دلوں پر انکے قفل پڑے ہوئے ہیں

ایک اور آیت ہے

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۴۴/۱۶ — اور ہم نے تیری طرف قرآن اُتارا تاکہ لوگوں کے لئے جو اُتارا گیا ہے اس کو اُن کے سامنے بیان کردے اور تاکہ لوگ اس میں تفکر کریں ۔

الغرض اہل نظر کو قرآن نے اپنی آیات میں فکر و نظر کی دعوت دی ہے تاکہ وہ ان سے اپنی ہدایت لیتے اور اپنی فلاح کا راستہ نکالتے رہیں ۔ فطرت کی دیگر اشیاء کی طرح جن میں غور کرنے سے جدید انکشافات ہوتے رہتے ہیں اور اُن کے دریافت سے انسانی قومیں نت نئے منافع اور

فائدے حاصل کرتی رہتی ہیں، یہ کتاب بھی کبھی ختم ہو جانے اور تھک جانے والی نہیں ہے۔ بلکہ انسانی نسلوں کی قیامت تک رہنمائی کرتی رہیگی اور ہر زمانہ اور ہر ماحول میں ان کے سامنے ہدایت کی راہیں کھولے گی۔ اس کا دعوے ہے

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۲۷/۸۱ وہ نہیں ہے مگر سارے عالموں کے لئے نصیحت

یعنی جملہ بنی نوع انسان کے لئے خواہ وہ کسی عالم، کسی ماحول، کسی زمان اور کسی مکان میں ہوں۔

سورۂ نحل میں ہے

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ۸۹/۱۶ اور ہم نے تجھ پر کتاب اُتاری جو ہر شے کی تشریح ہے

دوسرے مقام پر "تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ" کی بجائے "تَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ" اس کی صفت بیان کی گئی ہے۔ اس ہر شے کے تبیان اور تفصیل کے لفظ سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ اس کتاب میں ایسے حقائق مستمرہ کی تشریح ہے جن سے ہمیشہ انسانی نسلیں ہدایت کی راہیں نکالتی رہینگی۔

یہی وجہ تھی کہ عہد رسالت میں فقہاء صحابہ اس کی آیات میں تدبّر کرتے تھے اور بعض امور کو جو ان کے سامنے فی الجملہ واضح نہیں ہوتے تھے خود رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرتے تھے۔ لیکن بہت کم۔ کیونکہ کثرت سوال کی آفتوں سے وہ اچھی طرح واقف تھے۔

علامہ سیوطی نے اپنی مفید کتاب الاتقان فی علوم القرآن کی آخری فصل میں ان تمام تفسیری روایتوں کو جمع کر دیا ہے جو صحابہ کے توسط سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم سے آئی ہیں۔ وہ کُل کی کُل اُن کی کتاب کے بیس صفحوں سے بھی کم ہیں۔ اور تنقید صحیح کے بعد تو بہت ہی تھوڑی رہ جاتی ہیں۔

مفسّرین صحابہ جن صحابۂ کرام سے یہ تفسیر کی روایتیں آئی ہیں ان میں سے جو حضرات خصوصیت کے ساتھ ممتاز ہیں وہ خلفاء اربعہ، عبداللہ بن مسعود، اُبیّ

بن کعب، زید بن ثابت، اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم ہیں۔ اُن میں سے حضرات شیخین سے بوجہ ان کے تقدم عہد اور اُمورِ اُمّت میں مشغولیت کے نہایت کم روایتیں ہیں۔ حضرت عثمان اگرچہ قرآن سے اس قدر شغف رکھتے تھے کہ رات کا بڑا حصّہ کھڑے ہوکر اس کی تلاوت میں گزارا کرتے بلکہ کبھی کبھی خشوع و خضوع میں جب محویت کا عالم طاری ہوجاتا تو ایک ہی آیت کو بار بار گھنٹوں تک دہراتے رہتے مگر تفسیر کی روایتیں ان سے بھی بہت کم مروی ہیں۔ زیادہ روایتیں حضرت علی سے کی گئی ہیں جو شوق دلاتے رہتے تھے کہ لوگ قرآن سیکھیں اور سمجھیں۔ اور اپنے خطبوں میں فرمایا کرتے تھے کہ تم کو کتاب اللہ کی بابت جو کچھ پوچھنا ہے میری زندگی ہی میں مجھ سے پوچھ لو۔ کیونکہ میں علم رکھتا ہوں کہ کون سی آیت کہاں اتری، کب اتری، اور کس کی بابت اتری۔ اور دربار نبوی میں میں سوال کی جرأت بھی زیادہ رکھتا تھا[1]

حضرت عبداللہ بن مسعود سے بھی زیادہ روایتیں آئی ہیں جو سابقین اولین میں سے تھے اور جن کا لقب بوجہ اس کے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اکثر حاضر رہتے اور آپ کی نعلین بھی اُٹھاتے تھے صاحب النعلین تھا۔ انھوں نے خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے قرآن کی ستّر سورتیں یاد کی تھیں اور اپنے تمام انداز عمل میں آپ کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت پیدا کرلی تھی۔ ان کی وفات ۳۳ھ میں ہوئی۔

حضرت اُبی بن کعب خزرجی انصاری عہد رسالت میں کاتب وحی تھے۔ اور صحابہ میں سید القراء اور قرآن کے عالم مانے جاتے تھے۔ حضرت عثمان کے عہد میں انتقال فرمایا۔ اور انھوں نے ان کے جنازہ کی نماز پڑھائی۔

حضرت زید بن ثابت کاتب دربار رسالت نجبار انصار اور علماء قرآن میں سے تھے۔ اور

---

[1] ۔ مرآۃ التفسیر ص ۹

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی عمر کے آخری رمضان میں قرآن کا جو دَور فرمایا تھا اس میں شریک تھے جس کی وجہ سے عہد صدیقی میں جب قرآن ایک کتاب کی شکل میں جمع کیا گیا یہی اس کے جامع قرار پائے۔ حضرت عبداللہ بن عباس ان کی رکاب تھاما کرتے تھے اور کہتے تھے کہ علماء کی تکریم اسی طرح کرنی چاہیئے۔ ۶۸ھ میں وفات پائی۔

مگر ان دونوں حضرات یعنی ابی بن کعب اور زید بن ثابت سے تفسیریں کم مروی ہیں، سب سے زیادہ روایتیں حضرت عبداللہ بن عباس سے آئی ہیں جن کا لقب بوجہ قرآن دانی کے حبرامت اور ترجمان القرآن تھا۔ ان کے حق میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی تھی کہ اَللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْہُ التَّاوِیْل "اے اللہ اس کو دین کی فقاہت اور قرآن کی فہم عطا فرما۔

یہ اگرچہ صغار صحابہ میں سے تھے۔ مگر حضرت عمر اُن کی عقل و فراست اور قرآن فہمی کی وجہ سے ان کو اپنی مجلس شوریٰ میں شریک رکھتے اور مشکل امور میں رائے لیتے تھے۔ ان کا انتقال ۶۸ھ میں ہوا۔

ان حضرات کے علاوہ ابوموسےٰ اشعری۔ عبداللہ بن عمر۔ عبداللہ بن زبیر۔ جابر بن عبداللہ ابوہریرہ۔ انس بن مالک اور ام المومنین حضرت عائشہ و بعض دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم سے بھی تفسیریں منقول ہوئی ہیں۔

اکثر صحابہ کرام بہ نظر احتیاط انہیں معانی پر اکتفا کرتے تھے جو بعض الفاظ یا آیات قرآن کی تشریح کے متعلق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مسموع ہوئے تھے۔ خود قرآن کی تفسیر میں کچھ کہنے سے پرہیز کرتے تھے۔ چنانچہ ابن سیرین نے کہا ہے کہ میں نے عبیدہ سے ایک آیت کی تفسیر پوچھی تو انھوں نے کہا کہ اللہ سے ڈرو اور سیدھے چلے چلو۔ لیکن بعض صحابہ مثلاً ابن مسعود اور ابن

عباس وغیرہ رضی اللہ عنہم قرآن میں تدبر اور تفکر کو ضروری سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک جو چیز ناجائز تھی وہ یہ تھی کہ بلا حقیقت کو پہونچے اور اچھی طرح سمجھے ہوئے آیات کی تفسیر کی جائے۔ یا بعض اہل مذاہب مثلاً خارجی۔ شیعہ۔ قدری۔ مرجی وغیرہ جو اس وقت پیدا ہو چکے تھے ان کے عقائد کے مطابق تاویل کی جائے۔[1]

اُس زمانہ میں تفسیر کے لئے عربی زبان، جاہلیت کے رسوم و عادات جن کو قرآن نے مٹایا ہے۔ عہد رسالت کے واقعات جن کا تعلق قرآن سے ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اقوال، اعمال، اور قضایا وغیرہ کا جاننا ضروری تھا۔ اُنھیں کی مدد سے آیات کی تشریح کرتے تھے۔

اسرائیلیات

قرآن میں دینی تعلیم کے علاوہ ایسے تاریخی حقائق بھی مذکور ہوئے ہیں جن کا علم اصلاح نفوس بشری کے لئے ضروری ہے مثلاً عالم کی تکوین۔ آدم کی پیدائش، اور انبیاء سابقین اور اقوام گزشتہ کے واقعات۔ اور انسانی طبیعت کا خاصہ ہے کہ جب کسی شئے کا ذکر سنتی ہے تو اس کے متعلق مزید معرفت کی خواہش اس میں پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے عہد صحابہ میں لوگ ان امور کو ان علماء اہل کتاب سے جو اسلام لا چکے تھے دریافت کرتے تھے۔ خود حضرت ابن عباس حبر امت بھی ابن جریر طبری کے بیان کے مطابق کعب احبار کے پاس بیٹھتے اور ان کی روایتوں کو اخذ کرتے تھے۔ اگرچہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آگاہ کر دیا تھا کہ "اہل کتاب کے اقوال کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب" مگر چونکہ ان امور کا تعلق اعمال شریعت کے ساتھ نہ تھا اس وجہ سے اُن کے لینے میں کوئی حرج نہیں سمجھا گیا اس طرح پر اہل کتاب کی روایتیں بھی تفسیر قرآن میں شامل ہو گئیں۔ علامہ ابن خلدون نے

---

[1] ۔ فجر الاسلام ص ۲۳۵

لکھا ہے کہ :-

"بالعموم عرب نہ پہلے سے اہل کتاب تھے نہ علم رکھتے تھے۔ ان کے اوپر بدویت غالب تھی۔ جب اُن کو موجودات کے اسباب، ابتدائے تخلیق، اور امم سابقہ کے حالات وغیرہ کے جاننے کا شوق ہوتا تو اُن اہل کتاب سے جو مسلمان ہو گئے تھے دریافت کرتے۔ یہ بھی زیادہ تر انہیں کی طرح بدوی تھے۔ اور ان امور کو اسی قدر جانتے تھے جس قدر عوام اہل کتاب۔ انہیں کے بیانات لوگوں سے منقول ہو کر آیات کی تفسیروں میں داخل ہو گئے۔ اور بوجہ اس کے کہ ان کا تعلق احکام شرعیہ سے نہ تھا تدوین کے وقت مفسروں نے مسامحت سے کام لے کر ان کی تنقید کی طرف توجہ نہیں کی اور انہیں کو کتب تفاسیر میں درج کر دیا"[1]

عہد رسالت میں اہل کتاب میں سے جو حضرات اسلام لائے تھے ان میں سے سب سے پہلے یہودی عالم جن کو قرآن کریم نے " اَوَلَمْ یَکُنْ لَّھُمْ اٰیَۃً اَنْ یَّعْلَمَہٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ" کہہ کر اہل علم میں شمار کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام ہیں جو ہجرت نبوی کے بعد ہی مدینہ میں اسلام لائے۔ ان کا انتقال سنہ ۴۰ھ میں ہوا۔ ان سے حضرت ابوہریرہ اور انس بن مالک نے روایت کی ہے۔

دوسرے حضرت سلمان فارسی ہیں۔ یہ اصلاً مجوس بلکہ ایک آتشکدہ کے متولی کے عزیز فرزند تھے۔ گھر سے نکل کر ملک شام میں گئے وہاں عیسائیت اختیار کر لی۔ ایک مدت تک نصیبین اور اس کے بعد عموریہ میں رہے اور آسمانی کتابوں کا علم حاصل کیا۔ پھر عرب کی طرف آئے وادی القریٰ میں بنی کلب نے غداری سے اُن کو غلام بنا لیا اور فروخت کر ڈالا قسمت کی یاوری

[1] ۔ مقدمہ ص ۳۶۷

سے مدینہ پہونچے۔ وہاں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر اسلام لائے حضرت عثمان کی خلافت میں مدائن میں وفات پائی[1]

جس طرح حضرت بلال کو حبشیوں نے اور حضرت صہیب کو رومیوں نے اپنا قومی افتخار اور نمونہ بنایا اسی طرح اہل فارس نے اسلام لانے کے بعد حضرت سلمان فارسی کو اپنی قوم کا پیشرو قرار دیا۔ ان کے حالات میں غیر معمولی باتیں بڑھائیں اور ان کی طرف بہت سی روایتیں منسوب کیں۔ بالخصوص صوفیہ عجم نے جن میں سے اکثر اپنا سلسلۂ ارادت ان تک پہونچاتے ہیں۔

تیسرے صحابی جن سے اس قسم کی روایتیں آئی ہیں حضرت تمیم داری ہیں جو ۹ھ میں مدینہ میں آکر مسلمان ہوئے تھے۔ یہ نصارائے یمن میں سے تھے۔ اور قصہ گوئی کرتے تھے۔ یعنی گذشتہ انبیاء اور اقوام کے حالات سناتے تھے۔ حضرت عمر کی خلافت میں ان سے قصہ گوئی کی اجازت طلب کی مگر انھوں نے منظور نہیں فرمایا۔ آخر میں ان کے بہت اصرار کی وجہ سے صرف اس قدر اجازت دی کہ جمعہ کے دن اس سے پہلے کہ میں جماعت کے لئے نکلوں تم قصے سنا لیا کرو۔ حضرت عثمان کے عہد میں ان کو ہفتہ میں دو دن کی اجازت مل گئی[2] جسّاسہ اور دجال کی روایتیں انہیں سے مروی ہیں۔

اس قصہ گوئی کی دو صورتیں ہوتی تھیں ایک قصص عامہ کہ قصاص مسجد میں مسلمانوں کے مجمع میں بیٹھ کر ان کو دوسری قوموں کے وہ حکایات اور حالات سناتا جو اس نے اپنے بزرگوں سے سنے تھے۔ دوسری قصص خاصہ جو کسی مخصوص بڑے آدمی کے سامنے بیان کئے جاتے تھے[3] عہد صحابہ ہی میں قصہ گوئی کا رواج عوام کی دلچسپی کی وجہ سے بہت بڑھ گیا۔ اور چونکہ یہ قصے کذب آمیز بلکہ

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۴ ص ۵۳ [2] اصابہ ج ۱ ص ۱۸۴

[3] خطط مقریزی ج ۲ ص ۲۵۳

زیادہ تر بے بنیاد افسانے ہوتے تھے اس وجہ سے حضرت علی نے اپنے زمانہ میں قصہ گویوں کو مسجدوں میں بیٹھنے کی ممانعت کر دی بجز حسن بصری کے کہ وہ سچائی کا خیال رکھتے تھے[1]

تابعین عہد صحابہ کے بعد روایت تفسیر میں مندرجہ ذیل حضرات نے زیادہ شہرت پائی :-

عکرمہ مولے ابن عباس جو ان کے مخصوص ترین شاگرد بھی تھے - یہ اپنے آقا یعنی عبداللہ بن عباس - نیز حضرت عائشہ اور ابوہریرہ وغیرہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں ۱۰۵ھ میں وفات پائی -

عطا بن رباح - یہ حضرت عثمان ، اسامہ بن زید ، حضرت عائشہ ، ام سلمہ ، ابوہریرہ اور بعض دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں - علماء مکہ میں فتوے کی ریاست انہیں پر منتہی تھی ۱۱۴ھ میں وفات پائی -

ضحاک بن مزاحم خراسانی - یہ حضرت ابن عباس - ابن عمر - زید بن ارقم اور انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں - ان کی تاریخ وفات ۱۰۵ھ ہے -

سعید بن جبیر کوفی - یہ ابن عباس - عدی بن حاتم اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں - ۹۵ھ میں حجاج بن یوسف کے حکم سے قتل کئے گئے -

مجاہد بن جبر یہ بھی حضرت ابن عباس کے شاگرد ہیں اور زیادہ تر انھیں سے روایت کرتے ہیں ۱۰۳ھ میں مکہ میں عین سجدہ کی حالت میں وفات پائی -

حسن بصری - یہ انس بن مالک ، جندب بن عبداللہ اور بعض دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں - ۱۱۰ھ میں انتقال فرمایا -

ان کے علاوہ امام مسروق ، زید بن اسلم ، قتادہ ، ابوالعالیہ ، ربیع بن انس اور عوفی

---

[1] - فجر الاسلام ص ۱۸۸

وغیرہ اس طبقہ کے علماء تفسیر میں ممتاز ہیں۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ کا قول ہے کہ تفسیر کا علم زیادہ علماء مکہ میں تھا جو حضرت ابن عباس کے شاگرد تھے مثلاً عکرمہ، مجاہد اور عطاء پھر اہل کوفہ میں جو حضرت ابن مسعود کے اصحاب تھے جیسے حسن بصری اور مسروق وغیرہ،

اس عہد میں اسرائیلیات میں بہت اضافہ ہوا۔ کیونکہ عوام کا رجحان ان کی طرف بڑھ گیا تھا اور وہ اس کو علمی تحقیق سمجھنے لگے تھے کہ قرآن میں جن انبیاء اور اقوام کے قصص ہیں ان کے متعلق مزید حالات کا پتہ لگائیں۔ اس لئے جزئی سے جزئی اور چھوٹی سے چھوٹی باتیں بھی دریافت کرنے لگے۔ مثلاً سفینۂ نوح کی مقدار اور وسعت۔ اُس میں جن جانداروں کے جوڑے لادے گئے تھے ان کے اقسام۔ حضرت ابراہیم کے قصہ میں چاروں پرندوں کے انواع۔ حضرت خضر کے ذکر میں غاصب بادشاہ کا خاندان اور اس بچہ کا نام و نسب جس کو خضر نے قتل کیا تھا۔ حضرت یوسف نے جن گیارہ ستاروں کو خواب میں دیکھا تھا اُن کے نشانات و مقامات۔ حضرت موسےٰ کے واقعہ میں ان کی بیوی کے متعلق تحقیق کہ وہ حضرت شعیب کی چھوٹی بیٹی تھیں یا بڑی۔ پھر یہ کہ انھوں نے آٹھ یا دس سال کی دونوں مدتوں میں سے کون سی مدت پوری کی۔ اصحاب کہف کے نام اور ان کے کتے کے رنگ و نسل غرض اسی قسم کے سینکڑوں بلکہ ہزاروں امور کی بابت جن کو قرآن کریم نے لایعنی اور غیر ضروری ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا تھا بحث و تفتیش کرنے لگے۔ یہی معلومات روایات کے ذریعہ سے پھیلیں اور جب تفسیریں مدوّن ہوئیں تو ان میں درج کی گئیں۔ ان روایات کا سب سے بڑا مرجع دو شخص ہیں ایک کعب بن ماتع جو یمن کے یہودی تھے۔ حضرت عمر کے زمانہ میں اسلام لائے اور مدینہ میں رہنے لگے۔ یہ کعب احبار کے نام سے مشہور ہیں۔ ان سے حضرت ابن عباس اور ابوہریرہ کے توسط سے زیادہ روایتیں آئی ہیں۔

دوسرے وہب بن منبہ، یہ بھی یمن کے یہودی مگر فارسی الاصل تھے۔ ان کی وفات صنعاء میں ۱۱۰ھ میں ہوئی۔ اسرائیلیات میں ان کا بڑا حصہ ہے۔ علماء ثقات مثلاً ابن قتیبہ یا امام نووی وغیرہ نے ان کی کوئی روایت اپنی کتابوں میں درج نہیں کی۔ ابن جریر طبری نے اگرچہ ان سے قطعی پرہیز تو نہیں کیا ہے مگر بہت کم روایتیں لی ہیں۔ لیکن ثعلبی وغیرہ نے انبیاء کے قصوں میں زیادہ تر انہیں کی مرویات درج کی ہیں[۱]

یہاں اس حقیقت کا بھی ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ اس زمانہ میں عرب کے ہر حصہ سے زیادہ یہودی ثقافت یمن میں شائع تھی۔ یہی وجہ ہوئی کہ وہاں کے اہل کتاب مسلمانوں سے اس قسم کی روایتیں زیادہ منقول ہوئیں۔

اتباع تابعین اس طبقہ میں بالعموم حاملین روایت کی تعداد بہت زیادہ ہوگئی۔ اُن میں سے جن کے نام تفسیر کے ساتھ مشہور ہوئے حسب ذیل ہیں:۔

عطا بن دینار متوفی ۱۲۶ھ، مقاتل بن سلیمان متوفی ۱۵۰ھ، سفیان ثوری متوفی ۱۶۱ھ وکیع بن الجراح متوفی ۱۹۶ھ، سفیان بن عُیَینہ متوفی ۱۹۸ھ، نیز ابن جریج، اسحاق بن راہویہ، آدم بن ایاس، عبدالرزاق، اور امام مالک وغیرہ

اس طبقہ کے لوگوں نے تفسیر میں کتابیں بھی مدوّن کرنی شروع کیں چنانچہ تاریخوں میں ان میں سے بعض تفاسیر کا ذکر ہے، مثلاً تفسیر ابن جریج، تفسیر سفیان بن عُیَینہ، تفسیر وکیع بن الجراح، تفسیر شعبہ، تفسیر ابوبکر بن ابی شیبہ وغیرہ۔ مگر یہ سب کی سب فنا ہوگئیں اور ان میں سے کوئی بھی امت کے ہاتھوں میں باقی نہیں رہی۔

ان کا طریقہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ اپنے شیوخ سے جو روایتیں قرآن کی تفسیر میں سنتے ان کو

---

[۱] فجر الاسلام ص ۱۹۰

قلمبند کر لیتے تھے۔ بڑا حصہ اسرائیلیات کا ہوتا تھا جس کی وجہ ہم پہلے ظاہر کر چکے ہیں۔ اس طبقہ میں ان روایات کے بطل کبیر ابن جریج ہیں جن کی نسبت بعض ائمہ جرح و تعدیل نے تصریح کی ہے کہ روایتیں وضع کرتے تھے[1] یہ ۸۰ھ میں اسلام لائے تھے اور ۱۵۰ھ میں انتقال کر گئے۔ امام ذہبی نے لکھا ہے کہ رومی الاصل تھے۔ اور امام شافعی کا قول نقل کیا ہے کہ ابن جریج نے ۹۰ عورتوں سے متعہ کیا تھا[2] ابن خلکان کے بیان کے مطابق سب سے پہلی تفسیر اسلام میں انھوں نے ہی مدون کی۔ تبع تابعین کا سلسلہ دوسری صدی ہجری کے خاتمہ تک پہونچتا ہے۔ اس کے بعد ان کے شاگردوں کا زمانہ آتا ہے۔ اس عہد یعنی تیسری صدی ہجری میں تدوین کتب عام ہوگئی۔ اسی میں صحاح ستہ لکھی گئیں جن میں تفسیر کی روایتیں کتاب التفسیر کے عنوان سے سورتوں کی ترتیب پر جمع کی گئی ہیں۔ ان کا بھی عام انداز وہی ہے جو ان کے اساتذہ کا تھا۔ یعنی انھوں نے جستہ جستہ الفاظ و آیات قرآن کے متعلق متقدمین سے جو روایتیں سنی ہیں ان کو درج کر دیا ہے۔ یہ روایتیں بالعموم صحابہ کرام یا ان کے تلامذہ کی ہیں خال خال ہیں جو رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم تک مرفوع ہیں۔ کتب صحاح ستہ کے تفسیروں کے یہ ابواب اس قدر مختصر ہیں کہ کسی سورہ کے ایک یا دو لفظوں اور کسی سورہ کی صرف ایک یا دو آیتوں کے متعلق روایات درج کی گئی ہیں۔ اگرچہ یہ روایات قرآن کی تفسیر کے لئے نہایت اہمیت رکھتی ہیں مگر خود ان سے ان کا کوئی گوشہ بھی سیراب نہیں ہوتا۔

تنقید تفسیر زیادہ تر اسی زمانہ یعنی تیسری صدی ہجری میں ائمہ جرح و تعدیل نے راویوں اور روایتوں کی تنقید کی۔ تفسیری روایات کا بڑا حصہ بوجہ ان کے رواۃ کے ضعف کے مشکوک ثابت ہوا، کیونکہ ضحاک بن مزاحم، مقاتل بن سلیمان، ابو صالح مصری

---

[1] فجر الاسلام ص ۲۴۲ [2] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۱۵۳

محمد بن سائب کلبی، السدی، محمد بن مروان۔ بشر بن عمار اور عوفی وغیرہ جن سے زیادہ تر یہ روایتیں آئی ہیں جانچنے سے کمزور بلکہ بعض ان میں سے وضاع نکلے[۱]

میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ صحابہ کرام میں حضرت علی اور عبداللہ بن عباس کے نام سے تفسیر کی روایتیں زیادہ آئی ہیں اور یہی رواۃ کی کمزوری کی وجہ سے عام طور پر موضوع اور مجعول نکلیں جس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت علی کے شیعہ کی کثرت تھی جو انہیں اقوال کو زیادہ احترام اور قبولیت کی نظر سے دیکھتے تھے جو ان کے نام کے ساتھ منسوب ہوں۔ اس لئے شیعہ رواۃ بیشتر انہیں کے نام سے روایتیں کرتے تھے۔ بلکہ جو بات ان کے ذہن میں ایسی آتی تھی جس سے حضرت علی کا علمی رتبہ ظاہر ہو اس کو بھی انہیں کی طرف منسوب کر دیتے تھے۔ چنانچہ ابن ابی جمرہ نے روایت کی ہے کہ حضرت علی نے فرمایا کہ میں اگر چاہوں تو صرف فاتحہ کی تفسیر سے ستر اونٹوں کا بوجھ تیار کر دوں[۲]۔ وضع کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ حضرت علی کے نام سے جو روایات کی گئی ہیں ان کی کل تعداد ۶۸۶ ہے جن میں سے ائمہ حدیث کے نزدیک اصول کی رو سے صرف پچاس صحیح ہیں[۳]

حضرت ابن عباس جن کی نسل سے خلفاء عباسیہ تھے مقربین بارگاہ کا مخصوص موضوع تھے۔ قرآن کریم کی کوئی آیت بلکہ کوئی لفظ خالی نہ ہوگا جس کی تفسیر میں ان سے روایت نہ کی گئی ہو ان کی کل روایتوں کی تعداد ۱۶۶۰ ہے[۴] جن میں سے امام شافعی کے قول کے مطابق زیادہ سے زیادہ سو ایسی ہیں جو صحیح مانی گئی ہیں[۵]

ابن عباس سے روایت کے جتنے طرق ہیں ان میں سب سے معتبر طریقہ ابن صالح عن علی

---

[۱] مرآۃ التفسیر ص ۲۰ سے ۲۸ تک + [۲] فجر الاسلام ص ۲۳۸ + [۳] الملل والنحل لابن حزم ج ۴ ص ۱۳۷ + [۴] مرآۃ التفسیر ص ۱۳ + [۵] اتقان ج ۲ ص ۱۹۵ +

بن ابی طلحۃ عن ابن عباس" ہے۔ مگر جملہ حفاظ حدیث کا اجماع ہے کہ علی بن ابی طلحۃ کی لقا حضرت ابن عباس سے ثابت نہیں ہے۔ وہ جو کچھ ان کے نام سے کہتے ہیں در اصل مجاہد اور سعید بن جبیر کی روایتیں ہوتی ہیں۔ دوسرا طریق جس کو محدثین نے شیخین یعنی امام بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق تسلیم کیا ہے "قیس عن عطاء بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس" ہے۔ مگر اس سلسلہ سے صرف چند ہی روایات ہیں۔ باقی دوسرے تمام طرق مجروح ہیں۔ جو یبر عن ضحاک سخت ضعیف سلسلہ ہے۔ ابن جریج نے جو کچھ روایت کیا ہے اس میں صحت کا خیال ہی نہیں رکھا۔ کلبی کی روایتیں سب سے زیادہ کمزور ہوتی ہیں اور اس کے ساتھ جب مروان بن محمد بھی شامل ہو جائے تو یہ سلسلہ سرتاپا کذب ہو جاتا ہے[1]

یہی وجوہات ہیں جن کی بنا پر بعض اکابر ائمہ نے تفسیری روایتوں کی صحت کا سرے سے انکار ہی کر دیا۔ چنانچہ امام احمد بن حنبل کا جو جرح و تعدیل کے امام اور بخاری و مسلم کے استاد ہیں قول ہے کہ تین کتابیں ہیں جن کی کوئی اصلیت نہیں، مغازی، ملاحم اور تفسیر[2] ہر چند کہ امام موصوف کے اس قول میں تاویل کی گنجائش نہیں ہے لیکن ان کے تلامذہ نے کہا ہے کہ اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ بیشتر حصہ ان روایات کا ناقابل اعتماد ہے۔ غالباً اس تاویل سے ان کا منشا یہ ہے کہ ائمہ حدیث نے جن تفسیری روایتوں کو اصول حدیث کے مطابق صحیح قرار دیا ہے وہ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ جو روایتیں صحیح قرار دی گئی ہیں ان میں بھی تنقید کی ضرورت ہے۔ مثلاً القناطیر المقنطرہ کی تفسیر میں امام حاکم نے حضرت انس سے روایت کی ہے کہ قنطار ایک ہزار اوقیہ کا ہوتا ہے۔ اور ابن ماجہ میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ بارہ ہزار اوقیہ کا۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں میں سے صرف

---

[1] اتقان ج ۲ ص ۱۹۵ ۔ [2] تذکرۃ الموضوعات للشیخ محمد طاہر ص ۸۲ ۔

ایک ہی صحیح ہوسکتی ہے مگر محدثین نے دونوں کو صحیح کہا ہے[۱]

مکمل تفسیریں تیسری صدی ہجری کے اواخر اور چوتھی صدی ہجری میں پورے قرآن کی تفسیریں لکھی گئیں۔ مثلاً تفسیر ابن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ، تفسیر ابن منذر متوفی ۳۱۸ھ، تفسیر بن ابی حاتم متوفی ۳۲۷ھ، تفسیر امام حاکم متوفی ۳۵۹ھ، تفسیر بن حبان متوفی ۳۶۹ھ وغیرہ

ان میں سے ہر ایک نے صحابہ، تابعین اور ان کے بعد کے علماء سے روایات درج کی ہیں۔ خود اپنی طرف سے کوئی بات نہیں لکھی ہے بجز ابن جریر طبری کے جن کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ہر آیت کو نقل کرنے کے بعد اس کے ایک ایک لفظ کے معانی لکھتے ہیں۔ متقدمین کے جو اختلافات ہوتے ہیں ان کو اسناد کے ساتھ درج کرتے ہیں۔ پھر خود ان میں سے ایک کو ترجیح دے کر اس کے وجوہ لکھ دیتے ہیں۔ الفاظ سے گزر کر آیات کے مفہوم کے متعلق بھی ان کا رویہ بعینہٖ یہی ہے۔ کہیں کہیں استنباط مسائل اور وجوہِ اعراب سے بھی بحث کرتے ہیں۔ الغرض ان کی تفسیر اسلام میں پہلی تفسیر ہے جس میں مؤلف نے اپنی دماغی کوشش اور ذہنی کاوش سے بھی کام لیا ہے، اور ہر موقع پر اس کی شخصیت نظر آتی ہے، دراصل ان کی تفسیر اس کل قرآنی علم کا مجموعہ ہے جو اس وقت تک علماء اسلام کے پاس تھا۔ امام نووی نے لکھا ہے کہ امت کا اجماع ہے کہ ابن جریر طبری جیسی تفسیر کسی نے نہیں لکھی۔ امام ابو حامد اسفرائینی کا قول ہے کہ اگر کسی نے چین تک کا سفر کر کے بھی تفسیر طبری کو حاصل کر لیا تو کوئی بڑی زحمت نہیں اٹھائی[۲]۔ آج روئے زمین پر پورے قرآن کی سب سے پہلی تفسیر یہی ہے۔ یہ ام التفاسیر بولی جاتی ہے کیونکہ زمانۂ مابعد میں جتنی تفسیریں لکھی گئیں سب کی سب اسی سے ماخوذ ہیں۔ اس میں خرابی صرف یہ ہے کہ رطب و یابس ہر قسم کی

---

[۱] - اتقان ج ۲ ص ۱۹۹ ۔ [۲] - مرآۃ التفسیر ص ۳۸ ۔

روایات درج کر دی گئی ہیں۔لیکن چونکہ سند ہر روایت کی اس کے ساتھ ہے اس وجہ سے جانچنا نہایت آسان ہے۔ امام ابن تیمیہ کے شاگرد رشید حافظ ابن کثیر نے اسی کا خلاصہ اور تنقیح کر کے اپنی تفسیر مرتب کی ہے۔

علمی تفسیریں اب تک جس قدر تفسیریں لکھی گئی تھیں وہ خالص منقولی تھیں یعنی روایات کا مجموعہ۔لیکن چوتھی صدی ہجری میں مسلمانوں میں مختلف قسم کی علمی تحریکات پیدا ہو گئی تھیں۔صرف و نحو۔ بلاغت و معانی۔ فقہ و اصول۔منطق و فلسفہ۔کلام و تصوف وغیرہ کا عام رواج ہو چکا تھا۔ان علوم کے حاملین نے جو تفسیریں لکھیں ان میں بیشتر اپنے فنی زاویۂ نظر سے الفاظ و آیات کی تشریح میں بحثیں شروع کیں۔اور روایات کے ساتھ ساتھ اجتہاد کا دروازہ بھی کھول دیا۔علاوہ بریں نئے نئے مذہبی فرقے بھی پیدا ہو گئے تھے۔ان اہل مذاہب نے بھی اپنے اپنے عقائد و خیالات کے مطابق آیات کی تفسیریں کیں جن کی وجہ سے اختلافات کی بہت کثرت ہو گئی۔اور تفسیروں کی نوعیتیں متعدد ہو گئیں۔مثلاً زجاج اور کسائی وغیرہ نے جو صرف و نحو کے امام تھے اپنی تفسیروں میں خصوصیت کے ساتھ لفظی تصرفات اور وجوہ اعراب سے بحثیں کیں۔ ثعلبی اور ابن اثیر نے جن کو تاریخ کا ذوق تھا قصص کی تفصیلوں کی طرف رجحان رکھا۔ فقیہہ ابو اللیث سمرقندی اور علامہ قرطبی نے فروعات فقہیہ پر آیات سے استدلال میں توجہ صرف کی۔ابو مسلم اصفہانی اور زمخشری نے معتزلی عقائد کے اثبات کی کوشش کی۔اسفرائینی اور رازی نے اشعری اصول کے مطابق متکلمانہ بحثیں لکھیں۔ عبد القاہر جرجانی اور ابو ہلال عسکری نے بلاغت و معانی کے لطائف ظاہر کئے۔ محی الدین ابن عربی اور واحدی وغیرہ نے تصوف کا رنگ بھرا۔ اور شیعہ مفسروں نے آیات کو اپنے مذہبی خیالات کے مطابق بنانے سے سروکار رکھا۔غرض اس وقت سے لے کر مفتی محمد عبدہ اور سر سید احمد خاں تک ہر زمانہ کی تفسیر اس زمانہ کی علمی بحثوں

اور تحریکوں سے متاثر اور ہر فرقہ کی تفسیر اس کے عقائد و خیالات کا آئینہ نظر آتی ہے۔

ان وجوہات سے اگرچہ تفسیروں میں وسعت تو بہت پیدا ہوگئی لیکن بیجا تاویلات کا بھی راستہ کھل گیا۔ اور اکثر فرقوں نے آیات قرآن کو اپنے خیالات کے مطابق اس طرح ڈھالنے کی کوششیں کیں جن کو معنوی تحریف کہنا بجا ہے۔ اس بے اعتدالی کی سب سے بڑی وجہ یہ ہوئی کہ تفسیر کے اصول نہیں متعین کئے گئے۔ علماء اصول نے جو کچھ لکھا ہے وہ الفاظ کے استعمال کے متعلق چند عام قیاسی قاعدے ہیں جو بالکل ناکافی ہیں۔ علامہ فناری نے تصریح کی ہے کہ علم تفسیر میں بجز چند امور کے اصول مطلقاً نہیں ہیں جن پر اس کی جزئیات کا مدار ہو[1]

شرائط تفسیر متاخرین نے مفسر کے لئے کم سے کم پندرہ علوم جاننے کی شرط لگائی ہے لغت۔ اشتقاق۔ صرف۔ نحو۔ معانی۔ بیان۔ بدیع۔ قرأت۔ کلام (اصول دین)۔ اصول فقہ، اسباب نزول، قصص، ناسخ و منسوخ۔ فقہ اور حدیث[2]

لیکن یہ امر غور طلب ہے کہ یہ تمام علوم مسلمانوں میں دوسری بلکہ تیسری صدی ہجری میں رائج ہوئے ہیں جس سے پہلے ہی قرآن کریم کو حضرات صحابہ و تابعین اور تبع تابعین صحیح اور بہتر طریقہ سے سمجھتے رہے۔ بلکہ اگر غور سے دیکھا جائے تو ان علوم مشروطہ کا ماخذ خود قرآن ہے اُسی سے علماء نے ان کو نکالا ہے۔ پھر یہ فہم قرآن کے لئے شرط کیوں کر قرار دئے جا سکتے ہیں غالباً ان لوگوں کا مقصد جنہوں نے ان علوم کو شرط گردانا ہے یہ ہوگا کہ ان سے فہم قرآن میں مدد ملتی ہے۔ ورنہ ان میں سے اکثر تو قیاسی علوم ہیں جن میں غلطی کے پہلو بھی نکل آتے ہیں۔ چنانچہ وہ مفسرین جن کی تفسیروں کو علماء نے قابل اعتراض قرار دیا ہے نہ صرف یہ کہ ان علوم سے اچھی طرح واقف تھے بلکہ اپنی تفسیروں میں ان کے اصول کو مرعی بھی رکھتے تھے۔

---

[1] ۔ مرآۃ التفسیر ص ۷ [2] ۔ اتقان ج ۲ ص ۱۸۷

کتب تفسیر

امام ابن جریر طبری کے بعد جس قدر تفسیریں لکھی گئیں ان کو کون شمار کر سکتا ہے۔ صرف کشف الظنون میں جو ایک کتب خانہ کی فہرست ہے نو سو نوے تفسیریں نام بنام مندرج ہیں۔ نواب صدیق حسن خاں مرحوم نے اپنی کتاب اکسیر میں اس سے بھی زیادہ تفسیریں گنائی ہیں۔ اگر دنیا کے تمام کتب خانوں کی فہرستیں دیکھ کر ان کی تعداد لکھی جائے تو آج بھی یقیناً کئی ہزار تک پہونچے گی۔ اس موقع پر بہ ترتیب زمانہ چند مشہور تفسیروں کا نام لکھنا غیر مناسب نہ ہوگا۔

چوتھی صدی ہجری میں تفسیر ابوالحسن اشعری امام اہل سنت متوفی ۳۲۰ھ، تفسیر محمد بن علی ادفوی متوفی ۳۸۸ھ اس کا نام استغنا فی علوم القرآن ہے اور ایک سو بیس جلدوں میں ہے۔ تفسیر خلف بن احمد والی سیستان متوفی ۳۹۹ھ، یہ تفسیر سجستانی کے نام سے مشہور ہے اور سب سے بڑی تفسیر ہے۔

پانچویں صدی ہجری میں تفسیر ابن فورک متوفی ۴۰۶ھ، تفسیر ابن ابو طالب کی متوفی ۴۳۷ھ تفسیر امام ماوردی متوفی ۴۵۰ھ، تفسیر ابو مسلم اصفہانی متوفی ۴۵۹ھ، تفسیر امام اسفرائینی متوفی ۴۷۱ھ، تفسیر امام الحرمین استاد امام غزالی متوفی ۴۷۸ھ، تفسیر راغب اصفہانی متوفی ۵۰۰ھ

چھٹی صدی ہجری میں تفسیر امام غزالی متوفی ۵۰۵ھ، جس کا نام یاقوت التاویل ہے اور چالیس جلدوں میں ہے، تفسیر امام بغوی محی السنۃ متوفی ۵۱۶ھ، تفسیر کشاف جار اللہ زمخشری متوفی ۵۲۸ھ، تفسیر امام ابن الجوزی بغدادی متوفی ۵۹۷ھ،

ساتویں صدی ہجری میں تفسیر امام رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر شیخ محی الدین ابن عربی متوفی ۶۲۸ھ، تفسیر سخاوی متوفی ۶۴۳ھ، تفسیر بیضاوی متوفی ۶۸۲ھ

آٹھویں صدی ہجری میں تفسیر خازن شیخ علاؤ الدین علی بن محمد بغدادی متوفی ۷۲۵ھ، تفسیر بحر المحیط ابو حیان اندلسی،

نویں صدی ہجری میں تفسیر علامہ مجدالدین فیروز آبادی صاحب قاموس متوفی ۸۱۷ھ
تفسیر امام بلقینی متوفی ۸۲۴ھ ،

اس کے بعد جو تفسیریں لکھی گئی ہیں وہ زیادہ تر انہیں تفسیروں کا خلاصہ یا التقاط ہیں۔ ان کے نام گنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ ان چند تفسیروں کا ذکر ضروری ہے جو اپنی خصوصیات کے لحاظ سے امتیاز رکھتی ہیں۔ ان میں سب سے مقدم ابن جریر طبری کی تفسیر ہے جس کی مختصر کیفیت ہم لکھ چکے ہیں۔ ہر زمانہ میں اہل علم اسی کو سب سے بہتر تفسیر تسلیم کرتے چلے آئے ہیں۔ گویا تشریح قرآن کے لحاظ سے وہی پہلی تفسیر ہے اور وہی آخری تفسیر ہے۔ آج تک کوئی تفسیر اس کے رتبہ کی نہیں لکھی جا سکی۔

دوسری تفسیر جس نے علماء ادب میں شہرت حاصل کی کشاف ہے۔ اس کے مؤلف علامہ زمخشری بلاغت و معانی کے امام تھے۔ انہوں نے اسی نوعیت سے یہ تفسیر لکھی۔ لیکن زیادہ زور پہلے ہی پارہ کی تفسیر میں صرف کر دیا ہے۔ مگر اس میں اپنی فن دانی کا جو مظاہرہ کیا ہے وہ بے نظیر ہے۔

تیسری تفسیر جو علماء معقول میں مقبول ہوئی امام فخرالدین رازی کی تفسیر کبیر ہے۔ اس میں طویل الذیل فلسفیانہ بحثیں ہیں۔ یہ اس زمانہ میں لکھی گئی جب عالم اسلامی میں منطق، فلسفہ اور علم کلام زیادہ رائج تھا۔ اس واسطے بہت قدر کی نگاہوں سے دیکھی گئی۔ لیکن اہل منقول نے اس کو پسند نہ کیا۔ کیونکہ علاوہ اس کے کہ اس میں بعض باتیں ان کے قدیم خیالات کے مطابق نہ تھیں ان کو آیات کے ساتھ ان متکلمانہ مباحث کا جو ان کے تحت میں لکھے گئے ہیں ربط نظر نہ آیا، یہاں تک کہ بعض بزرگوں نے کہہ دیا کہ " رازی کی تفسیر میں سب کچھ ہے بجز تفسیر کے "۔

امام رازی نے ربط آیات کی طرف بھی جابجا اشارات کئے ہیں۔ مگر ہر جگہ اس کا خیال نہیں رکھا ہے۔ ان کے بعد علامہ شرف الدین ابو الفضل متوفی ۶۵۵ھ نے اپنی تفسیر میں جو تین جلدوں میں ہے اور تفسیر مرسی کے نام سے مشہور ہے۔ ہر ہر آیت کے باہمی ربط اور اس کے وجوہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کرنے کی کوشش کی۔ اسی عنوان پر شیخ علی مہائمی متوفی ۸۲۵ھ نے جن کا مزار بمبئی میں زیارت گاہ ہے اپنی تفسیر تبصیر الرحمٰن لکھی۔ پھر شیخ ابراہیم بقاعی متوفی ۸۸۵ھ نے تفسیر بقاعی تالیف کی جو فی الجملہ اس سے بہتر سمجھی گئی۔ اس آخری زمانہ میں مولانا حمید الدین فراہی بھی ربط آیات کے عنوان سے تفسیر نظام الفرقان عربی زبان میں لکھ رہے تھے جو ان کے انتقال کر جانے کی وجہ سے پوری نہ ہو سکی۔ صرف اس کے بعض اجزا رشائع ہوئے ہیں۔

آیات کے علاوہ سورتوں کی ترتیب اور ان کے باہمی تناسب پر شیخ ابو حیان نے اپنی تفسیر البرہان فی مناسبۃ ترتیب سُور القرآن لکھی ہے۔ شیخ ابو الفیض فیضی اکبر آبادی متوفی ۱۰۰۴ھ کی تفسیر سواطع الالہام کسی معنوی خوبی کے لحاظ سے نہیں بلکہ صرف اس وجہ سے قابل ذکر ہے کہ غیر منقوط الفاظ میں لکھی گئی ہے۔

موجودہ دور میں شیخ جوہری طنطاوی کی تفسیر مغربی علوم کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے۔ لیکن علمی لحاظ سے بہترین تفسیر شیخ محمد عبدہ کی ہے جس کی تکمیل ان کے شاگرد رشید علامہ سید رشید رضا مدیر رسالہ المنار مصر کر رہے تھے۔ مگر افسوس ہے کہ ابھی نصف قرآن تک بھی نہیں پہنچے تھے کہ سید صاحب موصوف انتقال کر گئے۔ اور یہ مفید تفسیر ناتمام رہ گئی۔

نصاب درس کے لئے علماء اہل سنت کو صحت مفہوم اور اختصار دونوں کا لحاظ رکھتے ہوئے سب سے بہتر تفسیر جلالین ملی جو نصف قرآن تک شیخ جلال الدین محلی متوفی ۸۶۴ھ

اور بقیہ نصف شیخ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ کی لکھی ہوئی ہے۔ اسی قسم کی مختصر تفسیر مدارک بھی ہے جو علامہ نسفی کی تالیف ہے اور بعض مدارس میں پڑھائی جاتی ہے۔ تفسیر بیضاوی کا ابتدائی حصہ سورہ بقرہ تک بھی پرانے مدارس میں پڑھا دیا جاتا ہے۔ بیضاوی دراصل تین اہم علمی تفاسیر کا خلاصہ ہے۔ جہاں تک معانی و بیان کا تعلق ہے کشاف سے ماخوذ ہے متکلمانہ بحثیں تفسیر کبیر رازی سے اور حقائق و لطائف تفسیر راغب اصفہانی سے[1]

علوم قرآن جب سے مسلمانوں میں مختلف علوم کا رواج ہوا اسی وقت سے اہل فن نے قرآن کے ایک ایک شعبہ پر جداگانہ بحثیں شروع کیں اور ان کے متعلق کتابیں تصنیف کرنے لگے۔ مثلاً لغات القرآن۔ اعراب القرآن۔ بدائع القرآن قصص القرآن احکام القرآن اور حجج القرآن وغیرہ۔ علامہ جلال الدین سیوطی نے الاتقان فی علوم القرآن میں ان علوم کی اسّی انواع کا شمار کیا ہے۔ اور ان کے اوپر جو مشہور تصنیفیں ہیں ان کو گنایا ہے۔ لیکن دراصل ان انواع کی تعداد اس سے بھی زیادہ ہے اور ہر ایک بجائے خود ایک مستقل موضوع ہے جس پر تصانیف کے انبار ہیں۔ مثلاً الفاظ القرآن اس پر بہت سے علما راوب ولغت نے مستقل کتابیں لکھی ہیں جن میں سے ابو عبیدہ، ابو عمرو زاہد اور ابن درید کی کتابیں مشہور ہیں ان سب کا مجموعہ العزیزی کی کتاب ہے جس کو انہوں نے اپنے استاد ابوبکر ابن الانباری کی معیت میں پورے پندرہ سال کی محنت میں تیار کیا ہے۔ آخر میں راغب اصفہانی نے مفردات القرآن لکھی جو الفاظ قرآن کے متعلق سب سے مفید تر کتاب تسلیم کی گئی ہے۔

اسی طرح اعجاز القرآن پر امام خطابی، رمانی، زملکانی، فخر الدین رازی، ابن سراقہ اور ابوبکر باقلانی کی کتابیں ہیں۔ اس زمانہ میں مصر کے نامور ادیب مصطفےٰ صادق رافعی نے اپنی کتاب آداب العربیہ کی دوسری جلد پوری اسی عنوان پر لکھی ہے جو سب سے بہتر۔ جامع اور دلکش

[1] قضاء الارب ص ۲۳۸

تصنیف ہے۔ علے ہذا اقسام القرآن، امثال القرآن، متشابہات القرآن، مبہمات القرآن، بلکہ آیات، الفاظ اور حروف قرآن کی تعداد وغیرہ تک کوئی عنوان ایسا نہیں ہے جس پر تصنیفیں نہ ہوں۔ یہاں تک کہ خواص القرآن یعنی آیات سے تعویذات۔ عملیات اور نقوش وغیرہ پر بھی تمیمی، امام غزالی اور بافعی وغیرہ نے کتابیں لکھ ڈالی ہیں،

قرآنی علوم پر یہ کتابیں مفسروں کے لئے نہایت کارآمد ذخیرہ ہیں جن سے وہ اپنی تفسیروں میں مدد لیتے ہیں۔

نقائص تفسیر گزشتہ صفحات میں ان خرابیوں کی طرف جو تفسیروں میں واقع ہوئیں ضمناً اشارات کئے گئے ہیں۔ اب میں ان کے بڑے بڑے نقائص کو تفصیل وار بیان کر دیتا ہوں:۔

(۱) سب سے پہلا نقص یہ ہے کہ ان مفسرین نے قرآن کی تشریح کے اصول مقرر نہیں کئے۔ علماء اصول نے جو قواعد لکھے ہیں اوّل تو وہ مخصوص قرآن فہمی کو پیش نظر رکھ کر نہیں مرتب کئے گئے ہیں بلکہ عام ہیں اور زیادہ تر ان کا تعلق الفاظ سے ہے، دوسرے ان کی بنا محض قیاس پر ہے جس میں ہر نقطہ پر اختلاف کی گنجائش اور غلطی کا احتمال ہے تیسرے وہ صرف چند قاعدے ہیں جو بالکل ناکافی ہیں۔ زمانۂ مابعد میں امام ابن تیمیہ نے جو ترجمان القرآن کے لقب سے مشہور تھے اس ضرورت کو محسوس کر کے اصول لکھنے شروع کئے مگر نامعلوم وجوہ سے صرف تمہید ہی لکھ کر رہ گئے۔ آخری زمانہ میں شاہ ولی اللہ مرحوم دہلوی نے اصول تفسیر میں ایک رسالہ فوز الکبیر لکھا ہے، لیکن اس میں صرف بعض ایسے مطالب کی مختصر تشریحات ہیں جن سے فہم قرآن میں مدد مل سکتی ہے، ان کو اصول نہیں کہا جا سکتا۔ کیونکہ وہ محدود ضوابط نہیں ہیں جن سے کوئی مخصوص

طریقہ تفسیر کا متعین ہو سکے بلکہ وہ شاہ صاحب کے فہم قرآن کی نوعیت کو ظاہر کرتی ہیں اور بس۔

الغرض تفسیر قرآن کے اصول قطعاً مرتب نہیں ہو سکے ہیں۔ حالانکہ سب سے پہلا کام یہی تھا اسلئے یہ تمام تفاسیر جو لکھی گئی ہیں کسی علمی یا عقلی اصول پر مبنی نہیں ہیں۔ چنانچہ ایک ممتاز مفسر علامہ فناری کا قول نقل کر چکا ہوں کہ "تفسیر کے لئے بجز چند معمولی قاعدوں کے اصول مطلقاً نہیں ہیں جن پر اس کی جزئیات کا مدار ہو"[1]

(۲) ان مفسروں نے قرآن کی تفسیر کا جو طریقہ رکھا ہے وہ وہی ہے جس کے مطابق کسی انسانی کتاب کی تشریح کی جاتی ہے یعنی فاتحہ سے شروع کر کے ایک ایک آیت کی سلسلہ وار تفسیر لکھتے چلے جاتے ہیں اور خاتمہ تک پہونچا دیتے ہیں۔ اس طرح آیات اور الفاظ کے معانی کی شرح تو ضرور ہو جاتی ہے مگر قرآن سمجھ میں نہیں آتا۔ یعنی اس کی کوئی تعلیم حل نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ اس کی تعلیمات اس ترتیب اور ربط کے ساتھ نہیں بیان کی گئی ہیں جس طرح انسانوں کی کتابوں میں بیان کی جاتی ہیں۔ بلکہ اس کی ہر تعلیم متعدد سورتوں اور آیتوں میں اس کے طول و عرض میں بتدریج اتاری گئی ہے۔ تاوقتیکہ کسی خاص مسئلہ کے متعلق تمام تعلیمات متفرق سورتوں سے نکال کر جمع نہ کر لی جائیں اور ان کو صحیح ترتیب کے ساتھ مرتب نہ کیا جائے اس مسئلہ کی پوری قرآنی تعلیم ہرگز سمجھ میں نہیں آسکتی۔ لہذا ان تفسیروں نیز ترجموں سے جو سلسلہ بسلسلہ آیات کے ساتھ چلتے ہیں قرآنی تعلیمات کی توضیح نہیں ہو سکتی۔ فہم قرآن کے لئے ان تفسیروں کی نوعیت تقریباً وہی ہے جو طب میں کتب مفردات کی ہے جن میں حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ دواؤں کے نام خواص آثار اور بدل وغیرہ لکھ دئے جاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ کوئی شخص ان کو پڑھ کر طبیب نہیں

[1] مرآۃ التفسیر ص ۷

ہوسکتا۔ بجنسہٖ اسی طرح ان تفاسیر و تراجم کے مطالعہ سے بھی کوئی شخص حقائق قرآنی کا عالم نہیں ہوسکتا۔

(۳) اکثر تفاسیر میں آیات و الفاظ کی تشریحات روایات سے کی گئی ہیں۔ اور تفسیری روایات کی بابت ہم لکھ چکے ہیں کہ ان کا بڑا حصہ خود محدثین کے نزدیک موضوع ہے۔ چنانچہ امام احمد بن حنبل نے جن کے اوپر حدیث کی امامت منتہی ہوئی کہہ دیا ہے کہ تفسیری روایتیں تمامتر بے اصل ہیں قصص میں اسرائیلیات لائی جاتی ہیں جو بیشتر ناقابل اعتبار ہیں۔ یہی حال اسباب نزول کی روایتوں کا ہے۔ قدیم مفسروں نے ان روایتوں کے سلسلۂ اسناد بھی لکھے تھے جن سے صحیح اور غیر صحیح کی تمیز ہوسکتی تھی مگر متاخرین نے ان کو بھی حذف کر دیا۔ اور اپنی تفسیروں میں ان روایات کو بلا اسناد کے نقل کرنے لگے جس کے باعث عوام میں ان کی حیثیت مسلمات کی سی ہوگئی اور بہت سی آیتوں کی غلط تفسیریں امت میں رائج ہوگئیں۔ یہی سبب ہے کہ جس قدر تفاسیر کی کثرت ہوتی گئی اسی قدر مسلمانوں کو قرآن کریم کی اصلی اور صحیح تعلیم سے بُعد ہوتا گیا۔ ان غلط تفسیروں کی بہت سی مثالیں ہم نے ایک جداگانہ مقالہ میں جمع کی ہیں جس کو امید ہے کہ جلد شائع کر سکینگے۔

(۴) ایک خاص شکایت یہ ہے کہ ان تفسیر نگاروں نے خود اپنے دماغوں سے بہت کم محنت لی ہے الّا ماشاء اللہ۔ زیادہ تر متقدمین ہی کی باتیں اور روایتیں نقل کرتے چلے آئے ہیں۔ بعض بزرگ تو اس قسم کے گزرے ہیں جنہوں نے اپنی تفسیریں محض ثواب کا ذخیرہ اور جنت کا ذریعہ سمجھ کر لکھی ہیں یعنی تقرباً الی اللہ خدام قرآن میں داخل ہوگئے، بحالیکہ ان کی تفسیروں میں کوئی چیز ایسی نہیں ملتی جس پر کسی طالب قرآن کی زبان سے ان کے لئے مغفرت

کی دُعا نکلے یا جو بوجھ اپنی تصنیف کا وہ پڑھنے والوں پر ڈال گئے ہیں اُس کی کوئی تلافی ہو سکے۔ بیشتر اسی قسم کی تفسیریں تھیں جو معدوم یا متروک ہوگئیں۔ کیونکہ یہ حقیقت ہے جس کو قرآن نے سکھلایا ہے۔ کہ "وَاَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْکُثُ فِی الْاَرْضِ" وہی چیز دنیا میں رہیگی جو لوگوں کے لئے نفع رساں ہوگی۔

جن لوگوں نے دماغ سے کام لیا ہے ان میں سے اکثر ایسے ہیں جنہوں نے اپنے اپنے خاص خاص عقیدوں کو موقع بے موقع قرآن کے ذریعہ سے پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور بعض نے محض جدت طبع دکھائی ہے مثلاً ابن فورک نے حضرت ابراہیم کے قول "لِیَطْمَئِنَّ قَلْبِی" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ قلبی ان کے ایک دوست تھے۔ یا "کطی السجل للکتب" کی تفسیر میں بعضوں نے کہا ہے کہ سجل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتب کا نام تھا۔ حالانکہ تمام ائمۂ حدیث و تاریخ متفق ہیں کہ اس نام کا کوئی صحابی نہیں ہے۔ یا مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ کی تفسیر علی و فاطمہ اور لولو و مرجان کی تفسیر حسنین رضی اللہ عنہم یا الصّابرین وَالصادقین وَالقانتین والمنفقین والمستغفرین کی تفسیر میں صابر سے مراد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم۔ صادق سے صدیق۔ قانت سے عمر فاروق۔ منفقین سے عثمان غنی اور مستغفرین سے حضرت علی رضی اللہ عنہم۔ غرض اسی طرح کی سینکڑوں آیات ہیں جو ان حضرات نے مسخ کی ہیں[1]۔ ایسی تفسیروں سے سوائے انسانی تخیلات کے آسمانی پیغام کی ماہیت نہیں سمجھی جا سکتی۔

(۵) یہ مفسرین بالعموم قرآن میں نسخ کے قائل ہیں۔ چنانچہ بہت سی محکم اور یقینی آیتوں پر بھی نسخ کے احکام لگاتے چلے جاتے ہیں۔ بلکہ جن لوگوں نے ناسخ اور منسوخ پر کتابیں

---

[1] تذکرۃ الموضوعات ص ۸۴

لکھی ہیں ان کی تو کوشش یہی معلوم ہوتی ہے کہ جس قدر ہو سکے نسخ دکھلائیں۔ ان کے بیان کے مطابق نصف بلکہ اس سے بھی زیادہ احکامی آیات منسوخ ہیں۔ ابو بکر ابن العربی نے ان کی تعداد کو کم کر کے صرف ۲۱ آیتوں کو منسوخ قرار دیا۔ شاہ ولی اللہ صاحب نے اور زیادہ غور کیا تو ان کے خیال میں صرف پانچ آیتیں منسوخ ثابت ہوئیں۔ مگر وہ بھی منسوخ نہیں ہیں چنانچہ ہم نے تفصیل کے ساتھ ان کے اوپر اپنی کتاب تاریخ القرآن میں بحث کر دی ہے۔ غرض اس نسخ کے عقیدہ نے بھی تفسیروں کے اندر ایک عجیب پیچیدگی پیدا کر دی ہے۔

(۶) یہ مفسرین بہت سی آیتوں کی تفسیر میں متعدد معانی اور مختلف اقوال نقل کرتے ہیں۔ مثلاً غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۝ کی تفسیر میں دس قول ہیں، وَالْفَجْرِ وَلَيَالٍ عَشْرٍ کی متعدد تفسیریں ہیں۔ وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ کی شرح میں کئی باتیں کہی گئی ہیں۔ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْد کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ وہ اہل فارس تھے یا یمن کے باشندے تھے یا حبشی یا نجرانی یا شامی تھے۔[1] الغرض سینکڑوں الفاظ و آیات ہیں جن کی کئی کئی تفسیریں یا۔ یا کر کے لکھتے چلے جاتے ہیں۔ اور کسی ایک بات کو جزم و یقین کے ساتھ بیان نہیں کرتے۔ ان میں سے صحیح مفہوم کے فیصلہ کی قوت خود ان کے اندر مفقود ہوتی ہے۔ اور یہ تو ظاہر ہے کہ قرآن کا مفہوم ایک اور صرف ایک ہی ہو سکتا ہے اس لئے ایسی تفسیروں سے بجائے اس کے کہ آیات کی توضیح ہو وہ اور مبہم ہو کے رہ جاتی ہیں۔

(۷) ان مفسروں کو قرآنی حقائق کی جستجو کم اور غیر متعلق اور غیر ضروری باتوں کی تلاش زیادہ رہتی

---

[1] تفسیر جامع البیان

ہے۔ جنت کا ذکر ہے تو اس کے پیالوں اور آبخوروں کی تعداد کا شمار اور کوثر اور طوبےٰ کی پیمائش کرینگے۔ دوزخ کے بیان میں اس کے طبقوں کی گہرائی اور سانپوں اور بچھوؤں کی درازی ناپینگے۔ جنگ بدر میں فرشتوں کے نزول کی حقیقت سمجھانے کے بجائے ان کے چہروں۔ گھوڑوں اور عماموں کے رنگ۔ اور ان کی سواری و حملہ وقتال کی کیفیت لکھینگے۔ یاجوج و ماجوج کے تاریخی حالات بیان نہیں کریں گے بلکہ کوئی لکھے گا کہ ان کے قد اس درخت سے مشابہ ہیں جو ملک شام میں نظر آتا ہے اور جس کی بلندی ایک سو بیس گز ہوتی ہے اور کوئی لکھے گا کہ ان کا ایک کان اوڑھنا ہے اور دوسرا بچھونا۔ اگر ان چیزوں کا موقع نہیں پائینگے تو فصاحت و بلاغت کی لطافتیں دکھلانے لگینگے یا خیالی فلسفیانہ بحثوں میں اُلجھ جائینگے۔

یہ سات بڑے بڑے عیوب و اسقام جو میں نے گنائے ہیں ان میں سے اکثر ایسے ہیں کہ موجودہ تفسیروں میں سے شاید ہی کوئی تفسیر ان سے خالی ہو۔ ان کے علاوہ اگر ان تفاسیر کی چھوٹی چھوٹی جزی خرابیوں پر نظر ڈالی جائے تو وہ حد و شمار سے باہر ہیں۔

خاتمہ آخر میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ قرآن کریم کو اگر نگاہ بصیرت سے دیکھا جائے تو وہ خود اس قدر مفصل اور مکمل کتاب ہے کہ نہ صرف یہ کہ اپنے حقائق کی تفسیر اپنے اندر رکھتا ہے بلکہ اپنے مشکل الفاظ اور اصطلاحات کی تشریح، اپنی تعلیمات کی توضیح اور اپنے سمجھنے کے اصول اور قواعد پر بھی مشتمل ہے۔ اور بجز اس کے کہ وہ عربی زبان میں ہے جس کا جاننا اس کے سمجھنے کے لئے ضروری ہے کسی دوسرے انسانی علم کا محتاج نہیں ہے۔ وہ نور مبین ہے جس کو دیکھنے کے لئے کسی چراغ اور کسی شمع کی حاجت نہیں۔ اس کی تعلیمات کی تشریح اگر خود اسی کی تفصیلات سے کی جائے تو انسانی اوہام اور اباطیل کی وہ ظلمت جو

اکثر کتب تفسیر میں نظر آتی ہے اس کی روشنی میں یکسر کافور ہو جائے۔ ہم اس یقین پر پہنچ چکے ہیں کہ الفاظ و الفاظ کے معانی میں جتنے اختلافات رونما ہو سکتے ہیں ان میں فیصلہ کرنے کی پوری طاقت اور حقیقی مفہوم کو متعین کر دینے کی کامل صلاحیت اس میں موجود ہے۔ اس حقیقت کی خود اس نے بار بار تصریح کی ہے بلکہ یہ بھی وضاحت کے ساتھ بتا دیا ہے کہ کس قسم کے لوگوں کی سمجھ میں وہ آئے گا اور کون لوگ ہیں جو اس کی فہم سے محروم رکھے جائینگے۔

چونکہ ان مباحث کو میں اپنی کتاب تعلیمات قرآن میں مفصل اور مدلل طور پر لکھ چکا ہوں اس لئے یہاں ان کو دہرانا غیر ضروری ہے۔

سراجِ ہندی

از سید ریاست علی ندوی دار المصنفین اعظم گڑھ

حضرات!

"سراج ہندی" ہندوستان کے ان چند مشہور ارباب علم میں ہیں، جو اگرچہ اپنے وطن میں گمنام رہے، لیکن دیگر بلاد اسلامی کے افق پر آفتاب علم بن کر چمکے، اور اپنے علم کی روشنی سے اسلامی دنیا کو روشن کیا۔ وہ اپنے عہد کی اسلامی دنیا کی سب سے بڑی عدالت گاہ کے صدر نشین تھے۔ ان کے حلقۂ درس سے بڑے بڑے صاحب کمال ارباب علم، استاذِ وقت بن کر اُٹھے، اور وہ بھی قاضی القضاۃ کے عہدہ پر سرفراز کئے گئے۔ پھر ان کی وفات کے بعد بھی ان کی تصنیفات سے علم دین کا چراغ روشن رہا۔ اور ان کے بعد کے آنے والے علمائے اُمت نے ان کی کتابوں سے دین و مذہب کے مسائل و مباحث کے سمجھنے سمجھانے میں ان پر اعتماد کیا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:-

"وہ اصول فقہ و حدیث، منطق، تصوف، اور علم اخلاق کے ماہر تھے[1]"

سلیمان بن محمود کفوی اعلام الاخیار میں کہتے ہیں:-

"وہ امام تھے، علامہ تھے، صاحبِ نظر تھے، میدان مناظرہ کے شہسوار تھے،

---

[1] الدرر الکامنہ ج ۳ ص ۱۵۴

بڑے ذہین اور بے مثل تھے[1]"

ماخذ مجھے "قاضی القضاۃ سراج الدین الہندی" نام پہلی مرتبہ ۱۹۲۹ء میں ابوالعباس احمد قلقشندی متوفی ۸۲۱ھ کی مشہور کتاب صبح الاعشیٰ کے اس حصہ میں نظر آیا۔ جس میں اُس نے ہندوستان کے تمدنی و معاشرتی حالات مفصل بیان کئے ہیں۔ اُس میں ایک سے زیادہ مقام پر یہ مذکور تھا:۔

وذکر فی مسالك الابصار عن قاضی القُضاۃ سراج الدین الھندی	مسالک الابصار میں قاضی القضاۃ سراج الدین ہندی سے مذکور ہے

پھر آگے چل کر اس سے زیادہ یہ تصریح ملی کہ

وقد ذکر فی مسالك الابصار اسعار الھند فی زمانہ نقلاً عن قاضی القضاۃ سراج الدین الھندی وغیرہ[2]	مسالک الابصار میں قاضی القضاۃ سراج الدین ہندی وغیرہ کی روایت سے ہندوستان کے نرخوں کا جو ان کے زمانہ میں تھا۔ ذکر کیا ہے

قاضی القضاۃ سراج الدین ہندی کے صاحب مسالک الابصار ابن فضل اللہ عمری متوفی ۷۴۹ھ کے ہمعصر ہونے سے یہ اندازہ ہوا کہ وہ بھی اسی آٹھویں صدی میں گذرے ہیں۔ اور پھر منصب "قاضی القضاۃ" سے خیال گذرا کہ شاید وہ اس عہد میں ہندوستان کے عہدۂ صدر جہانی پر سرفراز ہوں، اور حج و سیاحت ممالک اسلامی کی تقریب سے ابن فضل اللہ اور سراج الدین کی ملاقات شام میں ہوئی ہو۔ چنانچہ قلقشندی کے اُس حصہ سے جس میں ہندوستان کا ذکر آیا ہے، ۱۹۳۰ء میں ایک مضمون "ہندوستان آٹھویں صدی ہجری میں" مرتب کرتے ہوئے میں نے لکھا:۔

---

[1] ۔ الفوائد البہیہ فی تراجم الحنفیہ ص ۶۰ مطبوعہ ۱۲۹۳ھ [2] ۔ صبح الاعشیٰ ج ۵ ص ۸۵

"اس لئے قدرتی طور پر ہندوستان کے ان حالات کے متعلق قلقشندی کے دو ماخذ ہیں۔ ایک عرب سیاحوں کے جغرافیہ کی کتابیں۔ اور دوسرے بعض ایسے اہل علم کے بیانات جو ان ممالک اسلامی تک پہنچے تھے[1]"

لیکن بعد میں یہ بہ تحقیق معلوم ہوا کہ اس عہد میں ہندوستان میں قاضی القضاۃ کے منصب پر سراج الدین نام کا کوئی شخص مامور نہ تھا۔ اس کے کچھ ہی دنوں کے بعد جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ کی "حسن المحاضرہ" میں "السراج الہندی" نام نظر آیا، اور اس وقت یہ حقیقت آشکارا ہوئی کہ قلقشندی نے صبح الاعشیٰ میں جس قاضی القضاۃ کا ذکر مسالک الابصار کے حوالہ سے کیا ہے، وہ یہی "سراج ہندی" ہے۔ اور یہ ہندوستانی عالم، سلطنت مصر کے ایک بلند منصب پر فائز ہے۔

لیکن افسوس کہ حسن المحاضرہ میں محض ان کے قاضی و حنفی فقیہہ ہونے کی حیثیت سے ان کا سرسری تعارف کرایا گیا تھا۔ اُس سے یہ عقدہ حل ہوجانے کے باوجود کہ وہ خلفائے عباسیہ مصر کی سیادت اور سلاطین ممالیک بحریہ مصر کی سلطنت میں ایک بلند منصب پر فائز تھے۔ پھر بھی ان کے سوانح و فضائل علمی پر تاریکی کے پردے پڑے رہے۔ یہاں تک کہ چند دن گذرے کہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ کی الدرر الکامنہ فی اعیان المایۃ الثامنہ شائع ہوئی، اور ابن عماد حنبلی متوفی ۱۰۸۹ھ کی شذرات الذہب فی اخبار من ذہب مطبوعہ مصر ۱۳۵۱ھ نظر سے گذری، اور پھر مجھے مراجعۂ کتب سے مجموعی طور پر یہ معلوم ہو سکا کہ ابن حجر عسقلانی، ابن عماد حنبلی، محمود بن سلیمان کفوی، اور ملا علی قاری متوفی ۱۰۱۴ھ وغیرہ نے اس شخصیت کے پُرعظمت چہرے سے نقاب اُٹھائی ہے۔ پھر حسن اتفاق کہ اس اثنار میں حضرت الاستاذ مولانا سید سلیمان

[1] ۔ معارف ج ۲۶ بابت ماہ دسمبر ۱۹۳۰ء ص ۴۰۶

ندوی کو بھوپال کے کتبخانہ امیریہ کے دیکھنے کا اتفاق ہوا، جس میں ابن کمال پاشا متوفی سنہ ۹۴۰ھ کی طبقات الحنفیہ کا ایک قلمی نسخہ نظر سے گذرا۔ اور اس میں بھی سراج الدین ہندی کا تذکرہ موجود ملا جسے حضرۃ الاستاذ موصوف نے اپنی بیاض میں نقل فرمالیا۔ نیز اصول فقہ وعقائد کی بعض کتابوں میں مختلف علمی ومذہبی مباحث کے ذیل میں "الشیخ العلامہ سراج الدین الہندی" کے حوالے اور اقتباسات نظر آئے۔ اسی طرح مفتاح السعادۃ (طاش کبری زادہ متوفی سنہ ۹۶۸ھ) کشف الظنون (حاجی خلیفہ متوفی سنہ ۱۰۶۸ھ) اور بعض کتب خانوں کی فہرستوں سے اس کی تصنیفات کا سراغ لگا۔ ابن حجر نے رفع الاصر عن قضاۃ مصر میں بھی ان کا تذکرہ کیا ہے۔ لیکن اتفاق وقت کہ وہ ان اوراق کی تسوید کے وقت میرے سامنے موجود نہیں،

سراج ہندی اور ہندوستان کی تاریخیں

مذکورۂ بالا ماخذوں کی تصریح سے یہ اندازہ ہوا ہوگا کہ سراج الدین ہندی کے جو کچھ حالات معلوم ہوسکے ہیں، وہ غیروں ہی کی زبانی ہیں۔ خود اس ملک کی تاریخ میں جہاں وہ پیدا ہوا، تعلیم وتربیت پائی، علوم کی تحصیل سے فارغ ہوا، اور جہاں اپنی زندگی کے ۳۴، ۳۵ سال گذار دئے۔ وہاں کے فضلاء وارباب کمال کے تذکرہ نگار ضیاء الدین برنی اور میر غلام علی آزاد وغیرہ اس کے ذکر سے خاموش ہیں۔ صرف محمود بن سلیمان کفوی کی اعلام الاخیار کی تلخیص الفوائد البہیہ فی تراجم الحنفیہ لمولانا عبدالحی فرنگی محلی میں "عمر بن اسحٰق" نام سے اور اس سے ماخوذ تذکرۂ علماے ہند، اور مفتاح السعادۃ اور الفوائد البہیہ سے ماخوذ نزہتہ الخواطر لمولانا سید عبدالحی مرحوم میں "عمر غزنوی" اور "عمر بن اسحٰق غزنوی" کے عنوانوں سے اس کا اجمالی تعارف کرایا گیا ہے۔ اور جن میں سیوطی کا بیان بھی نقل کردیا گیا ہے۔ اور کشف الظنون کا اجمالی حوالہ آیا ہے۔

الغرض ہمیں سراج الدین ہندی کے حالات اب تک جو کچھ معلوم ہوسکے اور خصوصاً

ان کی تصنیفات کا سُراغ جس حد تک لگایا جا سکا۔ وہ پیش خدمت ہے۔

نام و نسب وطن

عمر نام، والد کا نام اسحٰق اور دادا کا احمد ہے۔ ابوحفص کنیت اور سراج الدین لقب تھا۔ ہندوستان میں ان کے آبا و اجداد غزنہ سے آئے تھے۔ اس نسبت سے غزنوی کہلائے۔ پھر اپنے لقب اور ہندوستان کے انتساب سے "سراج ہندی" مشہور ہوئے۔

پیدایش و تعلیم و تربیت

۷۰۴ھ میں پیدا ہوئے۔ یہ سال ولادت خود انہی کی ایک تحریر شہادت سے مروی ہے۔ ابتدائی تعلیم و تربیت کے بعد اس عہد کے ممتاز علماے ہند سے دہلی میں علوم کی تحصیل سے فارغ ہوئے۔[۱]

اس عہد میں دہلی کی تعلیمی فضا

سراج ہندی، جس زمانہ میں دہلی میں علوم کی تکمیل میں مصروف تھے، یہ مقام علم و فضل کا مرکز سمجھا جاتا تھا۔ اس عہد کے ایک اہل علم شیخ مبارک بن محمود انباتی (کھمباتی) کے بیان کے مطابق ان دنوں یہاں ایک ہزار مدرسے قائم تھے۔[۲] ضیاء الدین برنی اور فرشتہ نے اس عہد کے دلی کے ایسے بہ کثرت اساتذہ کے نام گنائے ہیں، جو باکمال فضلاء میں تھے۔ اور جن کے وجود سے علم دین کا چراغ روشن تھا۔[۳]

اساتذہ

ان افاضل روزگار میں سے امام وجیہ الدین رازی دہلوی، علامہ شمس الدین خطیب دولی، ملک العلماء سراج الدین ثقفی، اور شیخ رکن الدین بدایونی

---

[۱] الدرر الکامنہ ابن حجر ج ۳ ص ۱۵۴ مطبوعہ دائرۃ المعارف ۱۳۴۹ھ، شذرات الذہب ابن عماد ج ۶ ص ۲۲۸ مطبوعہ مصر ۱۳۵۱ھ، طبقات الحنفیہ ابن کمال پاشا نسخہ قلمی مملوکہ کتبخانہ امیریہ بھوپال،

[۲] صبح الاعشیٰ ج ۵ ص ۶۹ طبع مصر،

[۳] تاریخ فیروز شاہی برنی ص ۳۵۳ مطبوعہ ایشیاٹک سوسائٹی ۱۸۶۲ء و تاریخ فرشتہ ج ۱ مقالہ دوم ص ۱۲۱ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ۔

قاضی سراج الدین ہندی کے اساتذہ میں سے ہیں۔ اور ان میں سے اکثر کا تذکرہ خود سراج نے مصر کے اہل علم سے کیا ہے۔ اور جنہوں نے ان لوگوں کو اپنی تصنیفات میں اسی حیثیت سے روشناس کیا ہے[1]۔ ان شیوخ کی مسند درس دلی میں بچھی ہوئی تھی۔ اور یہ سب کے سب فقہ حنفی میں اپنے وقت کے استاذ مانے جاتے تھے۔

مولانا وجیہہ الدین رازی دہلوی کا تذکرہ ضیاء الدین برنی نے بھی علائی عہد کے ان فضلائے روزگار میں جو درس و تدریس سے فیض علم جاری کئے تھے۔ کیا ہے (فیروز شاہی ص ۳۵۳) اور سیر اولیاء میں انہی کا ذکر وجیہہ الدین پائلی کے نام سے ملتا ہے۔ یہ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا کے حلقۂ ارادت میں داخل تھے۔ عرب مؤرخین نے ان کے علم و فضل کا اعتراف "امام، ملک العلماء بلاد الہند" کے خطاب سے اور ان کے زہد و تصوف کا "زاہد" کے لقب سے کیا ہے۔ ان کے آباؤ اجداد رے سے ہندوستان آئے۔ اس نسبت سے رازی کہلائے۔ اور ہندوستان میں یہ خاندان اسی مردم خیز صوبہ پنجاب کے ایک قصبہ پائل (امرگڑھ ریاست پٹیالہ) کا باشندہ تھا۔ اس نسبت سے پائلی، اور عربی میں "البائلی" مشہور ہوئے۔ پھر دہلی میں ان کے حلقۂ درس کے قائم ہونے کی وجہ سے دہلوی کہلائے۔ الجواہر المضیئہ میں نسبت "البائلی" کے ذیل میں ہے:-

"یہ امام زاہد وجیہہ الدین ہیں، جو شہر دلی بلاد ہند کے ائمہ میں سے ایک ہیں۔ ہمارے رفیق اور استاذ علامہ سراج الدین عمر بن اسحٰق نے ان سے فقہ پڑھی، اور ان کی تعریف کی ہے۔ وجیہہ الدین کے استاذ نوسوحی ہیں اور نوسوحی نے حمید الدین ضریر سے اور انھوں نے کردری سے فقہ پڑھی اور کردری صاحب ہدایہ کے تلمیذ تھے۔" رحمم اللہ" ج ۲ ص ۲۸۶

[1] الجواہر المضیئہ ج ۲ ص ۲۸۶، ۳۰۷ وغیرہ، شذرات الذہب ج ۶ ص ۲۲۸، الدرر الکامنہ ج ۳ ص ۱۵۴، الدائر البہیہ فی تراجم الحنفیہ ص ۶۰ مطبوعہ ۱۲۹۳ھ،

اِسی طرح "الرازی" کے ذیل میں ہے :-

"اسی طرف ہندوستان کے ملک العلماء وجیہ الدین منسوب ہیں۔ سراج الدین عمر بن اسحٰق نے ان سے فقہ پڑھی۔ اور وہ امام علامہ شرف الدین تنوخی کے شاگرد تھے۔ اور تنوخی نے امام حمید الدین ضریر بخاری سے اور انہوں نے کروری سے فقہ پڑھی اور کروری صاحب ہدایہ کے شاگرد تھے۔ رحمہم اللہ" (ج ۲ ص ۳۰۹)

پھر ان کا تذکرہ اساتذہ و شاگرد سے متعلق بعینہٖ انہی تصریحات کے ساتھ شیخ عبدالله بن عبدالباقی نقشبندی دہلوی کی طبقات حسامیہ میں آیا ہے۔[1]

---

[1] - مولانا سید عبدالحی صاحب نزھۃ الخواطر نے "وجیہ الدین پانی پتی" و "وجیہ الدین رازی" دو انتسابوں سے جداگانہ شخصیتیں تسلیم کی ہیں۔ "رازی" کے انتساب سے انھوں نے ان کے حالات "الفوائد البہیہ" سے نقل کئے ہیں اور "پانی پتی" کی نسبت سے سیر الاولیاء سے موصوف مرحوم کو ان دونوں کے ایک شخصیت ہونے کا شبہ، شیخ عبدالله بن عبدالباقی نقشبندی دہلوی کی "الطبقات الحسامیہ" کی اس عبارت سے ہوا جس میں ان کے شیخ کا سلسلۂ تلمذ اور تلمیذ سراج کا ذکر آیا ہے۔ اور جس کا تذکرہ اوپر متن میں درج کیا گیا۔ لیکن موصوف مرحوم نے حاشیہ میں یہ لکھ کر اس شبہ کو قبول نہیں فرمایا کہ :-

صاحب کتاب (طبقات حسامیہ) نے کسی مستند کتاب کا حوالہ نہیں دیا ہے۔ اس لئے مجھے یہ اشتباہ ہو گیا کہ پانی پتی اور رازی دونوں دو شخص ہیں یا صرف ایک۔ لیکن میرا گمان ہے کہ یہ دونوں دو شخص ہیں۔ واللہ اعلم۔ عبدالحی (ص ۱۷۶، ۱۷۷ مطبوعہ دائرۃ المعارف)

مگر الجواہر المضیئہ میں "الرازی" کے ذیل میں جو کچھ ہے۔ اس سے طبقات حسامیہ کی عبارت کی تصدیق ہو جاتی ہے اس لئے موصوف نے جس بنیاد پر اس شبہ کو دور کر دیا تھا۔ وہ قائم نہیں رہی۔ علاوہ ازیں جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا، عرب مورخین (ابن ابی الوفا، ابن عماد اور سیوطی وغیرہ) کے دئے ہوئے القاب "امام زاہد" سے ان دونوں نسبتوں کے ایک ہی وجیہ الدین کے متعلق ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ پھر سراج کی روایت سے جواہر مضیئہ میں ان کے اساتذہ کا ذکر آیا ہے۔ اگر دونوں دو شخص ہوتے تو اس کی تصریح ملتی۔ چنانچہ ابن حجر، ابن عماد، کفوی، سیوطی اور ابن کمال پاشا نے جہاں ان کے اساتذہ کا ذکر کیا ہے۔ اس میں صرف وجیہ الدین رازی لکھا ہے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ وجیہ الدین کی نسبت "رازی" زیادہ مشہور تھی۔ اور بعضوں نے دہلوی بھی لکھا ہے۔ سراج کے حالات میں "پانی پتی" کی نسبت سے کسی جگہ ان کا شاگرد ہونا مذکور نہیں ہے۔ صرف الجواہر المضیئہ میں "البانی" کی نسبت کی تقریب سے اس کی تشریح میں ان کا تذکرہ کر دیا گیا ہے اور اسی میں سراج کی شاگردی کا ضمنی تذکرہ آ گیا ہے۔ البتہ طبقات حسامیہ میں پانی پتی ہی کی نسبت کے ساتھ وجیہ الدین کا نام لکھا گیا ہے۔ اور ان کے سلسلۂ تلمذ میں ان کے استاذ کا نام وہ ہے جو "رازی کی نسبت کے ساتھ وجیہ الدین کے استاذ کا نام آتا ہے۔ ان وجوہ کی بنا پر یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ رازی اور پانی پتی دونوں نسبتیں ایک ہی وجیہ الدین کی ہیں۔ اسی مناسبت سے میں نے قدیم خاندانی وطن کی حیثیت سے "رازی" ہندوستانی وطن کے لحاظ سے "پانی پتی" اور جائے اقامت کے تعلق سے "دہلوی" یہ تینوں نسبتیں قبول کر لی ہیں +

علامہ شمس الدین خطیب دولی اور ملک العلماء سراج الدین ثقفی کا تذکرہ بھی صاحب الجواہر المضیہ نے سراج الدین کے اساتذہ ہی کی حیثیت سے کیا ہے۔ یہ دونوں بھی شیخ ابوالقاسم تنوخی کے دامن فیض کے تربیت یافتہ تھے۔ اور جیسا کہ گذرا، تنوخی، حمید الدین ضریر اور کردری کے واسطوں سے صاحب ہدایہ کے تلمیذ تھے۔[۱]

مولانا سید رکن الدین بدایونی، بدایوں کے ایک ذی علم و معزز خاندان کے رکن تھے۔ ان کا تذکرہ عرب مورخین کے علاوہ، ضیاء الدین برنی اور فرشتہ نے بھی کیا ہے۔ وہ شیخ الاسلام سید قطب الدین کے پوتے اور سید السادات سید تاج الدین کے برادر زادہ تھے۔ انکے صاحبزادے سید قطب الدین اور پوتے سید اعز الدین، بدایوں اور اودھ کے قضاۃ میں گذرے ہیں۔ ضیاء الدین برنی، سید رکن الدین کا نام بڑے احترام سے لیتا ہے۔ وہ پہلے دہلی میں اپنے درس و تدریس سے فیض عام جاری کئے تھے۔ پھر کڑے کے عہدۂ قضاء پر سرفراز ہوئے۔ برنی ان کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ اور انہیں مرجع خاص و عام بتایا ہے۔ لکھتا ہے:۔

"سید رکن الدین برادر زادہ سید تاج الدین مذکور قاضی کڑہ بودہ است و باری تعالےٰ سید رکن الدین را جامع فضائل آفریدہ بود، و بکشف و کرامت آراستہ، و ہم صاحب سماع بود و ہم وجدی و حالتی عجیب داشت در روزگار بزرگی او در ترک و تجرید و در اعطاد ایثار کرانہ شدہ است و مؤلف تاریخ فیروز شاہی سعادت ملاقات سید تاج الدین و سید رکن الدین رحمہما اللہ دریافتہ است و شرایط پائے بوس ایشاں بجا آوردہ و من مثل آں سعادت بزرگوار و اوصاف سنیہ و حشمتی کہ دادہ خدا ایشاں داشتند کمتر دیدہ است، سیادت ہمہ مآثر است"

[۱] جواہر مضیہ ج ۲ ص ۳۰۷، الفوائد البہیہ ص ۶۰، الدرر الکامنہ و شذرات الذہب وغیرہ،

فرزندی رسول رب العالمین ہمہ شرف و بزرگی و منقبت و جلالت است کہ اگر خواہم کہ در محامد آں سادات و سایر سادات کہ نور دیدگان مصطفےٰ و جگر گوشگان مرتضیٰ بودہ اند و ہستند چیزی بنویسم سراسیمہ می شوم و بعجز خویش معترف می گردم[1]۔"

نیز صاحب الجواہر المضیئہ "البداؤنی" کے ذیل میں لکھتا ہے :۔

"وہ امام علامہ رکن الدین ہیں۔ سراج الدین عمر بن اسحٰق نے اپنے ملک (ہندوستان) میں اُن سے فقہ پڑھی۔ اور ان کی ستایش کی ہے۔ اور رکن الدین نے نوسوی سے فقہ پڑھی ہے اور وہ حمید الدین ضریر کے شاگرد تھے۔ جو کردری کے واسطہ سے صاحب ہدایہ کے تلمیذ ہیں"۔

سفر حج، تحصیل علم حدیث وسماع عوارف المعارف

سراج الدین نے تقریباً ۳۴ - ۳۵ سال کی عمر میں تقریب حج کے موقع سے ہندوستان کے باہر قدم نکالا۔ اور اداے حج و زیارت کی سعادت سے بہرہ اندوز ہوئے۔ مکہ معظمہ میں روایت و سماع کی طرف بھی متوجہ رہے۔ نیز مولانا وجیہ الدین پائلی کے دامن فیض میں تربیت پانے سے تصوف کا مذاق پیدا ہو چکا تھا۔ چنانچہ مکہ معظمہ میں شیخ شہاب الدین عمر بن محمد بن عبداللہ سہروردی متوفی ۶۳۲ھ کی مشہور کتاب عوارف المعارف کو شیخ خضر سے جو رباط سدرہ کی مشیخت پر فائز تھے، سنا۔ نیز اس کی روایت قطب قسطلانی سے کی جنہوں نے اس کو خود شیخ شہاب الدین سہروردی سے سنا تھا۔

ورود مصر

اس کے بعد انہوں نے مصر کا رخ کیا۔ اور ابن حجر وغیرہ کے بیان کے مطابق

---

[1] تاریخ فیروز شاہی ضیاء برنی ص ۳۴۹ مطبوعہ ایشیاٹک سوسائٹی ۱۸۶۲ء و تاریخ فرشتہ ج ۱ مقالہ دوم ص ۱۲۱ مطبوعہ نولکشور

۷۴۰ھ سے پہلے وہ قاہرہ پہنچ گئے۔[1]

ان کے مصر کے شیوخ حدیث میں شیخ احمد بن منصور جوہری کا نام بھی آتا ہے۔ انہوں نے ۷۳۸ھ میں وفات پائی۔[2] اس لئے قیاس چاہتا ہے کہ وہ نہ صرف ۷۴۰ھ سے پہلے بلکہ ۷۳۸ھ کے ختم ہونے سے بھی پہلے مصر پہنچ چکے تھے۔

سراج ہندی اور فقہ حنفی

اس زمانہ میں فقہ حنفی اور اس کے متعلقہ علوم کا دوسرا نام علوم مذہبی تھا۔ شیخ مبارک کھمبایتی کا یہ بیان گذر چکا ہے کہ اُس زمانہ میں صرف دہلی میں ایک ہزار مدرسے قائم تھے۔ اسی موقع پر یہ بھی مذکور ہے کہ ان میں سے صرف ایک مدرسہ شافعیوں کا تھا۔ بقیہ تمام مدرسے احناف کے تھے۔[3] سراج الدین ہندوستان میں جن علماء کے حلقہ درس میں بیٹھے، وہ اپنے عہد میں ہندوستان میں فقہ حنفی کے ائمہ سمجھے جاتے تھے۔ اور ان کی سند بواسطہ صاحبِ ہدایہ تک پہنچتی تھی۔ اس لئے سراج ہندی، ہندوستان سے نکلنے کے پہلے ہی فقہ حنفی، اصول فقہ، کلام، منطق اور تفسیر وغیرہ میں وسیع النظر ہو چکے تھے۔

پھر ان دنوں مصر میں مذاہب اربعہ کے اعتبار سے یہ ماحول قائم تھا کہ اس وقت مصر پر ممالیک بحریہ متسلط تھے۔ جنہوں نے مصر سے ایوبی سلطنت کا خاتمہ کر کے اپنی حکومت جمائی تھی۔ حکومت ایوبیہ مذہباً شافعی تھی۔ اس لئے مصر میں ان کی حریف سلطنت قدرۃً اس مذہب کی طرف میلان طبع نہ رکھتی تھی۔ چنانچہ ممالیک بحریہ کے مشہور فرمانروا ملک

---

[1] الجواہر المضیئہ ج ۲ ص ۲۸۷ مطبوعہ ۱۳۳۲ھ و الدرر الکامنہ، شذرات الذہب والفوائد البہیہ وغیرہ بحوالہ مذکورۂ بالا۔ شذرات کے مطبوعہ نسخوں میں "البداؤنی" کے بجائے "البدادی" چھپ گیا ہے +

[2] الدرر الکامنہ ج ۱ ص ۳۱۵،

[3] صبح الاعشیٰ ج ۵ ص ۶۹ +

ظاہر بیبرس (۶۵۸ھ - ۶۷۶ھ) نے ۶۶۳ھ میں ایک موقع پاکر فاطمی وزیر افضل امیر الجیوش کی تقلید کرتے ہوئے مصر میں چاروں مذہبوں کے علیحدہ علیحدہ قاضی مقرر کردئے۔[1] اور پھر رفتہ رفتہ عملاً ان سب پر حنفی محکمہ قضاء کو تفوق حاصل ہوگیا۔ اور حنفی فقہاء، حکومت کے مذہبی عہدوں پر پیش پیش نظر آنے لگے +

سراج کی روشناسی مصر کے علمی حلقہ میں

اس لئے جب سراج الدین مصر وارد ہوئے تو وہ فقہ حنفی میں اپنی دستگاہ کے باعث مصر کے ممتاز حنفی فقہاء و قضاۃ کے حلقہ میں جلد روشناس ہوگئے۔ اور اہل علم نے انہیں ہاتھوں ہاتھ لے لیا۔ خصوصاً اس لئے کہ ان کے پاس ہدایہ کی قرأت کی کئی امتیازی سندیں موجود تھیں۔ چنانچہ وہ اس تعلق سے مصر میں "قاری الہدایہ" کے لقب سے بھی مشہور ہوئے۔ (فہرست کتب خانہ خدیویہ مصر ج ۳ ص ۶۲) ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں :-

"قاہرہ میں ان کی آمد ۷۴۰ھ سے پہلے ہوئی تھی۔ اور وہ علم کے حامل بن کر یہاں داخل ہوئے تھے۔ چنانچہ وہاں انہوں نے امتیاز پیدا کرلیا۔"

ابن عماد حنبلی متوفی ۱۰۸۹ھ کا بیان ہے :-

"وہ تقریباً ۷۴۰ھ میں قاہرہ وارد ہوئے۔ اور روایتیں سنیں اور ان کے فضائل آشکارا ہوگئے۔[2]"

اساتذۂ مصر

شیخ سراج الدین کے تکمیل علوم کا کچھ زمانہ مصر میں بھی بسر ہوا۔ خصوصاً اس زمانہ میں علم حدیث کی تحصیل زیادہ تر روایت و سماع و اجازہ کے طریقوں سے کی جاتی تھی۔ اس لئے اسناد حدیث میں شان امتیازی پیدا کرنے کے لئے بڑے سے بڑا

[1] حسن المحاضرہ سیوطی ج ۲ ص ۱۰۰ طبع مصر، [2] الدرج ۳ ص ۱۵۴، شذرات ج ۶ ص ۲۲۸،

صاحبِ علم بھی دوسرے امتیازی اسناد رکھنے والے محدثین کے سامنے زانوے تلمذ تہ کرتا تھا۔ سراج نے بھی یہی روش اختیار کی۔ چنانچہ مکہ معظمہ میں سماع حدیث کے بعد انھوں نے قاہرہ آکر بھی اس سلسلہ کو جاری رکھا۔ اس زمانہ میں مصر میں جلیل القدر محدثین میں سے شیخ نجیب[1] ابوعبداللہ محمد بن احمد بن محمد مویدبن علی ہمدانی مصری متوفی ۶۸۷ھ کے تلامذہ کی مسندیں بچھی ہوئی تھیں۔ ابن حجر عسقلانی کا بیان ہے کہ سراج نے شیخ نجیب کے تلامذہ سے سماع حدیث کیا[2]۔ مصر میں سراج کے داخلہ کے وقت شیخ نجیب کے تلامذہ میں سے شیخ محمد بن غالی بن نجم دیباطی متوفی ۷۴۱ھ، ابراہیم بن علی بن یوسف ابن زرزاری متوفی ۷۴۱ھ، سراج الدین عمر بن حسین بن کی شنطوفی متوفی ۷۴۷ھ اور شیخ احمد بن منصور جوہری متوفی ۷۳۸ھ وغیرہ مصر کے شیوخ حدیث تھے[3]۔ آخر الذکر شیخ جوہری کو بہ تصریح سراج الدین کا استاذ حدیث بتایا گیا ہے۔ لیکن ابن حجر کے مذکورہ بالا بیان سے قیاس ہوتا ہے کہ شیخ نجیب کے دوسرے مذکورہ بالا تلامذہ بھی سراج کے شیوخ حدیث ہوں گے۔

اس کے بعد ابن حجر کا بیان ہے کہ سراج الدین ہندی نے دیگر علوم کی تکمیل شمس الدین اصفہانی اور بنو ترکمانی سے کی[4]۔ ان میں سے شمس الدین اصفہانی ابوالثناء محمود بن عبدالرحمٰن بن احمد متوفی ۷۴۹ھ فقہ و اصول فقہ میں امام وقت سمجھے جاتے تھے۔ نیز انہیں علوم عقلیات میں کامل دستگاہ حاصل تھی۔ ان علوم میں ان کی مستند تصنیفات ہیں۔ خانقاہ قمون (قرافہ مصر) کی مشیخت پر فائز تھے۔ ان کی مسند درس مدرسہ عزیہ قاہرہ میں بچھی ہوئی تھی[5]۔

بنو ترکمانی سے مراد شیخ فخر الدین عثمان بن ابراہیم بن مصطفےٰ ماردینی معروف بہ ابن ترکمانی متوفی ۷۳۱ھ کے دونوں صاحبزادے تاج الدین احمد متوفی ۷۴۴ھ اور علاء الدین علی متوفی ۷۵۰ھ ہیں

---

[1] حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۶۲، [2] الدرج ۳ ص ۱۵۴، [3] حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۶۶، [4] الدرج ۳ ص ۱۵۴، [5] حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۲۳۵،

شیخ ابن ترکمانی بقول سیوطی اپنے عہد میں مصر میں احناف کے امام سمجھے جاتے تھے۔ اور ان کے دونوں مذکورۂ بالا صاحبزادوں کے دامن بھی علم و فضل سے مالا مال تھے۔ دونوں درس و تدریس و افتاء کے علاوہ علوم فقہ، اصول، فرائض، نحو، ہیئت، منطق، اور حدیث میں مستند تصنیفات کے مالک ہیں۔ آخر الذکر مصر کے عہدۂ قضاء پر مامور ہوئے۔ اور ان کی وفات کے بعد ان کے صاحبزادے جمال الدین عبداللہ ترکمانی متوفی ۷۶۹ھ عہدۂ قضاء پر آئے [1]

شیخ سراج الدین ہندی کے بنو ترکمانی سے شرف تلمذ کے علاوہ گوناگوں گہرے تعلقات قائم ہوگئے۔ اور وہ مصر کے اس علمی خانوادے سے مستقل طور پر وابستہ ہوگئے۔ یہاں پہنچ کر شیخ سراج الدین کی زندگی کا دوسرا دور ختم ہو جاتا ہے۔

اعزاز و مناصب

اس کے بعد وہ مختلف علمی مشاغل کے ساتھ مصر ہی میں اپنی دنیاوی زندگی شروع کرتے ہیں، جیسا کہ معلوم ہوا اس وقت مصر میں احناف کی قضارت پر یہی خانوادۂ ترکمانی سرفراز تھا۔ شیخ سراج الدین اسی خانوادہ سے بواسطہ شاگردی وابستہ ہوئے۔ اور پھر اسی راہ سے وہ آگے بڑھے۔ اور دولت و حشمت نے بڑھ کر ان کے قدم چومے، اور وطن سے دور دیار غیر میں ایسے اعزاز و منصب پر سرفراز کئے گئے جو اہل مصر کی نگاہ میں بھی باعظمت تھا۔ ان کے اعزاز و منصب کا آغاز ان کے استاذ کے زیر سایہ ہوا۔ اور پھر استاذ زادہ نے اپنا حق اخوت ادا کیا۔

قضاء عسکر

قاضی علاؤالدین ابن ترکمانی ۷۴۸ھ سے اپنی وفات ۷۵۰ھ تک مصر کے فرقۂ احناف کے قاضی القضاۃ رہے۔ اور انہوں نے اپنے غریب الوطن لائق شاگرد

---

[1] حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۹۹، سیوطی نے قاضی علاؤالدین ابن ترکمانی کا تذکرہ حسن المحاضرہ میں دو جگہ کیا ہے۔ پہلے فقہائے احناف کے زمرہ میں ان کے والد کے ترجمہ میں ذکر آیا ہے۔ اس میں ان کا سال وفات و اختتام زمانہ قضارت ۷۵۰ھ لکھا ہے۔ پھر قضاۃ احناف کے سلسلہ میں ج ۲ ص ۱۰۲ پر ان کا نام آیا ہے۔ یہاں سال وفات ۷۵۰ھ ہے۔ قضاۃ مصر کے زمانوں کی تعیین کرنے سے یہی آخر الذکر زمانہ وفات ۷۵۰ھ صحیح نظر آتا ہے۔

سراج الدین کو اپنے تحت میں مقام عسکر (مصر) کی قضارت سپرد کی۔

نیابت قاضی القضاۃ

پھر ان کی وفات کے بعد جب ان کے صاحبزادے جمال الدین عبداللہ ترکمانی قاضی القضاۃ مصر کے منصب پر فائز ہوئے تو انہوں نے اس ہندوستانی عالم کے اعزاز میں مزید اضافہ کیا۔ اور انہیں اپنا واحد نائب قرار دیا۔ پھر قاضی سراج الدین اپنی دانائی و ہوشمندی سے بہت جلد سلطنت کے ممتاز اعیان اور فرمانروائے مصر سلطان حسن (بار اول ۷۴۸ھ۔ ۷۵۲ھ، بار دوم ۷۵۵ھ۔ ۷۶۲ھ) کے مقربین خاص میں شمار کئے جانے لگے۔ حافظ ابن حجر متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں :-

"عسکر کی قضارت پر سرفراز ہوئے۔ اور ایک زمانہ دراز تک جمال الدین ابن ترکمانی کے عہدۂ قضا میں ان کی نیابت کرتے رہے۔"

ابن عماد حنبلی متوفی ۱۰۸۹ھ کا بیان ہے :-

"..... اس کے بعد جب علاؤ الدین ترکمانی نے وفات پائی اور انکے صاحبزادے جمال الدین عہدۂ قضا پر آئے تو ان (سراج ہندی) کی عظمت و منزلت میں اضافہ ہوا۔ قاضی جمال الدین نے انہیں اپنا نائب مقرر کیا۔ اور اس نیابت میں کسی دوسرے کو ان کا شریک نہیں بنایا۔ چنانچہ انہوں نے تمام امور اپنے ہاتھ میں لے لئے اور سلطان حسن کی نگاہ میں ان کی منزلت بڑھ گئی۔[1]"

---

[1] ۔ الدرر الکامنہ ج ۳ ص ۱۰۵ و شذرات الذہب ج ۶ ص ۲۲۸، حسن المحاضرہ ج ۲ ص ، شذرات میں سراج کے قضا عسکر و قضارت مصر کی نیابت کے واقعہ کا تذکرہ ابن حجر کے بیان سے کسی قدر مختلف ہے۔ شذرات میں ان کے عہدۂ قضا پر آنے کا تذکرہ ان الفاظ میں ہے :-

جمال ترکمانی کی نیابت کی خدمت انجام دینے کے بعد عسکر کی قضارت پر مامور ہوئے۔ پھر اس عہدہ سے معزول کر دئے گئے۔ اس کے بعد جب علاؤ الدین ترکمانی .... (اس کے بعد وہی عبارت ہے جو اوپر نقل کی گئی)

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قاضی علاء الدین کے زمانہ میں ان کے لڑکے پہلے عسکر قضارت پر مامور تھے اور سراج نے اسی زمانہ میں ان کی نیابت کی پھر سراج اس خدمت سے معزول کر دئے گئے۔ (معزولی کا تذکرہ آگے آتا ہے) پھر علاء الدین کی وفات کے بعد جب جمال الدین قاضی مقرر ہوئے۔ تو سراج نے ان کی دوبارہ قاضی القضاۃ کے عہدہ میں نیابت کی۔ لیکن

ایک ابتلاء اور منصب نیابت قضاء سے علیحدگی

قاضی سراج الدین ہندی اپنے منصب پر فائز تھے کہ اچانک ۷۶۱ھ میں ایک درباری سازش کے شکار ہو گئے۔ ان دنوں مصر میں قطب الدین محمد بن ابو الثناء بن ماضی مقدسی معروف بہ ہرماس متوفی ۷۶۹ھ سلطنت کے ممتاز اعیان میں سے تھا۔ خصوصاً سلطان حسن (۷۵۵ھ - ۷۶۲ھ) کے دربار میں اسے رسوخ حاصل تھا۔ اس سے اور قاضی سراج الدین سے کسی بات میں اختلاف ہوا۔ اور وہ ان کے درپے آزار ہو گیا۔ اور پھر یہ حیرت انگیز جسارت کر بیٹھا کہ سلطان حسن کی جانب سے ایک فرضی فرمان شاہی لکھ کر اس پر کسی طرح شاہی مہر ثبت کرائی۔ اور اس میں قاضی سراج الدین کی معزولی کا حکم درج کرایا۔ قاضی سراج الدین یہ فرمان پاتے ہی اپنی خدمت سے سبکدوش ہو گئے۔

لیکن اتفاق وقت کہ اس کے بعد ہرماس سے ایک دوسرے صاحب علم ابو امامہ بن نقاش کی بھی ان بن ہو گئی۔ اور اس وقت اس جعل سازی کا راز فاش ہوا۔ اور سلطان حسن تک اس کی خبر پہنچائی گئی۔ جسے وہ سن کر اس قدر برہم ہوا کہ ہرماس کو کوڑوں سے پٹوا کر قاہرہ سے جلاوطن کرا دیا۔ اس طریقہ سے سراج الدین کے ایک سخت دشمن کا فتنہ دور ہوا[1]۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۴) ابن حجر نے جو صورت لکھی ہے وہ وہی ہے جو متن میں درج کی گئی۔ کہ میرے خیال میں یہی صحیح ہے۔ اگر قاضی علاء الدین کے زمانہ میں جمال الدین ترکمانی قضاء عسکر پر مامور ہوتے تو اس کا تذکرہ ان کے سوانح میں ضرور ہوتا۔ لیکن خود شذرات میں ان کے سوانح درج ہیں ان میں اس کا ذکر موجود نہیں۔ شذرات سے جو عبارت حاشیہ کی ان سطروں میں نقل کی گئی ہے وہ مفتاح السعادۃ میں بھی ہے۔ لیکن اس میں بعد کے واقعات مندرج نہیں۔ شاید ابن عماد نے مفتاح اور الدرر کی عبارتیں جمع کر دیں۔ اور اس سے یہ غلط فہمی پیدا کرنے والی صورت نکل آئی،

[1] ۔ الدرر الکامنہ ج ۳ ص ۱۵۵ و ۴۱۲، ترجمہ ہرماس و ص ۱۵۵ ترجمہ سراج۔ ہرماس مصر کے اہل علم میں تھا۔ ابتداً جامعہ حاکمی کی امامت پر سرفراز ہوا۔ پھر ترقی کر کے سلطان حسن کے درباریوں میں شامل ہو گیا۔ اسے شعبدہ بازی میں مہارت حاصل تھی۔ اپنی حیلہ گریوں سے بہ ظاہر غیب کی باتیں بتا دیتا تھا۔ اور اُس کی پیشینگوئیوں کے مطابق واقعات پیش آجاتے تھے۔ لیکن لوگوں کو اس کی حیلہ گری کا یقین تھا۔ سلطان حسن کی وفات کے بعد وہ پھر قاہرہ آ گیا۔ اسّی سال سے زیادہ کی عمر میں ۷۶۹ھ میں وفات پائی۔ ابو العباس بن مری اس کے شیوخ میں تھے۔ اور عماد بن کثیر نے اس کے علم و فضل کی توصیف کی ہے +

عہدۂ قاضی القضاۃ پر تقرر اس کے بعد قاضی جمال الدین بن ترکمانی کی وفات کے بعد ۷۶۹ھ میں قاضی سراج الدین ہندی، مصر کے قاضی القضاۃ کے مستقل منصب پر فائز کئے گئے۔ اور تا زندگی اس خدمت کو انجام دیتے رہے۔ رجبۃ العید میں حکومت کی طرف سے ان کا عالیشان محل تعمیر کیا گیا۔ اور وہ اسی میں سکونت پذیر ہو گئے۔

محکمۂ قضارت حنفیہ میں چند ترقیاں اس اثنار میں قاضی سراج الدین کے مستحکم تعلقات مصر کے ممتاز امرار و اعیان منکلی بغا شمس، امیر علی ماردینی، استبغا بوبکری، الجای یوسفی اور ارغون شاہ[1] وغیرہ سے قائم ہو گئے۔ اور قاضی سراج الدین نے ان لوگوں کی مدد سے اپنے دور قضارت میں چند ایسی اصلاحیں کیں جن سے مصر کے محکمۂ قضارت حنفیہ کا اعزاز بڑھا۔ ایوبیوں کے عہد میں مصر میں مذہب شافعی کو جو تفوق حاصل رہا تھا، اس کے اثرات ممالیک کے دور حکومت تک کچھ نہ کچھ باقی رہ گئے تھے۔ قاضی سراج الدین ہندی نے اپنے دور قضارت میں نہ صرف حنفی محکمۂ قضار کا رتبہ بلند کیا۔ بلکہ بعض حیثیات سے حنفی محکمۂ قضا کو شافعی محکمۂ قضار پر فضیلت دلوائی۔ دوسرے معنوں میں خلفائے عباسیہ مصر کے تعلق سے حنفی قاضی القضاۃ مصر کی عدالت گاہ، اسلامی دنیا کی سب سے بڑی عدالت گاہ قرار پاتی ہے۔ جس کی صدر نشینی کا امتیاز اس ہندوستانی عالم کو حاصل ہوا۔

قاضی سراج الدین نے قضاۃ احناف کے لئے جو امتیازات حاصل کئے وہ حسب ذیل ہیں:-

۱۔ انہوں نے سب سے پہلے قاضی القضاۃ کے لباس کے مسئلہ پر توجہ کی۔ اس وقت تک شافعی قاضی کے لئے ایک مخصوص لباس چلا آرہا تھا۔ قاضی سراج نے فرمان سلطانی جاری کرا کر اس امتیازی لباس کو حنفی قضاۃ کے لئے بھی مقرر کرایا۔ قاضی سراج الدین کا یہ اقدام مصر کے

---

[1] ۔ ان امرار میں سے اکثر کے سوانح الدرر الکامنہ وغیرہ میں موجود ہیں۔

شوافع کی نظر میں مستحسن نہ سمجھا گیا۔ یہاں تک کہ وہ اتفاقاً انہی دنوں بیمار پڑے تو عوام میں یہ شہرت پھیلی کہ یہ امام شافعی کی کرامت کا اثر ہے کہ وہ بیمار ہو کر ان کے مذہب کے قاضی کا مخصوص لباس پہننے سے معذور ہو گئے۔

۲۔ مصر کے دوسرے شہروں اور قصبوں کے لئے نائب قضاۃ (یعنی ہندوستان کی موجودہ برطانوی اصطلاح میں ڈسٹرکٹ جج اور سب جج) کا تقرر شافعی قاضی کی منظوری سے ہوا کرتا تھا۔ اب نائب قضاۃ کے تقرر کا حق بھی حنفی قاضی القضاۃ کو حاصل ہو گیا۔

۳۔ قاضی سراج الدین نے نائب قضاۃ کے عہدوں پر مصری فقہاء کے بجائے شامی فقہاء کو مقرر کیا۔ شاید در پردہ اس کی وجہ یہ ہو کہ قدیم اثرات سے مصری فقہاء، شوافع کے زیر اثر رہتے ہوں۔

۴۔ اس وقت تک مصر میں نابالغ یتیموں کا والی قانوناً شافعی قاضی تصور کیا جاتا تھا۔ قاضی سراج الدین نے فرمان سلطانی کے رو سے مصر کے احناف کے یتیموں کی تولیت کی خدمت حنفی قاضی کے لئے مقرر کرائی۔

۵۔ مصر کے چند بڑے اوقاف کی نظارت کی خدمت شافعی قاضی کے سپرد تھی قاضی سراج الدین نے اعیان مملکت سے ان اوقاف کے متعلق گفتگو کر کے ان میں سے خصوصاً حنفیوں کے اوقاف کی تولیت حنفی قاضی کے لئے حاصل کی۔

جامع طولون میں درس تفسیر کی خدمت کا اعزاز

یوں تو قاضی سراج الدین ہندی نے ورود مصر کے بعد ہی درس و تدریس کا سلسلہ شروع کر دیا تھا۔ لیکن سرکاری فرمان کے رو سے انہیں استاذ مصر کا منصب ان کے قاضی القضاۃ کے عہدہ پر آنے کے بعد حاصل ہوا۔ جب کہ مصر کے مشہور جامع طولون کے

شیخ بسطامی نے ۷۷۱ھ میں وفات پائی۔ اس وقت حکومت مصر نے ان کی جانشینی کی خدمت بھی انہیں کے سپرد کی۔ اور وہ جامع طولون میں تفسیر کا درس دینے لگے۔[1]

تلامذہ یوں اگر آٹھویں صدی کے نصف آخر پنجاہ سالہ دور کے اہل علم کے سوانح پر استقصاء سے نظر ڈالی جائے۔ تو مصر کے بہ کثرت اہل علم قاضی سراج کی صف تلامذہ میں نکلینگے لیکن جن لوگوں کے نام ان کے سوانح میں بطور تلامذہ ملتے ہیں، ان میں شیخ صدر یاسوخی اور قاضی القضاۃ شمس الدین محمد بن احمد بن ابوبکر معروف بہ طرابلسی متوفی ۷۹۹ھ کے نام خاص طور پر لئے جاتے ہیں۔ ان میں سے آخر الذکر کو قاضی سراج الدین نے اپنی نیابت قضاء بھی سپرد کی۔ اور پھر ان کی وفات کے بعد یہ دو مرتبہ قاضی القضاۃ کے بلند منصب پر فائز ہوئے[2]۔ نیز صاحب الجواہر المضیئہ شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر بن ابو الوفاء متوفی ۷۷۵ھ نے قاضی سراج الدین کو اپنا رفیق اور استاذ لکھا ہے۔[3]

خدمت افتاء قاضی سراج اپنے منصب کے لحاظ سے مصر میں مذہب حنفی کے سب سے بڑے مفتی بھی تھے۔ ان کی افتاء کی خدمت کا سلسلہ اس عہدہ پر آنے سے پہلے سے جاری تھا، اور آخر عمر تک قائم رہا۔[4]

تصنیف و تالیف نیز تصنیف و تالیف کا مشغلہ جاری تھا۔ عرب مورخین کو اعتراف ہے کہ ان کی عبارت شگفتہ اور فصیح و بلیغ ہوتی تھی۔[5]

یوں اگر ان کی کتابیں فن وار تقسیم کی جائیں تو وہ مختلف علوم تفسیر، فقہ و اصول فقہ، اختلاف

---

[1] - الدرر الکامنہ ج ۳ ص ۱۵۵ -
[2] - الدرر الکامنہ ج ۳ ص ۱۵۵، حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۲۰۱ و شذرات الذہب ج ۶ ص ۳۶۱ ترجمہ طرابلسی،
[3] - الجواہر المضیئہ ج ۲ ص ۲۸۶،
[4] - طبقات الحنفیہ ابن کمال پاشا، ترجمہ عمر بن اسحٰق مملوکہ کتب خانہ امیریہ بھوپال، و الدرر و الشذرات،
[5] - الدرر ج ۳ ص ۱۵۵

مذاہب، کلام وعقائد اور تصوف میں نکلیں گی۔ لیکن مجموعی حیثیت سے ان کی بیشتر تصنیفات فقہ واصول فقہ میں ہیں۔ اور ان میں بھی زیادہ تر انہوں نے فقہ حنفی کی معیاری کتابوں کی شرحیں لکھی ہیں۔ اب تک ان کی جن کتابوں کا پتہ چل سکا ہے وہ مع ان کے مباحث کی تفصیل اور نسخوں کی کیفیت کے ذیل میں پیش ہیں۔ کہ وہ اصل یہی ان کی زندگی کی بہترین یادگار ہیں۔

تصنیفات

۱۔ **شرح البدیع** مسمی بہ **کاشف معانی البدیع وبیان مشکلہ المنیع**۔ اس کتاب کا تذکرہ ابن حجر، ابن عماد، کفوی، سیوطی، ابن کمال پاشا، طاش کبری زادہ اور حاجی خلیفہ نے کیا ہے۔

امام بزدوی علی بن محمد حنفی متوفی ۴۸۳ھ کی مشہور کتاب اصول، اصول فقہ کی بنیادی کتابوں میں سمجھی جاتی ہے۔ بہت سے اہل علم نے اس کی شرحیں لکھی ہیں۔ اسی طرح علامہ آمدی سیف الدین ابوالحسن علی بن ابوعلی بن محمد شافعی متوفی ۶۳۱ھ کی کتاب الاحکام فی اصول الاحکام بھی مشہور تصنیف ہے۔ اور جو مطبع معارف مصر سے ۱۳۳۲ھ میں شائع ہو چکی ہے۔

ابن ساعاتی شیخ مظفر الدین احمد بن علی بغدادی حنفی متوفی ۶۹۴ھ نے اصول کی مذکورۂ بالا دونوں کتابوں کو جمع کر کے "بدیع النظام بین کتاب البزدوی والاحکام" نام سے ایک کتاب لکھی۔ شیخ سراج الدین ہندی نے "کاشف معانی البدیع وبیان مشکلہ المنیع" کے نام سے ابن ساعاتی کی اسی کتاب کی شرح چار جلدوں میں لکھی ہے۔ جس میں اصول فقہ کے مسائل کے بیان کے علاوہ اس فن کے مسائل پر شوافع واحناف کے مختلف فیہ مسائل اور ان کے ادلہ سے بھی مفصل بحث کی گئی ہے۔ یہ کتاب ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے:۔

"الحمد للہ الذی مھد قواعد الفقہ"[1]

شرح البدیع کی ایک جلد کا ایک نادر نسخہ

اب تک اس کتاب کی صرف تیسری جلد کا پتہ چل سکا ہے۔ جو کتب خانہ خدیویہ مصر میں محفوظ ہے۔ یہ کتاب کا ایک نادر نسخہ ہے۔ اس کی کتابت مصنف کی زندگی ہی میں ۱۳ جمادی الاولیٰ ۷۶۹ھ کو تمام ہوئی۔ کاتب کا نام ابوبکر بن عمر بن ابوبکر اصفہانی ہے۔ کتب خانہ میں اس کتاب کا عمومی نمبر ۲۰۹۰ اور فن وار نمبر ۹۶ ہے۔[2]

شرح البدیع، کتاب التقریر والتحبیر کے مآخذ میں

سراج الدین ہندی کی یہ تصنیف شرح البدیع ابن امیر الحاج متوفی ۸۷۹ھ کی کتاب التقریر والتحبیر کے مآخذ میں سے ہے۔ کتاب التقریر ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ کی کتاب التحریر کی شرح ہے۔ جو ۱۳۱۶ھ بولاق مصر سے شائع ہو چکی ہے۔ اس میں شرح البدیع کے بکثرت حوالے آئے ہیں۔ کہیں اس کی عبارت نقل کی گئی ہے۔ کسی جگہ اس کے مصنف کی رایوں سے استدلال کیا گیا ہے۔ اور بعض مقام پر امام ہمام اور سراج ہندی کی رایوں میں اختلاف ہونے کی صورت میں سراج کے مسلک کی تردید یا تائید یا توضیح کی گئی ہے۔ ذیل میں اس کے بعض مباحث کی مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ جن سے شرح البدیع کے مباحث اور اسلوب بیان کا ایک سرسری اندازہ ہو سکے گا۔

تعریف اصول فقہ

علم اصول فقہ کی تعریف علمائے اصول دو مختلف قسم کے الفاظ میں کرتے ہیں۔ سعد الدین تفتازانی اور ابن حاجب وغیرہ نے یہ تعریف کی ہے:-

العلم بالقواعد التی یتوصل بھا الیہ — یعنی اصول فقہ نام ہے ایسے قضایا کلیہ کے علم

---

[1] کشف الظنون ج ۱ ص ۱۹۲ تذکرہ بدیع النظام، [2] فہرست کتب خانہ خدیویہ ج ۲ ص ۲۵۶

علی وجہ التحقیق	کا، جن کے ذریعہ سے علم فقہ کی طرف تحقیقی طور پر رسائی حاصل ہو۔

دوسری طرف ابن ہمام وغیرہ الفاظ بالا کو ترک کرکے ان الفاظ میں اصول فقہ کی تحدید کرتے ہیں :-

ادراك القواعد التی یتوصل بہا الی استنباط الفقہ	ایسے کلیات کا ادراک کرنا، جن سے فقہ کے استنباط کا راستہ حاصل ہو۔

ان دونوں تعریفوں میں جو بنیادی فرق ہے، وہ اصولیین کے نزدیک لفظ "علم" و "ادراک" کا ہے۔ ابن امیر الحاج نے یہ دکھایا ہے کہ جو اہل علم، اصول فقہ کی تعریف لفظ "علم" کے ساتھ کرتے ہیں۔ متاخرین میں سے سراج ہندی وغیرہ نے اس موقع پر "علم" کی تشریح "اعتقاد جازم مطابق واقعہ" سے کی ہے۔ اس کے بعد اس نے ابن ہمام کا مسلک بدلائل دکھاتے ہوئے کہا ہے کہ یہ لوگ اس تعریف میں "جزم وظن" اور "مطابق واقعہ وغیر واقعہ" ہونے کی شرط ضروری قرار نہیں دیتے۔ بلکہ محض "ادراک" کا وجود ہونا کافی سمجھتے ہیں خواہ وہ ظنی ہو یا قطعی، اور مطابق واقعہ ہو یا غیر مطابق واقعہ، جیسے کہ علم کلام میں فرق معتزلہ ومجسمہ کے مبتدعانہ وکفریہ عقائد ودلائل بھی کلام ہی کے اجزاء سمجھے جاتے ہیں[1]

اصولیین کے نزدیک "جملہ" اور "کلام" میں فرق

اس کے بعد ایک دوسری اصطلاحی بحث میں سراج الدین کا نام آتا ہے۔ ابن ہمام نے دلالت لفظی کی بحث میں دکھایا ہے کہ علمائے نحو کے برخلاف علمائے اصول کے نزدیک "جملہ" اور "کلام" دونوں مترادف الفاظ نہیں ہیں۔ بلکہ 'کلام' اپنے اطلاق کے لحاظ

---

[1] - التقریر والتحبیر ج ۱ ص ۲۷-۲۸

سے 'جملہ' سے عام واقع ہوا ہے۔ ابن امیر الحاج نے اس کی شرح میں سراج الدین کی ذیل کی عبارت نقل کی ہے :-

"لوگوں نے ایسے غیر منظم مجموعہ کلمات پر لفظ "کلام" کے اعلان میں اختلاف کیا ہے۔ جیسے "زید، ہیں، بلکہ" وغیرہ الفاظ کسی موقع پر ایک ساتھ بولے جائیں۔ ایسی صورت میں بعض لوگوں کے نزدیک یہ مجموعہ الفاظ "کلام" کہے جانے کا مستحق ہوگا۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک کلمہ کسی خاص معنی کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ اور جب اصولیین کے نزدیک محض چند الگ الگ حرفوں کے مجموعہ کو بھی کلام کہہ سکتے ہیں۔ تو ان لفظوں کا مجموعہ بدرجہ اولی کلام کہا جائے گا۔ لیکن بعضوں کے نزدیک اسے کلام کہنا صحیح نہیں[1]۔

کیا امر و نہی کے اضداد بھی حکم میں داخل ہیں

اصولیین کا ایک یہ بھی اختلافی مسئلہ ہے کہ کیا امر و نہی کے اضداد بھی حکم میں داخل ہیں۔ اس میں مختلف ائمہ و علماء نے اصطلاح و معانی کے باریک فرقوں کے ساتھ مختلف مسلک اختیار کئے ہیں۔ صاحب التقریر نے ان مسلکوں کو بیان کر کے شیخ سراج الدین ہندی اور سبکی کی تحریروں کے حوالہ سے اس مسئلہ کی ذیل کے الفاظ میں تشریح کی ہے۔ جس سے مسئلہ کا اصل مقصود ظاہر ہو جاتا ہے۔ کہتا ہے :-

"شیخ سراج الدین ہندی اور سبکی وغیرہما نے اس مسئلہ کو بیان کیا ہے کہ اصل نزاع ان دونوں لفظوں امر و نہی میں یہ نہیں ہے کہ ان میں سے ہر ایک صیغہ مثلاً "کرو" کا اطلاق دوسرے (ضد) صیغہ "مت کرو" پر تمام و کمال

[1] التقریر والتحبیر ص ۸۸)

کر دیا جائے۔ اور نہ اس میں نزاع ہے کہ ان میں کے ہر ایک کا مفہوم وہی ہے جو دوسرے کا ہے۔ کیونکہ جہاں تک مفہوم کا تعلق ہے، وہ ایک دوسرے سے علٰحدہ (ضد) واقع ہوئے ہیں۔ بلکہ اصل نزاع اس میں ہے کہ کیا امر کے ذریعہ کسی کام کے وقوع پذیر ہونے کا حکم دینا، بعینہ یہ ہے کہ اس کے وقوع پذیر ہونے کو روک دینے کی (بھی) ممانعت کی گئی ہے۔ تو اس میں جمہور کا مسلک اثبات میں ہے۔ (مثلاً اگر کہا گیا کہ کھڑے ہو جاؤ تو اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ بیٹھے اور لیٹے مت رہو۔"

اس مسئلہ میں جن لوگوں نے جمہور اصولیین سے علٰحدہ شاہراہ اختیار کی ہے۔ ان میں امام غزالی بھی ہیں۔ ان کے مسلک کا خلاصہ یہ ہے کہ امر کا مفہوم اُسی تک محدود رہے گا۔ اُس کے ضد پر حاوی نہ ہوگا۔ وہ اس مسئلہ کی تفریع میں کہتے ہیں کہ مثلاً خدا کے کلام میں طلب قیام و ترک قعود کی مثال صحیح نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ خدا کا کلام واحد ہوتا ہے۔ وہ امر ہوگا یا نہی، وعدہ ہوگا یا وعید۔ اس کے جواب میں سراج الدین وغیرہ کی طرف سے کہا گیا کہ

اس میں شک نہیں کہ اللہ کا وہ کلام اپنی ذات کے اعتبار سے تو واحد ہی رہے گا۔ لیکن اپنے متعلقات کے لحاظ سے متعدد سمجھا جائیگا۔ اور غیریت کے متعلق جو ہماری گفتگو ہے۔ وہ اسی لحاظ سے ہے۔[1]

مسئلہ مفہوم مخالف

اسی طرح شوافع و احناف کے مختلف فیہ اصولی مسائل "مفہوم مخالفت" اور اس کے جزئیات میں سراج الدین کی بعض اور تفصیلی بحثیں ہیں۔ (دیکھو ج ۱ ص ۱۳۶، ۱۴۵ وغیرہ)

---

[1] التقریر ج ۱ ص ۳۲۱، ۳۲۲۔

کبائر وصغائر کی تفصیل

اصول فقہ میں راوی و شاہد کی روایت وشہادت کے قبول کرنے نہ کرنے کے سلسلہ میں دیگر شرائط کے ساتھ ایک قید یہ بھی لگائی جاتی ہے کہ وہ نہ کبائر کا ارتکاب کرتا ہو اور نہ اصرار کے ساتھ صغائر کا مرتکب رہتا ہو۔ اور نہ اس سے ایسی چھوٹی چھوٹی باتیں التزام وعمد سے سرزد ہوتی ہوں۔ جو عموماً متانت وثقاہت اور طبعی تہذیب وشائستگی کے منافی ہوں۔ اس سلسلہ میں کبائر اور ثقاہت کے منافی افعال کا ذکر آتا ہے۔ صاحب تقریر نے اولاً وہ حدیثیں نقل کی ہیں جن میں شرک، قتل نفس، اور قذف محصنہ وغیرہ سات جرائم گنائے گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں وہ حدیث کی مختلف کتابوں سے متفرق حدیثوں کو جمع کرنے کے بعد سراج الدین کی شرح بدیع سے ایک اقتباس نقل کرتا ہے۔ جس میں اس مسئلہ کی مزید توضیح کی گئی ہے۔ شرح بدیع کی عبارت حسب ذیل ہے :-

"کبائر میں اہل علم نے ذیل کی چیزیں بھی داخل کی ہیں، جیسا کہ شیخ سراج الدین ہندی کی شرح بدیع میں مذکور ہے۔ قمار بازی، فضول خرچی، سلف صالح (صحابہ وتابعین) کی شان میں بدگوئی (خصوصاً) صحابہ کی شان میں بدکلامی، اور مال و دولت اور دین میں فساد کرکے ملک میں فساد کی کوشش کرنا، حاکم کا حق سے پھر کر فیصلہ کرنا اور دو نمازوں کو بلا عذر ملانا"

اسی طرح اسلامی اخلاق وروحانی شایستگی کے منافی افعال میں شرح بدیع کے حوالہ سے ذیل کی چیزیں شمار کی گئی ہیں :-

"اور جو چیزیں بلند اخلاق (المروۃ) کے منافی ہیں، ان میں اولاً وہ صغائر ہیں جو طبیعت کی خست پر دلالت کرتے ہیں۔ جیسے ایک لقمہ کا چرا لینا، یا حدیث

کی روایت پر اجرت لینا، جیسا کہ شرح بدیع میں مذکور ہے۔ اور اس میں بعض چیزیں ایسی داخل ہیں جنہیں اگرچہ اسلام نے (ضرورۃً) مباح کیا ہے (مگر وہ دراصل بلند معیار اسلامی اخلاق کے منافی ہیں) جیسے بازار میں (کھلے راستوں پر راہ چلتے) کھانا، راستہ میں پیشاب کرنا۔ اور ایسے چھوٹے پیشوں کو اختیار کرنا جو سنجیدہ اصحاب کے شایانِ شان نہیں[1]۔ (بشرطیکہ ان کا وہ آبائی پیشہ نہ ہو)

مسئلہ اجتہاد نبوی اصولیین کا یہ بھی ایک اختلافی مسئلہ ہے کہ کیا آنحضرت صلعم ایسے مسائل میں جن میں کوئی وحی نازل نہ ہوئی ہو، آپ خود اجتہاد فرماتے تھے۔ اور کسی پچھلی وحی پر قیاس فرما کر آپ حکم لگا دیتے تھے۔ اس میں مختلف لوگوں نے مختلف راہیں اختیار کی ہیں۔ احناف کا بقول ابن ہمام مختار مذہب یہ ہے کہ آنحضرت صلعم اولاً وحی کا انتظار فرماتے تھے۔ اگر خاص اس مسئلہ سے متعلق کوئی وحی نازل نہ ہوتی تو آپ اپنے ملکۂ نبوت سے اجتہاد فرماتے تھے۔ اور اس اجتہاد میں غلطی کا امکان نہ تھا۔ کیونکہ مجتہدین کی اجتہادی غلطی کے جو اسباب ہوتے ہیں۔ علم نبوی کے لئے ان کے وجود کا امکان نہ تھا۔ ہر حال میں وہ نتیجہ امت کے لئے واجب العمل اور خطا سے پاک ہوتا تھا۔ کیونکہ عام مجتہدین کے برخلاف آپ گناہوں سے معصوم اور ضلالت و گمراہی سے پاک تھے۔ اگر آپ کا اجتہاد منشائے ربانی کے خلاف کوئی فیصلہ کر سکتا تھا تو وحی کا سلسلہ قائم تھا۔ اللہ تعالےٰ اس کی اصلاح میں وحی نازل فرما سکتا تھا۔ اور بعض موقعوں پر ایسی صورت پیش بھی آئی تھی۔ اس لئے اگر کسی صورت واقعہ میں بغیر نص کے آپ نے کوئی حکم فرمایا، اور اس کے مخالف وحی نازل نہیں ہوئی، تو اس کے دوسرے معنی یہ تھے کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کی تصدیق فرما دی،

---

[1] ۔ التقریر ج ۲ ص ۲۴۴، ۲۴۵

لیکن دوسری طرف بعض لوگ انتظار وحی وغیرہ کی شرط نہیں لگاتے اور آپ کے اجتہاد مطلق کے قائل تھے۔ اس مسلک کو صاحبِ تقریر نے سراج الدین کے الفاظ میں یوں بیان کیا ہے:-

"اور سراج الدین کی شرح بدیع میں ہے کہ" یہ کہا گیا ہے کہ آپ کو شرعی حکموں لڑائیوں اور دینی کاموں کے بارے میں بغیر کسی تحدید اور انتظار وحی کی قید لگائے اجتہاد مطلق کا مرتبہ حاصل تھا۔ اور یہی مذہب عام اصولیین' اور امام مالک' شافعی' احمد اور عام اہل حدیث کا ہے۔ اور یہی ابو یوسف سے بھی منقول ہے۔"

اس کے بعد صاحب تقریر نے سراج کے اس بیان کے اس حصہ سے اختلاف کیا ہے کہ امام احمد بن حنبل اور قاضی ابو یوسف کا بھی یہی مسلک ہے۔ اس کے نزدیک قاضی ابو یوسف اور امام احمد وغیرہ آپ کے اجتہاد کے صرف ان مسائل میں قائل ہیں۔ جن میں کوئی نص موجود نہ ہو۔ اور پھر یہ تصریح کی ہے کہ یہ اختلاف بھی محض اجتہاد نبوی کے جواز یعنی اختیار حاصل ہونے اور نہ ہونے میں ہے۔ ورنہ کسی نے آپ کے لئے اس اجتہاد مطلق کو واجب نہیں قرار دیا ہے۔[1]

۲۔ شرح المغنی، یہ اصول فقہ میں سراج کی دوسری کتاب ہے۔ اس کا تذکرہ ابن حجر' سیوطی' طاش کبری زادہ' ابن عماد' کفوی اور حاجی خلیفہ نے کیا ہے

المغنی، فن اصول میں شیخ جلال الدین عمر بن محمد خبازی خجندی حنفی متوفی ۶۸۱ھ کی مشہور کتاب ہے۔ مختلف اہلِ علم نے اس کی شرحیں لکھی ہیں۔ قاضی سراج کی یہ شرح دو جلدوں میں ہے کتاب کی ابتداء ان الفاظ سے ہوتی ہے:-

"الحمد للہ الذی نور قلوب العلماء بنور ھدایتہ وشرح صدورھم

[1] ۔ التقریر ج ۳ ص ۲۹۶

بفوز عنایتہ[1]"

کتب خانہ خدیویہ مصر میں اس کے تین نسخے موجود ہیں۔ ایک نسخہ کی صرف پہلی جلد ہے اس میں خطبہ موجود نہیں۔ نسخہ کا نمبر فن وار ۱۰۱ اور عمومی نمبر ۲۰۹۵ ہے۔

دوسرا نسخہ بھی شروع میں ناقص ہے۔ اس کا فن وار نمبر ۱۱۸ اور عمومی ۲۱۱۲ ہے۔

تیسرے نسخہ کی دونوں جلدیں مکمل ہیں۔ اور اسی سے یہ حقیقت آشکارا ہوئی کہ اس شرح کا نام المنیر الزاہر من الفیض الباہر ہے، اس کے اس نام کا تذکرہ کسی نے نہیں کیا ہے یہ نسخہ ۱۷ محرم ۸۰۹ھ یعنی مصنف کی وفات کے صرف ۲۵ برس بعد کا لکھا ہوا ہے۔ فن وار نمبر ۱۵۸ اور عمومی ۴۶۷۷ ہے[2]۔

۳۔ شرح المنار، اس کا تذکرہ صرف ملا علی قاری متوفی ۱۰۱۴ھ نے کیا ہے۔ اصول فقہ میں حافظ نسفی ابو البرکات عبد اللہ بن احمد متوفی ۷۱۰ھ کی مشہور کتاب منار الانوار ہے، جو بارہا چھپ چکی ہے۔ اس کی شرح پر تین ہندوستانی علماء نے قلم اٹھایا۔ سب سے پہلے قاضی سراج ہی نے اس کی شرح لکھی۔ پھر ابو الفضائل محمود بن محمد دہلوی نے اس کی شرح لکھی[3]۔ اس کے بعد ملا جیون نے مشہور کتاب نور الانوار لکھی۔ جو آج بھی عربی مدرسوں کے نصاب میں داخل ہے، سراج کی شرح کے کسی نسخہ کا پتہ کسی کتب خانہ میں نہیں چلا۔

۴۔ اللوامع فی شرح جمع الجوامع اس کا نام بھی صرف ملا علی قاری نے لیا ہے۔ یہ شاید تاج الدین سبکی متوفی ۷۷۱ھ کی جمع الجوامع پر نقد ہو۔

---

[1] کشف الظنون ج ۲ ص ۴۷۲ ذکر المغنی،
[2] فہرست کتب خانہ خدیویہ ج ۲ ص ۲۶۷،
[3] " " ج ۳ ص ۶۳، و الجواہر المضیئہ ج ۲ ص ۱۶۲

علم فقہ میں ان کی حسب ذیل کتابیں ہیں :-

۵۔ **شرح الزیادات**۔ یہ امام محمد کی زیادات کی شرح ہے۔ کفوی، ابن کمال پاشا اور طاش کبری زادہ نے اس کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ کتاب مکمل نہ ہو سکی تھی۔

۶۔ **شرح الجامعین**، امام محمد کی جامع صغیر و کبیر کی بھی انھوں نے شرح لکھی، ابن کمال پاشا، طاش کبری زادہ اور حاجی خلیفہ نے تذکرہ کیا ہے۔ یہ بھی نامکمل رہ گئی تھی۔

۷۔ **شرح الہدایہ** مسمی بہ **التوشیح**، ابن حجر، طاش کبری زادہ، ابن کمال، اور حاجی خلیفہ وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔ یہ بھی نامکمل تھی۔

۸۔ **شرح البدایہ**، صاحب ہدایہ برہان الدین علی بن ابو بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ نے ہدایہ کا جو اختصار البدایہ کے نام سے خود کیا تھا۔ سراج نے اس کی بھی شرح لکھی۔ جو چھ اجزاء میں تھی۔ ابن حجر، ابن کمال اور طاش کبری زادہ نے ذکر کیا ہے۔

۹۔ **زبدۃ الاحکام فی اختلاف الائمۃ الاربعۃ الاعلام**،

یہ مستقل تصنیف ہے۔ موضوع اس کے نام سے ظاہر ہوتا ہے۔ کفوی، ابن کمال، اور حاجی خلیفہ کے یہاں ذکر آیا ہے۔

اس کا ایک نسخہ خدیویہ میں ہے۔ جس کا فن وار نمبر ۲۱۵ اور عمومی ۱۱۴۲ ہے۔

۱۰۔ **العزۃ المنیفہ فی ترجیح ابی حنیفہ**،

ابن کمال، کفوی اور صاحب مفتاح نے تذکرہ کیا ہے، اس میں مذہب حنفی کے ترجیحی پہلو دکھائے گئے ہیں۔

۱۱۔ **کتاب فی فقہ الخلاف**۔ اس کا بھی تینوں مذکورۂ بالا ماخذوں میں ذکر آیا ہے۔

۱۲۔ **شرح المختار فی الفروع**، یہ شاید ابو الفضل مجد الدین حنفی متوفی ۶۸۳ھ کی المختار فی الفروع کی شرح ہو۔ اس کا ذکر صرف ملا علی قاری نے کیا ہے۔

۱۳۔ **المشاعر فی الفقہ وفرع مجردہ**، اس کا ذکر صرف ابن کمال کی طبقات الحنفیہ میں آیا ہے۔

۱۴۔ **الشامل فی الفروع**، اس کا تذکرہ کفوی، سیوطی اور حاجی خلیفہ نے کیا ہے۔

۱۵۔ **لطائف الاسرار وعدۃ الناسک والمناسک**، ملا علی قاری نے نام لیا ہے۔

۱۶۔ **فتاویٰ سراجیہ**، یہ مجموعۂ فتاویٰ، سراج کے مصر میں حسنِ قبول حاصل کرنے کا ایک واضح ثبوت ہے۔ ان کی وفات کے دو ڈھائی سو برس کے بعد ایک اہل علم شیخ محمد بن عبد اللہ غزی تمرتاشی[1] متوفی ۱۰۰۴ھ نے سراج کے فتووں کا مجموعہ "فتاویٰ سراجیہ" کے نام سے فقہی ابواب کی ترتیب پر مرتب کیا تھا۔

اس کا ایک نسخہ خدیویہ کے ایک مجموعہ کتب (جس کا فن وار نمبر ۴۱۰ اور عمومی ۱۲۳۷

---

[1] تمرتاشی، دسویں صدی کے ممتاز صاحبِ تصنیف اہل علم میں تھے۔ ان کی کئی کتابیں خدیویہ مصر میں محفوظ ہیں (ج ۳ ص ۱۳۸، ۱۴۰)

ہے) میں موجود ہے۔ اس کی ابتدا ان الفاظ سے ہوتی ہے :۔

"بحمدك اللهم یاجامع الشتات"

مرتب نے اس میں کہیں کہیں بعض مسائل " قلتُ " کی تفریق قائم رکھ کر بڑھائے ہیں۔[1]

اس کے بعد فتاویٰ سراجیہ کو ایک دوسرے صاحب علم، شیخ محمد بن حسین بن علی طوری حنفی قادری نے ایک دوسری ترتیب کے ساتھ نئے سرے سے اس طرح مدون کیا کہ اس سے مسائل کا نکالنا آسان ہو جائے۔ اور اسے الفواکه الطوریه فی الحوادث المصریه کے نام سے موسوم کیا۔ یہ کتاب دو جلدوں میں ہے۔ اس میں بھی بعض مسائل قاضی سراج کے فقروں سے امتیاز رکھتے ہوئے بڑھائے گئے ہیں۔

اس کتاب کے دو نسخے خدیویہ میں محفوظ ہیں۔ پہلا نسخہ ۲۵ رشوال ۱۱۳۸ھ کا ہے۔ اس کا فن وار نمبر ۳۲۰ اور عمومی ۱۲۴۷ ہے۔

دوسرے نسخے کا نمبر ۶۱۷ فن وار اور ۱۶۷۵۱ عمومی ہے۔[2]

۱۷۔ تفسیر سراج الدین، علم تفسیر میں سراج کی صرف یہی ایک کتاب دریافت ہو سکی ہے۔ اس کا تذکرہ صرف حاجی خلیفہ نے کیا ہے (ج ۱ ص ۳۱۰) سراج کے سوانح میں اس کا تذکرہ موجود نہیں۔ گمان ہوتا ہے کہ شاید ان کے کسی تلمیذ نے ان کے درس تفسیر میں اسے املا کیا ہو۔

اسی طرح عقائد میں ان کی صرف ایک کتاب ہے۔

۱۸۔ شرح عقیدۃ الطحاوی، امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی متوفی ۳۲۱ھ کا ایک رسالہ "عقائد طحاوی" کے نام سے ہے جس میں مذہب اہل سنت کی تشریح کی گئی

---

[1] ۔ فہرست کتبخانہ خدیویہ ج ۳ ص ۱۱۳، فتاویٰ سراجیہ کا ذکر کسی اور جگہ نظر سے نہیں گذرا۔

[2] ۔ 〃 〃 ج ۱ ص ۳۰

ہے۔ قاضی سراج نے اسی کی شرح لکھی ہے اور اپنی کتاب ایک مقدمہ، چند مہمات اور ایک تتمہ میں منقسم کی ہے۔ اور مقدمہ میں دس تنبیہات ہیں۔ صرف حاجی خلیفہ نے اس کا تذکرہ کیا ہے (ج ۲ ص ۱۱۸)

اس کا ایک نسخہ خدیویہ مصر میں موجود ہے۔ کاتب کا نام محمد انیس خرطوطی ہے۔ رسالہ ۲۹ شعبان ۱۲۶۱ھ کو تمام ہوا ہے۔ فن وار نمبر ۲۳۵ اور عمومی ۱۶۳۸۲ ہے۔[1]

یہ شرح اصل رسالہ عقیدۃ الطحاوی کے ساتھ ۱۳۱۱ھ میں قازان سے چھپ چکی ہے۔ اور اب تک سراج کی صرف یہی ایک کتاب ہے جو چھپ سکی ہے۔[2]

علم تصوف میں ان کی تین کتابوں کا پتہ چلا ہے۔

۱۹۔ لوائح الانوار فی الرد علی من انکر علی العارفین،

ملا علی قاری نے ذکر کیا ہے۔

۲۰۔ کتاب فی التصوف،

کفوی، ابن کمال، اور صاحب مفتاح نے تذکرہ کیا ہے۔[3]

۲۱۔ شرح تائیہ ابن الفارض،

اس کا تذکرہ کفوی، سیوطی، ابن کمال، ابن عمار، صاحب مفتاح، اور حاجی خلیفہ نے کیا ہے۔ شیخ ابوحفص عمر بن علی بن فارض حموی متوفی ۶۳۲ھ کا نعتیہ قصیدہ تائیہ موسومہ[4] نظم السلوک اپنی بعض خصوصیات کے لحاظ سے چھٹی صدی سے دسویں گیارھویں صدی تک

---

[1] خدیویہ مصر ج ۱ ص ۳۰۔ [2] معجم المطبوعات العربیہ والمعربہ یوسف الیاس سرکیس ج ۲ کالم ۱۲۲۳، ۱۳۷۹، [3] ممکن ہے یہ رسالہ لوائح الانوار ہی ہو۔ اس صورت میں تصوف میں تین کے بجائے دو کتابیں ہوں گی۔
[4] یہ قصیدہ ہامر برگستال کی تصحیح اور جرمن ترجمہ کے ساتھ ۱۸۵۴ء میں وائنا سے شائع ہو چکا ہے۔ (معجم المطبوعات العربیہ) ابن کمال پاشا کی طبقات الحنفیہ کے قلمی نسخہ میں قصیدہ تائیہ کے بجائے فائیہ لکھا گیا ہے۔ جو نسخہ کی غلطی ہے۔

اہل علم کا موضوع بنا رہا۔ ایک طرف وہ اپنے محاسن شعری کی وجہ سے بہترین منظومات میں شمار کیا گیا کہ اس کا ہر شعر لفظی صنائع و بدائع، اور تجنیس و ترجیع کا حامل ہے۔ لیکن دوسری طرف اپنے بعض معنوی اعتبار سے اہل علم میں اختلاف کا موضوع بن گیا۔ اس میں وحدۃ الوجود وغیرہ متصوفانہ مسائل کے علاوہ خداوند تعالےٰ کی ذات پاک کے لئے ضمیر مونث استعمال کی گئی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اس پر بکثرت موافقانہ و مخالفانہ شرحیں لکھی گئیں جنہیں حاجی خلیفہ نے شمار کرایا ہے۔ اور اسی وجہ سے ابن الفارض کے متعلق علماء و صوفیہ کے دو گروہ ہو گئے ایک نے اس کی تفسیق و تکفیر کی، تو دوسرے نے اُسے درجۂ ولایت تک پہنچا دیا۔

قاضی سراج الدین نے بھی اپنے ذوق تصوف کے لحاظ سے اس قصیدہ کی طرف توجہ کی اور اس کی شرح لکھی۔ اور بقول ابن حجر و ابن عماد وہ ابن الفارض اور اس کے گروہ کی طرف عصبیت کی حد تک مائل تھے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے زمانۂ قضارت میں ابن الفارض کے ایک سخت مخالف اور مشہور ادیب شہاب الدین ابو مجلہ احمد بن یحییٰ تلمسانی حنبلی متوفی ۷۷۶ھ کی، جس نے جوابی نعتیہ قصائد بھی لکھے تھے۔ سخت سرزنش کی۔ اور ان کا یہ طرز عمل خصوصاً خاص بلہ کی نظر میں مستحسن نہ سمجھا گیا۔[1]

تصنیفات کی مذکورۂ بالا تفصیل سے اندازہ ہوا ہوگا کہ قاضی القضاۃ سراج الدین ہندی کی اکثر کتابیں کتب خانہ خدیویہ میں قلمی محفوظ ہیں۔ کتبخانہ کے یہ نسخے نادر الوجود ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا صرف ایک ہی نسخہ معلوم ہو سکا ہے جو اُس میں موجود ہے۔ ورنہ عربی کتابوں کے مشہور کتب خانے برٹش میوزیم، انڈیا آفس، کتب خانہ مشرقی بانکی پور، کتب خانہ آصفیہ

---

[1] ۔ الدرر الکامنہ ترجمہ سراج و ترجمہ ابن ابو مجلہ (ج ۱ ص ۳۳۱) و شذرات الذہب ج ۶ ص ۲۲۸، و کشف الظنون ج ۱ ص ۲۰۹

حیدرآباد، کتب خانہ رام پور اور بوہار لائبریری وغیرہ میں سے کسی جگہ اس کی کسی کتاب کا کوئی نسخہ موجود نہیں۔ ان میں سے صرف بانکی پور کے کتب خانے میں ایک نامعلوم مصنف کی ایک کتاب "فتاوی سراجیہ" ہے۔ لیکن جیسا کہ فہرست نگار نے دکھایا ہے۔ وہ نسخہ علی بن عثمان اوشی فرغانی کے مطبوعہ نسخہ فتاوی سراجیہ سے ملتا جلتا ہے۔ اسے قاضی سراج کا مجموعہ فتاوے قرار نہیں دیا جاسکتا۔[1]

عادات و اخلاق

قاضی سراج الدین کے سوانح ناتمام رہ جائینگے اگر ان کے محاسن اخلاق کے ذکر سے انہیں خالی رکھا گیا۔ وہ اپنے دور میں ذی علم صاحب مرتبت شخصیت کے مالک تھے۔ جنہیں بساط سیاست کے مہروں کی چالوں سے بھی سابقہ رہتا تھا۔ لیکن انہوں نے انسانیت کے اعلیٰ صفات کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ ان کے سوانح نگاران کی خوش خلقی، نرم خوئی و دیگر محاسن اخلاق کی ستائش کے ساتھ ان کا یہ واقعہ خاص طور پر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے قاضی القضاۃ کے منصب پر فائز ہونے کے بعد محکمہ قضارت احناف کے لئے جو اصلاحات و امتیازات جن امراء کے توسط سے حاصل کئے کبھی ان کی بھی انہوں نے بیجا پاسداری نہیں کی۔

امرائے دولت میں سے الجای یوسفی سے اُنہیں خصوصاً حنفیوں کے اوقاف واگذار کرانے میں بڑی مدد ملی تھی۔ لیکن ایک معاملہ میں جب انہی دنوں اس کے مقابلہ میں امر حق سے چشم پوشی کرنے کی نوبت آئی، تو سراج نے اسے ایک لمحہ کے لئے گوارا نہیں کیا۔ اور ان کے نقطہ نظر سے جو راہ عمل صحیح نظر آئی۔ اُسے اختیار کرکے الجای یوسفی کی سخت مخالفت کی۔ اور اس کے خلاف آواز اُٹھا کر ہنگامہ برپا کردیا۔ اور بالآخر الجای یوسفی کو اپنے اقدام سے باز آنا پڑا۔

---

[1] ۔ فہرست کتب خانہ بانکی پور ج ۱۹ حصہ اول ص ۱۵۹۔

وفات ہندوستان کا یہ آفتاب کمال ۷ رجب ۷۷۳ھ کو قاہرہ مصر میں غروب ہوا۔ اور وہی اس کی ابدی خوابگاہ قرار پایا۔[1]

سراج ہندی اور ہندوستان اگرچہ ہمیں اس کی کوئی تصریح نہیں ملی کہ ہندوستان کے اس نامور فرزند کو یہاں سے جدا ہو کر پھر کبھی لوٹنا نصیب ہوا یا نہیں۔ لیکن ہمیں اس کے متعلق یہ معلوم ہے کہ اُس کے دل میں اپنے وطن کی یاد تازہ رہی۔ صبح الاعشیٰ میں ہندوستان کے متعلق اس کی جو روایتیں ہیں۔ ہم اُنہیں نہ صرف اُس عہد کے ہندوستان کی صحیح معاشی و معاشرتی تصویر سمجھتے ہیں بلکہ اُنہیں اس کے وطن سے محبت کی زندہ یادگار سے بھی تعبیر کر سکتے ہیں۔ اُن بیانوں سے آج بھی اس کے حب وطن کی خوشبو آرہی ہے۔

---

[1] ۔ الدرر الکامنہ ج ۳ ص ۱۵۵، حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۲۰۰، مفتاح السعادہ ج ۲ ص ۵۹، شذرات الذہب ج ۶ ص ۲۲۹، طبقات الحنفیہ ابن کمال ترجمہ عمر بن اسحٰق وغیرہ، محمود بن سلیمان کفوی نے سال وفات ۷۶۳ھ لکھا ہے۔ لیکن یہ نہ صرف دوسری روایتوں کے مقابلہ میں شاذ ہے۔ بلکہ قضاءت مصر کے زمانہ تقرر و سکدشی کے جو سنین ہیں۔ ان سے بھی مختلف ہے۔ اس لئے یہ سنہ قطعی صحیح نہیں، معجم المطبوعات العربیہ سرکیس میں بھی سال وفات صحیح درج نہیں ہے۔

مُسلمانانِ سَلَف اَور جمع وَمُطالعۂ کُتب کا شوق

قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی

محترم حضرات !

مسلمانانِ سلف کی علمی خدمات، اور کتابوں کی نسخ و کتابۃ اور نشر و اشاعت کی سرگرم کوششوں کے موضوع پر ایک سلسلۂ مضامین میرے پیش نظر رہا ہے، جس میں سے دو ایک مضامین اب تک شائع ہو چکے ہیں، ۱۹۳۳ء کی اورینٹل کانفرنس کے اجلاس ہفتم میں فن وراقۃ پر ایک مقالہ پیش کیا گیا تھا وہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی تھی، اسی طرح موجودہ مقالہ بھی اسی موضوع سے متعلق ہے۔ اور بھی بعض اہم چیزیں اس موضوع سے تعلق رکھتی ہیں جن کا بیک وقت احاطہ کرنا دشوار ہے: تاہم مَیں خیال کرتا ہوں کہ اگر یہ سلسلہ جاری رہا اور جستہ جستہ اس پر لکھتے رہنے کا موقعہ ملا تو فرزندان اسلام کی علمی کوششوں کی تفصیلات ہمارے سامنے آجائینگی۔

میں نے اپنے اس مقالہ میں چند امور پر روشنی ڈالی ہے جو حسب ذیل ہیں :-

۱۔ عہدِ اسلام میں تدوین و تالیف کتب ،

۲۔ جمع کتب کا شوق

۳۔ وقف کتب

۴۔ مطالعۂ کتب کا شوق

ان چاروں امور سے متعلق تاریخ و ادب کی کتابوں میں جو جو حالات و واقعات مل سکے ہیں ان کو یکجا جمع کر دیا گیا ہے۔ اس طرح مسلمانان سلف کی نہضت علمیہ سے متعلق بہت سی مفید اور کار آمد معلومات مہیا ہو گئی ہیں۔ اس مضمون کے مکمل ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ابھی متعدد عنوانات باقی ہیں جن کے متعلق کافی شواہد بہم پہنچانے کی ضرورت ہے، تاہم سر دست جو کچھ مواد ہاتھ آیا ہے اس سے یہ اندازہ ہو سکے گا کہ مسلمانان سلف نے اسلام اور محض اسلام کی تعلیمات کی بدولت علم کی ترقی میں اس قدر نمایاں حصہ لیا کہ اس کی نظیر دنیا کی کوئی قوم پیش نہیں کر سکتی۔

اسلام نے علم کی فضیلت پر زور دیا ہے، جہالت کی مذمت بیان کی ہے اور تحصیلِ علوم کو اپنے پیروؤں کے لئے لازمی قرار دیا ہے، اس لحاظ سے مذاہب عالم میں اسلام پہلا مذہب ہے جو علم کا حامی اور سرپرست ہے۔ جس نے بنی نوع انسان کو ذہنی اور عقلی ترقی کی تحریص و ترغیب دی اور اپنے پیدا کرنے والے کی معرفت کا دارو مدار علم ہی پر رکھ دیا۔ علم کے فضائل اور اس کی تحصیل کے بارہ میں آیات قرآنی اور احادیث نبوی بکثرت وارد ہیں جن سے تعلیم یافتہ حضرات بخوبی واقف ہیں، اس لئے ان کو یہاں دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان احکام نے مسلمانوں کو طلب و تحصیل علم پر اس قدر آمادہ کر دیا تھا کہ وہ دنیا میں اس سے زیادہ اہم کام کوئی نہ سمجھتے تھے۔ اسی کو انہوں نے اپنا اوڑھنا اور بچھونا بنا لیا تھا، اور اسی کی جستجو میں وہ ہر شہر و دیار میں مارے مارے پھرتے تھے۔ اسی

کے واسطے انہوں نے اپنے گھر بار اور وطن مالوف کو خیر باد کہا اور اپنی تمام عمر اسی کے پیچھے فنا کر دی۔ پیروانِ اسلام کے اس علمی شغف اور طلب علم کے لئے اپنے تئیں وقف کر دینے کی مثال تاریخ عالم میں نہیں ملتی۔ ہمارے اس دعوے کے ثبوت میں اسلامی تاریخ و سیر اور انساب و رجال کے ضخیم دفتر کھلی ہوئی شہادت دے رہے ہیں۔ بہر حال طلب علم کا یہی جذبہ تھا جس نے نہ صرف عربوں کو بلکہ ان تمام قوموں کو جنہوں نے مذہب اسلام قبول کیا، کتابوں کا ایسا گرویدہ بنا دیا کہ وہ کتابیں پڑھنے، جمع کرنے اور لکھنے میں اپنی زندگی کا بہترین حصہ صرف کرنے لگے۔ جب ہم ادب اور تاریخ کی کتابوں میں مسلمانان سلف کے ذوق علمی اور محبت کتب کے حالات پڑھتے ہیں تو عش عش کرتے ہیں اور ہمیں ان شیدایان علم کے کارنامے حیرت اور استعجاب میں ڈال دیتے ہیں۔ کتابوں کی فضیلت سے متعلق عربی ادب کی کتابوں میں متعدد اقوال و اشعار موجود[1] ہیں جن کو نقل کرنا طوالت سے خالی نہیں ہے اس لئے ہم سب سے پہلے اسلام میں تصنیف کتب کے آغاز کو بیان کرتے ہیں۔

---

[1] کتاب الفہرست ص۱۶۔ صبح الاعشیٰ مصر، عقد الفرید ج ۱ ص۲۶۴، مقریزی ج ۴ ص۱۶۵-۱۶۶ الفخری ص۳۰۲

عہدِ اسلام میں تدوین و تالیف کتب کا آغاز

اسلام میں تالیف کتب سے پہلے اہلِ عرب لفظ "کتاب" سے کیا مراد لیتے تھے؟ کتاب کے معنی قرآن مجید میں مختلف طور پر آئے ہیں، لیکن اس کا استعمال زیادہ تر قرآن مجید کے لئے ہوا ہے۔ عربوں کی قدیم اصطلاح میں کتاب کے معنی صرف "تحریر" کے تھے اور عام طور پر خط کو بھی کتاب کہا کرتے تھے۔ لفظ "کتاب" کو اصل کتاب کے معنوں میں قدیم شعراء عرب نے اپنے اشعار میں استعمال کیا ہے۔ عہدِ جاہلیت کا شاعر طُفیل الغنوی اپنے ایک شعر میں کہتا ہے:-

أَأَجرمَ أَمْ جَنَى أَمْ لم تخُطُّوا لهُ أَمناً فيُوخَذُ فی الكتابِ[1]

(آیا اس نے کوئی جرم کیا تھا یا خیانت کی تھی؟ کیا تم نے اُسے ایک امان نامہ ایک کتاب میں نہیں لکھ دیا؟)

اسلام میں سب سے پہلے جو چیز کتاب کی صورت میں مدون ہوئی وہ یقیناً کتاب اللہ ہے۔ اس کے بعد ہی قصائد اور احادیث کی کتابیں مدوّن ہوئیں۔ چنانچہ فاضل مستشرق کرینکو (KRENKOW) لکھتے ہیں:-

"میں مانتا ہوں کہ قرآن مجید کے کتابی صورت میں آنے کے ساتھ ہی کچھ عرصہ کے بعد قصائد وغیرہ لکھے گئے، قبل اس کے کہ دوسری کتابیں کاغذ یا چمڑے پر لکھی گئیں۔ اور یہ کہنا تو بہت مشکل ہے کہ عربی کی کون سی کتاب اس صورت میں پہلے لکھی گئی[2]"

---

[1] دیوان طفیل الغنوی صـ۵۴ نمبر ۱۰ (گب میموریل) [2] انسائیکلو پیڈیا آف اسلام ج ۲ صـ۱۰۴۵

عام[1] خیال ہے کہ دوسری صدی ہجری میں حضرات سعید بن ابی عروبہ (م ۱۵۶ھ) ربیع بن صبیح (م ۱۶۰ھ) ابن جریج (م ۱۵۵ھ) اور مالک بن انس نے حدیث کی کتابیں تالیف کیں، جن میں سے آخر الذکر کی موطأ اب تک موجود ہے باقی کتابوں کا نام ونشان نہیں ملتا، لیکن یہ صحیح نہیں ہے، کیونکہ تدوین و تالیف کا آغاز قرن اول ہی میں ہو چکا تھا۔ اسی طرح یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ حدیث کے پہلے مدون امام ابن شہاب زہری تھے، بلکہ ان سے بہت پہلے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کتاب القضاء[2] اور حضرت عبداللہ بن عباس کے احادیث کے مجموعے[3] کتابی صورت میں مرتب ہو چکے تھے۔ بعض صحابہ نے عہد رسالت ہی میں احادیث کو قلمبند کر کے مدون کرنا شروع کر دیا تھا۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص (م ۶۵ھ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو حدیث سنتے تھے اس کو قلمبند کر لیتے تھے[4]۔ حضرت ابوہریرہ کا بیان ہے کہ اصحاب رسول صلعم میں مجھ سے زیادہ احادیث کسی کے پاس نہیں ہیں۔ سوائے عبداللہ بن عمر کے کہ وہ لکھ لیا کرتے تھے[5]۔ انہوں نے ایک ہزار احادیث کا ایک مجموعہ لکھ کر تیار کیا تھا جس کا نام انہوں نے "صادقہ" رکھا تھا[6]۔ ان کے علاوہ دوسرے صحابہ نے بھی احادیث کے مجموعے تیار کئے تھے، چنانچہ سعد بن عبادہ[7] عبداللہ بن ابی عوفہ[8] اور ہمام بن منبہ[9] وغیرہ کے مجموعوں کا ذکر حدیث کی کتابوں میں آیا ہے۔ ۱۰۰ھ میں فن حدیث، تفسیر، تجوید اور اخلاق میں کتابیں لکھی گئی تھیں چنانچہ ابن الندیم نے زائدہ

---

[1] کشف الظنون ج ۱ ص ۲۶ بحوالہ خطیب بغدادی [2] صحیح مسلم ص ۱ طبع دہلی قدیم
[3] جامع الترمذی ج ۲ ص ۲۶۱ (العلل) طبع میرٹھ ۱۲۸۲ھ،
[4] بخاری شریف (دیۃ العاقلہ) [5] جامع الترمذی ج ۲ ص ۱۰۲ (العلم۔ فی رخصۃ الکتابۃ) طبع میرٹھ ۱۲۸۲ھ
[6] اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ لابن اثیر (عمرو بن العاص)۔
[7] جامع الترمذی (احکام۔ باب الیمین مع الشاہد) ج ۱ ص ۱۲۷
[8] بخاری شریف۔ باب الجہاد (الصبر علی القتال) [9] کشف الظنون ج ۲ ص ۷۷۰

بن قدامہ (م ۶۱-۶۰ھ) کی کتابوں کتاب السنن، کتاب القراآت، کتاب التفسیر، کتاب الزھد اور کتاب المناقب کا ذکر کیا ہے[1]، اسی طرح پہلی صدی ہجری کے اختتام سے پہلے مخضرم شاعر لبید کے دیوان کے نسخے لکھے ہوئے موجود تھے، جیسا کہ فرزدق کے اس شعر سے ثابت ہوتا ہے:-

والجعفریُّ وکان بِشرٌ قبلہ لی من قصائدہ الکتاب المُجمَلُ[2]

[اور وہ جعفری (یعنی لبید ابن ربیعہ) جس کے پہلے بشر بن ابی حازم الاسدی گزرا ہے، میرے پاس اس کے قصائد کی ایک مختصر کتاب موجود ہے]

لیکن علوم کی تدوین جس سے مراد اخبار و آثار کو کتابت میں منضبط کر دینا ہے، اس سے بھی پہلے شروع ہو چکی تھی۔ بلکہ ایک طرح سے دیکھا جائے تو قبل از اسلام بھی موجود تھی جو متمدن شہروں مثل یمن، حیرہ، اور حجاز کے بعض شہروں میں رائج تھی۔ حیریوں نے اپنے اخبار و حوادث کی تدوین کی تھی اور ان کو پتھروں پر منقوش کر دیا تھا، جیسا کہ اکتشافات اثریہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سُوَید بن صامت کے پاس صحیفۂ لقمان دیکھا تھا جس میں حکم لقمان درج تھے[3]، اس اعتبار سے تدوین بہت پہلے شروع ہو چکی تھی جس کو تالیف و تصنیف کا پیش خیمہ سمجھنا چاہیئے، اسی عہد میں حدیث کے ساتھ ساتھ فن سیرۃ میں بھی کتابیں تالیف ہونے لگی تھیں۔ سب سے پہلے مدینہ کے نامور فقیہہ اور محدث حضرت عروہ بن زبیر بن العوام (المتوفی ۹۴ھ) نے سیرۃ میں ایک کتاب لکھی، اسی طرح ابان بن عثمان بن عفان (م ۱۰۵ھ) کے شاگرد عبدالرحمٰن بن مغیرہ (م قبل ۱۲۵ھ) نے ان کے لئے سیرۃ میں ایک کتاب تالیف

---

[1] - الفہرست ص ۳۱۶ مصر،
[2] - نقائض جریر و فرزدق جلد اول ص ۲۰۱ مرتبہ بیون مطبوعۂ لندن،
[3] - ابن ہشام ج ۱ ص ۲۶۶-۲۶۵ بہامش روض الانف للسہیلی۔

کی تھی۔ اُن کے بعد وہب بن مُنبّہ (سنہ ۳۴ھ - سنہ ۱۱۰ھ)، ابن شہاب زہری (سنہ ۵۱ھ - سنہ ۱۲۴ھ) اور موسیٰ بن عقبہ (م سنہ ۱۴۱ھ) نے مغازی یعنی غزوات نبوی کے حالات میں کتابیں لکھی تھیں[1] جن میں سے آخر الذکر کی کتاب کا ایک ٹکڑا سنہ ۱۹۰۴ء میں چھپ چکا ہے[2]۔

اسی زمانہ (قرن اول) میں عبید بن شریۃ الجُرہمی نے جو حضرت معاویہ کا ہمعصر تھا اور جس نے آنحضرت صلعم کا زمانہ بھی پایا تھا، حضرت معاویہ کے بلانے پر صنعاء (یمن) سے آیا تھا، اور عرب و عجم کے قدیم بادشاہوں کے حالات، زبانوں کے اختلاف اور مختلف شہروں میں قوموں کے بسنے اور پھیل جانے کی نسبت معاویہ نے اس سے سوالات کئے تھے، جن کے جوابات عبید نے دئے چنانچہ ان کو مدون کر لیا گیا۔ اس کی تصنیف سے کتاب الامثال، کتاب الملوک و اخبار الماضیین ہیں[3]۔ حضرت معاویہ ہی کے زمانہ میں صُحار العبدی نامی ایک خارجی تھا۔ جو بڑا لکھ دار اور نساب تھا۔ وہ آنحضرت صلعم سے دو تین حدیثیں بھی روایت کرتا تھا۔ اسکی تصنیف سے کتاب الامثال ہے[4]

قرن اول میں تدوین و تالیف کتب کا ثبوت اس بات سے بھی ملتا ہے کہ ابن الندیم نے بغداد (جدید) کے ایک شخص محمد بن حسین معروف بہ ابن ابی بَعرہ کے ہیئل کتبخانہ میں نحو اور ادب کی قدیم کتابیں دیکھی تھیں۔ اس میں ایک صندوق بھی تھا جس میں تقریباً تین سَو رطل وزن کی کتابیں، سکّے، کاغذات، اور چمڑے کے اوراق تھے جن پر اہل عرب کے قصائد کے مُفرد اشعار کچھ نحو کے متعلق اور حکایات و اخبار، اسمار و انساب وغیرہ علوم عرب لکھے ہوئے تھے۔ اس میں ہر ورق پر علماء کے خط میں توقیعات لکھی ہوئی تھیں۔ ایک قرآن مجید حضرت علی کے شاگرد خالد بن ابی الہیاج کے ہاتھ کا لکھا ہوا تھا۔ ان میں امام حسن و حسینؓ کے ہاتھوں کی تحریریں

---

[1] کشف الظنون ج ۲ صفحہ ۱۷۴۰ صفحہ ۱۷۴۱ +
[2] معجم المطبوعات ج ۲ صفحہ ۱۸۱۶ + [3] الفہرست صفحہ ۱۳۲
[4] الفہرست صفحہ ۱۳۲،

تھیں اور حضرت علیؓ کے نیز دیگر صحابہ کے خط میں امانات اور عہود کے دستاویز بھی تھے، نیز علمار نحو ولغۃ کی تحریریں بھی تھیں، مثلاً ابوعمرو بن العلار اور ابو عمرو الشیبانی وغیرہ۔ اسی بنا پر ابن الندیم کو اس بات کا ثبوت بھی ملا کہ فن نحو کا واضع ابو الأسود الدؤلی ہے، کیونکہ چینی کاغذ کے چار ورقی رسالہ پر یہ لکھا ہوا تھا کہ "اس میں فاعل اور مفعول کا ذکر ہے۔ از ابوالاسود رحمۃ اللہ علیہ بخط یحییٰ بن عمر[1]"، ابو الاسود نے ۶۹ھ میں وفات پائی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پہلی صدی میں کتابیں لکھنے کی ابتدا ہو چکی تھی۔ اس کے بعد جوں جوں فتوحات اسلامی کا دائرہ وسیع ہوتا گیا اور متمدن اقوام اسلام کی حلقہ بگوش ہوتی رہیں تمدنی ضروریات اور اس کی پیداواروں میں ترقی ہوتی گئی چنانچہ اس کے ساتھ تصنیف کتب نے اتنی ترقی کی کہ کتابوں کی کثرت کی وجہ سے جابجا عظیم الشان کتبخانے قائم ہو گئے۔ پہلی صدی ہجری کے اخیر اور دوسری صدی کے وسط میں کتابوں کی کثرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ابو عمرو بن العلار (۷۰ھ - ۱۵۶ھ) جو قرا سبعہ میں سے ایک اور حضرت علی کے بعد سے طبقہ چہارم میں نحو کے امام تھے ان کی نسبت ابن خلکان کا بیان ہے کہ اُنہوں نے فصحاء عرب کی زبانی جو کتابیں لکھی تھیں وہ اتنی تھیں کہ ان کا مکان چھت تک بھر گیا[2]۔ اسی طرح امام ابن شہاب زہری (م ۱۲۴ھ) جو کثیر التصانیف تھے ان کی کئی کتابیں موجود تھیں، چنانچہ ابن سعد کا بیان ہے کہ عبدالرزاق نے معمر کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ اب تک وہ اپنے تئیں زہری سے بڑھ کر کثیر التصانیف سمجھ رہے تھے، مگر جب ولید قتل ہوا اور اس کے خزانوں اور دفتروں کو جانوروں پر لاد کر لے گئے تو کہا گیا کہ یہ سب زہری کی تصانیف ہیں[3]۔

---

[1] - الفہرست صہ ۶۱
[2] - ابن خلکان ج صہ ۳۸۶
[3] - طبقات ابن سعد جزو ۲ قسم ۲ صہ ۱۳۶

یہ سب مثالیں عہد اموی کی ہیں اور اگر ان خبروں میں سے کچھ مشکوک بھی ہوں تو کم از کم ان سے اتنا ضرور ثابت ہوتا ہے کہ تدوین کتب جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے، عہد عباسی میں نہیں شروع ہوئی بلکہ وہ اس سے بہت پیشتر شروع ہو چکی تھی اگرچہ اس کا بہت ہی کم حصہ ہم تک پہنچا ہے جو زیادہ تر بطریق روایت ہے۔ عہد امویہ کی بعض کتابیں عہد عباسی تک موجود تھیں جیسا کہ ابن الندیم کے بیان مذکورۂ بالا سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے ابوالاسود اور عبید بن شریہ کی کتابیں دیکھی تھیں۔ ابن خلکان لکھتے ہیں کہ انھوں نے وہب بن منبہ کی کتاب تاریخ یمن پر دیکھی تھی[1]

عہد عباسیہ میں کثرت کتب کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ بلاد اسلامیہ میں جابجا عام اور خاص کتب خانے قائم ہو چکے تھے، چنانچہ عربی تواریخ میں ان کتب خانوں اور ان کی کتابوں کی جو تعداد بتائی جاتی ہے وہ بہت حیرت انگیز ہے، اور اس لئے یہ کہنا ذرا بھی مبالغہ آمیز نہیں ہے کہ مسلمانوں نے تھوڑے عرصہ میں جس تیزی اور مستعدی کے ساتھ ملکی فتوحات کا دائرہ وسیع کیا اس سے دگنی سرعت کے ساتھ وہ تصنیف و تالیف اور جمع و اشاعت کتب کے میدان میں بھی وہ آگے نکل گئے۔

---

[1] ابن خلکان ج ۲ صفحہ ۱۸۰

جمع کتب کا شوق

تصنیف و تالیف کتب کی کثرت کے ساتھ ساتھ کتابیں جمع کرنے کا شوق بھی ترقی کر گیا تھا سلاطین و امراء سے لے کر معمولی طالب علموں تک دیوانہ وار کتابوں کی تلاش و جستجو میں رہا کرتے تھے۔ اور اس کے پیچھے بیدریغ مال و دولت صرف کر دیتے تھے۔ سلاطین اسلام میں سب سے پہلے جس نے کتابیں جمع کر کے کتبخانہ قائم کیا وہ خالد بن یزید اموی تھا۔ یہ خود بھی صاحب تصانیف تھا چنانچہ ابن الندیم نے اس کی کتابیں، کتاب الحرارات، کتاب الصحیفۃ الکبیر، کتاب الصحیفۃ الصغیر، کتاب وصیۃ الیٰ ابنہ فی الصنعۃ، دیکھی تھیں[1] اس نے دمشق میں اس کتب خانہ کی بنیاد ڈالی تھی جس کے ساتھ طب و کیمیا کی کتابوں کو یونانی اور قبطی زبانوں سے ترجمہ کرانے کے لئے ایک دار الترجمہ بھی قائم کیا اور مسیحی عالم بشپ اہرن کو اس کا افسر مقرر کیا تھا۔ موجودہ زمانہ میں جامع اموی (دمشق) کے قبہ میں کچھ قدیم کتابیں اور اوراق سریانی، عبرانی اور عربی زبانوں میں چمڑے پر لکھے ہوئے پائے گئے تھے جو جرمنی لیجائے گئے، اور بعض اُن میں سے دمشق کے عجائب خانہ "متحف السوری" میں محفوظ ہیں[2]

فرمانروایان اسلام میں خالد کے بعد دوسرا نمبر ہارون الرشید عباسی کا ہے جس نے بغداد میں علوم یونانی کے بیش بہا خزانے جمع کئے اور اس کے بعد اس کے جانشین مامون نے اس کو بہت ترقی دی۔ اس کے بعد امراء اور اہل دول کو کتابیں جمع کرنے کا شوق اس قدر دامنگیر ہوا کہ کتابوں سے ان کے قصر و ایوان تک بھر گئے۔ امراء اسلام کے جمع کتب کے حالات تاریخ کی کتابوں میں محفوظ ہیں جن سے اُن کے ذوق علمی اور کتابوں سے محبت کا پتہ چلتا ہے۔ فتح بن

---

[1] الفہرست ص ۴۹۷ ۔ [2] محاضرات المجمع العلمی العربی جلد اول ص ۱۵۹

خاقان وزیر المتوکل کا کتب خانہ کثرت کتب کے لحاظ سے اس قدر زبردست اور شاندار تھا کہ فصحائے عرب اور علمائے بصرہ و کوفہ اس سے مستفید ہونے کے لئے بغداد جایا کرتے تھے۔ ابو حفان کہتے ہیں کہ میں نے جاحظ، فتح ابن خاقان اور قاضی اسمٰعیل بن اسحٰق سے بڑھ کر کسی کو کتابوں کا دلدادہ نہیں پایا[1]۔ ابو نصر سابور بن اردشیر وزیر بہاء الدولہ بویہی نے کرخ بغداد کے محلہ بنی السوس میں ایک کتبخانہ قائم کرکے وقف کیا تھا۔ اس کی نسبت یاقوت حموی کا بیان ہے کہ لم یکن فی الدنیا احسن منہا کانت کُلُّہا بخطوط ائمۃٍ معتبرۃٍ و اُصولِہِمُ المحرّرۃ[2] (یعنی دُنیا میں اس سے بہتر کتبخانہ نہ ہوگا۔ اس کی تمام کتابیں معتبر ائمہ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تھیں)۔ فرمانروائے حماۃ (شام) مشہور مؤرخ ابوالفداء (المتوفی سنہ ۷۳۲ھ) کے کتب خانہ میں کئی نفیس کتابیں مختلف علوم وفنون کی تھیں اور ان کے پاس تقریباً دوسو علماء، فقہاء، ادباء اور کاتب ملازم تھے[3]۔ صلاح الدین ایوبی کے بیٹے ملک الناصر (سنہ ۶۰۳ھ - سنہ ۶۵۶ھ) کو کتابیں جمع کرنے کا خاص شوق تھا، اور اس نے نفیس ترین کتابیں حاصل کی تھیں[4]۔ امیر ابوالفوارس عضد الدین جو قلعۂ شیزر (حماۃ - شام) کے خاندان رؤسا میں سے تھے ان کی نسبت یاقوت کا بیان ہے کہ وہ بہت بڑے کتابیں جمع کرنے والے تھے۔ سنہ ۶۱۲ھ میں جب یاقوت ان کے پاس پہنچے ہیں تو انہوں نے کئی کتابیں خریدیں اور بیان کیا کہ اُن کے پاس اتنی کتابیں ہیں کہ جن کی صحیح تعداد کا ان کو علم نہیں ہے۔ اپنی مصیبت کے زمانہ میں انہوں نے چار ہزار کتابیں فروخت کردیں پھر بھی ان کتابوں میں کچھ زیادہ فرق نہیں آیا[5]۔ مشہور وزیر ابن العلقمی (مؤید الدین ابوطالب محمد بن احمد المتوفی سنہ ۶۵۶ھ) نے بکثرت نفیس کتابیں جمع کی تھیں۔ خود بھی بڑے عالم و فاضل اور خوشنویس تھے۔ ان کے صاحبزادہ

---

[1] - فوات الوفیات لشاکر الکتبی ج ۲ ص ۱۲۳، کتاب الفہرست ص ۱۶۹ طبع مصر
[2] - معجم البلدان ج ۲ ص ۳۴۲ + [3] - فوات ج ۲ ص ۲۵۲ + [4] ایضاً ج ۱ ص ۱۵۶
[5] - معجم الادباء ج ۲ ص ۱۹۶ +

ابوالقاسم علی کہتے ہیں کہ ان کے والد کے کتب خانہ میں نفیس ترین کتابوں کی دس ہزار جلدیں تھیں۔ یہ وہی ابن علقمی ہیں جن کے لئے فن لغت کے امام علامہ صنعانی نے العباب تصنیف کی تھی اور انھی کے لئے ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغۃ ۲۰ جلدوں میں لکھی تھی جس کا معقول معاوضہ اُن کو وزیر موصوف کی طرف سے دیا گیا تھا۔[1] امیر الافضل والی مصر کے زمانہ میں ابوکثیر افرائیم بن الزفان ایک مشہور اسرائیلی طبیب تھا۔ جو اپنے زمانہ کے فرمانرواؤں کا درباری طبیب رہ چکا تھا۔ اور اس ذریعہ سے بہت سامال و دولت اس نے جمع کر لیا تھا۔ اس کے پاس ایک اچھا کتب خانہ بھی تھا ایک شخص عراق سے مصر کتابیں خریدنے کے لئے آیا وہ افرائیم کو ملا اور اس نے چار ہزار کتابیں اس شخص کے ہاتھ فروخت کیں۔ جب امیر کو معلوم ہوا تو اُس نے ان کتابوں کی قیمت افرائیم کو بھیج دی اور کتابیں اپنے کتبخانہ میں داخل کرادیں اور اُن پر اپنا نام لکھوا دیا۔ چنانچہ ابن ابی اصیبعہ نے اکثر طبی کتابوں پر افرائیم کے نام کے ساتھ امیر الافضل کا نام بھی لکھا ہوا دیکھا تھا۔[2] ساتویں صدی کے وسط میں امین الدولہ ابوالحسن بن الغزال جو بہرام شاہ بن عزّ الدین سلجوقی کا وزیر تھا، کتابیں جمع کرنے کا بیحد شوقین تھا۔ چنانچہ تمام علوم کی بکثرت کتابیں اس نے جمع کر لی تھیں اور کاتب ہمیشہ اس کے لئے کتابیں نقل کیا کرتے تھے۔[3] یمن کے فرمانروا داؤد بن یوسف الترکمانی (المتوفی ۷۲۱ھ) کے کتبخانہ میں ایک لاکھ کتابیں تھیں۔ امیر محمود الدولہ ابوالوفا المبشر بن فاتک مصر کے امراء میں سے تھا۔ اس نے کتابوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کیا تھا۔ ان میں سے اکثر ابن ابی اصیبعہ کے زمانہ تک موجود تھیں۔[4]

یہ حال تو مشرق کا تھا لیکن مغرب میں بھی اُمراء اور اہل دول نے کتابیں جمع کرنے کی طرف کچھ کم توجہ نہیں کی مقری نے لکھا ہے کہ قرطبہ کثرت کتب کے اعتبار سے تمام بلاد اندلس سے بڑھ

---

[1] الغزی ص۲۴۸، [2] طبقات ج ۲ ص۱۰۱، [3] ایضاً ج ۲ ص۲۳۶، [4] ایضاً ج ۲ ص۹۹

کرہے۔ وہاں لوگوں کو کتابیں جمع کرنے اور کتب خانے قائم کرنے کا بیحد شوق تھا اور اس کو وہ عمارت و ریاست کی علامت خیال کرتے تھے، حتی کہ وہاں کے رؤسا میں کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کے ہاں کتبخانہ نہ ہو، اور اگر کسی کے کتبخانہ میں کوئی کتاب کسی خاص کاتب کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہوتی تو اس پر فخر کیا جاتا تھا۔ نادر و نایاب کتابیں حاصل کرنے کے لئے بڑی بڑی قیمتیں دی جاتی تھیں[1] اندلس کے اموی فرمانروا الحکم ثانی کے جمع کتب اور کتب خانہ کا حال عام طور سے تاریخوں میں منقول ہے اور اس لئے محتاج بیان نہیں ہے۔ کتابیں جمع کرنے کا شوق جیسا کہ اس کو تھا مشرق کے ارباب دول میں اُس کی مثال نہیں ملتی۔ اُس کے ایجنٹ مختلف دیار و امصار میں کتابوں کی تلاش و تجسس میں پھرا کرتے تھے، اکثر مصنفین اس کی شہرت سُن کر اپنی کتابیں اپنے ہاتھ سے لکھ کر اس کو بھیجا کرتے تھے، اور معقول معاوضہ پاتے تھے، ابو الفرج اصفہانی کے کتاب الاغانی لکھ کر بھیجنے اور صلہ پانے کا واقعہ مشہور ہے، اسی طرح قاضی ابوبکر مالکی نے مختصر ابن عبدالحکیم کی شرح لکھ کر اُس کو بھیجی تھی[2]۔ بطلیوس (اندلس) کا حکمران مظفر بن الأفطس بڑا وسیع المعلومات ادیب تھا اور اہل علم سے بہت محبت رکھتا تھا۔ اُس نے بکثرت کتابیں جمع کی تھیں اور ایک مہتم بالشان کتب خانہ قائم کیا تھا[3]۔ اسی طرح مرّیہ کے فرمانروا ذُہیر الصِقلّی کے وزیر ابو جعفر احمد بن عباس جو ادب اور فقہ کے عالم اور خوشنویس کاتب تھے انہوں نے جو کتابیں جمع کی تھیں ان کی تعداد چار لاکھ تک پہنچ گئی تھی۔ اور متفرق ٹوٹی پھوٹی کتابوں کے ان کے پاس جو دفاتر تھے ان کا تو کوئی شمار ہی نہ تھا[4]۔

کتابیں جمع کرنے کا شوق کچھ امرا اور اہل دول تک ہی محدود نہ تھا بلکہ اس مشغلہ میں خواص

---

[1] نفح الطیب ج ۱ ص ۲۱۵ مصر، [2] ایضاً ج ۱ ص ۱۸۰
[3] التکملہ لکتاب الصلہ لابن الابّار ج ۱ ص ۱۲۸، [4] مقری ج ۲ ص ۳۰۵،

وعوام سب برابر کے شریک تھے۔ ان جامعین کتب میں سے اکثر اہل علم کے حالات تاریخوں میں پائے جاتے ہیں جن میں سے چند درج ذیل کئے جاتے ہیں :-

کوفہ کے مشہور نحو ولغت کے امام احمد بن یحیی ثعلب (۲۰۰ھ - ۲۹۱ھ) کی نسبت زبیدی لکھتے ہیں کہ انہوں نے اپنے بعد جلیل القدر کتابیں چھوڑیں۔ یہ کتابیں ابوبکر احمد بن اسحاق قطرمیلی کے سپرد کرنے کے لئے اپنے شاگرد علی بن محمد کو وصیت کی۔ زجاج نحوی کو خبر ہوئی تو اُس نے قاسم بن عبیداللہ سے کہا کہ یہ کتابیں جانے نہ پائیں۔ خیران نامی کتب فروش کو بلا کر قیمت انکوائی تو تین کتابیں دس دینار کو پڑیں چنانچہ قاسم بن عبیداللہ نے وہ سب خرید لیں[1]

احمد بن محمد ابوبکر ابن الجرّاح (المتوفی ۳۸۱ھ) جو ایک فاضل اور خوشحال ادیب تھے اُن کی زبانی ابوالقاسم تنوخی بیان کرتے ہیں کہ ان کی کتابیں دس ہزار درم کی بکیں[2]

ابوزکریا یحیٰی بن معین (المتوفی ۲۳۳ھ) نے اپنی وفات کے وقت ایک سو صندوقیں اور چار ناندیں یا گھڑے (حباب شر ابیہ) کتابوں سے بھرے ہوئے چھوڑے[3]

ابوحسان الزیادی (المتوفی ۲۴۲ھ) جو بغداد کے قاضی اور واقدی کے ارشد تلامذہ میں سے تھے بڑے فاضل ادیب اور موتمن گزرے ہیں۔ ان کے پاس ایک بہت بڑا اور نفیس کتبخانہ تھا[4]

مشہور فلسفی اور ریاضی دان نصیرالدین طوسی (۵۹۷ھ - ۶۷۲ھ) نے مراغہ میں رصد تیار کی اور اُس میں ایک عظیم الشان کتب خانہ قائم کیا، اور اس میں وہ تمام کتابیں بھر دیں جو تاتاریوں کی تاخت وتاراج میں بغداد، شام اور جزیرہ سے ہاتھ لگی تھیں۔ اس طرح

---

[1] معجم الادباء ج ۲ ص ۱۴۴ - ۱۴۵،
[2] معجم الادباء ج ۲ ص ۷۸، ص ۷۹
[3] ابن خلکان ج ۲ ص ۲۱۴ ص ۲۱۵
[4] معجم الادباء ج ۳ ص ۱۴۵

ان کتابوں کی تعداد چار لاکھ تک پہنچ گئی۔[1]

اس سلسلہ میں ایک عاشق کتب کا ایک دردناک چشمدید واقعہ یاقوت نے بیان کیا ہے جو خاص طور سے قابل ذکر ہے۔ ابن حمدون (۵۴۷ھ - ۶۰۸ھ) کے حالات میں یاقوت رقمطراز ہے کہ وہ ایک مشہور ادیب اور کتابوں کا عاشق تھا۔ کتابیں خریدنے اور جمع کرنے کے پیچھے لگا رہتا تھا۔ وہ شفاخانۂ عضدی کا ناظر (سپرنٹنڈنٹ) تھا۔ جب اس عہدہ سے معزول کردیا گیا تو اپنی کتابیں نکال نکال کر بیچنے لگا اور اس کی آنکھیں اس طرح اشکبار تھیں کہ گویا اپنے اعزّہ اور مخلص دوستوں کو رنج کے ساتھ جدا کر رہا ہے۔ یاقوت سے اس نے کہا کہ یہ میری عمر کے پچاس سال کا نتیجہ ہے جو میں نے اس کے جمع کرنے میں صرف کئے ہیں۔ اب اگر بالفرض مال و دولت حاصل بھی ہوجائے اور زندگی بھی وفا کرے تاہم پھر ان کے جمع کرنے سے مجھے کچھ حاصل نہ ہوگا سوائے اس فراق کے کہ جس کے بعد پھر دوبارہ ملنے کی امید نہیں ہے۔[2]

---

[1] - ابن خلکان ج ۲ ص ۱۴۹،

[2] - معجم الادباء ج ۳ ص ۲۰۹،

وقفِ کتب

کتابوں کو جمع کرنے کے سلسلہ میں وقفِ کتب کا بیان جس سے مسلمانوں کی بے نظیر علمی فیاضی اور ایثار کا زبردست ثبوت ملتا ہے، خالی از لطف نہ ہوگا متمدن ممالک میں آج اس بات پر فخر کیا جاتا ہے کہ فلاں رئیس یا فلاں عالم نے اپنا کتب خانہ قوم کو ہبہ کر دیا۔ لیکن ہمارے بزرگان سلف میں صدہا نفوس ایسے تھے جنہوں نے اپنی کتابیں اور کتبخانے اپنی قوم کے لئے وقف کر دئے تھے خطیب بغدادی (المتوفی سنہ ۴۶۳ھ) نے اپنی تمام کتابیں مسلمانوں کے لئے وقف کر دی تھیں جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے ابو الفضل بن خیرون کو بلا کر اُس کے ذریعہ سے کتابیں وقف کرا دیں[1]۔ ابو علی بن سوار الکاتب نے جو علوم کا شیدائی تھا بصرہ میں ایک وقف کتب خانہ قائم کیا تھا۔ اور اس میں قدیم مصنفین کی نایاب کتابیں جمع کی تھیں[2]۔ مالقہ کے مشہور لغوی، نحوی، اور محدث علی الجذامی (المتوفی سنہ ۵۲۰ھ) نے اپنی تمام کتابیں نیشاپور میں وقف کر دیں[3] امام فخر الدین المارديني (المتوفی سنہ ۵۹۴ھ) اپنے زمانہ کے بڑے علامہ اور فنون حکمۃ وطب میں بڑی دستگاہ رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنی تمام کتابیں شہر ماردین کے مشہد میں وقف کر دی تھیں جن میں حکمت کی ایسی عمدہ کتابیں بھی موجود تھیں جو انہوں نے اپنے اساتذہ سے پڑھی تھیں اور خود اپنے ہاتھ سے لکھ کر ان کی تصحیح کی تھی[4]۔ چھٹی صدی کے مشہور ادیب، نحوی اور کاتب علامہ رشید الدین وطواط کے رسائل یاقوت حموی نے دیکھے تھے ان میں یہ لکھا ہوا تھا کہ "مجھے خدا نے حلال کی روزی سے ایک ہزار نفیس کتابیں، عمدہ دفاتر اور بہترین نسخے عطا کئے تھے جن کو میں نے بلاد اسلام میں اس لئے وقف کر دیا کہ مسلمان اُن سے مستفید ہوں[5]۔"

---

[1] معجم الادباء ج ۱ ص ۲۵۲، [2] الفہرست ص ۱۹۹؛ احسن التقاسیم ۴۱۳ طبع یورپ
[3] بغیۃ الوعاۃ للسیوطی ص ۲۱۵، [4] طبقات الاطباء ج ۱ ص ۳۰۰، [5] معجم الادباء ج ۳ ص ۱۷۱،

اکثر اہلِ علم جب کتابیں تصنیف کرتے تھے تو کتبخانوں میں اس کا ایک نسخہ وقف کر دیا کرتے تھے، چنانچہ جبرئیل بن بختیشوع (المتوفی ۲۹۶ھ) کے حالات میں لکھا ہے کہ وہ بغداد میں کئی برسوں تک تصنیف و تالیف میں مشغول رہا۔ اُس نے اپنی کتاش (قرابادین یا فارماکوپیا) کو مکمل کر کے کافی نام رکھا، صاحب ابن عباد وزیر کے نام محبہ تیمُعَنوَن کیا اور اس کا ایک نسخہ اپنے ہاتھ سے لکھ کر بغداد کے دار العلم میں وقف کیا[1]۔ اسی طرح ابو الفضل محمد بن عبد الکریم الحارثی دمشقی (المتوفی ۵۹۹ھ) نے جو "مہندس" کے لقب سے مشہور اور طب و علم ہندسہ کا بڑا عالم تھا، اپنی کتاب اختصار الاغانی الکبیر لابی الفرج الاصفہانی کو جو دس جلدوں میں اس نے لکھی تھی، اپنے ہاتھ سے لکھ کر جامع دمشق میں وقف کیا[2]۔

کتابیں وقف کرنے کا یہ ایک عام رواج تھا جس سے امرا اور اہل دول بھی مستثنیٰ نہ تھے۔ چنانچہ جب مصر کے آخری خلیفہ العاضد الفاطمی نے انتقال کیا اور سلطان صلاح الدین ملک پر قابض ہو گیا تو قاضی الفاضل وزیر نے محل کے کتبخانے کی اکثر کتابیں خرید کر مدرسۂ فاضلیہ میں جو قاہرہ کے دربِ طوخیا میں تھا، وقف کر دیں[3]۔ قاضی شرف الدین ابو القاسم ہبۃ اللہ بن عبد الرحیم حموی شافعی نے جو حماۃ کے قاضی تھے (المتوفی ۶۳۸ھ) بکثرت کتابیں جمع کی تھیں اور اُن کو وقف کر دیا تھا جن کی قیمت ایک لاکھ درہم تھی[4]۔

بعض علماء ایسے بھی تھے جو اپنی کتابوں کو اپنی اولاد پر وقف کرتے تھے۔ چنانچہ علی بن موسیٰ الطاؤس علوی جو مشاہیر علمائے اہل تشیع میں سے تھے (المتوفی ۶۶۴ھ) ان کے پاس بہت بڑا کتبخانہ تھا جو نفیس ترین کتابوں پر مشتمل تھا۔ انہوں نے اپنی تمام کتابیں اپنی اولاد ذکور پر خدا

---

[1] طبقات الاطباء ج ۱ ص ۱۴۶ [2] طبقات الاطباء ج ۲ ص ۱۹
[3] صبح الاعشیٰ للقلقشندی ج ۱ ص ۴۶۶۔
[4] نکت الہمیان ص ۳۰۳

کے لئے وقف کر دی تھیں [۱]

اُس زمانہ کے شغف اور کتابوں کی محبت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ کوئی ادارۂ عامہ ایسا نہ تھا جہاں کتابیں جمع نہ کی جاتی ہوں۔ حتیٰ کہ دارالعلوم (مجالس علمیہ)، مدرسوں، شفاخانوں، مسجدوں، رباطوں اور خانقاہوں تک میں کتابیں وقف کی جاتی تھیں جس کی نظیر اس ترقی یافتہ زمانہ میں ممالک متمدنہ میں بھی ملنی دشوار ہے،

ابوالمعانی محمود بن محمد الرشیدی جو بڑے ادیب تھے ان کی نسبت سمعانی کا بیان ہے کہ وہ فلاسفۂ قدیم کی کتابیں پڑھ پڑھ کر گمراہ ہوگئے تھے، آخر میں انہوں نے جامع منیعی میں اپنی تمام کتابیں وقف کر دی تھیں جو فتنۂ تاتار میں نذر آتش ہوگئیں [۲]

ابونصر احمد بن یوسف المنازی (المتوفی ۴۳۷ھ) فاضل ادیب و شاعر تھے اور قلائی میافارقین و دیار بکر کے وزیر رہ چکے تھے۔ اُنہوں نے بکثرت کتابیں جمع کی تھیں، پھر ان کو جامع میافارقین اور جامع آمد میں وقف کر دیا۔ ابن خلکان کے زمانہ تک دونوں مساجد کے کتبخانوں میں "یہ کتب المنازی" کے نام سے موجود تھیں [۳]

ابوالحسن علی بن طاہر السُّلمی نحوی اور محدث (المتوفی ۵۰۰ھ) نے جامع دمشق میں ایک حلقۂ علمی (اکاڈمی) قائم کیا تھا۔ اور اس میں اپنا کتب خانہ وقف کر دیا تھا [۴]

یاقوت حموی (المتوفی ۶۲۶ھ) نے اپنی وفات سے پہلے اپنی تمام کتابیں بغداد کے کرخ دینار کی مسجد زیدی میں وقف کر دی تھیں اور مشہور مؤرخ ابن اثیر کے حوالے کی تھیں، چنانچہ انہوں نے ان کتابوں کو وہاں منتقل کر دیا [۵]

۱۔ الزہراء (مصر) رجب ۱۳۴۵ھ ص ۱۳۵۔ ص ۱۳۶

۲۔ کتاب الانساب للسمعانی ورق ۲۵۴، ۳۔ ابن خلکان ج ۱ ص ۴۴

۴۔ بغیۃ الوعاۃ ص ۳۳۹، ۵۔ ابن خلکان ج ۲ ص ۲۱۴

تمام ممالک اسلامی میں جتنے بڑے بڑے مدارس قائم تھے وہ کتبخانوں سے خالی نہ تھے۔ اور اُن کے بانی مدارس کے ساتھ ہی کتب خانے بھی قائم کرکے وقف کر دیتے تھے۔ چنانچہ مدرسۂ نظامیہ، مستنصریہ، وغیرہ کے حالات میں ان کا ذکر آتا ہے۔ مصر کے فرمانروا ملک الظاہر بیبرس نے ۶۶۲ھ میں جب مدرسۂ ظاہریہ بنوایا تو اس میں ایک کتبخانہ قائم کرکے وقف کر دیا[1]۔

معلوم ہوتا ہے کہ عام اداروں میں جہاں جہاں لوگوں کا اجتماع ممکن ہے، کتابیں رکھوانے کا دستور تھا۔ چنانچہ خلیفہ المستضئ (م ۵۷۵ھ) نے رباط، مدرسہ، مسجد، حاجیوں کا مہمانخانہ وغیرہ تعمیر کرائے اور ان میں خطوط منسوبہ سے لکھی ہوئی نفیس کتابیں اور قرآن شریف کے نسخے رکھوائے[2]۔ اسی طرح چھٹی صدی ہجری میں خلیفہ الناصر لدین اللہ نے رباط الخاتونی سلجوقی اور مدرسۂ نظامیہ میں کتابیں وقف کی تھیں[3]۔

آج کل شفاخانوں میں طبی کتابیں رکھنے کا فیشن ہوگیا ہے اور اس کو مغربی تمدن کی برکات میں شمار کیا جاتا ہے۔ حالانکہ اسلامی ممالک میں صدیوں پہلے اس کا رواج قائم ہوچکا تھا۔ ۵۷۷ھ میں سلطان صلاح الدین ایوبی نے قاہرہ میں ایک اسپتال بنوایا تھا جس کو بیمارستان العتیق کہتے تھے۔ اس میں تمام علوم کی ایک لاکھ کتابیں موجود تھیں۔ ابن تغری بردی کے زمانہ تک یہ کتبخانہ موجود تھا[4]۔ اسی طرح ملک العادل نورالدین ابن محمود زنگی نے جب بڑا شفاخانہ تعمیر کرایا تو کتب طبیہ کا ایک بہت بڑا ذخیرہ اس میں وقف کیا[5]۔

معلوم ہوتا ہے کہ بلاد اسلامیہ میں اگلے وقتوں میں جو خانقاہیں ہوتی تھیں وہاں بھی اہلِ علم کا اجتماع رہتا تھا۔ ہمارے زمانہ کی خانقاہوں سے اُنہیں کوئی نسبت نہیں ہوسکتی کہ ان میں

---

[1] حسن المحاضرہ للسیوطی ج ۲ ص ۱۴۳ — [2] نکت الہمیان ص ۲۳۵، — [3] تاریخ الحکماء للقفطی ص ۲۶۹ (طبع یورپ)
[4] النجوم الزاہرہ ج ۴ ص ۱۰۱، — [5] طبقات الاطباء ج ۲ ص ۱۵۵،

اکثر فقراء اور درویشوں کا اژدحام رہا کرتا ہے، اور بجائے علمی چرچوں اور مطالعۂ کتب کے اکثر مسکرات اور ممنوعات کا دَور چلتا رہتا ہے۔ اس زمانہ میں بعض اہل علم اپنی کتابیں خانقاہوں میں وقف کر دیا کرتے تھے۔ چنانچہ ابو سعید البندھی لغوی شافعی (المتوفی ۵۸۴ھ) جو بڑے فاضل ادیب اور مذہبی عالم تھے، اور صلاح الدین ایوبی کے دربار میں خاص طور سے باریاب تھے جس کی وجہ سے بہت سامال و دولت جمع کیا تھا۔ ان کی نسبت یاقوت کا بیان ہے کہ ان کے برابر کسی نے کتابیں نہیں جمع کیں۔ انہوں نے اپنی تمام کتابیں سُمَیساط کی خانقاہ میں وقف کر دیں[1] اسی طرح مرو شاہجہان کی خانقاہ میں ایک وقف کتبخانۂ الضمیریہ تھا جو ہر شخص کے لئے کھلا ہوا تھا چنانچہ یاقوت جب وہاں پہنچے تو انہوں نے اس کتبخانہ سے بہت کچھ فائدہ اٹھایا۔ ان کو اس کتبخانہ کی دو سو کتابیں بیک وقت پڑھنے کے لئے مستعار مل جاتی تھیں اور ان میں اکثر بلا رہن (DEPOSIT) ہوتی تھیں[2]۔ اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس زمانہ میں کتابیں رہن پر مستعار لی جاتی تھیں۔ انہی یاقوت کا بیان ہے کہ جب میں مرو شاہجان سے نکلا تو وہاں بیس وقف کتبخانے تھے جو کثرتِ کتب اور عمدگی کے لحاظ سے تمام دنیا میں بے نظیر تھے[3]

بعض کتابوں سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بعض وقف کتبخانوں کے لئے کتاب الوقف (WAKF DEED) یا وقف کی دستاویز بھی تیار کی جاتی تھی۔ چنانچہ دمشق کے دارالحدیث اشرفیہ کی دستاویز مورخہ ۲۹ رمضان ۶۳۲ھ) امام سبکی نے نقل کی ہے جو فتاوٰے السبکیۃ الکبریٰ میں درج ہے۔ اس میں سے کتبخانہ کے متعلق جو حصہ ہے اس کو ہم یہاں نقل کرتے ہیں:-

"خازن یا لائبریرین کو اٹھارہ درہم ماہوار دئے جاویں۔ اس کا کام یہ ہوگا کہ وہ کتابوں کو درست رکھے اور ناظر (وقف) یا اس کے نائب کو اس طرف توجہ

---

[1] بغیۃ الوعاۃ صـ ۶۶

[2] و [3] معجم البلدان ج ۸ صـ ۳۵

دلائے کہ وقف کی آمدنی میں سے اس پر اتنا خرچ کرے جو اس کے لئے کافی ہو۔
اسی طرح جب کتابوں کی تصحیح و مقابلہ کی ضرورت پیش آئے تو اس پر خرچ کرے ×××
"اور کاغذات او آلات کتابت مثل قلموں، دواتوں، اور کرسیوں وغیرہ پر اتنا خرچ
کرے جو ایوان کبیر میں بیٹھ کر حدیث کا قبالہ یا علوم قرآن یا تفسیر میں سے نقل
کرنے والوں کے لئے کافی ہو، نیز جو املا کی مجالس میں لکھنے والے ہوں اور
وہ جو پوری کتاب یا اس کا اختصار نقل کریں ان پر خرچ کرے، لیکن صرف اسی
شخص کو دیا جائے جو استفادہ اور تحصیل کی غرض سے نہ کہ اس کی قیمت سے
فائدہ اٹھانے کے مقصد سے ـــــ نقل و کتابت کریں"[1]

[1] ۔ اللمعات البرقیۃ فی النکت التاریخیۃ لابن طولون صـ۲۰ تا صـ۲۵

مطالعۂ کتب کا شوق

ممالک اسلامیہ میں جہاں کتابوں اور کتب خانوں کی اتنی کثرت تھی وہاں کتابیں پڑھنے اور مطالعہ کرنے کا شوق بھی کچھ کم نہ تھا۔ عام کتب خانوں کے علاوہ وراقوں کے مکانوں پر اور کتب فروشوں کے بازاروں میں طالبان علم جوق در جوق مطالعہ کتب کے لئے جایا کرتے تھے۔ بلکہ بعض کتب خانوں میں تو اہل علم کو مطالعہ اور کتب بینی کے لئے وظائف دئے جاتے تھے۔ چنانچہ جغرافیہ نویس مقدسی رامہرمز کے حالات کے ضمن میں وہاں کے کتبخانۂ عامہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے :-

وفیہا اجراءٌ علی من قصدھا ولزم القرآۃ والنسخ[1]

جو لوگ مطالعہ اور کتابت کا مشغلہ رکھتے ہیں ان کو وظیفہ دیا جاتا ہے،

اسی طرح نقل و کتابت کے لئے عام طور پر سہولتیں مہیا کی جاتی تھیں، چنانچہ مقریزی کا بیان ہے کہ مصر کے تقریباً تمام کتب خانوں میں طلبہ اور شائقین کے لئے کاغذ، قلم اور سیاہی تک مہیا کئے جاتے تھے[2] بقول ابن الفرات کتب خانۂ مستنصریہ (بغداد) میں مختلف علوم کی نادر و نایاب کتابیں رہتی تھیں اور ان کو اس طرح رکھا جاتا تھا کہ جو کوئی ان کو نقل کرنا چاہے آسانی سے نکال سکے۔ قلم، کاغذ وغیرہ کتبخانہ ہی کی طرف سے مہیا کیا جاتا تھا[3]

پرائیویٹ کتب خانوں میں بھی داخلہ کی عام اجازت تھی، چنانچہ موصل میں مشہور ریاضی دان علی بن احمد العمرانی (المتوفی ۴۳۰ھ) کے کتبخانہ سے استفادہ کرنے کے لئے دور دراز سے

---

[1] - احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم صـ۴۱۳ طبع یورپ [2] - الخطط والآثار ج ۱ صـ۴۵۹،
[3] - مسلم ریویو جولائی ۱۹۲۶ء عربی مدارس اور ان کے اساتذہ " از صلاح الدین خدا بخش (بحوالہ تاریخ ابن الفرات قلمی)

اہل علم آیا کرتے تھے[۱]، اسی طرح اسی شہر کے ایک رئیس شاعر اور ادیب جعفر بن محمد بن حمدان (۲۴۰ھ - ۳۲۳ھ) کا ایک کتبخانہ تھا جو ہر طالب علم کے لئے وقف تھا۔ اور اس میں داخل ہونے اور کتابیں پڑھنے کی عام اجازت تھی۔ بلکہ جب کوئی مسافر تحصیل علم کے لئے آتا اور تنگدست ہوتا تو اس کو کھانا اور کتابیں بھی دی جاتی تھیں[۲]۔ ان میں بعض اہل علم ایسے فیاض بھی تھے کہ جب کبھی کوئی سائل ان کے سامنے آجاتا اور اس کو دینے کے لئے کوئی چیز پاس نہ ہوتی تو اپنی قیمتی کتابیں اس کو دے بیٹھتے تھے، چنانچہ بغداد کے مشہور لغوی اور نحوی اور وہاں کے کتبخانہ کے ناظم ابو احمد عبدالسلام کے متعلق ابن الانباری کا بیان ہے کہ وہ ایسا ہی کیا کرتے تھے[۳]

لیکن بعض کتبخانے ایسے بھی تھے جہاں اہل وجاہت کے سوا دوسروں کو داخل ہونے کی اجازت نہ تھی۔ مثلاً شیراز میں عضدالدولہ کے کتبخانہ میں جو حسن انتظام، ترتیب اور عمارت کے اعتبار سے بہت شاندار اور اپنی طرز کا واحد کتبخانہ تھا[۴]،

بعض اوقات وقف کتبخانوں میں سے لوگ کتابیں اُٹھالے جاتے تھے اور کوئی روکتا نہ تھا، چنانچہ محمد بن ابی السعادات خراسانی (المتوفی ۵۸۴ھ) جو فقیہ، ادیب اور شرح مقامات حریری (۵ جلد) کے مصنف تھے، حلب کی جامع مسجد میں فروکش ہوئے اور اس کے وقف کتبخانہ میں بیٹھ کر ان کا جی چاہا اتنی کتابیں لے کر چلتے بنے اور کسی نے تعرض نہیں کیا[۵]۔

غرضکہ تحصیل کتب اور مطالعہ کے لئے ہر جگہ پر سہولتیں تھیں اور کسی کتبخانہ میں کوئی روک ٹوک نہیں تھی۔ اور اکثر تشنگان علم ان علمی سرچشموں سے اپنی پیاس بجھایا کرتے تھے۔ ان حالات میں مطالعۂ کتب کا شوق اس قدر بڑھ گیا تھا کہ ارباب علم اپنے اہم سے اہم کاموں اور فرائض

۱۔ تاریخ الحکما للقفطی ص۲۳۳ طبع جرمنی، ۲۔ معجم الادبا، ج ۲ ص۴۱۹،
۳۔ طبقات الادبا، ص۱۱۲ طبع مصر، ۴۔ احسن التقاسیم ص۴۴۹، ۵۔ ابن خلکان ج ۱ ص۵۲

کی پروا نہیں کرتے تھے۔ حتیٰ کہ اس حالت میں وہ ارباب حکومت کے طلب کرنے پر بھی نہ جاتے تھے۔ الفخری نے ایک عالم کا ایک دلچسپ واقعہ بیان کیا ہے کہ کسی خلیفہ نے ان کو مصاحبت گرمانے کے لئے طلب کیا۔ جب خادم ان کو بلانے کے لئے آیا تو دیکھا کہ ان کے گرد کتابوں کا ایک انبار لگا ہوا ہے اور وہ بیٹھے ہوئے مطالعہ کر رہے ہیں۔ اس نے عرض کی کہ "چلئے آپ کو خلیفہ بلا رہے ہیں"۔ انہوں نے جواب دیا کہ "خلیفہ سے کہہ دو کہ اس وقت میرے پاس کئی حکما بیٹھے ہوئے ہیں اور میں ان سے گفتگو میں مصروف ہوں۔ جب ان سے فارغ ہو جاؤنگا تب حاضر خدمت ہونگا"۔ خدمتگار یہ جواب سُن کر لوٹ گیا اور جا کر خلیفہ سے عرض کر دیا۔ اُس نے دریافت کیا کہ "وہاں کون حکما بیٹھے ہوئے تھے؟" خدمتگار نے کہا "بخدا! وہاں کوئی بھی نہ تھا"۔ اس پر خلیفہ نے غصہ ہو کر فرمایا کہ "جاؤ جس حالت میں بھی ہوں ان کو ابھی ابھی لے آؤ!" چنانچہ جب وہ حاضر ہوئے تو خلیفہ نے پوچھا کہ "وہ کون علما تھے جو آپ کے پاس بیٹھے تھے"۔ انہوں نے جواب دیا۔ امیر المومنین!

لَنَا جُلَسَاءُ مَا نَمَلُّ حَدِيثَهُمْ	ہمارے ایسے ہمجلیس ہیں جنکی باتیں سننے کا ہمیں اشتیاق ہے
اَمِينُونَ مَامُونَ غَيْباً وَمَشْهَدًا	جو غائبانہ اور موجودگی میں امانتدار اور متین ہیں
يُفِيدُونَنَا مِنْ عِلْمِهِمْ عِلْمَ مَا مَضَى	وہ اپنے علم سے قدما کا علم ہم کو پہنچاتے ہیں
وَرَأْياً وَتَادِيباً وَمَجْداً وَسُؤْدُدَا	نیز اپنی رائے ادب و بزرگی
فَإِنْ قُلْتَ امواتٌ فَلَمْ تُعْدُ أَمْرَهُمْ	پس اگر آپ ان کو مردہ کہیں تو آپ اُنکے حال سے بیخبر ہیں
وَإِنْ قُلْتُ احياءٌ فلستُ مفنّدا[1]	اور اگر میں اُن کو زندہ کہا تو میں نے غلطی نہیں کی

خلیفہ سمجھ گیا کہ ان کا اشارہ کتابوں کی طرف ہے چنانچہ اُن پر کوئی مُواخذہ نہیں کیا۔[2]

---

[1] یہ اشعار اصل میں کلثوم بن عمرو العتابی کے ہیں۔ ابن الندیم نے ۴ شعر نقل کئے ہیں اور چوتھا شعر اس طرح لکھا ہے۔ ؎
فان قلت هم احياء لست بكاذب وان قلت هم موتى فلست مفنّدا (الفہرست ص۱۱۶)

[2] الفخری ص۱۳۲،

امام ابن شہاب زہری کو مطالعہ کتب میں اس قدر استغراق تھا کہ وہ دنیوی کاموں کو چھوڑ کر شب و روز کتابوں کا ایک ڈھیر اپنے گرد لگائے رہا کرتے تھے۔ ایک دن ان کی بیوی نے تنگ آکر کہا۔ وَاللّٰہ ھٰذِہٖ اشدُّ علیّ من ثلاثۃ الضرائر : یعنی بخدا یہ کتابیں مجھ پر تین سوکنوں سے زیادہ بھاری ہیں[۱]!

تیسری صدی کے نامور ادیب جاحظ کو کتب بینی کا اس قدر شوق تھا کہ جب تک وہ کسی کتاب کو ختم نہ کرلیتا اس وقت تک ہاتھ سے نہ چھوڑتا۔ بلکہ اس کام کے لئے وہ کتب فروشوں کو کرایہ دے کر ان کی دکانوں پر بیٹھا کرتا تھا[۲]۔ آخر اس سچے عاشق کتب کی موت بھی انہی کتابوں کی بدولت واقع ہوئی۔ ایک دن وہ انہی محبوبان کتب کے جھرمٹ میں بیٹھا ہوا مطالعہ کر رہا تھا کہ وہ تمام کتابیں اچانک اس پر گریں جن کے بوجھ سے دب کر وہ مرگیا[۳]۔

فتح بن خاقان وزیر المتوکل عباسی اپنے موزے کے اوپر کے حصہ میں کتابیں رکھا کرتا تھا جب وہ خلیفہ کے حضور میں بیٹھتا اور خلیفہ قضائے حاجت کے لئے باہر جاتا تو یہ اپنے موزے یا آستین میں سے ایک چھوٹی سی کتاب نکال کر خلیفہ کی واپسی تک مطالعہ کرتا رہتا۔ اور پھر موزہ میں رکھ لیتا یہاں تک کہ بیت الخلاء میں بھی وہ کتابوں کا مطالعہ کرتا رہتا تھا[۴]۔ اسی طرح قاضی اسماعیل بن اسحاق کی نسبت ابن الندیم کا بیان ہے کہ ان کو جب کبھی دیکھا گیا تو اسی حالت میں پایا کہ یا تو وہ کسی کتاب کو اُلٹ پلٹ رہے ہیں، یا اس کو جھاڑ رہے ہیں[۵]۔

ابو سعید السکری جن کے پاس کتابوں کا بہت بڑا ذخیرہ تھا ان کی نسبت یاقوت کا بیان ہے کہ اُنہیں مطالعہ کتب میں اس قدر انہماک تھا کہ لوگوں سے ملاقات کے وقت بھی کتاب ان کے ہاتھ سے نہیں چھوٹتی تھی[۶]۔

۱۔ ابو الفدار، ج ۱ ص ۲۰۳، ۲۔ الفہرست ص ۱۶۹، ۳۔ ابو الفدار ج ۲ ص ۴۷،
۴۔ الفہرست ص ۱۶۹، ۵۔ ایضاً، ۶۔ معجم الادباء ج ۲ ص ۱۳۳،

بعض اربابِ علم کو مطالعۂ کتب کا اس قدر شوق تھا کہ وہ حالت سفر میں بھی اپنا کتبخانہ ساتھ لئے پھرتے تھے۔ چنانچہ یُوہی وزیر صاحب اسمٰعیل بن عباد کی نسبت مشہور ہے کہ وہ حالت سفر میں اپنے ساتھ چار سو اونٹوں کا بوجھ کتابیں ہر وقت ساتھ رکھتا تھا۔ ایک مرتبہ امیر نُوح بن منصور سامانی والیٔ خراسان نے اس کو وزارت کے لئے طلب کیا۔ مگر انہوں نے کئی عذر پیش کئے، منجملہ ان کے ایک عذر یہ بھی تھا کہ میرے پاس اتنا بڑا کتبخانہ ہے جو چار سو اونٹوں پر لادا جا سکتا ہے اور اتنا بوجھ اٹھوا کر میں وہاں آنے سے معذور ہوں۔[1]

اسی طرح اصمعی کی زبانی ابو الفرج اصفہانی بیان کرتا ہے کہ میں نے ابراہیم موصلی سے جبکہ وہ ہارون الرشید کے ساتھ مقام رُحبہ کو گیا ہوا تھا، دریافت کیا کہ تمہارے ساتھ سفر میں کتنی کتابیں ہونگی؟ اُس نے جواب دیا کہ فقط اٹھارہ صندوق ہیں۔ میں نے کہا کیا اس سے بھی زیادہ رکھنے کا ارادہ تھا؟ موصلی نے کہا کہ اگر بوجھ زیادہ ہو جانے کا خوف نہ ہوتا تو میں اس سے کئی گُنا زیادہ کتابیں اپنے ساتھ لیتا۔[2] عربی لغت کی مشہور کتاب قاموس کے مصنّف محمد بن یعقوب الشیرازی فیروز آبادی (المتوفی سنہ ۸۱۷ھ) کتابوں کا ایک بڑا بوجھ ساتھ لئے بغیر سفر نہیں کرتے تھے۔ اثنائے سفر میں جہاں کہیں منزل کرتے وہاں کتابیں نکال کر مطالعہ کرتے۔ پھر جب روانہ ہوتے تو سمیٹ کر رکھ دیتے، اور جب تنگدست ہو جاتے تو ان کو بیچ دیتے۔[3]

بعض اہل علم نے باوجود ترفّہ اور خوش عالی کے عمر بھر شادی نہیں کی نہ گھر بنایا۔ مثلاً قاضی اکرم قفطی وزیر حلب کہ انہوں نے اپنی تمام زندگی مطالعۂ کتب اور تصنیف و تالیف کے لئے وقف کر دی تھی۔ جب وفات کا وقت قریب آیا تو سلطان الناصر فرمانروائے حلب کو تمام کتابوں کے لئے وصیّت کر گئے جن کی قیمت پچاس ہزار تھی۔[4] یہی حالت مشہور جغرافیہ نویس، سیاح اور کتب فروش

---

[1] معجم الادباء ج ۲ ص ۳۱۵،
[2] الاغانی تذکرۂ موصلی
[3] بغیۃ الوعاۃ ص ۱۱۷،
[4] فوات الوفیات ج ۲ ص ۹۷،

یاقوت کی تھی کہ انہوں نے اپنی تمام عمر شوق جمع و مطالعۂ کتب میں صرف کر دی تھی۔ اپنی ضخیم کتاب معجم البلدان لکھ رہے تھے اس اثنار میں مرو الشاہجان چلے گئے وہاں کے کتبخانہ الضمیریہ نے ان کو ایسا گرویدہ کیا کہ اس کی محبت میں انہوں نے اپنی سیر و سیاحت چھوڑ دی اور عرصہ تک بیوی بچوں کو بھلا کر وہاں رہ پڑے۔ اکثر اپنے قیام مرو کے زمانہ میں کسی اعرابی کے یہ اشعار پڑھا کرتے تھے:۔

اقمریۃ الوادی الثی خان إلفھا — تو کوئی فاختۂ صحرا ہے کہ جس کے عاشق نے خیانت کی

من الدھر احداثٌ انت وخطوبُ — یعنی اُسے چھوڑ کر دنیا سے چلا گیا اور دنیا کی آفتیں اور

تعالی أطارحلکِ البُکاءُ فانّنا — مصیبتیں اس پر نازل ہوتی رہیں۔ آ اے قمری! تیری

کِلانا بمرو والشّاھجان غریبُ[1] — گریہ و زاری میں مَیں بھی شریک ہو جاؤں کیونکہ ہم

دونوں مرو شاہجان میں غریب الوطن ہیں۔

بعض اہل دول جنہیں مطالعۂ کتب کا شوق ہوتا تھا وہ اپنے لئے ایسے اہل علم کو ملازم رکھ لیتے تھے جو اُن کو کتابیں پڑھ پڑھ کر سنایا کرے۔ چنانچہ العزیز بن المعزّ العُبیدی والی مصر نے ایک فاضل ادیب ابوالحسن علی بن محمد الشابُشتی (م ۳۹۰ھ) کو اپنے کتبخانہ کا ناظم بنایا اور دفتر خوان (READER) کی خدمت ان کے سپرد کی تاکہ وہ ندیم اور ہمجلیس بن کر اس کو کتابیں سنایا کرے[2]

مندرجۂ بالا واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ لیلائے علم کے یہ دیوانے اور شمع حکمت کے یہ پروانے کس طرح محبوبان کتب کے لئے والہانہ شغف اور محبت کا اظہار کرتے اور کس طرح اپنا جان و مال اُن پر سے نثار کر دیتے تھے۔

ان میں کچھ ایسے بھی تھے جو کتابیں خریدنے یا جمع کرنے کی استطاعت نہ رکھتے تھے چنانچہ بعض فیاض اور سیر چشم بزرگ ایسے تھے جو اُن کی آرزو کو پورا کرتے تھے۔ ابن حمدون نامی ایک

---

[1] معجم البلدان ج ۸ ص ۳۵ — [2] ابن خلکان ج ۱ ص ۱۱۹

چھٹی صدی کے بزرگ تھے جو کتابوں کے بکثرت جمع کرنے والے تھے ۔ علامہ یاقوت حموی سے ایک دن انہوں نے فرمایا کہ میں نے لوگوں کو کتابیں مستعار دینے میں کبھی بخل نہیں کیا اور نہ اُن پر کوئی ضمانت لی ۔ اس کے باوجود مجھے یاد نہیں پڑتا کہ کوئی کتاب اس طرح دی ہوئی آج تک گم ہوئی ہو[1] سچ ہے اَلْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

آج کل کتب فروشوں کا یہ طریقہ ہے کہ وہ کتابیں پڑھنے والوں کو اُجرت پر کتابیں دیا کرتے ہیں ۔ لیکن اگلے زمانہ کے وراق (جن کو موجودہ اصطلاح میں کتب فروش سمجھنا چاہئے) کتابیں مفت دیا کرتے تھے ۔ چنانچہ اس کی متعدد مثالیں پائی جاتی ہیں ۔ مشہور شاعر ابن الرومی ابوبکر السراج نامی وراق سے کتابیں مستعار لایا کرتے تھے ۔ ایک دن اس نے تقاضا کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر اس کا کوئی خریدار ہو تو جلدی سے دے دوں ورنہ اپنے پاس رکھوں[2]

ابوحیان اندلسی کی نسبت کہا جاتا ہے کہ انہوں نے کبھی کتابیں نہیں خریدیں ۔ اس لئے نہیں کہ ان کو ضرورت نہ تھی بلکہ جو کتابیں وہ چاہتے تھے کتبخانوں سے مستعار لے آیا کرتے تھے[3]

---

[1] ۔ معجم الادباء ج ۳ ص ۲۱۰ ،

[2] ۔ رسالۃ الغفران للمعری ص ۱۶۱ ،

[3] ۔ تاریخ ادب العرب از ہیوآر ص ۳۴۱ ،

علامہ شبلیؒ بحیثیت شاعر

(فارسی شاعری)

(از قاضی احمد میاں اختر جوناگڈھی)

[اسی عنوان کے تحت میں ایک مقالہ علامہ شبلی مرحوم کی اُردو شاعری پر الٰہ آباد کی ہندوستانی اکاڈمی کے سالانہ اجلاس منعقدۂ ۱۳ر و ۱۴ر جنوری ۱۹۳۶ء میں پیش کیا گیا تھا ؛ یہ دوسرا مقالہ اُن کی فارسی شاعری پر ادارۂ معارف اسلامیہ لاہور کے اجلاس منعقدۂ ۱۱ر اپریل ۱۹۳۶ء میں پیش کیا جاتا ہے۔ اختر]

بزم را دیدہ کہ از نغمۂ دوشینہ تہی است
شبلی آن زمزمہ را باز ز آغاز گرفت

ہندوستان کے مسلمان فاتحین اکثر ایرانی اور تاتاری تھے اس وجہ سے فارسی زبان ہندوستان میں ان کے ساتھ ساتھ آئی، اور زمانہ دراز تک یہ ملک فارسی زبان کا مرکز بنا رہا مختلف اسلامی حکومتوں کے زیر سرپرستی، خصوصاً مغل بادشاہوں کے عہد زرّیں میں علوم و فنون نے انتہائی قدردانی اور ہمت افزائی کے زیر سایہ نشو و نما پائی۔ اسی کے ساتھ ساتھ فارسی زبان و ادب نے بھی معتد بہ ترقی کی۔ تمام ملک میں فارسی زبان کی تحصیل لازمی سمجھی گئی، اور لوگوں میں زباندانی

اور شعر و ادب کا عام مذاق پیدا ہو گیا، بلکہ علمی زبان کا درجہ فارسی کو نصیب ہوا، حتیٰ کہ ادبیات سے گزر کر دینیات تک اسی زبان میں لکھے جانے لگے۔ مدارس و مکاتب میں فارسی کی کلاسیکل کتابیں درسیات میں پڑھائی جانے لگیں۔ ایران کے مشہور اساتین شعر و ادب کی تصانیف نقل در نقل ہو ہو کر کثرت سے شایع ہونے لگیں حتیٰ کہ خود ہندوستان کے ارباب علم و دانش بھی فارسی زبان میں داد سخن دینے اور اس قند پارسی کی شیرینی سے لذت اندوز ہونے لگے۔ اس طرح ہندوستان میں اس فارسی کی بدولت عجم زندہ ہوتا رہا۔ ایران کے سخنوران گرامی سلاطین مغلیہ کی داد و دہش اور انعام اکرام کا شہرہ سن کر مختلف شہر و دیار سے کھنچ کھنچ کر ہندوستان آنے لگے اور اپنے کمالات شاعری و زباندانی سے خواص و عوام کو بہرہ مند کرتے رہے۔ اہل ایران کے تتبع میں خود ہندوستان کے ادبا و شعرا نے بھی فارسی زبان و ادب کی کچھ کم خدمات انجام نہیں دیں۔ انہوں نے اس میں یہاں تک ترقی کی کہ بعض تو خود اہل زبان سے بھی سبقت لے گئے، اس اعتبار سے دیکھا جائے تو فارسی کی ادبی تاریخ میں اہل ہند نے جو حصہ پیش کیا ہے وہ بہت گرانقدر ہے جس کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ عہد مغلیہ کی دو صدیاں (سولھویں اور سترھویں) گویا شعر و ادب کا ایک طلائی دور تھا جس کو بقول ایک مستشرق کے "بہار ہند" سمجھنا چاہئے۔ خود ہندوستان نے فارسی شاعری میں جو قابل قدر ہستیاں پیدا کیں ان کی فہرست تو بہت طویل ہوگی، تاہم اس سلسلہ میں امیر خسرو، فیضی، بیدل اور غالب کا نام لینا کافی ہوگا جن کے الہامات شعری نے خود اہل ایران کو بھی ششدر بنا دیا۔

یادش بخیر! ہندوستان میں وہ قریبی زمانہ گذرا ہے جبکہ "قند پارسی" کی حلاوت سے کام و دہن لذت یاب تھے۔ جبکہ سوسائٹی کا ہر پڑھا لکھا فرد فارسی شعر و ادب کا دلدادہ نظر آتا تھا، اور اس غیر زبان میں اپنی مادری زبان کی طرح تحریر و تقریر بلکہ شعر گوئی تک پر قادر تھا۔

افسوس کہ وہ بساط دیکھتے ہی دیکھتے اُلٹ گئی اور پچھلی نصف صدی میں فارسی کے ماہرین اور اس کے شعر و ادب کے متوالوں سے ہماری بزم سخن قریب قریب خالی ہوگئی، اور اب اس کا صحیح مذاق رکھنے والے ہندوستان کے طول و عرض میں صرف انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں۔ ایسے زمانہ میں جبکہ فارسی دانی ہندوستان سے رخصت ہو رہی تھی اور اس کا نفس واپسیں تھا، علامہ شبلی پیدا ہوئے۔ ہماری آخری بزم علمی کے مسند نشینوں میں سے یہ ایک تھے، اور ایک فاضل اجل اور جامع الصفات بزرگ تھے، جو مفسر، محدث، فقیہ، متکلم، مؤرخ، ادیب، اور انشاء پرداز ہونے کے ساتھ ہی فارسی زبان کے اعلیٰ درجہ کے نثار اور شاعر بھی تھے۔ اردو شاعری کے میدان میں مولانا ایک نئی شاہراہ کے بانی تھے، لیکن اس تنگ میدان میں ان کو جولانی طبع دکھانے کا موقع نہیں ملا، اس لئے بقول ؎ کچھ اور چاہئے وسعت مرے بیاں کے لئے ان کی شاعری کا اصلی رنگ فارسی میں دیکھنا چاہئے، بقول غالبؔ :-

فارسی بیں تا ببینی نقشہائے رنگ رنگ
بگذر از مجموعۂ اردو کہ بیرنگ منست

اس لئے ہم بھی ان کے اُردو مجموعۂ کلام سے گزر کر خیابان عجم میں ان کی حسین گلکاریوں اور رنگین نقش آرائیوں کو دکھانا چاہتے ہیں، جو اُن کی شاعرانہ قابلیت اور فارسی زباندانی کا طغرائے امتیاز ہیں۔

فارسی شاعری آغاز اور مشقِ سخن

تحصیلاتِ علمیہ کے اثنا میں شعر و سخن کی طرف بھی مولانا کا رُجحان ہو چکا تھا، پھر سوسائٹی اور اہلِ خاندان میں شعر و سخن کے چرچوں نے ان کی طبیعت پر اثر ڈالا، چنانچہ تکمیلِ تعلیم کے بعد ہی دیگر مشاغلِ علمی کے ساتھ ساتھ وہ شعر گوئی کی طرف مائل ہو گئے۔ فارسی ادبیات سے شغف اور اساتذۂ عجم کا کلام بکثرت ازبر ہونے کے علاوہ صحیح وجدان اور فکر رسا نے مولانا کے مذاقِ شاعری کو پختہ کر دیا۔ پھر اس میں مولانا فیض الحسن مرحوم سہارنپوری اور علامہ فاروق چریاکوٹی مغفور ایسے باکمال اساتذہ کے فیضِ صحبت اور مشورۂ سخن نے سونے پر سہاگہ کا کام کیا۔ یہ دونوں بزرگوار اپنے وقت کے صرف اصمعی اور ابو تمام ہی نہیں بلکہ انوری اور سعدی بھی تھے اور عربی و فارسی میں شعر و سخن پر استادانہ قدرت رکھتے تھے۔ چنانچہ علامہ فیض الحسن کی وفات پر مولانا نے جو مرثیہ لکھا ہے اُس میں ان کے اوصاف کا ذکر کرتے ہوئے اس قابلیت کی طرف اشارہ کیا ہے:۔

نگویم من تو خود انصاف دہ تا از کہ می آید — عرب را زندہ کردن تا نگہ از ہندوستاں بودن
بہنجار دری بر جادۂ پیشینیاں رفتن — بآہنگِ حجازی یادگارِ پارساں بودن

علامہ چریاکوٹی کی نسبت خود مولانا کا بیان ہے:۔

"فارسی کا مذاق بھی انہی کا فیض ہے، اکثر اساتذہ کے اشعار پڑھتے اور اُن کے ضمن میں شاعری کے نکتے بتاتے"[1]

---

[1] ۔ الندوہ اکتوبر ۱۹۰۹ء

معلوم ہوتا ہے کہ بعد میں بھی مولانا ان کو اپنا کلام دکھلاتے اور ان سے اصلاح لیتے تھے، چنانچہ ۱۸۸۴ء میں اپنا فارسی کلام جمع کرکے چھپوا رہے تھے اُس وقت اپنے ایک عزیز کو لکھتے ہیں :-

"میں نے حضرت مولوی فاروق صاحب سے عرض کیا تھا کہ میرا فارسی کلام کسی قدر چھاپا جائیگا۔ اس واسطے اگر آپ اس کو دیکھ لیں تو بہتر ہے۔ حضرت موصوف نے منظور فرمالیا ہے، میرے پاس یہاں جو کلام ہے وہ بھیج دونگا۔ مگر فارسی کے نامے اور غزلیں وغیرہ جو تمہارے پاس ہیں نہایت جلد مولانا کے پاس بھیج دو[1]"

بعض حضرات کا خیال تھا کہ مولانا کو خواجہ عزیز الدین عزیز لکھنوی سے تلمذ تھا، لیکن اس کی تردید خود انہوں نے اپنے ایک خط میں کر دی ہے۔ اور خواجہ صاحب سے اپنے دوستانہ روابط کا ذکر کیا ہے[2]

مولانا کی فارسی شاعری کا آغاز ۱۸۷۶ء سے سمجھنا چاہئے جبکہ ہنوز ان کی عمر ۱۸-۱۹ برس سے زائد نہ تھی۔ اسی زمانہ میں حجاز تشریف لے گئے۔ مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ حاضر ہوئے۔ ایک عالم وجد تھا جو عاشق رسول پر طاری تھا۔ اس عالم میں ایک قصیدہ اور ایک قطعہ فارسی زبان میں موزون فرمایا جو سرتاپا شوق و آرزو ہے[3]۔ قصیدہ جو ایک مسمط ہے ان کے ابتدائی زمانہ کے کلام کا نمونہ ہے۔ چند شعر ملاحظہ ہوں :-

یا سائلی عن ذالخبر رحمی کہ امروزم دگر — از دیدہ شد خون جگر وز دود آہِ بے اثر
آید جہانم در نظر از بخت خود ہم تیرہ تر — تا کے تواں کردن بسر آتش زدہ در جان و تن
عالم ہمہ خاکِ رہش قصر فلک عشرت گہش — ویں بارگاہِ نہ تہش گشتہ کمینہ خرگہش
گیتی اگر ہفت و نہش باشد غبارِ درگہش — در جلوۂ نورِ مہش روشن شد ایں نہ انجمن

---

[1] - مکاتیب شبلی ج ۱ ص ۶۸ - ص ۶۹،
[2] - ایضاً ج ۱ ص ۳۴۱،
[3] - سیر المصنفین جلد ۲ ص ۴۰۵، یہ قصیدہ اور قطعہ برگ گل صفحات ۱۷ تا ۱۹ اور ۲۴ پر موجود ہیں +

معلوم ہوتا ہے کہ مولانا پہلے تسنیم تخلص فرماتے تھے چنانچہ ان کے مجموعۂ کلام برگ گل میں آغاز شباب کا کلام آخر میں درج کیا گیا ہے اس میں ایک غزل کا مقطع یہ ہے :-

کجا دربار گاہش بار بخشند چو تسنیم غریب بے نوا را

اس شعر پر یہ نوٹ لکھا ہوا ہے کہ " اوّل تخلص بہ تسنیم می کرد "۔ اسی طرح ایک غزل میں نعمانی تخلص اختیار کیا ہے :-

بر سر کوی تو نعمانی آشفتہ و زار شاد بگشتہ و ترسم کہ حزیں می باشد

لیکن اس کے بعد سے وہ ہمیشہ اپنا تخلص شبلی ہی لکھتے رہے ،

مولانا جب تک وطن میں رہے دیگر مشاغل ادبی کے ساتھ مشق سخن کا سلسلہ بھی برابر جاری رہا مگر اس اثنار میں انہوں نے فارسی میں بہت کم لکھا ، جیسا کہ ان کے ابتدائی زمانہ کے کلام موجودہ کلیات سے ظاہر ہوتا ہے ، اگرچہ ان کا بعض کلام ضایع ہو چکا ہے ۔ ۱۸۸۲ء میں جب وہ علی گڑھ کالج میں پروفیسر مقرر ہوئے تو وہاں بھی شعر و سخن کا مشغلہ ان کا مونس و دمساز تھا ۔ قیام علی گڑھ کے زمانہ میں وہ اکثر اردو اور فارسی میں مشق سخن کرتے رہے ہیں جیسا کہ ان کے بعض مکاتیب سے ظاہر ہوتا ہے ۔ چنانچہ اپنے ایک عزیز شاگرد کو لکھتے ہیں :-

" ان دنوں میں نے ایک واسوخت لکھا ہے ۔ مجھے خود حیرت ہے کہ میں کیونکر اس کو لکھ سکا ہوں ۔ واقعی نہایت پُر درد ہے ۔ واسوخت فارسی کے پندرہ بند ہیں یعنی ۷۵ شعر اور اسی قدر نامۂ اردو کے ۔ حضرت استاد نے بھی واسوخت کو نہایت پسند کیا ۔ میرا قصد تھا کہ صرف واسوخت اور نامہ سردست چھپ جائے "[1]

---

[1] ۔ مکاتیب ج ۱ ص ۶۵ ۔ ص ۶۹

افسوس ہے کہ واسوخت اور اردو نامہ دونوں سے ہم محروم ہیں، ورنہ ان سے مولانا کے ابتدائی زورِ کلام اور طرزِ سخن کا اندازہ ہو سکتا۔

اِسی طرح ایک اور خط میں رقمطراز ہیں :-

"اُن دنوں غزلیں بہ تتبع علی حزیں لکھی گئی ہیں اور دلچسپ ہیں، افسوس ہے کہ گھر پر نہ لکھ سکونگا۔ یہاں کچھ سامان پیدا ہو گئے ہیں اگرچہ ضعیف ہیں[1]"

اُسی زمانہ میں شیخ علی حزیں کی غزل پر مولانا نے ایک غزل لکھی تھی، اس کے متعلق ایک واقعہ انہوں نے لکھا ہے جو ان کے ابتدائی دور شاعری سے متعلق ہونے کے لحاظ سے ہم یہاں اس کو خود مولانا کی زبانی نقل کرتے ہیں، فرماتے ہیں :-

"چہ کنم کی ردیف کی غزل پر یہاں ایک لطیفہ ہوا۔ چند لڑکوں نے کہا کہ استاد (علی حزیں) کی غزل پر غزل لکھنی اس سے کیا حاصل ؎ ہمتائے فلک نہ ہوگا بادل میں نے کہا ؎ دریا نہیں کاربند ساقی۔ غرض میری اور علی حزیں کی غزل خواجہ عزیز الدین صاحب عزیز مصنف قیصر نامہ اور نیّر دہلوی کے پاس بغرض محاکمہ ارسال کی گئی × × × دونوں نے تسلیم کیا کہ اہلِ زبان کا کلام ہے۔ نیّر نے تو بہت تعریف لکھی اور لکھا کہ سلف کے کلام کے ہم پلّہ ہے۔ دونوں صاحبوں کا خط میں نے رکھ چھوڑا ہے۔ خط میں یہ نہیں ظاہر کیا گیا تھا کہ یہ غزلیں کس کی تصنیف ہیں، بلکہ اسی لئے دونوں مقطع اڑا دئے تھے"[2]

اس تحریر سے جہاں مولانا کے مشقِ سخن کا حال معلوم ہوتا ہے وہاں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس ابتدائی دور میں بھی ان کو فارسی شعر و سخن پر خاصی قدرت حاصل تھی،

---

[1] مکاتیب ج ۱ ص ۲۷ ، [2] مکاتیب ج ۱ ص ۲۷

ایک اور خط میں لکھتے ہیں :-

سنئے ایک بہاریہ قصید لکھنا شروع کیا تھا۔ اگرچہ ابھی صرف ۲۷ شعر ہوئے مگر امید سے بڑھ کر ہوئے۔ غالباً غالب سے کم رتبہ کا نہ ہو "[1]

یہ وہی بہاریہ قصیدہ ہے جو ناتمام رہا اور صرف اس کے ۱۸ اشعار ان کے کلیات میں پائے جاتے ہیں۔ یہ قصیدہ مرزا غالب کی ردیف و قافیہ میں[2] لکھا گیا ہے جس کا مطلع یہ ہے :-

دوش ایں مژدہ بگوشِ گل و ریحاں آمد　　کہ بہار آمد و بسیار بساماں آمد

معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں مولانا اپنے کلام میں تغیر و تبدل کے ساتھ اپنے اشعار کو گھٹاتے بڑھاتے رہتے تھے۔ چنانچہ اپنے عیدیہ قصیدہ کے متعلق جو ان کی کلیات میں سب سے پہلے درج ہے، اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں :-

"میں نے عیدیہ قصیدہ میں آجکل ایک تقریب سے کچھ تغیر کیا ہے، کوئی ۲۶ شعر بڑھا دئے ہیں، مگر اتنے ہی اصل سے نکال بھی دئے، واقعی یہ شعر جو بڑھائے گئے بلند پایہ ہیں[3]"

علی گڑھ کالج میں خاص خاص تقریبات پر مولانا کو نظمیں لکھنے کا موقعہ ملتا رہا۔ چنانچہ ۱۸۸۶ء میں خلیفہ محمد حسین صاحب وزیر پٹیالہ کی تشریف آوری کے موقعہ پر سید محمود صاحب کی فرمائش سے مولانا نے چند بند فارسی میں لکھے جو کھانے کے بعد پڑھے گئے، پہلا بند یہ ہے

ای دل ایں مایہ انتظار کہ بود　　آخر ایں مستی از خمار کہ بود
چشم شوقت بر رہگذار کہ بود　　ہوس سرمۂ غبار کہ بود

---

[1] ۔ مکاتیب ج ۱ ص ۸۴ ۔

[2] ۔ مرزا کا یہ قصیدہ نمبر ۸۷ ان کی کلیات نظم صفحہ ۳۳۳ پر موجود ہے اس کا مطلع یہ ہے :-
عید اضحی بسر آغاز زمستاں آمد　　وقت آراستن حجرہ و ایوان آمد

[3] ۔ مکاتیب ج ۱ ص ۹۷ ،

ایں بیں خانہ جلوہ گاہِ کہ است
پردۂ دیدہ فرشِ راہ کہ است

اس نظم کے متعلق خود مولانا کا بیان ہے کہ جب یہ پڑھی گئی تو "عجب سماں بندھ گیا" تمام حضّارِ مجلس حقیقت میں بیتاب ہو گئے۔ سید محمود صاحب اُٹھ اُٹھ کر ہر بند کو کئی کئی بار پڑھواتے تھے۔ وزیر صاحب نے بڑھ کر کہا افسوس ہے کہ ان شعروں میں آپ نے میرا ذکر کیا ہے ورنہ میں اس کی داد دیتا[1]"

قیام علی گڑھ کے زمانہ میں تعلیمی ملازمت کے ساتھ ہی کچھ ایسے دلچسپ اسباب فراہم ہو گئے تھے کہ شعر و سخن کے لئے یہ اسلامی ادبستان بہت سازگار ثابت ہوا۔ اہل علم اساتذہ کی صحبت، نامور اہل علم و فن کا ورود، اور خود سرسید مرحوم ایسے مس کو کیمیا بنانے والے بزرگ کی معیت، پھر سخن شناسانہ تحسین اور منصفانہ داد شاعر کی حوصلہ افزائی میں بہت مددگار ثابت ہوئے۔ کالج کی پُرسکوت فضاء اور تنہائی نے شعر و سخن کا پورا موقعہ دیا تھا، جس کا تذکرہ مولانا نے اپنے مکاتیب میں کیا ہے[2]، بعض اوقات مقامی شعراء اور ارباب سخن سے ملاقاتیں رہتی تھیں اور شعر و سخن کا تبادلہ ہوتا رہتا تھا۔ اس کے متعلق مولانا رقمطراز ہیں:-

"میرے مکان سے متصل خواجہ محمد یوسف کا مکان ہے اور وہیں ایک شاعر مشہور جو سارے شہر کے استاد اور واقعی سخن سنج اردو ہیں رہتے ہیں مجھ سے اکثر ملتے ہیں اور قیسؔ تخلص کرتے ہیں"

"میر اکبر حسین صاحب منصف سے تو خوب چھنتی ہے۔ میرے فارسی اشعار بھی انہوں نے سُنے اور داد دی۔ مدرسے کے لڑکے بھی میری جماعت کے مہذب اور سخن فہم ہیں"

[1] مکاتیب ج ۱ ص ۷۹۔ ص ۸۰، [2] مکاتیب ج ۱ ص ۵۳

غرضکہ ایسے علمی ماحول اور ادبی فضا میں مولانا کی شاعری پرورش پاتی رہی اور ان کا ذوق سخن ترقی کرتا رہا۔ لیکن ایک خاص بات جو مولانا کو دوسرے پیشہ ور شاعروں سے ممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ فطرتاً شاعر تھے اور جیسا کہ ہم آگے چل کر بیان کرینگے خود مولانا بھی شاعری کو اپنا وظیفۂ طبعی سمجھتے تھے اور باوجود کثرت اشغال اور علمی مصروفیتوں میں گھرے رہنے کے بھی ان کی شعر گوئی کا مشغلہ بھی پہلو بہ پہلو جاری رہتا تھا۔

مولانا نے طبیعت بھی بہت حساس اور اثر پذیر پائی تھی۔ اور یہ ان کی شاعرانہ طبیعت کا تقاضا تھا کہ ہر واقعہ سے بیحد متأثر ہوتے تھے۔ ان کی زندگی کا سخت واقعہ ان کے ایک پاؤں کا بندوق سے اُڑجانا تھا۔ شعر العجم تصنیف ہو رہی تھی، شاہنامہ پر ریویو لکھتے ہوئے فردوسی کے اشعار ذیل زیر رقم تھے :۔

بروز نبرد آن یلِ ارجمند　　بہ تیغ و بہ تیر و بگرز و کمند
بر ید و درید و شکست و ببست　　یلان را سر و سینہ و پا و دست

اس اثنا میں زنانہ میں تخت پر آکر بیٹھے، اتفاقیہ بندوق سر ہوگئی اور مولانا کا پاؤں نشانہ بن گیا، اور زانو سے نیچے قریباً سارا پاؤں اُڑگیا۔ بقول مولانا شروانی "مردان جنگ آزما جس تمنا میں ساری عمر رہتے ہیں وہ ان کو گھر بیٹھے مل گئی"

قسمت نگر کہ کشتۂ شمشیر عشق یافت　　مرگے کہ زندگاں بدعا آرزو کنند!

اہل علم کی زندگی کا ہر پہلو علمی دلچسپی کا سامان بن جاتا ہے۔ یہ حادثہ بھی بہت سے ادبی نکات و لطائف کا باعث ہوگیا۔ چنانچہ اس کا ذکر ایک معنی خیز انداز میں کرتے ہوئے فرماتے ہیں :۔

حالت از گردش ایام اگر گشت بتر　　صبر فرما کہ ازیں نیز بتر می بایست

شبلی نامہ سیہ را بجز اے عملش پا بریدند و صدا خاست کہ سرمی باید

اس حادثہ کے موقعہ پر مولانا کے احباب اور قدرشناسوں نے مختلف قطعات اور رباعیات فارسی اور اردو میں لکھ کر مولانا کی خدمت میں بھیجے تھے جن میں لنگ کی رعایت سے شاعرانہ لطائف نظم کئے گئے تھے۔ لکھنے والوں میں خواجہ عزیز، مولوی اقبال احمد سہیل، نواب علی حسن خاں وغیرہ تھے۔ خود مولانا کے استاد علامہ چریاکوٹی نے بھی چند شعر مثنوی میں لکھ کر بھیجے۔ نیز مولانا حالی نے ایک رباعی بھیج کر اپنے تئیں مولانا کے ہواخواہوں کے زمرہ میں شامل کیا تھا۔

اس سلسلہ میں سفر کشمیر کا واقعہ بھی قابل ذکر ہے۔ ہر سال گرمیوں میں مولانا اکثر سرد مقامات پر چلے جاتے تھے۔ چنانچہ ۱۸۸۴ء میں گرمیاں بسر کرنے کے لئے وہ کشمیر تشریف لے گئے۔ وہ کشمیر جنت نظیر جہاں بقول عرفی "مرغ کباب" کے بھی بال و پر نکل آتے ہیں، مولانا کے حق میں مضر صحت ثابت ہوا، اور اس بلبل ہند کو وہاں کے بخار نے سوختہ جان کر دیا۔ چنانچہ یہ سفر "قصیدۂ کشمیریہ" کا باعث ہوا جو مولانا کے کلیات میں شامل اور ان کی ابتدائی عہد کی قادر الکلامی کا بیّن ثبوت ہے، کشمیر کی پُر بہار وادی اور وہاں کی دلکشا نزہت گاہوں اور دل آویز نظاروں کا نقشہ شاعر کے موئے قلم نے اس طرح کھینچا ہے:-

بسکہ جوشید زہر سوی گل و لالہ بدشت از کراں تا بہ کراں روی زمیں ناپیداست
ہیچ جائے ز گل و لالہ تہی نتواں یافت پائے دیوار اگر ہست و گر سقف سراست
جادہ را خود ز خیاباں نتواں کرد تمیز بسکہ گل صف زدہ سر تا سر او از چپ و راست
جام گلرنگ کہ در بزم بآئیں چینند ہم بدان گونہ گل از پہلوئی گل جلوہ نماست
نقشبند چمن طبع ز تردستیٔ فیض دشت را ہم ز گل و لالہ و شمشاد آراست
سبزہ بر کوہ فرو ریختہ از سر تا بن یا قبائیست کہ بر قامت شخص آید راست

راہرو راند بدل کہ نہد گام براہ — بسکہ بر ہر قدمش لالہ و گل در تہ پاست
دیدۂ طفل کہ بر دامن مادر غلطد — جنبش باد بدانگونہ بروی صحراست
گل بہ ہر شاخ ز برگ است فزوں تر گوئی — ہمہ بر گل بفزود آنچہ کہ از برگ بکاست
سرو اگر پاے بدامن نکشد خود چہ کند — زانکہ از جوش گل و لالہ چمن تنگ فضاست
آبگیرے کہ بشہر است و بود نامش ڈل — گوئیا آئینہ در دست عروسے زیباست
شالمار است و نشاط است و نگین است و نسیم — باغہائے کہ بہ پیرامن ڈل غالیہ ساست
شالمار است ازاں جملہ فزوں تر بجمال — کہ چو نہ چرخ طبق بر طبق و تا بر تاست
آب بالائے زمیں باشد و اینجا بینی — کہ زمیں بر سر آبست و ہمان پا برجاست
در بن آب دمد سبزہ و نیلوفر و گل — قوت نامیہ بنگر ز کجا تا بکجاست

علی گڑھ کالج میں مولانا ۱۸۹۷ء تک رہے۔ سرسیدؒ کی وفات کے بعد کالج کے حالات میں بہت کچھ تبدیلیاں واقع ہوئیں، اور حالات کچھ ایسے ناقابل برداشت ہو گئے کہ مولانا ملازمت کو ترک کر کے وطن چلے آئے۔ پھر کچھ عرصہ تک انجمن ترقی اردو کے ناظم کی حیثیت سے حیدرآباد میں رہے، وہاں صیغۂ تصنیف و تالیف قائم کیا۔ اسی اثنار جبکہ وہ حیدرآباد میں ناظم علوم و فنون تھے انہوں نے ایک مشرقی یونیورسٹی کا نظام بھی مرتب کیا تھا۔ اس کے بعد انہوں نے ندوۃ العلماء کی بنیاد ڈالی۔ اس تحریک کی وہ روح رواں تھے۔ اگرچہ ندوہ کے قیام نے نیز علمی کتابوں کی تصنیف نے مولانا کو ایک مدت تک شعر و شاعری سے باز رکھا، لیکن خاص خاص مواقع پر اس کا ظہور ہوتا رہا۔ ندوہ کے سالانہ جلسوں میں جو پُرجوش اور شاندار قصائد اور نظمیں پڑھی گئیں وہ زیادہ تر فارسی زبان میں تھیں۔ اگرچہ ندوہ کا میدان شعر و سخن کے لئے تنگ

تھا تاہم فطری جذبات کبھی کبھی شعر و سخن کے مذاق کو ابھارتے رہتے تھے۔ اس کشمکش سے بعض مرتبہ تنگ آجاتے تھے، چنانچہ ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں :۔

"ندوہ کی جھنجھٹ اور شاعری ساتھ چلنے کی چیزیں نہیں ہیں۔ لیکن بہرحال چارہ بھی نہیں۔ ندوہ فرض مذہبی ہے اور شاعری فرض طبعی۔ کس کو چھوڑوں پھر اُنہیں پر موقوف نہیں 'یک دل و ہزار سودا' خیر بہرحال گذر جاتی ہے"[1]

یہ واقعہ ہے کہ شاعری کا شوق مولانا کو اوائل عہد سے تھا جو بتدریج ترقی کرتا رہا۔ اگرچہ قومی اور علمی مشاغل اس پر غالب آگئے لیکن ان مصروفیتوں کے باوجود بھی ذوق شاعری جو ابتدا سے طبیعت میں رچا ہوا تھا ان سے شعر لکھوا کر رہتا تھا۔ شعر العجم دراصل اسی شاعرانہ ذوق و شوق کی یادگار ہے۔ فلسفہ و کلام اور تاریخ و سیر ایسے خشک موضوعات کے ساتھ ساتھ ادبیات کا ظہور تمامتر اسی رنگ طبیعت کا نتیجہ تھا۔ چنانچہ ایک خط میں مولانا حمید الدین مرحوم کو لکھتے ہیں :۔

"میں ایک کتاب شعر العجم لکھنی چاہتا ہوں، گو فرصت نہیں لیکن بچپن سے آج تک کا مذاق ضائع کرنے کو جی نہیں چاہتا"[2]

اسی طرح اپنے عزیز دوست مہدی حسن مرحوم کو لکھتے ہیں :۔

"ندوہ میں رہ کر تصنیف سے قریباً معذور ہو گیا تھا، اس لئے میں نے تین مہینہ کی رخصت لی کہ اطمینان سے شعر العجم کو پورا کر دوں۔

بلا سے گو مژۂ یار تشنۂ خوں ہے رکھوں کچھ اپنی بھی مژگاں خونفشاں کیلئے"[3]

---

[1] مکاتیب ج ۱ ص ۱۳۲،
[2] مکاتیب ج ۲ ص ۲۲،
[3] مکاتیب ج ۲ ص ۲۱۳

ان تحریرات سے ثابت ہوتا ہے کہ شعر و شاعری مولانا کا ذاتی اور طبعی شوق تھا جس کو وہ ہر حالت میں پورا کرتے رہے ہیں، اور جو دیگر غالب مصروفیات کے باعث رُکا رہتا تھا۔

مولانا کا کلیات فارسی دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک زمانہ تک قصائد، نظمیں، قطعات، ترکیب بند، مثنویات، مرثیے وغیرہ لکھتے رہے، جن میں سے بعض فرمائشی بعض موقعہ کی رعایت سے اور بعض دلی جذبات کی تحریک سے لکھے گئے ہیں، لیکن مولانا کی فارسی شاعری کے اصلی جوہر غزل میں کھلتے ہیں جس کی نسبت ہمارے ایک مشہور ادیب کا یہ فقرہ یاد رکھنے کے قابل ہے :-

"دوسری طرف شبلی کی جرأتِ رندانہ برسرکار آئی اور علم و فضل کے خزانے ایک وجدانِ حقیقی پر قربان کئے جانے لگے۔ اس جرأت رندانہ کا اشارہ مولانا کے اس شعر کی طرف ہے :-

کنار و بوس او یک جرأت رندانہ می خواہم ازو ناکامی ما ہم زما بودہ است دانستم[1]"

اگرچہ ابتدا میں کچھ غزلیں بھی انہوں نے لکھیں جو ان کے دیوان کے آخر میں مکمل اور ناتمام چھپ گئی ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کے تغزل کا اصلی دور ۱۹۰۶ء سے شروع ہوتا ہے جو کہنے کو تو ۱۹۱۳ء تک قائم رہا لیکن صحیح یہ ہے کہ ۱۹۰۹ء کے بعد سے ختم ہوگیا۔ اس کی تفصیل آگے آئیگی۔ ان حالات کے ماتحت مولانا کی شاعری کے تین دَور قائم کئے جا سکتے ہیں :-

پہلا دَور — ۱۸۷۶ء سے لے کر ۱۸۹۶ء تک کا جب تک کہ وہ علی گڑھ کالج میں رہے،

---

[1] ۔ رسالہ جامعہ جولائی۔ اگست ۱۹۲۴ء "اردو زبان کی قومی شاعری" از قاضی عبدالغفار صاحب

دُوسرا دور ــــ ۱۸۹۶ء سے لے کر ۱۹۰۵ء تک کا جبکہ وہ حیدرآباد میں تصنیف و تالیف کے اہم علمی کاموں اور ندوہ کی کارروائیوں وغیرہ میں ہمہ تن مصروف رہے،

تیسرا دَور ــــ ۱۹۰۶ء سے لے کر ۱۹۱۳ء تک

ان ادوار ثلثہ کی تقسیم اس لئے کی گئی ہے کہ ان میں مولانا کی شاعری کا رنگ مختلف رہا ہے۔ زورِ سخن اور آمد کے لحاظ سے ابتدائی اور آخری دور بڑھ کر ہے۔ دورِ اوسط اس لحاظ سے بھی اہم نہیں ہے کہ اس عرصہ میں مولانا نے شعر و سخن کی طرف بہت کم توجہ کی۔ ابن مُقلہ کا قول ہے کہ الشعر تطرِیباً لا تطلُّباً یعنی تفریح طبع کے لئے شعر کہنا چاہئے نہ کہ حصول زر کے لئے۔ اس اصول کے مطابق مولانا نے شاعری کو کبھی پیشہ نہیں بنایا۔ جو کچھ کہا اپنے جذبات کی رعایت سے کہا۔ خود بھی فرماتے ہیں :-

"میں نہ شاعر ہوں نہ میں نے کسی شاعر سے اصلاح لی ہے۔ یہ جو کبھی کبھی موزوں کرلیتا ہوں یہ شاعری نہیں، تفریح طبع ہے"[1]

مختلف اصناف سخن

فن شعر میں مولانا کی دسترس اور قادر الکلامی کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ انہوں نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ قصیدہ، مثنوی، ترکیب بند، مرثیہ، غزل، قطعہ اور

---

[1] مکاتیب ج ۱ ص ۳۴۱

رباعی، ان تمام اصناف میں انہوں نے شعر کہے ہیں، اور اصولِ فن کا سررشتہ کہیں ہاتھ سے نہیں چھوٹا، اگرچہ ہر صنف میں استادانہ اور مجتہدانہ شان دکھائی ہے، لیکن مثنوی سے بہتر وہ قصیدہ کہتے ہیں، اور قصیدہ سے بڑھ کر غزل، مولانا کوئی پیشہ ور شاعر نہ تھے، نہ ان کی عالی حوصلگی اور بلند فطرت نے کبھی مداحی کو جائز رکھا۔ اس لحاظ سے چند قصائد جو اُن کے کلیات میں پائے جاتے ہیں، ایک حضور نظام کے قصیدۂ تہنیت کے سوا، تمامتر مقررہ موضوعات پر لکھے گئے ہیں، ایک اور مختصر قصیدۂ تشکر رئیسہ بھوپال (مرحومہ) کی مدح میں لکھا ہے اور گو اس میں شاعرانہ مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا، بایں ہمہ مقطع میں فرماتے ہیں :-

شبلی غمزدہ را مدح شہاں شیوہ نبود　　لیک لطفت ہمہ را بندۂ احساں کردہ است

جہاں تک بحر، قافیہ اور ردیف کا تعلق ہے، قصیدے تمامتر غالب کی زمینوں میں لکھے گئے ہیں، جو زبان اور زور بیان کے لحاظ سے کلاسیکل شان رکھتے ہیں، مگر غالب کی سی معنوی بلند پروازی، اور جدت مضامین ان میں تلاش کرنا بیکار ہے۔ بہرحال ان میں قصیدہ بہاریہ (ناتمام) خوب ہے جس کے غالب سے کم رتبہ نہ ہونے کا خود مولانا دعویٰ کر چکے ہیں، اس کا مقابلہ غالب کی تشبیب سے کرتے ہیں تو مولانا کا یہ دعویٰ ہمیں ایک حد تک بجا معلوم ہوتا ہے۔ ترکیب بند میں مولانا اپنے خاص اسلوب بیان کے ساتھ حکیمانہ خیالات اور شاعرانہ جذبات کو ملا دیتے ہیں، جس کی وجہ سے پوری نظم شاندار اور مرصع معلوم ہوتی ہے۔ میرے خیال میں ندوۃ العلما کے سالانہ جلسہ منعقدہ امرت سر ۱۹۰۲ء میں انہوں نے جو ترکیب بند پڑھا تھا وہ اس صنف میں ان کا ایک شاہکار ہے۔ ذرا اُٹھان ملاحظہ ہو :-

ایکہ پرسی چہ کسانیم و چہ سامان داریم　　آنچہ با ہیچ نیرزد بجہان آن داریم
مانہ آنیم کہ دہیم سکندر طلسیم　　مانہ آنیم کہ او رنگ سلیمان داریم

مانہ آنیم کہ بر شیوۂ ارباب حشم روی در راہے بدر دولت سلطاں داریم
مانہ آنیم کہ با حاجب و دربان باشیم مانہ آنیم کہ بام و در و ایوان داریم
مانہ آنیم کہ با مسند و بالیں ازیم مانہ آنیم کہ سر داب و شبستاں داریم

مثنویات میں ان کی وہ مثنوی خوب ہے جس میں اپنے ایک دوست کی زبانی قدیم طرز سخن پر اعتراض کرتے ہوئے شاعری میں جدید طرز اختیار کرنے کے متعلق فرماتے ہیں :-

زیں بساطِ کہن چو برخیزم پیکر تازۂ بر انگیزم
رسم دیرینہ را براندازم در سخن طرحِ دیگر اندازم
بدمم خلق را فسون دگر کردہ ام ساز را غنون دگر
تا بسنجی کہ با کمال سخن تنگیٔ نیست در مجال سخن
ایں روش گر قبول دوست نبود می تواں جادۂ دگر پیمود

شاعری نہ ہمیں سخن سازیست
کہ دریں پردہ گونہ گوں بازیست

مولانا کے کلیات میں کل پانچ مرثیے ہیں، جن میں ان کے استاذ مولانا فیض الحسن مرحوم کا مرثیہ فن اور جذبات کے لحاظ سے بہترین ہے۔ یہ ایک ترجیع بند ہے جس میں ۳ بند ہیں۔ پہلے بند میں اپنے رنج و ملال کا اظہار کیا ہے، دوسرے میں متوفی کی صفات کا بیان ہے، اس میں مندرجہ ذیل اشعار خوب نکلے ہیں :-

چو در دل داشتی آخر زیاران برکران بودن دو سہ روزی دگر بایستی آخر میہمان بودن
خود این را سہل می گیریم کز ما دامن افشاندی بحال فن ہمی بایست آخر مہربان بودن
نگویم من تو خود انصاف دہ تا از کہ می آید عرب را زندہ کردن وانگہ از ہندوستان بودن

نوآئین نکتہا دایزدی فرمان نشان دادن　　بکشف راز دین روح القدس را ترجمان بودن
بہنجار وری بر جادۂ پیشینیان رفتن　　بآہنگ حجازی یادگار پاستان بودن
نگیرین از کجا سنجند لطفِ طبع رنگینت　　بنافہماں ندانم چوں پسندی ہمزبان بودن

خاص کر آخری شعر بہت دلچسپ ہے جو مرزا غالب کے مرثیہ عارف کے اس شعر کو یاد دلاتا ہے :-

تم ایسے کہاں کے تھے کھرے داد وستد کے　　کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور

کلیات شبلی میں جتنے مرثئے ہیں وہ سب ۱۸۸۵ء کے بعد کے ہیں۔ لیکن مولانا کے ایک خط سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ۱۸۸۱ء میں کوئی مرثیہ لکھا تھا جو غالباً ان کے اور کلام کی طرح ناپید ہوگیا۔ اس کے متعلق اپنے ایک شاگرد کو لکھتے ہیں :-

"مرثیہ (جو تم بھی دیکھ چکے ہوگے) لوگوں نے اس کی فارسی دیکھی ہے از بس پسند فرمائی ہے۔ میر اکبر حسین صاحب بھی ان میں داخل ہیں"۔ [۱]

غزل کے میدان میں مولانا ایک خاص شان سے یکہ تاز ہوئے ہیں۔ اگرچہ انہوں نے بمشکل سو غزلیں لکھی ہیں، لیکن اس محدود پیرایۂ بیان میں بھی انہوں نے جس جامعیت، حسن بیان اور رنگینی کے ساتھ جذبات کا اظہار کیا ہے وہ اس فن میں ان کو ہندوستان کے ممتاز غزلسراؤں کی صف میں کھڑا کر دیتا ہے۔ بہ نسبت دیگر اصناف سخن کے چونکہ غزل میں مولانا کی شاعری کا جوہر زیادہ چمکا ہے اس لئے ہم ان کی غزلسرائی کے متعلق ذرا تفصیل سے لکھنا چاہتے ہیں، اور اس کے لئے "شبلی اور غزل" کا ایک مستقل عنوان قائم کرتے ہیں +

[۱] - مکاتیب ج ۱ ص ۵۲

شبلی اور غزل

ہندوستان آنے والے شعرائے ایران کا اسکول جن میں عرفی شیرازی، نظیری نیشاپوری، ظہوری ترشیزی، صائب اصفہانی، ابوطالب کلیم اور حاجی حزین خاص طور سے قابل ذکر ہیں، اس آخری سکول کے متبعین میں وہ ہندوستانی شعرا ہیں جنہوں نے نہ صرف فن شعر خصوصاً اس کی ایک صنف غزل میں کمال حاصل کیا، بلکہ ان میں سے بعض تو خود شعرائے عجم سے سبقت لے گئے؛ چنانچہ فیضی، ناصر علی، بیدل اور غالب ہندوستانی شعراء میں خاص طور پر مشہور ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ غالب پر فارسی غزلگوئی کا خاتمہ ہوگیا، لیکن زمانۂ غدر کے بعد ہندوستان کے فارسی شعراء جو غزل گوئی میں مشہور ہوئے ان میں علامہ شبلی ایک ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ اگرچہ وہ ہندوستانی سکول ہی کے ایک مقلد و متبع کہے جاسکتے ہیں، لیکن غزل میں جس حسن بیان، لطیف طرز ادا، روزمرہ اور قادر الکلامی کے ساتھ جو معنی آفرینیاں انہوں نے کی ہیں وہ یقیناً ان کو اپنے دیگر معاصرین میں ایک خاص وقعت اور امتیاز کا مستحق ٹھیراتی ہیں۔

اگرچہ مولانا نے ابتداءً اپنے عالمانہ وقار کو قائم رکھنے کے خیال سے نیز غزل کی مبتذل روش سے احتراز کرتے ہوئے غزلیہ اشعار بہت کم کہے ہیں، اور غالباً ۱۸۸۷ء سے لے کر ۱۹۰۵ء تک غزل کہنے کا ان کو اتفاق ہی نہیں ہوا[1]، لیکن ان کی شاعری کا آخری دور غزلسرائی کے لحاظ سے بہت یادگار رہیگا کہ اس دور میں انہوں نے غزل کے میدان میں مردانہ وار قدم رکھا، اور بقول ادیب شہیر "ان کی 'جرأت رندانہ' برسرکار آئی اور علمیت و تبحر کے سارے خزانے ایک وجدان حقیقی پر قربان کئے جانے لگے"، اس غزلسرائی کی بدولت

[1] مکاتیب ج ۲ صـ ۲۰۷

یاروں نے عاشقی کی تہمت لگائی، چنانچہ فرماتے ہیں :

شبلیا نابلد کوچۂ عشقیم ولی　　دوستاں تہمتِ ایں شیوہ بمانیز کنند

لیکن اس کے جواب میں خود مولانا کا یہ مقطع بھی پیش کیا جا سکتا ہے :-

ہر چند غلط نیست کہ شبلی دل و دیں باخت　　ایں حرف ولی مصلحت آمیز نبودہ است

مولانا حسرت کا جواب بھی سننے سے تعلق رکھتا ہے، فرماتے ہیں :-

"علامہ شبلی انکار کئے جائیں لیکن ہم کو تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس شیوۂ دلپذیر کو وہ تہمت دوستاں، سے تعبیر کرتے ہیں اس سے ان کی شاعرانہ طبیعت بہرۂ وافر رکھتی ہے۔ اگر ثبوت کی ضرورت ہو تو مندرجۂ ذیل اشعار ملاحظہ ہوں :-

گردم از مدحت شیراز و صفاہاں زدہ ام　　شرم بادم کہ نواہای پریشاں زدہ ام

بمئی بود مرا منزل مقصود و عبث　　پیش ازیں گام طلب در رہ جاناں زدہ ام

اندکی نیز بکامِ دل خود ہیں باشم　　روزگاری چو دم از دانش عرفاں زدہ ام

چند در پردہ تواں کرد سخن فاش بگو　　سنگ بر شیشۂ تقویٰ زدہ ام ہاں زدہ ام

جامۂ زہد چو بر قامتِ من راست نبود　　شیشۂ تقوی سی سالہ بسنداں زدہ ام

آن شندای دوست کہ آراستمی پیکر فن　　نقش زیبا صنمی بر ورقِ جاں زدہ ام

آن شندای دوست کہ در ندوہ بہ بینی بازم　　کہ دم از صحبت آن دشمنِ ایماں زدہ ام

ہاں و ہاں دست بدارید زمن ای احباب　　کہ بہ زیبا صنمی دست بہ پیماں زدہ ام

پی تواں برد کہ ایں زمزمہ بی چیزی نیست　　شبلی این تازہ نواہا نہ چو مستاں زدہ ام

غزل میں مولانا نے اساتذہ کا تتبع کیا ہے، اور اگرچہ یہ نری تقلید ہی تقلید ہے تاہم ایک

غیر زبان میں شعر کہنا، اور اس میں اہلِ زبان کی طرح ایک ایک محاورہ کا خیال رکھتے ہوئے اس طرح بے ساختہ شعر کہنا واقعی مشکل ہے۔ لہٰذا اس میں شک نہیں ہے کہ مولانا اس میں بہت کامیاب رہے، اور جہاں تک غزل کے خارجی موضوعات حسن و عشق، ہجر و وصل، جور و جفا، نالہ و فریاد، شمع و بزم، گل و بلبل، خط و خال، چشم و ابرو، زلف و گیسو، بوس و کنار، رندی و مستی، شوخی اور نظر بازی کا تعلق ہے، ان کی غزلیں گرما گرم ہیں، اور فارسی غزل کے ان پامال مضامین کو خاص طرز، بہترین انداز بیان، رنگین تشبیہات و استعارات کے ساتھ بیان کرنا مولانا کا حصہ ہے۔ خود بھی فرماتے ہیں:۔

حدیث عشق خوش بودہ است و شبلی خوشترک کردہ است — شنیدن میتواں زین حرف رنگین داستانی را

چند اشعار مشتی نمونہ از خروارے، پیش کئے جاتے ہیں:۔

۱ بادہ ہر چند تہ خرقہ تواں نیز کشید — نرگس مست کسی خواست کہ رسوا باشم

۲ من فدای بت شوخی کہ بہنگام وصال — بمن آموخت خود آئین ہم آغوشی را

۳ بخت بد بیں کہ بہ ہجران تو بر سر زدہ ام — دست شوقی کہ دران طوق کمر می بایست

۴ بیحاصلی نگر کہ بایں دوری از رخش — صد جائی بہر بوسہ نشان کردہ ایم ما

۵ شب وصلی از و با آن درازی آرزو دارم — کہ یکیک شمارم حلقہ ہائے زلف پیچاں را

۶ بہ بوسہ دل نوازی کردی اما — ازیں ہم خوبتر کاری تواں کرد

۷ بہ شکر خندۂ لطف تو تسلی نشوم — من کہ خو کردۂ آن غمزۂ پنہاں باشم

۸ گرمیٔ بزم ترا با ہمہ ہنگامہ ناز — نالۂ نیز بآہنگ اثر می بایست

۹ سنجیدہ ایم فتنۂ محشر بقامتش — یک نیزہ قد فتنہ طرازش بلند بود

۱۰ جدا از دوست شب ماہتاب را چکنم — کہ کار عارضِ او از قمر نمی آید

۱۱ آہ جان سوز کہ در سینہ ام آرام گرفت — این ہمان است کہ از گنبد دوّار گذشت

۱۲ داد از ین پیری بے صرفہ کہ ناخواندہ رسید — آہ از ان عہد جوانی کہ بناچار گذشت

سچ تو یہ ہے کہ فارسی شاعری کی افتاد ہی کچھ ایسی ہوئی ہے کہ شعرا مجازی رنگ میں ہمیشہ اپنے خیالات و جذبات کا اظہار کرتے رہے ہیں، چنانچہ سعدی اور حافظ جیسے بزرگ بھی اس حمام میں عریاں نظر آتے ہیں، تا بہ نظیری و عرفی چہ رسد! زبان اور محاورات کے چٹخاروں، ملکی اور تمدنی اثرات، اور سوسائٹی کے عامیانہ جذبات و خیالات کے ماتحت فارسی شاعری زیادہ تر اسی رنگ میں رنگی گئی، اگرچہ بعض متقدمین (مثل نظامی گنجوی) اور بعض متاخرین (مثل قغانی وغیرہ) نے غزل کی اس پامال روش کو بدلنے کی کوشش بھی کی اور حکمت و اخلاق کی چاشنی بھی غزل میں آمیز کی گئی، مگر اس سے کوئی معتدبہ تغیر نہیں ہوا، بلکہ اس قسم کا کلام حسن قبول اور شہرت عام حاصل نہیں کر سکا۔ خود مولانا نے بھی غزل کی اس مبتذل روش کا ذکر اپنے ایک قصیدہ اور مثنوی میں کیا ہے[1]، اور ان کی خواہش بھی تھی کہ وہ شاعری میں نیا طرز سخن ایجاد کریں، مگر ان کے علمی مشاغل اور قومی مصروفیتوں نے اس کا موقع نہیں دیا، اور بالآخر دیگر شعرا کی طرح وہ بھی فارسی کے اس رنگ تغزل سے مستثنیٰ نہ رہ سکے، تاہم اس طرز سخن کے ان کی ثقاہت اور علم و فضل کے رتبہ سے فروتر ہونے کا ان کو احساس تھا۔ چنانچہ ۱۹۰۸ء میں اپنی غزلیات کا مجموعہ "دستۂ گل" چھپنے کو دیا اس وقت مسٹر مہدی حسن کو لکھتے ہیں:-

"بعض غزلیں زیادہ شوخ ہوگئیں جو شاید ایک پنجاہ سالہ مصنف کے چہرہ پر نہ کھلیں، لیکن حافظ تو کہتے ہیں ؎ ہرگہ کہ یاد روی تو کرد م جواں شدم"[2]

---

[1] ۔ قصیدہ ۱۸۹۰ء کلیات شبلی صـ۱۶ مثنوی ناتمام ۱۸۸۵ء کلیات صـ۵۱

[2] ۔ مکاتیب ج ۲ صـ۲۱۵ ۔

ایک اور خط میں اعتراف کرتے ہیں :-

"میرا چھوٹا فارسی دیوان یعنی حال کی غزلیں چھپی ہیں، اور میں نے ع برعکس نہند نام زنگی کافور، ان کانٹوں کا نام "دستۂ گل" رکھ دیا ہے۔ جی چاہتا ہے کہ بھیج دوں لیکن زیادہ شوخ اور آزاد اشعار قلم سے نکل گئے ہیں، اس لئے ان کا پردہ ہی میں رہنا مناسب ہے[1]"

مولانا خود اس مجموعہ کو چھپوانا نہیں چاہتے تھے، مگر ایک دوست کا اصرار اس میں شامل تھا، چنانچہ معذرت کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

ہر زۂ چند بہم بافتن و پیش کسان — عرضہ دادن نہ پسندیدۂ عاقل باشد
من ہم این کار نمی خواستم از دل امّا — چہ توان کرد چو فرمودۂ بیدل باشد

مولانا حالی کی خدمت میں دستۂ گل ہدیۃً بھیجتے ہیں تو وہ جواب میں تحریر فرماتے ہیں :-

"کوئی کیونکر مان سکتا ہے کہ یہ اس شخص کا کلام ہے جس نے سیرۃ النعمان، الفاروق اور سوانح مولانا روم جیسی مقدس کتابیں لکھی ہیں۔ غزلیں کاہے کو ہیں شراب دو آتشہ ہے جس کے نشہ میں خمار چشم ساقی بھی ملا ہوا ہے۔ غزلیات حافظ کا جو حصہ رندی اور بیباکی کے مضامین پر مشتمل ہے، ممکن ہے کہ اس کے الفاظ میں زیادہ دلربائی ہو، مگر خیالات کے لحاظ سے تو یہ غزلیں اس سے بہت زیادہ گرم ہیں :-

دو دل بودن درین رہ سخت تر عیبست سالک را — نجل ہستم ز کفر خود کہ دارد بوئی ایمان ہم

شاید لوگ تعجب کریں کہ اس شعر میں وجد کرنے کی کونسی بات ہے، مگر اس شعر سے ہر شخص لطف نہیں اٹھا سکتا۔ اِلَّا الَّذِیْ اُبْتُلِیَ بِمِثْلِ مَا اُبْتُلِیَ بِہٖ الْقَائِلُ[2]"

---

[1] خطوط شبلی ص۹۲، [2] معارف ج ۱ نمبر ۱۰ ص۲۹ نامہ حالی بنام مولانا شبلی مرحوم

ایک خط میں فارسی کے ادب پر اس طرح تنقید کرتے ہیں :-

"افسوس کہ فارسی لٹریچر کسی قدر غیر معتدل واقع ہُوا ہے ، اور میں بھی اس کو سنبھال نہیں سکتا۔ بہر حال مضامین کچھ ہوں لیکن زبان ایران کی ہو گی"[1]

اِسی طرح ایک اور خط میں اسی "دستۂ گُل" کا ذکر کرتے ہوئے شاعرانہ مبالغہ کی نسبت فرماتے ہیں :-

"بوئی گُل کہئے تو آپ کو بھیج دوں۔ دستۂ گُل کی نسبت مہذب ہے۔ شاعری درحقیقت ایک خوردبین ہے جس میں چھوٹی چیزیں بڑی بن کر نظر آتی ہیں۔ اس کو لوگ مبالغہ کہتے ہیں، لیکن وہ مبالغہ نہیں بلکہ اس خوردبین کا اثر ہے"[2]

غزل کے سلسلہ میں یہ بتا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ۱۹۰۶ء سے ۱۹۰۸ء تک مولانا نے جو غزلیں کہی ہیں ان کا محرک قوی شہر بمبئی کا قیام ہے۔ مولانا اکثر گرمیوں میں بمبئی تشریف لیجایا کرتے تھے۔ وہاں کی خوشگوار آب وہوا ، پُرلطف اور دلکش نظارے، دلآویز تفرج گاہیں اور سب سے بڑھ کر وہاں کی رنگین اور دلچسپ صحبتیں، یہ سب محرکات ایسے تھے کہ جنہوں نے ان کی شاعری کے سمند ناز پر تازیانہ کا کام کیا۔ اور ان کے تغزل کا دَور گویا صحیح معنوں میں اسی بلدۂ حسن و موسیقی، اور اسی دیارِ حسین و رنگین ہی سے شروع ہوتا ہے۔ بمبی جانے سے پیشتر بھی مولانا نے غزلیں کہی ہیں، اور ان میں بعض اشعار خوب نکالے ہیں، لیکن ان میں ہم وہ آمد، زور بیان ، حسن تخیل اور شگفتگیٔ جذبات نہیں پاتے جو بمبئی جانے کے بعد ان کے کلام میں پیدا ہوئے ، اس میں شک نہیں کہ دیوان میں جو غزلیں پائی جاتی ہیں ان میں وہ گرما گرمی اور ولولہ انگیزی نہیں ہے جو ان کی "بمبئیات" یا دستۂ گل اور بوی گُل میں پائی جاتی ہے۔

حشر ایں گرمیٔ ہنگامہ کجا داشت مگر
پردہ برداشتہ انداز رُخ تابانی چند

---

[1] خطوط شبلی صـ۳۳ [2] خطوط شبلی صـ۱۰۲

بمبئی کے مشغلۂ شعر و سخن کے متعلق خود مولانا کے بیانات نہایت دلچسپ ہیں جن کا ذکر ان کی فارسی شاعری کے سلسلہ میں مناسب اور ضروری ہی نہیں، بلکہ ناگزیر ہے، اور ایک مستقل عنوان چاہتا ہے۔ یہاں صرف بمبئی کے متعلق مولانا کے ان اشعار میں سے چند نقل کر دئے جاتے ہیں جو انہوں نے بمبئی کے متعلق ارشاد فرمائے ہیں :-

۱- وہاں کی آب و ہوا کا مقابلہ کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

نہے جاں بخشی آب و ہوائے بمبئی شبلی　　طراز خلخ و نوشاد و فرخار است پنداری

۲- حسینان بمبئی کی نسبت ارشاد ہوتا ہے :-

بیا اینجا کہ ہر سو کارواں در کاروان بینی　　بتانِ آذری ادلبران شام و ایران را

۳- بمبئی پر ایک ۵ شعر کی غزل لکھی ہے جو عام طور پر مشہور ہے، خصوصاً اس کا یہ شعر:-

بدہ ساقی مئی باقی کہ در جنت نخواہی یافت　　کنار آب چوپاٹی و گلگشتِ واپالو را !

۴- ایک شعر میں اپنی شاعری کو بمبئی میں محدود کر دیتے ہیں :-

شاعری از من مجو دور از سواد بمبئی　　حالیا شبلی شدم رند غزلخوان نیستم

کلام شبلی کی خصوصیات

۱- مولانا کی فارسی شاعری کا نمایاں وصف خالص فارسیت ہے، جس کی نسبت خود اُن

کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے "زبان کو اہل زبان کے اصول پر برتا ہے"۔ ایک شعر میں شعرا ہند کے ساتھ اپنا مقابلہ کرنے پر افسوس ظاہر کرتے ہیں :-

ورسخن با خاکیانِ ہند می سنجی مرا ہیچ میدانی کہ ایں فن را چہ ساماں کردہ ام

ایک غزل کے مقطع میں فرماتے ہیں :-

درحیرتم کہ پاکیٔ گفتارش از کجاست شبلی مگر ز مردم ہندوستان نبود

وہ ہندوستان جس کی فارسیت پر ایران کو فخر ہے، جس کی فادر الکلامی شعرا عجم میں ضرب المثل ہے، جس نے خسرو اور فیضی جیسے باکمال پیدا کئے، اس سے اپنے آپ کو اونچا رکھنا اگر جائز ہے تو عجب نہیں یہ بلندی اس قسم کی ہو جس کی نسبت مشہور ہے ع آفتاب اتنا ہوا اونچا کہ تارا ہو گیا!

بہرحال اس میں شک نہیں کہ روزمرہ کی زبان اور محاورات کا جہاں تک تعلق ہے، مولانا کے کلام میں خالص فارسی زبان کا رنگ جھلکتا ہے۔ اگرچہ مضامین متعارفہ کے ساتھ اکثر محاورات مخصوص ہیں جو حسب موقع و محل استعمال ہوتے رہتے ہیں، لیکن ادائے مطالب کے لئے مخصوص اسلوب بیان، خاص الفاظ کا انتخاب، اور حسن ترتیب ایک خاص صنعت ہے جس کو برتنا اہل زبان ہی کا کام ہے، یہاں ہم ان کے چند اشعار نقل کرتے ہیں جن میں فارسی کے محاورات باندھے گئے ہیں :-

ے چالاک و گرم آمد و دامن کشاں گذشت از بسکہ دستِ شوق حریفاں دراز بود

ے دل ہنگامہ جو خمیازہ بر خمیازہ می ریزد بکارش نامزد فرما نگاہ فتنہ ساماں را

ے گرچہ لعل لب جان بخش تو حاشا زدہ است بیتواں یافت ز چشم تو کہ ساغر زدہ ٔ

ے صد بار از سحاب گرو بُرد چشم من با آنکہ درسِ گریہ ہنوزش رواں نبود

ے از بسکہ خوش محاورہ افتاد چشم او کردیم فہم از و سخن ناشنیدہ را

؎ جانے بہ بوسہ باختہ و سود کردہ ایم　　در پیش می کشید بہا ہم گراں نبود

؎ متاعی گر بدست آساں فتد قدری نمیدارد　　باو دل را سپردن خواستم اوّل بہا کردم

۲ - مولانا کے کلام فارسی کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ انہوں نے اساتذہ مثل حافظ، سعدی، جامی، عرفی، نظیری، ظہوری، غالب وغیرہ کی ردیف قافیوں میں طبع آزمائی کی ہے، مگر اس بات کی پوری احتیاط کی ہے کہ ان کے قوافی کو ہاتھ نہیں لگایا، اگر کہیں استعمال کیا ہے تو مضمون کو بلند کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی غزلیں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ زیادہ تر حافظ کے پیرو تھے اور اسی روانی اور برجستگی کے ساتھ شعر کہتے تھے جو حافظ کا خاصہ ہے، خود بھی فرماتے ہیں :-

گر خداوندی ہوس داری در اقلیم سخن　　بندگی حافظ شیرازی بایست کرد

علاوہ ازیں انہوں نے عام شعراء کی طرح بہ ترتیب حروف تہجی ردیف وار غزلیں نہیں لکھیں اور نہ حروف تہجی مثل ث، ذ، ز، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق وغیرہ کی ردیفوں میں لکھا۔ انہوں نے صرف ان ردیفوں کو لیا ہے جن میں وہ بلا تصنع اپنے جذبات و کیفیات کا اظہار کر سکتے تھے اور جن کا تلفظ ذوق سلیم پر بار نہ گذرے، اسی طرح بحریں بھی ایسی اختیار کی ہیں جو مروجہ اور عام پسند ہیں، اور جن میں ایک قسم کی موسیقیت پائی جاتی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعری کو انہوں نے رسمیات کا پابند نہیں بنایا یا تخیل کو تصنع کے پردہ میں نہیں چھپایا۔

۳ - خیال بندی یا نازک خیالی جس کو تخئیل بھی کہتے ہیں مولانا کے کلام میں بہت کم پائی جاتی ہے۔ متاخرین شعراء فارسی مثل غنی، ناصر علی اور بیدل اس میدان میں بہت آگے نکل گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ تخئیل شاعری کا زیور ہے لیکن اس سے بسا اوقات

مضمون پیچیدہ ہو کر معانی میں الجھن پیدا ہو جاتی ہے۔ زبان و محاورات، بندش الفاظ و چستیٔ مضامین پر بھی اس کا اثر پڑتا ہے۔ خصوصاً دور از کار تخئیل شعر کو کسی مصرف کا نہیں رکھتی۔ مولانا شبلی نے تخئیل سے بہت کم کام لیا ہے جس کے شاذ و نادر نمونے ان کے کلام میں بھی کہیں کہیں نظر آتے ہیں، مثلاً :-

؎ محبت را بود ہر شیوہ آئینی زجاں بازی — بہ مژگاں اشک خوں منصور برداشت پنداری

؎ دیدی سحاب را کہ ز چشمم گرو نہ برد — با آنکہ داشت از ہمہ اعضا گریستن

؎ خال جا کردہ بر آں عارض روشن گوئی — آتش افروختہ ہندوی فسوں خوانی ہست

ممکن ہے کہ تخئیل کی اور مثالیں بھی ان کے کلام میں مل جائیں، لیکن وہ تمامتر اسی کے نہیں ہوئے ہے، اور نہ انہیں خیالی بلند پروازی کی عادت ہے، انہوں نے خواجہ حافظ کی طرح غزل کو غزل کی حد تک محدود رکھ کر با محاورہ اور خالص فارسی زبان میں اپنے خیالات و جذبات کا اظہار کیا ہے۔ بے تکلف بول چال، بے ساختہ پن، اور رنگین طرز انشا کے ساتھ شعر کہنا ان کا شیوہ تھا۔ اور بات بھی یہ ہے کہ فطری طور پر جو خیالات ادا کئے جائیں وہ تصنع اور تکلف سے پاک ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ استعارات و تشبیہات بھی دُور از کار نہیں لاتے اور حتی الامکان آس پاس اور نزدیک کی چیزوں سے کام لیتے ہیں۔

۴۔ فن بلاغت کا ایک اصول یہ بھی ہے کہ شعر میں جو خیال باندھا جائے اس کے لئے کوئی مثال بھی پیش کر دی جائے۔ مثلاً اگر مصرعۂ اولیٰ میں کوئی دعویٰ ہو تو دوسرے مصرعہ میں اس کی دلیل مہیا کی جائے اس کو تمثیل کہتے ہیں۔ قدما اور متاخرین دونوں کے ہاں یہ طرز سخن بہت مروج اور مقبول رہا ہے، خصوصاً متاخرین نے اس کو بکثرت برتا ہے۔ علامہ شبلی کے ہاں بھی اس تمثیل کے نمونے کہیں کہیں پائے جاتے ہیں۔ مثلاً :-

ے فارغ ولی بہ بہرۂ ہر کس نمی رسد تا جیست این کہ دست زدِ کیقباد نیست

ے آمد بہار و روئی زمین لالہ زار گشت یا بود آتشی کہ بہر گوشہ در گرفت

ے چہ عجب گر نگہ مستِ تو افتد بر من بادہ بیروں فتد از جام چو سرشار افتاد

۵ - قدما کے ہاں سادگی اور بے تکلفی حسن کلام سمجھی جاتی تھی، مگر جوں جوں زمانہ گزرتا گیا، فارسی شاعری میں نزاکت خیال اور لطافت بیان کے ہزاروں اسلوب پیدا ہو گئے، اور متاخرین نے تو اس کو کمال تک پہنچا دیا۔ مولانا کے کلام میں بھی مضمون آفرینی اور بلند معانی کے کئی نمونے ملتے ہیں چند مثالیں ملاحظہ ہوں :-

(۱) نگہ کاش آن قدر سرمایہ کردی از تماشایش کہ می آمد بکار ما و دل در روز ہجراں ہم

یعنی اگر عاشق کی نگاہیں محبوب کی صورت کو خوب دیکھ دیکھ کر آنکھوں میں بٹھا لیتیں تو وہ آڑے وقت میں کام آنے والی پونجی کی طرح ہجر کے دن عاشق اور اس کے دل دونوں کے کام آتی "

(۲) پیکر آرائے ازل طلعت زیبای ترا نقش می بست وہم از ذوق تماشا می کرد

یعنی خالق جب محبوب کی صورت بنا رہا تھا تو خود بھی بڑی دلچسپی سے محو تماشا تھا،

(۳) ذوق نظر بہ لذتِ کاوش نمی رسد داغم ازیں کہ دل نتواں کرد دیدہ را

یعنی دل میں جو کاوش ہے وہ نظر میں پیدا نہیں ہو سکتی کیونکہ آنکھ کو دل نہیں بنایا جا سکتا اس کا افسوس ہے،

(۴) دل را بایں فریب تسلی دہم کہ یار با ما ازاں نہ ساخت کہ زود آشنا نبود

" معشوق جلدی سے میل پیدا کرنے والا نہ تھا اس لئے ہم سے نہ نبھ سکی " یہ کہہ کر عاشق اپنے دل کو تسلی دیتا ہے،

(۵) آں قدر محو تماشائے جمالش بودم کہ نگہ را خبر از لذتِ دیدار نماند

احساسات کی کثرت دراصل ان کو باطل کر دیتی ہے، عاشق دیدار یار میں اس قدر محو ہو گیا ہے کہ دیدار کی جو لذت تھی اُسے بھی اس کی نگہ نے فراموش کر دیا ،

(۶) یا جگر کاوی آن نشتر مژگاں کم شد یا کہ خود زخم مرا لذتِ آزار نماند

"دل میں درد کی لذت باقی نہیں رہی یا معشوق کی مژگان نے نشتر نوازی چھوڑ دی" عاشق اپنی طبیعت میں جب کیفیت نہیں پاتا تو خیال کرتا ہے کہ دونوں میں سے کوئی بات ضرور ہے، مگر اس کا فیصلہ نہیں کر سکتا ،

(۷) حرف انکار ز خوبان ہمہ از دل نہ بود گر گہ این کار بآئین حیا نیز کنند

معشوقوں کا انکار ہمیشہ دل سے نہیں ہوا کرتا۔ کبھی کبھی تو شرم و حیا کے باعث بھی یہ لوگ انکار کر دیا کرتے ہیں ،

(۸) دودل بود درین رہ سخت تر عیبست سالک را نجل مستم ز کفر خود کہ دارد بوی ایمان ہم

رہروِ راہِ محبت کیلئے یہ لازمی ہے کہ وہ اس ایک ہی راہ پر بلا کسی تردد اور پس و پیش کے گامزن ہو، کہ اس میں "دودلی" یعنی تذبذب راستہ سے بھٹکا دیتی ہے۔ اس لئے عاشق "کافرِ عشق" ہونے کے باوجود اپنے کفر سے نادم ہے کہ اس میں ابھی ایمان کا شائبہ باقی ہے، نہایت بلند مضمون ہے جس کو موزون اور مختصر الفاظ میں بیان کیا ہے ،

۶۔ دو قوعہ گوئی جس کو اُردو والے معاملہ بندی کہتے ہیں، اور جو آج ہمارے شعرا اردو کا سرمایۂ ناز سمجھی جاتی ہے، اصل میں مفروضہ واقعات کے بیان کرنے کو کہتے ہیں شعر میں ایسا تخیل ہو کہ سمجھنے والے یہ سمجھیں کہ کوئی حقیقی واقعہ بیان ہو رہا ہے، شیخ سعدی جو طرزِ غزل کے موجد ہیں ان کے ہاں خال خال دو قوعہ گوئی کا پتہ چلتا ہے، لیکن امیر خسروؒ صحیح معنوں میں اس طرزِ سخن کے بانی ہیں چنانچہ اس اقلیم فن کے بادشاہ وہی خیال کئے جاتے ہیں، ان کے بعد شرف جہاں قزوینی

(المتوفی ۹۶۲ھ) جو عہد صفویہ کا نامور شاعر گزرا ہے، وقوعہ گوئی میں امام مانا گیا۔ اور اس نے اس کو انتہا تک پہنچا دیا۔ مولانا شبلی کے ہاں بھی وقوعہ گوئی کی اکثر مثالیں پائی جاتی ہیں۔ شاید ہی کوئی غزل ہوگی جس میں دو ایک شعر اس رنگ کے نہوں۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:۔

(۱) بہ بوئیم چوں گذر افتاد دوش آن ترک پرفن را — بگفت این خستہ جان جائی گرفتارست پنداری

(۲) ناوک بزد بغیر و مرا بر جگر نشست — قربان شوم خطائے نگہ ہائے راز را

(۳) شرم از لب تو مُہر حیا گرچہ بر نداشت — شادم بایں کہ غمزۂ پُر فن بکار بود

(۴) می بینم این کہ قیمت دل تا کجا کشد — پرسد زمن کہ نرخ متاعِ تو چند بود

(۵) لب تشنۂ زخم است ہمان این دل بیتاب — کان ناوک پیشین کہ زدی بر جگر آمد

(۶) تو یک نگاہ ناز زیان کردی و مرا — سرمایہ کہ بود دل مستمند بود

(۷) تماشا داشت آن ہنگامہ خیز بہانہ امیدم — دریغ از زود کاریہا کہ مکتوب تو وا کردم

(۸) می گویدم کہ دل بہ کسی وادۂ مگر — مارا بہ نکتہ دانیٔ او این گمان نبود

۷۔ مولانا کے کلام میں چند اشعار ایسے پائے جاتے ہیں جن کا مضمون دیگر شعراء کے اشعار سے ملتا جلتا ہے اور جس کو اصطلاح میں توارد کہتے ہیں، چونکہ اکثر اساتذہ کا کلام ان کے پیش نظر رہتا ہے، نیز خیالات میں یکسانی ہوتی ہے اس لئے مضامین لڑ جاتے ہیں، اسی بنا پر ابو طالب کلیم کو بھی کہنا پڑا کہ:۔

ولی علاجِ توارد نمی توانم کرد — مگر زبان بسخن گفتن آشنا نکنم

توارد کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:۔

شبلی ؎ حدیثی دلکش و افسانہ از افسانہ می خیزد — دگر از سر گرفتم قصۂ زلفِ پریشاں را

؎ شب آخر آمد و افسانہ از افسانہ می خیزد

شبلی ؎ غافل بخواب ناز تو خفتی و بوسہ ام — کام خود از دہان و لبان تو بر گرفت
؎ تو بخواب ناز بودی و من از رقیب پنہان — کف پات بوسہ دادم زخا شنیدہ باشی

شبلی ؎ منبر و محراب درس عشق را شائستہ نیست — شرح اسرار نہان بر داری بایست کرد
غالب ؎ آن راز کہ در سینہ نہانست نہ وعظ است — بردار توان گفت و بہ منبر نتوان گفت

شبلی ؎ تو بدین حسن تو انگر چہ زیان بر داری — این دو سہ بوسہ اگر خود نشماری چہ شود
صائب ؎ ای خوبیٔ امید باین دستگاہ حسن — یک یک دو بوسہ گر نہ شماری چہ می شود

شبلی ؎ مرا از پیر گردون شکوہ نیست — کہ با من ہر چہ کرد آن نوجوان کرد
؎ من از بیگانگان ہرگز نہ نالم — کہ با من ہر چہ کرد آن آشنا کرد

شبلی ؎ سرو در گلشن بیک پا ایستاد — بہر تعظیم قدِ دلجوئے تو
مخفی ؎ سرو در باغ بیک پائے نہادہ بنگر — بر کاب تو رود گر بوش پائے دگر

شبلی ؎ ناوک بزد بغیر و مرا بر جگر نشست — قربان شوم خطائے نگہ ہائے را زرا
خسرو ؎ ببین نرگس شوخ کز چابکی — کجا می نماید کجا می زند

اشعار ذیل یہ معلوم ہوتا ہے کہ غالب کے اردو اشعار کو پیش نظر لکھے گئے ہیں۔

شبلی ؎ مرگ و حیات در فراق ہر دو بپایہ ہم لند — بر اثر خزان رود بی رخ تو بہار من
غالب ؎ قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں الخ

شبلی ؎ نے نالۂ مستانہ و نے گرمیٔ آہی — امروز بکویت مگر آشفتہ سرے نیست
غالب ؎ بوئی گل نالۂ دل دود چراغ محفل — جو تری بزم سے نکلا سو پریشان نکلا

شبلی ؎ شبی وصلی و رازی خوہم و از بہر آن خواہم — کہ خواہم گفت با او شکوۂ ایام ہجران ہم
غالب ؎ میرے دل میں ہے غالب شوق وصل و شکوۂ ہجران — خدا وہ دن کرے اس سے کہ میں یہ بھی کہوں وہ بھی

شبلی بحیثیت نقادِ سخن

جس طرح تاریخ و سیرۃ اور فلسفہ و کلام میں علامہ شبلی نقاد مشہور و معروف تھے، اسی طرح فن شعر و ادب میں بھی وہ ایک اعلیٰ درجہ کے نقاد تھے۔ ایک اوّل درجہ کے شاعر ہونے کے علاوہ اصابت رائے، صحت فکر، سخن فہمی، نکتہ شناسی اور وجدان صحیح کے اعتبار سے وہ اپنے اقران و اماثل میں ایک ممتاز درجہ رکھتے تھے۔ سخندان اور سخن فہم اساتذہ کا فیض صحبت، علوم عقلیہ کی طرف خاص توجہ، ایک زمانہ تک قانون کی مشق و مطالعہ، کالج کی ملازمت کے زمانہ میں مختلف اربابِ علم و ادب سے تبادلۂ خیالات، اور علمی نقد و بحث، علمی سیر و سیاحت، ان سب پر مستزاد ان کا وسیع مطالعہ اور فطری مذاق ادب، یہ اسباب تھے جنہوں نے مولانا کو فی الواقع ایک بہترین نقاد بنا دیا تھا؛ اور اسی کی بدولت وہ شعر العجم اور موازنۂ انیس و دبیر جیسی نادر کتابیں لکھ سکے جو ان کا مہتم بالشان اور زندہ جاوید تنقیدی کارنامہ ہے، شعر العجم میں وہ فارسی شاعری کے ایک زبردست نقاد اور محقق کی حیثیت سے ظاہر ہوئے ہیں، اور ہم کو اس لاجواب اور بیمثل کتاب میں ان کی وسعتِ معلومات، تحقیق و تدقیق اور نکتہ دانی کے نمونے قدم قدم پر ملتے ہیں، ادب فارسی کے محقق عالم اور مؤرخ پروفیسر براؤن آنجہانی نے جو خود بھی بڑے نقاد سخن تھے علامہ شبلی کی نقادانہ قابلیت کا نہ صرف اعتراف کیا ہے بلکہ اپنی یادگار کتاب تاریخ ادب فارسی کی تیسری اور چوتھی جلدوں میں ان کی اکثر آرار اور تنقیدات کو تسلیم کیا ہے اور اس کی بہت تعریف کی ہے[1]۔

---

[1] لٹریری ہسٹری آف پرشیا جلد ۳ صفحہ ۱۰۶، صفحہ ۱۰۸؛ جلد ۴ صفحہ ۱۶۴،

اگرچہ فارسی شعر و سخن کی تنقید کے نمونے شعر العجم میں کافی طور پر موجود ہیں تاہم ان کے علاوہ ان کا طرز انتقاد اُن اصلاحات سے بھی ظاہر ہوتا ہے جو انہوں نے بعض احباب کے کلام پر دی ہیں۔ چنانچہ مولانا شروانی کی بعض فارسی غزلوں پر مولانا نے جو اصلاحیں دی تھیں وہ خوش قسمتی سے ان کے مکاتیب[1] میں موجود ہیں، ان کے دیکھنے سے مولانا کے طرز تنقید کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ خود مولانا نے اپنے کلام پر بھی کہیں کہیں تنقید کی ہے جو ان کے خطوط میں موجود ہے، اس کے متعلق مولوی عبدالحق صاحب فرماتے ہیں:۔

"ان میں سب سے دلچسپ وہ تنقید ہے جو اپنے یا اپنے کلام کے متعلق نہایت بے تکلفی اور سچائی سے کر جاتے ہیں، یہ بات کہاں نصیب ہوتی ہے کہ خود مصنف اپنی زبان یا قلم سے اپنے کلام کے متعلق رائے لکھے، اکثر اس بات کو معلوم کرنے کی تمنا رہتی ہے کہ فلاں اعلیٰ مصنف یا شاعر اپنی تصنیف کے متعلق کیا خیال رکھتا تھا، یا وہ اپنی کس کتاب یا نظم کو سب سے بہتر سمجھتا تھا، کہ مصنف اکثر اس معاملہ میں بہت شرمیلے ہوتے ہیں، اور بات بھی کچھ ایسی ہی ہے، اس میں خود نمائی اور تعلّی ہوتی ہے۔ مولانا شبلی بھی اس سے مستثنیٰ نہ تھے۔ لیکن یہاں معاملہ دوسرا ہے وہ کسی غیر کو نہیں لکھ رہے ہیں، یہ سمجھنا چاہئے کہ اپنے سے باتیں کر رہے ہیں[2]"

چنانچہ اس قسم کے خطوط کے چند اقتباسات ہم یہاں نقل کرتے ہیں:۔

(۱) ایک خط میں لکھتے ہیں:۔

"غزلیں چھپنے کو دیتا ہوں۔ ایک غزل کا شعر مجھ کو مختلف وجوہ سے بہت

---

[1] ۔ مکاتیب شبلی ج ۱ صہ ۱۲۵، صہ ۱۲۸ تا صہ ۱۳۲

[2] ۔ مقدمہ خطوط شبلی صہ ۲۴،

پسند آیا۔ آپ کو لکھتا ہوں، واقعیت اور اظہار قدرت پر نظر کیجئے؛ نہان کردہ ایم ما۔ عیاں کردہ ایم ما طرح ہے :۔

بیجا صلی نگر! کہ بایں دوری از رخش صد جائے بہر بوسہ نشان کردہ ایم ما"[1]

اپنے دیوان "بوئے گل" کی نسبت یہ ریمارک کرتے ہیں :۔

"میرا دوسرا دیوان "بوی گل" نکلا، لیکن بالکل پھیکا ہے، سب محسوس کرتے ہیں اب وہ سامان کہاں[2] ؟"

"بوی گل کی نسبت تمام اہل نظر کی رائے ہے کہ دستۂ گل اور اس میں جذب و سلوک کا فرق ہے۔ واقعی دونوں کی شان نزول اس قدر مختلف ہے جس قدر دونوں کے جوش و سرمستی میں فرق ہے ..... لیکن مولانا حالی سب سے مختلف الرائے ہیں، وہ بوئے گل کو حال بتلاتے ہیں اور دستۂ گل کو قال ع بیں تفاوت رہ الخ[3]"

۱۸۸۴ء میں مولانا نے ایک واسوخت فارسی لکھا تھا اس کی نسبت تحریر فرماتے ہیں :۔

"ان دنوں میں نے ایک واسوخت لکھا ہے۔ مجھے خود حیرت ہے کہ میں کیونکر اس کو لکھ سکا ہوں۔ واقعی نہایت پر درد ہے[4]"

"دستۂ گل" کا ذکر کرتے ہوئے ایک دوست کو لکھتے ہیں :۔

"زیادہ شوخ اور آزاد اشعار قلم سے نکل گئے ہیں"

اس کی نسبت مولانا عبدالحق فرماتے ہیں :۔

"یہ اپنے کلام کی کیا فارسی شاعری کی تنقید ہے[5]"

---

[1] ۔ مکاتیب شبلی جلد ۱ صہ ۱۶۹ ، [2] ۔ مکاتیب شبلی جلد ۱ صہ ۲۶۴ ،
[3] ۔ مکاتیب ج ۲ صہ ۲۲۱ ، [4] ۔ مکاتیب ج ۲ صہ ۶۹ ، [5] ۔ خطوط شبلی (مقدمہ) صہ ۲۵

اس سلسلہ میں اس قدر کہنا کافی ہوگا کہ ہندوستان میں ہمیں جہاں تک معلوم ہے، آزاد بلگرامی، اور آزاد دہلوی کے بعد اگر کوئی نقاد سخن گزرا ہے تو وہ مولانا شبلی تھے اور اس میں ان کا درجہ اپنے دیگر معاصرین سے بہت بلند تھا۔

فارسی شاعری میں مولانا شبلی کا درجہ

عام طور پر یہ مانا جاتا ہے کہ غالب فارسی کے خاتم الشعراء تھے، اور وہ خود بھی عرفی اور طالب کی کرسی نشینی کا فخر اپنی ذات سے منسوب کرنے میں انکساری نہ فرماتے تھے، لیکن غالب کے بعد بھی کچھ لوگ ان شاعروں کے نام لیوا گذرے ہیں جن میں ایک مولانا شبلی بھی تھے، ناظم ہروی نے عنصری سے لے کر جامی تک ہر زمانہ میں جو شاعر سر برآوردہ ہوا ہے اس کا ذکر اس نظم میں کیا ہے :-

شنیدم کہ در دورگاہِ سخن — شدہ عنصری شاہ صاحب سخن
چو اورنگ از عنصری شد تہی — بفرّ دوسی آمد کلاہ مہی
چو فردوسی آورد سر از کفن — بہ خاقانی آمد بساطِ سخن
چو خاقانی از دار فانی گذشت — نظامی بملکِ سخن شاہ گشت
نظامی چو جام اجل درکشید — سر چتر دانش بہ سعدی رسید
چو اورنگ سعدی فرو شد زکار — سخن گشت بر فرقِ خسرو نثار
ز خسرو چو نوبت بجامی رسید — ز جامی سخن را تمامی رسید

مرزا غالب کا زمانہ آیا تو انہوں نے جامی کے بعد اپنے تک سلسلہ ملا دیا :-

زجامی بعرفی و طالب رسید زعرفی و طالب بہ غالب رسید

اِسی طرح غالب کے بعد سے لے کر ہمارے زمانہ تک فارسی کے جو شیوا بیان شاعر گزرے ہیں ان میں خواجہ عزیز لکھنوی، مولانا شبلی، شیخ غلام قادر گرامی اور علامہ اقبال خاص طور پر قابل ذکر ہیں، چنانچہ ہمارے ایک سخنور اور سخن فہم دوست سید ابراہیم صاحب محب ساکن بمبئی نے اس نظم پر اس طرح اضافہ فرمایا ہے :-

چو غالب رہا شد زبند ملال خدیو سخن شد عزیز از کمال
سخن یافت چون از عزیز انصرام ملک گشت شبلی بملک کلام
جو شبلی بشد سوی دار السلام رسید از گرامی سخن را نظام
گرامی چو زین لابقا بست رخت سخن بہر اقبال آراست تخت

بلاشبہ اس وقت ہندوستان کے طول و عرض میں ہم اقبال کے سوا کسی ایسے شخص سے واقف نہیں ہیں جو فارسی ادب و شاعری کا صحیح اور پاکیزہ مذاق رکھنے کے ساتھ ہی اعلےٰ درجہ کا شاعر بھی ہو اور فارسی زباندانی پر مجتہدانہ عبور رکھتا ہو۔ لہذا یہ کہنا قبل از وقت نہ ہوگا کہ اقبال پر فارسی شاعری کا خاتمہ ہوجائیگا۔ اس لحاظ سے اُن کو اس سلسلہ کی آخری کڑی سمجھنا چاہیئے،

شبلی کے رتبۂ شاعری کا اعتراف اُن کے سخن شناس معاصرین کی جانب سے کافی ثبوت ہے انکے ایک بلند پایہ شاعر ہونے کا۔ چنانچہ ذیل میں ہم ان کی آرا کو نقل کرتے ہیں :-

۱۔ خواجہ عزیز لکھنوی جو فارسی کے شاعر عزّ اٹھے اور مولانا کو ان کی خدمت میں عزیزانہ نیاز حاصل تھا، مولانا کی اس غزل کی نسبت جو علی حزین کے تتبّع میں ۱۸۸۴ء میں حکیم کی ردیف میں لکھی تھی، فرماتے ہیں کہ "یہ اہل زبان کا کلام ہے" اسی طرح نیّر دہلوی نے تو اس کی بہت تعریف کی اور یہاں تک لکھا کہ "سلف کے کلام کے ہم پلّہ ہے"۔

۲ - مولانا حالی جو شاعر ہونے کے علاوہ نقاد سخن بھی تھے، مولانا کے فارسی کلام کا سخن شناسانہ اعتراف کرتے ہیں چنانچہ شبلی دستۂ گل ہدیۃً بھیجتے ہیں تو حالی جواب میں لکھتے ہیں:-

"غزلیں کا ہیکو ہیں شراب دو آتشہ ہے جس کے نشہ میں خمار چشم ساقی بھی ملا ہوا ہے
× × × میرا ارادہ تھا کہ اپنا فارسی کلام نظم و نثر جو کچھ ہے اس کو بھی چھپوا کر شایع کر دوں مگر دستۂ گل دیکھنے کے بعد میری غزلیں خود میری نظر سے گر گئیں ولیس فی ذالک مشائبۃ من التصنع"[1]

۳ - حضرت اکبر الہ آبادی مولانا کے احباب اور ان کی شاعری کے قدر دانوں میں سے تھے جیسا کہ مولانا کے بعض خطوط[2] سے پایا جاتا ہے کہ وہ اپنا کلام ان کو بھیجتے تھے اور وہ اس کی داد دیتے تھے، حضرت اکبر نے اپنے ظریفانہ انداز بیان میں مولانا شبلی کی اس طرح تعریف کی ہے:-

واہ کیا کہنا آپ کا شبلی شعر میں آبروے غالب لی

میرے خیال میں مولانا کی تعریف بحیثیت شاعر اس سے بہتر نہیں ہو سکتی کہ ان کو فارسی شاعری میں غالب کا ہم پلہ قرار دیا جائے۔

۴ - مولانا حبیب الرحمٰن خان شروانی جو خود بھی فارسی کے ایک اچھے شاعر ہیں مولانا کی فارسی شاعری کے متعلق بلند رائے رکھتے ہیں،

۵ - مولانا حسرت موہانی اردو کے نامور شاعر اور سخن فہم مولانا شبلی کے درجۂ شاعری کا اس طرح اعتراف کرتے ہیں:-

"سخن فہمی اور سخن سنجی دونوں کے لحاظ سے علامہ شبلی کی ذات بلا مبالغہ بیمثل و نظیر تھی۔ لاریب اس وقت ہندوستان کا کوئی شاعر شاعری کا صحیح مذاق رکھنے کے اعتبار سے علامہ شبلی سے برتر بلکہ اُن کے برابر ہونے کا بھی دعویٰ نہیں کر سکتا"

[1] رسالہ معارف نمبر ۱ جلد ۱ ص ۴۹،
[2] دیکھو مکاتیب ج ۱ ص ۴۵، ج ۲ ص ۲۱۱،

"پختگی کلام، خوبیٔ مضامین اور صدق محاورہ کے جیسے پسندیدہ نمونے دستہ گل اور بوئے گل کی غزلوں میں موجود ہیں اس کی مثال متاخرین میں مرزا غالب مرحوم کے سوا اور کسی شاعر کے کلام میں مشکل سے ملیگی، مرزا غالب کے مانند علامہ شبلی کے کلام میں بھی ہندوستانیت کا مطلق اثر نہیں پایا جاتا[1]"

۶- اردو کے نامور ادیب مہدی حسن مرحوم جو دور جدید کے ایک بہترین انشاپرداز ہونے کے علاوہ فارسی سخن فہمی کا صحیح مذاق رکھتے تھے اور مولانا کے ہوا خواہوں میں تھے، ان کی فارسی شاعری پر اس طرح اظہار خیال کرتے ہیں :-

"جس طرح فارسی کے صحیح ادبی مذاق کا بہت بڑا حصہ آزاد کو ملا تھا، شبلی پر مع شئ زائد اس کا خاتمہ ہوجائیگا - اس کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں میں دیوان شبلی کو استشہاداً پیش کرنا چاہتا ہوں شستہ، رفتہ کلام کی برجستگی اپنا مرتبہ آپ بتائیگی، صاف معلوم ہوتا ہے کہ سچے جذبات میں ڈوبا ہوا شاعر خالص اہل زبان ہے جس کو ہند کی ہوا تک نہیں لگی، اساتذہ کے ہزارون اشعار کا نوک زبان اور روزمرہ محاورات کا ناخنوں میں ہونا اضافی امور ہیں جنکو شبلی کی بلند پایگی کے ثبوت میں پیش کرنا ایک مبتدیانہ فعل ہوگا[2]"

سخندان اور سخن فہم معاصرین کی وقیع آرا کے ساتھ ہی ہم اُن اشعار کو بھی پیش کرنا چاہتے ہیں جن میں خود مولانا نے اپنا مقابلہ دیگر ایرانی شعراء کے ساتھ کیا ہے، مثلاً ایک جگہ وہ اپنے آپ کو صائب اصفہانی کے مقابلہ میں پیش کرتے ہیں :-

؎ ہمان کرد از سخن در ہند شبلی کہ صائب در سواد اصفہان کرد

ایک اور شعر میں ملک قمی اور صفاہانی سے اپنے تئیں تشبیہ دیتے ہیں :-

---

[1] تذکرۃ الشعراء ۱۹۱۵ء، اردوئے معلی ۱۹۰۹ء

[2] افادات مہدی ص ۱۲۳ طبع اول۔

روشنم شد زنوا سنجی شبلی امروز ہند را نیز قمی ہست و صفاہانی ہست

مرزا غالب نے ایک غزل کے مقطع میں اپنے تئیں شیوا بیانی میں شیخ علی حزین کا شیل قرار دیا ہے، اسی طرح مولانا بھی اپنی فارسی شاعری پر داد طلب کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

شبلیا کیست کزو داد سخن می خواہی گر نظیری نہ بود شیخ حزین می باید

مرزا غالب ملک کی ناقدر شناسی کی شکایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

غالب سوختہ جان را چہ بگفتار آری بدیارے کہ ندانند نظیری ز قتیل

اسی قسم کی شکایت مولانا نے بھی کی ہے :-

سخن سرائی شبلی بہیچ می ارزد بکشورے کہ سخن از قبول و طغرا ہست

اپنی کہنہ استادی پر اس طرح ناز کرتے ہیں :-

بآب و رنگ نظم خویشتن نازد چنان شبلی کہ در اقلیم معنی کہنہ استادست پنداری

اگرچہ یہ اشعار فخریہ ہیں اور سنجیدگی کے ساتھ ان سے استناد نہیں کیا جا سکتا، تاہم ان سے اتنا اندازہ ضرور ہوتا ہے کہ خود مولانا اپنی شاعری کی نسبت کیا رائے رکھتے تھے، وہ فارسی کے سخن سنج اور سخن شناس نقاد تھے اس لئے ان کی رائے اپنے متعلق "تحسین ناشناس" اور "سکوت سخن شناس" سے تو بہرحال بہتر ہی سمجھنی چاہئے ۔

سمعانی اور اُس کی کتابُ الانساب

سید امتیاز علی عرشی ناظم کتب خانہ رامپور

حضرات! اسلامی تہذیب و تمدن کے عہدِ عروج و ترقی میں جن ہزار ہا نفوسِ عالیہ نے اپنی پاکیزہ زندگیاں قربانگاہِ علم پر نثار کی ہیں۔ ان میں سے صرف معدودے چند کے نام ہماری زبانوں پر ہیں۔ بقیہ کے لئے ہمارے حافظہ میں گنجایش نظر نہیں آتی۔ حالانکہ ان میں اکثر اصحاب اس قدر بلند پایہ اور جلیل المرتبت ہیں۔ کہ اگر وہ منصۂ شہود پر جلوہ گر ہو جائیں۔ تو آسمانِ علم و فضل کے بہت سے تابندہ ستارے ماند پڑ جائینگے۔ لیکن قبولیتِ عامہ انسان کی حدودِ مساعی سے باہر ہے۔

این سعادت بزورِ بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

یہی سبب ہے۔ کہ آج ان اہلِ کمال کے خوشہ چین صاحبِ افسر و نگین ہیں۔ لیکن اُن کا اپنا سکہ تحقیق عرصہ سے بازارِ علم میں کاسد قرار دیا جا چکا ہے۔

میں چاہتا ہوں۔ کہ آج کی صحبت میں آپ کو ایک ایسی ہستی سے روشناس کروں۔ جس نے اپنے معلومات کی وسعت۔ اور تحقیقات کی ندرت کی بدولت معاصرین اور متاخرین دونوں سے خراجِ تحسین و آفرین وصول کیا۔ اور اپنے بعد اپنی مصنفات کا اتنا بڑا ذخیرہ چھوڑ گیا کہ اگر وہ سب ہم تک پہنچ گیا ہوتا۔ تو شاید ہم راہِ تاریخ و تذکرہ کی بہت سی دشواریوں سے

دو چار نہ ہوتے۔ اس نے عہدِ طفلی سے جادۂ علم و تحقیق پر گامزنی شروع کی۔ اور زمان پیری تک اس پر رواں رہا۔ حدیث و رجال و تاریخ اس کا واحد مشغلہ تھا جس کی خاطر اُس نے ہزارہا میل کی مسافت پیادہ پا طے کی۔ وہ جہاں گیا اِسی پیاس کو بجھانے کے لئے گیا۔ اور جہاں اقامت گزین ہوُا۔ اسی جنون کے مداوا کے خیال سے اقامت گزین ہوُا۔ اس نے راسنہ کے پہاڑوں دریاؤں۔ قریوں اور شہروں کی تحقیقات کی۔ قبیلوں۔ خانوادوں۔ اور اشخاص کے انساب اور حالات کا سُراغ لگایا۔ اور حدیث و فقہ کے اسرار و غوامض کی عقدہ کشائی کی۔ اس عظیم الشان شخصیت سے میری مراد

"تاج الاسلام ابوسعد عبدالکریم بن محمد سمعانی"

ہے۔ جس کی کتاب الانساب اہل علم کے خیال میں "عزیز الوجود اور کثیر الفائدہ" کتاب ہے

نام و نسب

ابوسعد کا پورا نام "تاج الاسلام ابوسعد عبدالکریم بن محمد بن منصور بن محمد بن عبدالجبار۔ بن احمد۔ بن محمد۔ بن جعفر۔ بن احمد۔ بن عبدالجبار۔ بن الفضل بن الربیع۔ بن مسلم۔ بن عبداللہ۔ بن عبدالمجید" ہے[1]

ان کا خاندان نسباً سمعانی کہلاتا ہے۔ سمعان ان کی آبائی روایت کے مطابق قبیلۂ تمیم کی ایک شاخ ہے۔ لیکن ابن درید کی کتاب الاشتقاق میں اس کا ذکر نہیں جس سے یہ نتیجہ

---

[1] ۔ اس مضمون کے ماخذ۔ تاریخ ابن خلکان ج ۱ ص ۴۲۶۔ طبقات الفقہاء الشافعیہ الکبریٰ للسبکی ج ۴ ص ۱۴۶۔ والوسطی ایضاً حرف العین۔ معجم البلدان لیاقوت الحموی۔ ذکر مرو۔ مرآۃ الجنان للیافعی ج ۳ ص ۳۷۱ دول الاسلام للذہبی ج ۲ ص ۲۵۴۔ شذرات الذہب تحت ۵۶۲ھ۔ انس الجلیل بتاریخ القدس والخلیل ج ۱ ص ۲۶۸۔ دیباچہ لب اللباب لابن الاثیر مخطوط۔ روضات الجنات حرف العین اور مقدمہ انگریزی بر انساب نوشتۂ مسٹر مارگولیتھ ہیں۔ ابن خلکان نے سمعانی کے جد اعلیٰ نام "عبد الحبیب" اور بعض دیگر تذکرہ نگاروں نے ان کی کنیت ابوسعید تحریر کی ہے۔

نکلتا ہے۔ کہ یہ قلیل الافراد اور غیر معروف شاخ تھی۔[1]

کتاب الانساب میں سمعانی کا تلفظ بفتح سین لکھا ہے۔ لیکن ابن خلکان کہتے ہیں کہ بعض علماء بکسر سین بھی درست خیال کرتے ہیں۔ غالباً سب سے پہلے ان کے پردادا ابوالمظفر محمد بن عبدالجبار السمعانی نے مرو میں توطن اختیار کیا۔ مرو خراسان کا مشہور ترین شہر تھا۔ یہ اپنی عظمت کی وجہ سے "مرو العظمیٰ" اور "مرو الشاہجان" کے القاب سے پکارا جاتا۔ اور بلحاظ قدامت بادشاہ ایران طہمورث کا معاصر شمار ہوتا تھا۔[2]

۳۰ھ/۶۵۰ء ہجری میں عبداللہ بن عامر نے جو عہد امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ میں مملکت خراسان کے والی رہے اور جیوش اسلامیہ کے کمانڈر انچیف تھے۔ حاتم بن نعمان باہلی کی سرکردگی میں ایک لشکر جرار بھیج کر اس کو فتح کیا۔[3] لیکن اسلام کے زیر نگیں آجانے کے بعد بھی اس کی عظمت و جلالت بدستور رہی۔ اور مامون الرشید عباسی و سلطان سنجر سلجوقی جیسی جلیل المرتبت ہستیاں اس کا دم بھرتی اور گیت گاتی رہیں۔[4]

خاندان سمعانی

جس زمانہ میں ابوسعد کا خاندان ایران آیا۔ خلافت عباسیہ کے سیاسی انحطاط کا دور شروع ہو چکا تھا۔ اور ایران میں متعدد خاندان خود مختارانہ حکومت کر رہے تھے۔ ان نئے حکمرانوں کو انتظام سلطنت کی درستی اور دربار کی رونق و عظمت کے لئے اہل علم کی احتیاج تھی۔ اس لئے ان نفوس قدسیہ کے علاوہ جو آئینۂ علم کو ہوس جاہ و دولت کے زنگار سے پاک و صاف رکھنا چاہتے تھے۔ ہزارہا اشخاص نے دنیوی اغراض کی خاطر تحصیل علم کی طرف اپنی توجہ مبذول کی تھی۔ اور اس طرح ممالک اسلامیہ کا گوشہ گوشہ آفتاب علم کی روشنی سے جگمگا اٹھا تھا۔

---

[1] دیباچہ الانساب نوشتہ مارگولیتھ، [2] معجم البلدان یاقوت ج ۸ ذکر مرو،
[3] الانساب۔ تحت السمعانی،

مراکز حکومت کو اس امر میں مزید امتیاز حاصل تھا۔ خوش بختی سے مرو خراسان کا پایہ تخت تھا۔ اس لئے یہاں کا ایک ایک مکان دار العلوم کی حیثیت رکھتا تھا۔ اور اس کے اضلاع کے ایک ایک قریہ سے دانش و حکمت کے دریا جاری تھے۔

مرو کے اس درخشان عہد میں سمعانی کا خاندان " ارفع بیت فی بلاد الاسلام۔ واعظمہ وَاقدمہ فی الامور الشرعیہ والامور الدینیہ " کہلاتا تھا۔[1]

ابو المنصور سمعانی ابو المنصور محمد بن عبد الجبار سمعانی اس سلسلہ کے گوہر اولین ہیں۔ یہ حدیث۔ فقہ۔ ادب اور لغت کے امام اور متعدد مفید کتابوں کے مصنّف تھے۔ اپنی علمی جلالت شان کی بدولت احناف کے قاضی رہے۔ اور اس خاندان کے پہلے راوئ حدیث شمار کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے اپنے بعد دو لڑکے چھوڑے[2]

ابو القاسم سمعانی خلف اکبر کا نام ابو القاسم علی بن محمد سمعانی ہے۔ یہ بڑے کثیر الحفوظات عالم تھے۔ مشائخ مرو سے سماع حدیث میں اپنے والد ابو المنصور کے ساتھ رہے۔ اور آخر میں مرو سے کرمان چلے گئے۔ شاہ کرمان نے ان کی بڑی قدر و منزلت کی۔ اور وزیر کرمان کی صاحبزادی سے ان کی شادی ہوگئی۔ ان کے صاحبزادے ابو العلا عالی بن علی سمعانی بھی صاحب علم تھے۔ چنانچہ ابو القاسم کے انتقال کے بعد یہی ان کے منصب پر فائز ہوئے۔ ابو سعد کے سفر کرمان تک ان کی اولاد موجود تھی۔ اور سب اہل علم تھے۔

ابو المظفر سمعانی ابو المنصور کے خلف اصغر ابو المظفر منصور بن محمد سمعانی ہیں۔ یہ ذی الحجہ ۴۲۶ھ / ۱۰۳۵ء ہجری کو مرو میں پیدا ہوئے۔[3] اپنے والد ابو المنصور اور

---

[1] طبقات سبکی ج ۴ ص ۲۵۹۔ نقلا عن محمود الخوارزمی۔
[2] خاندان سمعانی کا حال الانساب۔ اور الطبقات للسبکی سے ماخوذ ہے،
[3] ابن خلکان اور سبکی میں ۴۲۶ھ تحریر ہے،

ابو غانم الکراعی وغیرہ سے حدیث پڑھی۔ بعد ازاں خراسان۔ عراقین اور حجاز کا طویل سفر کر کے کثیر التعداد شیوخ سے شرفِ سماع حاصل کیا۔ یہ اپنے آباو اجداد کی طرح حنفی المسلک تھے ۴۶۲ھ/۱۰۶۹ء میں بزمانۂ قیام حجاز شافعیت کی طرف مائل ہو گئے۔ جب ۴۶۸ھ/۱۰۷۵ء ہجری میں وطن واپس آئے۔ تو ایک دن والیٔ شہر کے ہاں احناف و شوافع کے روبرو انتقالِ مسلک کا اعلان کر دیا۔ اس زمانہ میں خراسان حنفیت کا گہوارہ تھا۔ خود ان کا اپنا خاندان بھی اسی کو راہِ راست مانتا تھا۔ لہذا ان کے اعزا اور احباب نے اظہار ناراضگی کیا۔ اور ان کے بھائی ابو القاسم تک نے تعلقات منقطع کر لئے۔ لیکن رفتہ رفتہ اس دورِ ابتلا کا خاتمہ ہوا۔ اور ابو المظفر کو شوافع میں وہی مرتبۂ امامت حاصل ہو گیا۔ جو ان کے آباکو احناف میں حاصل تھا۔ بعد ازاں ان کے خاندان کا کوئی فرد حنفی نہ ہوا۔

یہ اپنے عہد کے بہت بڑے واعظ اور جلیل القدر مصنّف تھے۔ ابو سعد نے لکھا ہے۔ کہ "کان امام عصرہ بلا مدافعۃ۔ وعدیم النظیر فی وقتہ۔ ولا اقدر اصف بعض مناقبہ"[1] تفسیر۔ حدیث۔ اصول۔ اور خلاف پر ان کی متعدد تصنیفات تھیں جن میں سے نو کتابوں کے نام ابو سعد نے لکھے ہیں۔

انہوں نے جمعہ کے دن ۲۳ ربیع الاوّل ۴۸۹ھ/۱۰۹۵ء ہجری کو مرو میں انتقال کیا۔ اور قبرستانِ سنجدان میں مدفون ہوئے۔

انہوں نے اپنے بعد پانچ اولادیں چھوڑیں۔ جن میں سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی ان کے انتقال کے کچھ عرصہ بعد فوت ہو گئے

ابو بکر محمد سمعانی

بقیہ تین بیٹوں میں بڑے ابو بکر محمد بن منصور سمعانی تھے۔ یہ جمادی الاولیٰ ۴۶۶ھ/۱۰۷۳ء ہجری کو مرو میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل

[1] الانساب۔ تفصیل کے لئے سبکی ملاحظہ ہو۔

کی۔ پھر سماع حدیث کی خاطر اصفہان۔ عراق اور حجاز کا طویل سفر کر کے کثیر التعداد شیوخ سے اسانید عالیہ بہم پہنچائیں۔

ابن خلکان نے خود ابوسعد کے حوالہ سے لکھا ہے۔ کہ ابوبکر ۴۹۳ھ/۱۱۰۰ء ہجری میں حج کو گئے۔ واپسی میں سماعِ حدیث کی غرض سے بغداد میں قیام کیا۔ یہاں مدرسۂ نظامیہ کے واعظ کی جگہ ان کا تقرر ہوگیا۔ انہوں نے وعظ و تدریسِ احادیث شروع کر دی۔ اس کے بعد مرو واپس آئے اور ۵۰۹ھ/۱۱۱۵ء ہجری تک وہیں مقیم رہے۔[1]

یہ ادیب۔ شاعر اور متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔ لیکن قبل از وقت موت نے ان کے شوقِ تصنیف و تالیف کو سیرابِ تکمیل نہ ہونے دیا۔ اور یہ اپنی تمام تصنیفات کو نامکمل چھوڑ کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ اُن کے فضل و کمال کا شہرہ آغازِ شباب ہی سے ہو چلا تھا۔ خود اُن کے والد بھری مجلس میں کہہ دیا کرتے تھے۔ کہ "محمد ابنی اعلم منی و افضل منی"

آخرِ عمر میں شعر و شاعری سے کنارہ کش ہوگئے تھے۔ اس زمانہ میں ان کا واحد مشغلہ علم الحدیث پر لکچر دینا تھا۔ سمعانی کا خیال ہے۔ کہ اس وصف میں وہ اپنے تمام پیشروؤں سے بازی لے گئے تھے۔ وفات سے کچھ دن پہلے اشعار کے مسودات دھو ڈالے تھے۔ اور ایک فرمایش کے جواب میں صاف صاف تحریر کر دیا تھا۔ کہ "قد اسلم شیطان شعری" (میرا شیطان شعر مسلمان ہوگیا ہے)

ہماری بزمِ معارف کے بعض رفقا ابوبکر سمعانی کے اس جملہ پر چین بجبیں ہوں گے۔ لیکن میں عرض کروں گا۔ کہ علامۂ موصوف کا مقصد مولانا حالی اور ڈاکٹر اقبال جیسے شعرا کی تنقیص نہیں معلوم ہوتا وہ اس کلام کی مذمت کرنا چاہتے ہیں۔ جو شیطان یا بالفاظِ دیگر نفسِ امارہ کے اشارہ سے لکھے جائیں۔ کیونکہ یہ اشعار عشق و محبت کے حیوانی پہلو کی ترجمانی کرتے ہیں۔ انسان کی اخلاقی اور روحانی

[1] وفیات الاعیان لابن خلکان ج ۱ ص ۴۲۶،

قوتوں کو بیدار کرنے کی صلاحیت ان میں نہیں ہوتی الا ماشاء اللہ

ابوبکر سمعانی نے ابھی اپنی عمر کے ۴۳ مرحلے طے کئے تھے۔ کہ جمعہ کے دن ۳ صفر ۵۱۶ھ / ۱۱۲۲ء ہجری کو ان کا انتقال ہوگیا۔ یہ قبرستان سنجدان میں اپنے والد کے پہلو میں مدفون ہیں[1]

ابو محمد الحسن سمعانی

ابوالمظفر کے منجھلے صاحبزادے ابو محمد حسن سمعانی ہیں۔ یہ عابد و زاہد اور عزلت پسند عالم تھے۔ صرف نماز جمعہ کے واسطے مکان سے باہر آتے تھے۔ انہوں نے فقہ کی تعلیم اپنے والد سے پائی۔ اور حدیث اپنے بھائی کی معیت میں نیشاپور جا کر حاصل کی۔ ان کی بیوی کے پاس کسی شخص کی امانت رکھی ہوئی تھی۔ چند ڈاکوؤں نے اس کا سراغ لگا کر ۵۳۱ھ / ۱۱۳۶ء ہجری کی ایک شب میں ان کے مکان پر چھاپا مارا۔ اور انہیں گلا گھونٹ کر شہید کر دیا[2]

انہوں نے اپنے بعد ایک لڑکا چھوڑا تھا۔ جو عین عالم شباب میں اپنے والد سے ۲ سال بعد راہی ملک بقا ہوا۔ یہ عربی و فارسی کا زبردست ادیب تھا۔ اور دونوں زبانوں میں شعر کہتا تھا۔

ابوالقاسم احمد سمعانی

ابوالمظفر کے چھوٹے بیٹے کا نام ابوالقاسم احمد سمعانی ہے۔ یہ سنہ ۴۸۷ھ / ۱۰۹۴ء ہجری میں پیدا ہوئے۔ فقہ اپنے بڑے بھائی سے۔ اور حدیث ان سے اور ابوبکر محمد کامگار بن عبدالرزاق ادیب وغیرہ سے پڑھی۔ یہ عالم۔ مناظر۔ فقیہ۔ ملیح الوعظ واعظ۔ اور خوش گو شاعر تھے۔ ۲۳ شوال ۵۳۴ھ / ۱۱۳۹ء ہجری کو ان کا انتقال ہوا۔ اس زمانہ میں ابوسعد بغداد میں تھے۔ وہیں انہوں نے مجلس عزا برپا کر کے ان کی روح کو ایصال ثواب کیا۔

---

[1] طبقات سبکی ج ۴ ص ۱۸۹ میں ۵۱۵ھ درج ہے۔ لیکن یہ طباعت کی غلطی ہے۔ اس لئے کہ علاوہ سمعانی اور ابن خلکان کے خود سبکی نے بھی ابوسعد کے تذکرہ میں ۵۱۰ سنہ تحریر کیا ہے۔

[2] انساب میں ۵۳۱ھ درج ہے۔ چونکہ ان کے لڑکے کا انتقال ان سے دو سال بعد ۵۳۳ھ میں ہوا۔ اس بنا پر میرا خیال یہ ہے کہ کاتب سے تین کا ہندسہ چھوٹ گیا ہے۔

ابوبکر محمد بن منصور سمعانی کی شادی زندخان (سرخس) کے مشہور محدث ابوبکر محمد بن الحسن بن احمد الحسنی کی بہن سے ہوئی تھی۔ ان کے بطن سے دو اولادیں ہوئیں۔

امۃ اللہ سمعانیہ

ان میں بڑی امۃ اللہ سمعانیہ تھیں۔ یہ ۴۹۱ھ/۱۰۹۷ء ہجری میں پیدا ہوئیں۔ بڑی صالحہ۔ پاکدامن۔ اور دائم الصوم تھیں۔ قرآن مجید کی تلاوت زیادہ کرتی تھیں۔ ان کے والد نے ابوغالب محمد بن الحسن الباقلانی البغدادی سے انہیں اجازتِ علوم دلائی۔ چنانچہ ابوسعد نے ان سے وہ احادیث و حکایات پڑھی ہیں۔ جن کی ابوغالب نے اجازت عطا کی تھی۔

ابوسعد کی ولادت و تعلیم

ابوبکر کی دوسری اولاد ابوسعد ہیں۔ یہ دوشنبہ ۲۱ شعبان ۵۰۶ھ/۱۱۱۲ء ہجری کو مرو میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد اور ابو منصور محمد بن علی الکراعی وغیرہ مشاہیر مرو نے بسم اللہ پڑھائی۔ ۵۰۹ھ/۱۱۱۵ء ہجری میں ان کے والد نے نیشاپور کا سفر کیا۔ اور انہیں اپنے ہمراہ لے گئے۔ وہاں دونوں نے ابوبکر عبدالغفار بن محمد الشیروئی (متوفی ۵۱۶ھ/۱۱۱۶ء) اور دیگر مشائخ سے شرفِ سماع حاصل کیا۔

ابوبکر شیروئی ابوسعید صیرفی کے شاگرد ہیں۔ ابوالمظفر سمعانی۔ ابوسعد کے دادا صیرفی کے تلمیذ التلمیذ تھے۔ اس لئے ابوسعد نے فخریہ بیان کیا ہے۔ کہ صیرفی کا تلمیذ التلمیذ ہونے کے باعث میں اسناد میں اپنے دادا کے برابر ہوں۔

مسٹر مارگولیتھ انساب کے انگریزی دیباچہ میں ابوسعد کی عبارت

"سمعت منه بنیسابور۔ واحضرنی الامام والدی فی مجلسه و اسمعنی منه۔ وجدی الامام ابوالمظفر السمعانی سمع من اصحاب ابی بکر الجیری۔ وابی سعید الصیرفی۔ وسمعت انا منه۔ فساویته

فی الاسناد[1]"

کا یہ مطلب لکھتے ہیں :-

(At the early age of three he was taken to Nisabur to study Traditions, and was there presented to Shaikh Abd'l-Gaffar b. Muhammad Ash-Shiruwí, who had taught his grandfather's contemporaries.)

میری ناقص رائے میں ان سے تسامح ہوا ہے۔ وہ یہ کہنا نہیں چاہتا کہ صیرفی میرے دادا کے معاصرین کا استاد ہے۔ بلکہ وہ یہ ظاہر کر رہا ہے۔ کہ ابو المظفر میرے دادا اور میں صیرفی کے شاگرد کے شاگرد ہیں۔ اس لئے دونوں مساوی السند ہوں گے۔

۵۱۰ھ/۱۱۱۶ء ہجری میں ان کے والد وطن واپس ہوئے۔ یہاں پہنچ کر ان کا انتقال ہو گیا۔ ابو سعد کی عمر ابھی صرف چار سال کی تھی۔ کہ سایہ پدری سے محروم کر دئے گئے لیکن شفیق باپ نے اپنے ایک مخلص دوست ابو اسحٰق ابراہیم بن احمد الفلخاری المرورودی (متوفی ۵۳۶ھ/۱۱۴۱ء) کو ان کی تعلیمی نگرانی کی وصیت کی۔ اس فرشتہ خصائل انسان نے حق دوستی پورا پورا ادا کیا چنانچہ ابو سعد نے ان کے متعلق لکھا ہے[2]

"کان یقوم بامورنا احسن قیام۔ وکان یحتاط حتی لا یشرب الماء من کوز دارنا احترازاً عن اکل مال الیتامی والانتفاع بھم۔"

(انہوں نے انتہائی حسن و خوبی کے ساتھ ہمارے کام انجام دئے۔ یہ اس قدر محتاط تھے۔ کہ ہمارے

---

[1] کتاب الانساب۔ ذکر الشیروئی،

[2] ایضاً۔ ذکر الفلخاری،

گھر کے برتن میں پانی نہیں پیتے تھے۔ کہ کہیں یہ یتیموں کا مال کھانے کے حکم میں نہ آجائے۔ یا اس سے انتفاع نہ قرار پائے)۔

ابوسعد نے ان سے فقہ پڑھنی شروع کی۔ لیکن ابھی کتاب الطہارہ ختم نہ ہونے پائی تھی۔ کہ بعض وجوہ سے یہ سلسلہ منقطع ہوگیا۔ اس کے بعد ابوسعد نے اپنے بڑے چچا ابو محمد اور چھوٹے چچا ابوالقاسم سے درس لینا شروع کیا۔ اور اول الذکر سے کتاب الجامع لعمر بن راشد۔ کتاب التاریخ لاحمد بن یسار۔ الامالی لابی المظفر السمعانی۔ کتاب الانصار لہ الاحادیث الالف لہ۔ الامالی لابی زکریا المزنی۔ الامالی لابی القاسم اور دیگر اجزا پڑھے۔ اور موخر الذکر سے خلافیات اور فقہ کی تکمیل کی۔

تعلیمی سفر

۵۲۸ھ/۱۱۳۳ء ہجری میں ابوسعد سرخس کے محدث ابوالقاسم صاعد سے حدیث پڑھنے کے لئے سرخس گئے (السہلوی)

اوائل ۵۲۹ھ/۱۱۳۴ء ہجری میں ابوالقاسم احمد کے ساتھ صحیح مسلم پڑھنے کے لئے نیشاپور کا سفر کیا۔ بعد سماع ابوالقاسم نے وطن واپس ہونے کا ارادہ کیا۔ ابوسعد واپس نہ آنا چاہتے تھے۔ اس لئے روپوش ہوگئے۔ لیکن آخر کار ظاہر ہونا پڑا۔ اور دونوں ۵۲۹ھ کے آخر میں طوس آئے۔ اور راذکان (طوس) کے محدث ابوالازہر الحسن بن احمد الراذکانی سے ۳۰ حدیثیں سنیں۔ یہ طوس کا دوسرا سفر تھا۔ (السمعانی۔ الراذکانی۔ الفارمذی۔ الراونیری)

اسی سال سارئہ مازندران میں ایک شیعی عالم احمد بن علی العلوی النسابہ سے کچھ لکھا۔ احمد نے رمضان ۵۲۹ھ میں انتقال کیا (المرعشی)

قیام طوس میں ابوسعد نے چچا سے نیشاپور جانے کی اجازت حاصل کرلی۔ اور وہاں ایک سال قیام کرکے اوائل ۵۳۱ھ/۱۱۳۶ء میں اصفہان کو روانہ ہوئے۔ (السمعانی)

عرضِ راہ میں ایک دِن سمنان میں قیام کیا (السمنانی) اور وہاں سے سمنک جا کر ابوالحسن القاسم بن محمد بن اللیث السمنکی سے سماعِ حدیث کیا۔ (السمنکی)

اصفہان پہنچ کر محمد بن ابی نصر بن الحسن بن ابراہیم النَّحْوِ نَجانی سے اجزائی حدیث سُنے (النَّحْوِ نَجانی)۔ اور ابوالفرج سعید بن ابی الرجاء بن بکر بن منصور الصیرفی الدوری متوفی ۵۳۲ھ/۱۱۳۷ء سے احادیثِ کثیرہ اور مصنفاتِ طوال پڑھے۔ (الدوری) نیز ابوالحسین سعید بن طلحہ الصالحانی سے جو اصفہان کے مشہور ادیب تھے۔ ان کے اشعار۔ اور ان کے بھائی ابوعبداللہ الحسین بن طلحہ الصالحانی متوفی ۵۳۲ھ سے اور چیزیں سن کر لکھیں (الصالحانی)۔ اور ابونصر محمد بن احمد بن عبداللہ الوَزّان متوفی ۵۳۲ھ سے سماعِ حدیث کی سعادت حاصل کی۔ (الوزان)

ابھی ۵۳۱ھ ختم نہیں ہوا تھا۔ کہ ابوسعد بقصدِ عراق روانہ ہوئے۔ راہ میں ہمدان اُترے اور وہاں سے اسد اباد جا کر چند شب ٹھہرے (الاسد ابادی)

محرم ۵۳۲ھ میں نہاوند پہنچے۔ اور دس روز قیام کر کے بروجرد کے ارادہ سے روانہ ہوئے۔ راہ میں نہاوند کے ایک موضع (بیجا) میں قیام کیا۔ یہاں ایک صوفی سے ملاقات ہوئی۔ جو نہایت خوشرو۔ خوش وضع۔ خوش پوشاک۔ شیریں کلام اور چلبلا تھا۔ ابوسعد نے درخواست کی۔ کہ آپ کو کوئی حدیث پہنچی ہو۔ تو ہمیں اس کی اجازت دیجئے۔ اس نے کہا۔ "میں نے اپنے شیخ ابوثابت بیخبر بن منصور صوفی سے ایک حدیث روایت کی ہے"۔ اور یہ کہہ کر ایک عجیب وغریب حکایت سنائی۔ ابوسعد کو اس حکایت پر یقین نہ آیا۔ لیکن ازراہِ احتیاط اپنے پاس لکھ کر رکھ لی۔ کچھ عرصہ کے بعد کتاب آداب الفقر لابی محمد جعفر بن محمد بن الحسن الابہری نظر سے گذری۔ تو اس میں یہ حکایت انہی الفاظ اور سند کے ساتھ بیخبر سے روایت کی گئی تھی۔ ابوسعد نے انساب میں لکھا ہے کہ میں وہ سند اور پوری حکایت کتاب الذیل لتاریخ بغداد میں درج

کی ہے۔ (البیجاوی)

بیجا سے ابوسعد بروجردگئے۔ یہ بلاد الجبل کا بہت خوبصورت اور سرسبز و شاداب شہر ہے۔ اور ہمدان سے ۱۸ فرسخ دور ہے۔ یہاں پچاس دن قیام کرکے کچھ اوپر بارہ شیوخ سے کتابت حدیث کی (البروجردی) ان شیوخ میں سے الرئیس ابوتمام ابراہیم بن احمد بن حمدان الضمیری متوفی ۵۳۲ھ ابوالنجم بدر بن صالح بن عبداللہ الرازانی اور ان کے بھائی ابونصر حامد بن صالح الرازانی نسبت (الضمیری) اور (رازانی) میں مذکور ہیں۔

ہمدان و بغداد کی راہ میں بغداد کا ایک جوان منصور بن ابی بکر الفاخرانی ہم سفر ہوگیا۔ ابوسعد اس کے ساتھ قرمیسین میں دو راتوں کے لئے اترے۔ اور مسجد جامع میں "شیخ یسیر" کی کتابت کی۔ (الفاخرانی والقرمیسینی)

آغاز ربیع الاول ۵۳۲ھ/۱۱۳۷ء میں ابوسعد بغداد میں داخل ہوئے۔ ابوحفص عمر بن محمد بن عمویہ سہروردی کے ترجمہ میں لکھا ہے۔ کہ "انہوں نے ۸ ربیع الاول ۵۳۲ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ یہ میرے داخلۂ بغداد کا ہفتہ تھا۔" (السہروردی)

مسٹر مارگولیتھ کی رائے میں ابوسعد نے ۵۳۰ھ تا ۳۸ بغداد میں گزارا لیکن میری ناقص رائے میں انہیں سہو ہوا ہے۔ ۵۳۰ھ میں ابوسعد نیشاپور میں تھے (السمعانی) بغداد میں کچھ عرصہ آرام کرکے ادائی حج کی نیت سے حجاز کا سفر کیا۔ راستہ میں ابو عبداللہ محمد بن محمد بن محمد المیانجی سے ملاقات ہوئی۔ مکہ پہنچ کر ابوسعد نے ان سے کچھ احادیث لکھیں۔ حج سے فارغ ہوکر ۵۳۳ھ/۱۱۳۸ء کے آغاز میں ابوسعد عراق واپس ہوئے۔ اور المیانجی اپنے وطن چلے گئے۔ (المیانجی)

واپسی میں ابوسعد نے واسط میں قیام کیا۔ اور ابوالجوائز سعد بن عبدالکریم الغندجانی

سے حدیث پڑھی۔ (العَنَدجانی)

ابوسعد احد الربعین یا احد المجاورین ۵۳۲ھ/۱۱۳۸ء سے قبل بغداد پہنچ گئے۔ اس لئے کہ ابوبکر الطیب بن محمد بن احمد الغضائری کے حال میں لکھا ہے۔ کہ انہوں نے ماہ مذکور میں انتقال کیا تو میں بغداد میں تھا۔ (الغضائری)

۵۳۴ھ میں ابوسعد نے کوفہ اور انبار کا سفر کیا۔ یہ کوفہ کا تیسرا اور انبار کا پہلا سفر تھا[1]۔ کوفہ میں عبدالسید بن محمد النداف سے۔ اور انبار میں ابونصر ہبۃ اللہ بن یحییٰ البیتی المقری سے درسِ حدیث لیا۔ (السلولی۔ البیتی)

اسی سال انہوں نے حجاز کا دوسرا سفر کیا۔ ابوالعباس احمد بن محمد بن احمد بن ہالہ الرنانی المقری۔ جو اسی سال اصفہان سے آئے تھے۔ بغداد سے ہمراہ ہوئے۔ (الرنانی)۔ راہ میں ابوبکر محمد بن علی الراشدی الخزنی کا ساتھ ہوگیا۔ ابوسعد نے ان سے کچھ احادیث لکھیں (الخزنی)

۵۳۴ھ/۱۱۳۹ء میں ابوسعد اور ابوالحسن علی بن محمد الفلکی نے ابوسعید البغدادی سے مکہ میں شرف سماع حاصل کیا۔ (الفلکی)

آغاز ۵۳۵ھ/۱۱۴۰ء میں ابوسعد نے حجاز سے شام کا قصد کیا۔ راہ میں بلاد الجزیرہ میں سے طنزہ، سنجار، خابور، اور موصل میں قیام کیا۔ اور رمضان ۵۳۵ھ کے آخری عشرہ میں موصل کی مسجد جامع میں ابوبکر محمد بن القاسم بن المظفر بن علی بن الشہرزوری سے قرات حدیث کی (الشہرزوری) بعد ازاں دس دن حلب میں قیام کرکے ابوجعفر عمر بن ہارون بن طالب الخجندی کے چند اشعار لکھے (الخجندی) ابومحمد عبداللہ بن علی بن سعید القیسرانی المعروف بالقصری سے کتاب ابن عرفہ (جزء ابن عرفہ) پڑھی (القصری) اور ابوعبداللہ محمد بن ابی نصر بن محمد الصوفی المقری سے کچھ کتابت کی (المایانی)

---

[1] الاقاسی کے ماتحت کوفہ کے پانچویں سفر کا بھی ذکر آیا ہے،

حلب سے ابو داؤد سلیمان بن محمد بن راوی الکروخی کے ساتھ حمص گئے۔ اور وہاں چار دن قیام کیا حمص سے ابو داؤد بعلبک چلے گئے۔ اور ابو سعد دمشق کو روانہ ہوئے۔ (الکروخی)

دمشق میں ابو الحسین محمد بن محمد بن کامل العسقلانی۔ اور ابو الحسن علی بن الحسن الحنفی السکلکندی وغیرہ سے شرف سماع حاصل کیا۔ (العسقلانی۔ السکلکندی)

۳۵ھ میں ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن تغلب بن ابراہیم الآمدی سے دمشق میں ملاقات ہوئی ابو سعد ان کے ہمراہ فلسطین کے ارادہ سے نکلے۔ بلادِ غور پہنچ کر الآمدی نے عسقلان کا رخ کیا۔ اور ابو سعد عکا اور بلادِ ساحل کی طرف روانہ ہوئے۔ (الآمدی)

فلسطین سے بیت المقدس جاتے ہوئے ایک شب نابلس میں ابو الحسین علی بن جعفر النابلسی کے ہاں گزاری۔ اور ان کے دو شعر لکھے۔ (النابلسی)

غالباً ۳۵ھ کے آخر میں ابو سعد دمشق واپس آئے۔ اس لئے کہ ۱۷ محرم ۳۶ھ/۱۱۴۱ء کو ابو محمد ہبۃ اللہ بن احمد بن عبد اللہ بن علی بن طاؤس الجیرونی نے دمشق میں انتقال کیا۔ تو یہ ان کے جنازہ کے ساتھ تھے۔ (الجیرونی)

محرم ۳۶ھ کے چند دن دمشق میں بسر کر کے اور اس عرصہ میں ابو نصر عبد الصمد بن ظفر بن قبات الجلبی کے ساتھ ابو المعالی محمد بن یحییٰ بن علی القرشی القاضی اور ابو الحسین علی بن عبد الرحمن بن عیاض الصوری وغیرہ کے درس میں شریک رہ کر بغداد واپس ہوئے۔ (القباقی)

بغداد پہنچ کر ابو طاہر الجوسقی الضریر سے کتاب القیامۃ لابن مسروق کا کچھ حصہ پڑھا۔ ابو طاہر اواخر صفر ۳۶ھ میں فوت ہو گئے۔ ابو سعد باقی حصہ پڑھنے گئے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ دو چار دن ہوئے ان کا انتقال ہو گیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ آخر ربیع الاول یا آغاز سفر سنہ مذکور میں بغداد آ گئے تھے۔ (الجوسقی)

اس مرتبہ ابوسعد نے بغداد میں ابوالقاسم محمود بن علی بن اسمعیل البخاری۔ سعدی بنت ابی علی الحسن بن الصوفی السیرجانی۔ ابوالمعالی عبدالخالق بن عبدالصمد النحاس متوفی ۴۳۸ھ/۱۱۴۳ء وغیرہم سے سماع وکتابت کی۔ ان میں سے دو اول الذکر کو ۴۳۷ھ/۱۱۴۲ء میں زندہ چھوڑ کر بغداد سے روانہ ہوئے (السیرجانی۔ الدرزنجانی۔ النحاس)

راہ میں دس روز استرآباد میں قیام کیا۔ اور متعدد اصحاب سے کتابت کی۔ اور تاریخ استرآباد مصنفہ ابوسعد الادریسی نقل کی (الاسترآبادی)

جرجان پہنچ کر ابوعامر سعد بن علی بن ابی سعید الرزاز سے احادیث لکھیں۔ (الرزاز) وہاں سے جوسقانِ اسفرائن گئے۔ اور ابوسعید احمد بن الحسین بن محمد بن الحسین الکندری سے چند حدیثیں لکھیں۔ الکندری نے آخر ۴۳۷ھ یا اوائل ۴۳۸ھ میں انتقال کیا۔ (الکندری) پھر اسفرائن جا کر ابوالقاسم محمود بن خلف اللاہوری سے سماعِ حدیث کیا۔ (اللوہوری)

عراق سے واپسی میں ۴۰ دن آملِ طبرستان میں قیام کیا۔ اور ابوالمظفر فرامرز بن مہشر سے ان کے اور ان کے اساتذہ کے اشعار لکھے۔ اور اسی سال (۴۳۷ھ) انہیں زندہ چھوڑ کر وہاں سے کوچ کیا۔ آمل میں ابوالعباس القصاب کی خانقاہ فرودگاہ تھی۔ (الابہری۔ الطبری)

پھر رے پہنچ کر ۴۰ دن وہاں اقامت کی۔ اور ابوسعید یحییٰ بن ظاہر السمان کے مکتب میں جا کر اُن سے کتابت حدیث کی۔ (الرازی۔ السمان) اور انہیں ۴۳۷ھ میں بقیدِ حیات چھوڑا۔

اس کے بعد نیشاپور گئے۔ اور ابوسعد احمد بن محمد الشرمقانی سے احادیث لکھیں۔ (الشرمقانی)

۴۳۸ھ/۱۱۴۳ء میں ابوسعد مرو واپس آچکے تھے۔ کیونکہ ابویعقوب یوسف بن ابراہیم بن موسےٰ التوثی اس سال مرو تشریف لائے۔ تو یہ وہاں موجود تھے (التوثی)

۴۳۹ھ/۱۱۴۴ء میں مرو ہی میں قیام رہا۔ چنانچہ ابوعبداللہ محمد بن داؤد بن رضوان الایلاقی نے اس

سال مرو میں انتقال کیا۔ تو یہ وہاں موجود تھے۔ (الاقی)

۴۰ھ/۱۱۴۵ء میں ابوسعد نے خراسان اور ماوراء النہر کا سفر کیا۔ اور ہرات میں ابوالمظفر محمد بن محمد بن احمد بن ابی القاسم الصابری سے الزاہد محمد بن ابی العباس کی حدیث لکھی (الصابری) ان کے ورود ہرات سے قبل ابوالفضل محمد بن اسمعیل الفضیلی محدث ہرات کا انتقال ہو چکا تھا۔ (الفضیلی)

اسی سال بخارا گئے۔ اور وہیں ابوالمعالی احمد بن علی السمین النجاز کی خبر وفات سنی (السمین) بخارا میں ابوالمعالی مسعود بن الحسن الکشانی کے صاحبزادہ ابوالفتح محمد بن مسعود الکشانی متوفی ۵۲ھ/۱۱۵۷ء سے روایت حدیث کی۔ (الکشانی) خطیب بخارا ابوبکر محمد بن محمد بن محمد الفضلی کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عصا تھا۔ ابوسعد ان کے مکان پر حاضر ہوئے۔ اور عصا کی زیارت کر کے ایک جز حدیث لکھا۔ (الفضلی)

محرم ۴۲ھ میں ابوسعد طوس میں مقیم تھے۔ اور وہیں انہیں ابوبکر عتیق اللہ المیشی کی خبر وفات ملی۔ (المیشی)

۴۳ھ میں ابوسعد مرو میں تھے۔ اس لئے کہ ابوعامر سعد بن علی بن ابی سعد العصاری الجرجانی کے ترجمہ میں لکھا ہے۔ کہ ابتداءً وہ ۲۷ھ میں مرو آئے۔ بعد ازاں جرجان میں ان سے ملاقات ہوئی۔ پھر ۴۰ھ پر کچھ سال گزرے تھے۔ کہ وہ دوبارہ مرو آئے۔ اور میں نے ان سے کتاب حلیۃ الاولیا لابی نعیم الاصفہانی سنی۔ بعد ازاں ان سے نیشاپور میں ملاقات ہوئی۔ (العصاری) ابومحمد عبدالرحمٰن النیسی کے حالات میں لکھا ہے کہ میں نے ان سے مرو روز میں طبرانی کی معجم صغیر پڑھی تھی۔ جب ۴۳ھ میں وہ مرو آئے تو انہوں نے پھر وہی کتاب پڑھائی۔ (النیسی)

ابوسعد کا تیسرا سفر نیشاپور ۴۴ھ/۱۱۴۹ء میں واقع ہوا۔ اسی سفر میں ابوعامر سے نیشاپور میں

ان کی ملاقات ہوئی تھی۔ (العصاری) نیز ابوالسعادات محمد بن محمد بن احمد الرسولی کی وفات کی خبر جو جمادی الآخر ۴۴ھ میں واقع ہوئی تھی۔ قیام نیشاپور ہی میں ملی۔ (الرسولی)۔ نیشاپور کے تینوں سفروں میں ابوسعد نے ابوالعباس احمد بن العباس الشقانی سے شرف سماع حاصل کیا۔ (الشقانی) نیشاپور سے نساجاتے ہوئے ایک شب خوجان میں قیام کیا۔ اور ابوالفضل احمد بن محمد بن احمد الخوجانی سے اشعار اور احادیث لکھیں۔ (الخوجانی)

خوجان سے نسا گئے۔ اور ۴۰ دن وہاں ٹھیرے۔ آخر رمضان ۴۴ھ میں ابوالفضل الخوجانی نے انتقال کیا۔ ابوسعد کو ان کی وفات کی اطلاع نسا میں ملی (السائی)

۴۶ھ/۱۱۵۱ء میں ابوسعد دوبارہ ہراۃ گئے۔ اور وہاں ابوالمعالی معربشاہ بن محمد بن الحسین الکاشغری سے مل کر چند احادیث سنیں۔ (الکاشغری)۔ اور ابوالفتح محمد بن ابی بکر بن ریحان النشائی سے شرف سماع حاصل کیا۔ (النشائی)

۴۷ھ/۱۱۵۲ء میں ابوالمعالی محمد بن صباح الاثاربی نے ہراۃ میں انتقال کیا۔ ابوسعد ان سے اولاً بغداد میں۔ بعد ازاں علی الترتیب نیشاپور۔ ہراۃ اور بلخ میں ملے۔ (الاثاربی)

۴۸ھ/۱۱۵۳ء میں سمرقند گئے۔ اور کتاب القندفی معرفۃ علماء سمرقند مستعار لے کر اس کا انتخاب کیا۔ (الصباری) سمرقند میں سمعانی نے مجالس املا کرائیں۔ ان میں ابوعلی الحسین بن ناصر الکاغذی بھی جن کی طرف حیسنی کاغذ منسوب ہے۔ شریک ہوتے تھے۔ (الکاغذی)

۵۰ھ/۱۱۵۵ء میں وہ پھر سمرقند میں تھے۔ یہاں اس مرتبہ ابوالحسن علی بن محمد الفلکی الاصفہانی سے ملاقات ہوئی۔ اور یہیں ابومحمد عبدالرحمن الماہیانی کی خبر وفات ملی۔ (الفلکی۔ الماہیانی)

۵۱ھ/۱۱۵۶ء میں نسف (نخشب) میں سماع حدیث کیا۔ اور یہیں یہ اطلاع ملی۔ کہ ابوالحسن احمد بن الحسین بن عبدالرحمٰن العیسی نے جن سے ابوسعد نے السید ابوالمعالی محمد بن محمد بن زید الحسنی

الحافظ کی تقریباً دس کتابیں پڑھی تھیں۔ فراب نامی گاؤں میں جو سمرقند سے آٹھ فرسخ پر ہے عرفہ کے دن ۵۰۰ھ میں وفات پائی۔ (الغوبدینی۔ الفرابی)

نسف میں ابوسعد دو ماہ رہے۔ اور ابو یعقوب یوسف بن ابی بکر بن احمد البلدی متوفی ۵۵۲ھ/۱۱۵۷ء سے کتاب اخبار مکہ للازرقی۔ میمون بن احمد بن ابی بکر سے کتاب الجامع الصحیح للبخاری کے گیارہ جز۔ اور ابو نصر احمد بن عبد الجبار بن محمد بن احمد البلدی سے کتاب مذکور تمامہ پڑھی۔ موخر الذکر کے درس میں ابوسعد کے صاحبزادے ابو المظفر بھی شریک تھے۔ ابوسعد نسف سے واپس ہوئے۔ تو اس وقت تک ابو نصر زندہ تھے۔ (الایبنی۔ البلدی۔ النسفی)

غالباً اسی سال ابوسعد مرو واپس آگئے[1]۔ لیکن الانساب میں ۵۵۵ھ سے قبل قیام مرو کا پتہ نہیں چلتا۔ البتہ سنہ مذکور میں اہل غز نے مرو کے ایک قریہ سنج کا آخری بار محاصرہ کیا۔ تو یہ وہاں موجود تھے۔ اور انہی نے کوشش کر کے مصالحت کرائی تھی۔ (السنجی)

سنج میں ابوداؤد سلیمان بن سعید السنجی کی قبر شکستہ ہوگئی تھی۔ ابوسعد نے ایک اینٹ پر ان کا نام اور تاریخ وفات لکھ کر بھیجی۔ اور فرمائش کی۔ کہ اُسے قبر پر نصب کر دیا جائے۔ (السنجی)

مسٹر مارگولیتھ نے یہ قیاس قائم کیا ہے۔ کہ صلح کرانے کے بعد ابوسعد کو ان پر حکم رانی حاصل ہوگئی تھی۔ لیکن مجھے اس سے اختلاف ہے۔ ابوسعد کے الفاظ "وانا امرت اھل تلک القریہ بتجدید قبرہ" سے تعمیم ثابت نہیں ہوتی۔ بالخصوص جبکہ امرِ مذکور ایک قطعی غیر سیاسی معاملہ سے متعلق ہے۔

شادی۔ اور تدریس ۵۳۸ھ ہجری میں مرو واپس آکر ابوسعد نے شادی کی۔ اور ۳۹ھ/۱۱۴۳ء میں ان کے ہاں ابو المظفر عبد الرحیم پیدا ہوئے۔

---

[1] - یہ یاقوت کا بیان ہے۔ اور سبکی اس کو تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن ذہبی ۵۵۰ھ میں مرو کی واپسی کے مدعی ہیں۔

یہ ذہبی کا بیان ہے۔ ابن خلکان اور سبکی نے ان کی تاریخ پیدائش شب جمعہ ۱۷ ذی قعدہ ۴۷۳ھ/۱۱۴۲ء اور مقام پیدائش مرو کے بجائے نیشاپور لکھا ہے۔[1]

اسی سال انہوں نے مرو میں ایک مدرسہ قائم کیا۔ ابوعبداللہ محمد بن داؤد بن رضوان الایلاقی مرو آئے۔ تو اسی مدرسہ میں ایک مدت رہے۔ اور یہیں ۵۳۹ھ میں انتقال کیا۔ (الایلاقی)

انساب کے بعض مقامات سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اثنائے سفر میں درس و تدریس دونوں کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ چنانچہ محدث ابن عساکر کے بیان سے جو ابن اثیر نے اللباب کے دیباچہ میں نقل کیا ہے۔ اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ ابن عساکر کے الفاظ ہیں :۔ "سمع بقراءتی وسمعت بقراءته۔ وکتب عنی وکتبت عنه[2]"۔

ابوسعد کے شیوخ اور تلامذہ

ابوسعد نے اپنی عمر کا بڑا حصہ علمی جستجو میں گزارا ہے۔ اس لئے انہیں بیشمار علماء کی خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ کا موقع ملا ان کے اساتذہ کی فہرست جس میں ان کے حالات بھی درج تھے۔ دس ضخیم جلدوں میں تھی۔ آج وہ ناپید ہے۔ لیکن اس کے اقتباسات انساب میں پائے جاتے ہیں۔ فقیر عرشی نے ان میں سے حسب ذیل چند مقامات نوٹ کئے ہیں :۔

الآبری۔ الآسی۔ الآمدی۔ الابَرّی۔ الابرقوهی۔ الابرنیقی۔ الابری۔ الابهری۔ الاثاربی۔ الاثری۔ الاحدب۔ الاخسیکتی۔ الادریبی۔ الادمی۔ الارموی۔ الاسکاف الاندقی۔ الاندکانی۔ الایلاقی۔ البرموی۔ البسطامی۔ البطلیوسی۔ البندنیجی۔ البوزجردی البیکندی۔ التعاویذی۔ التفتازانی۔ الجوزی۔ الجیزی۔ الجیلانی۔ الجیلی۔ الحاسب الحجری۔ الحجی۔ الحلوانی۔ الحلیمی۔ الحیری۔ الخابوری۔ الخدامی۔ الخلیلی۔

---

[1] دیباچۂ سٹرمار گولیتھ۔ و ابن خلکان ج ۱ ص ۴۳۸ و طبقات سبکی للسبکی مخطوطہ حرف عین [2] اللباب فی خلاصۃ الانساب لابن الاثیر۔ نسخۂ خطیہ مملوکہ پروفیسر محمود خان صاحب شیرانی۔ لاہور۔

الذیبدوانی - الراوندی - الرحائی - الرزاز - الرسولی - الرفا - الزاز - الزیدی - السنگ
السنجبستی - السنی - السهروردی - السهلوی - الشهرزوری - الشیخی -
الصابری - الصابغی - الضولی - الطبری - الطنزی - العصاری - الغاتفری -
الغانمی - الغندجانی - الفاسی - الفاطمی - الفراهیانی - الفرخوردیرجی - القزی -
الکابلی - الکافوری - الکبیسی - الکروخی - الکشائی - اللوهوری - المجندر -
المذکر - المرداسنجی - المرورودی - المصیصی - المطهری - الموسیابادی -
المیانجی - المیدانی - النابلسی - النجاری - النحاس - النسائی - النشائی - الوزان
الهندی - الهلانی - الهیتی - الامشی - الیوسفی - الیونارتی -

بحر ذخار کے ان ہی چند قطروں سے آپ اندازہ کر سکیں گے۔ کہ ابوسعد نے کہاں کہاں اور کن اصحاب سے استفادہ کیا۔ ورنہ کتاب الانساب کی ہر دوسری یا تیسری نسبت میں اُن کے ایک یا زیادہ شیوخ کا ذکر ہے۔ ابن النجار نے ان کی تعداد چار ہزار اور بعض نے سے ہزار لکھی ہے۔ جو ایک رَحّال کبیر اور جوال فی الارض کے لئے کچھ بھی حیرت انگیز نہیں۔

انساب میں اکثر مقامات پر ان کے تلامذہ کا بھی ذکر آیا ہے۔ چونکہ ابوسعد نے اپنے طویل و عریض سفر میں برابر درس دیا ہے۔ اس لئے یہ اذکار منتشر ہیں۔ یکجا نہیں تنگی وقت اجازت نہیں دیتی۔ کہ تفصیل سے کام لوں۔ اس لئے صرف یہ عرض کر کے اس بیان کو ختم کرتا ہوں کہ ابوسعد کے تلامذہ میں ان اصحاب کی تعداد بھی کچھ کم نہیں۔ جنہیں ابوسعد کی استادی کا شرف حاصل ہے۔ حتیٰ کہ ان میں حافظ ابن عساکر صاحب تاریخ دمشق بھی شامل ہیں۔

وفات ابوسعد نے غرۂ ربیع الاول ۵۶۲ھ ہجری مطابق ۱۱۶۶ء کو ۷۵ سال ۵ ماہ اور ۱۰ یوم کی عمر میں بمقام مرو انتقال کیا[1]۔ اور سنجدان میں مدفون ہوئے۔

[1] ملاحظہ ہو ابن خلکان ج ۱ ص ۴۲۶ - طبقات سبکی ج ۴ ص ۲۶۰ - الیافعی ج ۳ ص ۳۷۱ - دول الاسلام ذہبی ج ۲ ص ۲۵ - الانس الجلیل بتاریخ القدس والخلیل ج ۱ ص ۲۶۸ - شذرات ۵۶۲ھ

اولاد

۵۳۸ھ میں وطن واپس آکر ابوسعد نے رشتۂ ازدواج پیدا کیا۔ سال آیندہ ان کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام ابوالمظفر عبدالرحیم بن ابی سعد عبدالکریم سمعانی ہے۔ روایت پدری برقرار رکھنے کے لئے ابوسعد نے انہیں ایام طفلی سے سفر میں ساتھ رکھا۔ اور خراسان وماوراء النہر کے اکثر شیوخ سے شرفِ سماع حاصل کرایا۔ چنانچہ انساب کے بعض مقامات پر ان کے سماع کا ذکر موجود ہے[1]۔ ابوالمظفر نے بھی لاتعداد شیوخ کے روبرو زانوئے شاگردی تہ کیا۔ ابوسعد نے ان سب کے حالات پر مشتمل ۱۸ جز کی معجم۔ اور دو ضخیم جلدوں میں عوالی مرتب کر دی تھیں۔

ابوالمظفر فقہ۔ ادب۔ اور حدیث میں بہرۂ وافی رکھتے تھے۔ خود ابوسعد نے کتاب الذیل میں ان سے روایت کی ہے۔ ابن خلکان۔ اور سبکی نے ان کے بارے میں لکھا ہے۔ "وحدث بالکثیر"۔ ان کی شہرت کا یہ عالم تھا۔ کہ یہ طلبائی حدیث کے سفر کی منزل مقصود بن گئے تھے اور مرو کے شوافع میں سب کے سردار مانے جاتے تھے۔

ابوالمظفر نے طویل عمر پاکر ۶۱۴ھ/۱۲۱۷ء اور ۶۱۶ھ/۱۲۱۹ء ہجری کے درمیان مرو میں انتقال کیا۔ اور اپنے رشتۂ حیات کے ساتھ خاندان سمعانی کو بھی ختم کر گئے[2]۔

تصنیفات

سمعانی اپنے عہد کے پُرقلم مصنفین میں ہیں۔ ان کے وقت تک علماء میدان جمع وتالیف میں گامزن تھے۔ تلخیص واختصار کا دور شروع نہیں ہوا تھا۔ اس زمانہ کے دوسرے اہلِ قلم کی طرح سمعانی کی کتابیں بھی قدیم وجدید معلومات کا خزانہ تھیں۔ لیکن قوم کی عیش پسندی نے ابن الاثیر اور سیوطی جیسے علماء کو تلخیص پر مجبور کیا۔ جس کے سبب رفتہ رفتہ

---

[1] ۔ الانساب۔ نسبت البلدی۔

[2] ۔ ابن خلکان ج ۱ ص ۴۲۲۔ طبقات وسطی للسبکی۔ مخطوط حرف العین۔ ابن خلکان کے مطبوعہ نسخہ میں طباعت کی غلطی ہے۔ اس کی عبارت "وتوفی بمرو مابین سنۃ اربع عشرۃ وستمائۃ" ہیں سے دست عشرۃ ساقط ہوگیا ہے سبکی کی عبارت سے اس کی تصحیح کر لینی چاہئے۔ سبکی لکھتا ہے: "وتوفی بمرو مابین سنۃ اربع عشرۃ وست عشرۃ وست مائۃ"

اکثر گرانبہا ذخیرے نیست و نابود ہو گئے۔ انہی میں سمعانی کی کتابیں بھی تھیں۔

سبکی نے طبقات الشافعیہ میں سمعانی کی پچاس کتابوں کے نام لکھ کر (وغیر ذلک من التصانیف والتخاریج) کہا ہے۔ مسٹر مارگولیتھ نے انساب کے عکسی نسخہ کے دیباچہ میں ۴۹ کتابوں کی فہرست دی ہے۔ گویا انساب سمیت انہیں بھی پچاس کے نام معلوم ہیں لیکن سبکی کی فہرست میں ایک کتاب (فوائد الموائد) مارگولیتھ سے کم۔ اور دو کتابیں (مقام العلماء بین یدی الامراء، اور حث الامام علی تخفیف الصلاۃ مع الاتمام) اس سے زائد ہیں۔ ان سب کی میزان باون (۵۲) ہوتی ہے۔ مگر ان باون میں سے ہمارے ہاتھوں میں صرف کتاب الانساب ہے۔ واا سفا۔

مسٹر مارگولیتھ نے دیباچہ میں یہ بھی لکھا ہے۔ کہ مسٹر انڈروز نے خود انساب میں تین کتابوں (الاسفار عن الاسفار۔ تحفۃ المسافر۔ اور النزوع الی الاوطان والنزاع الی الاخوان) کے نام پڑھے ہیں۔ فقیر عرشی نے ان تین کے علاوہ (ذیل تاریخ بغداد۔ اور معجم الشیوخ) کا بھی پتہ چلایا ہے۔ چنانچہ اول الذکر البیجانی الدلیجانی اور المازنی کے ماتحت۔ اور موخر الذکر صرف الدلیجانی کے ذیل میں مذکور ہے۔ اور چونکہ یہ سرسری مطالعہ کا انکشاف ہے۔ اس لئے قوی امکان ہے۔ کہ بعض دیگر کتابوں کا بھی انساب ہی سے پتہ چل سکے۔

کتاب الانساب

سمعانی کی فہرستِ مصنفات دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ تاریخ و رجال کے بہت دلدادہ تھے۔ ان کی کتاب الذیل لتاریخ بغداد ۱۵ جلدیں۔ تاریخ مرو ۲۰ جلدیں۔ التحبیر فی المعجم الکبیر ۸ جلدیں معجم البلدان ۳ جلدیں۔ معجم الشیوخ ۴ جلدیں۔ تاریخ الوفاۃ للمتاخرین من الرواۃ ۴ جلدیں اور کتاب الانساب ۸ جلدیں ہے۔

ان میں سے کتاب الانساب ان کی آخری تصنیف اور عمر بھر کے مطالعہ اور سفر کے معلومات کا خزانہ ہے۔ اس کی جمع و ترتیب کے متعلق خود ان کا بیان ہے۔ کہ

"کنت فی رحلتی اتتبع ذلک۔ واسال الحفاظ عن الانساب وکیفیتھا۔ والی ای شئ نسب کل احد۔ واثبت ماکنت اسمع۔ ولما اتفق الاجتماع مع شیخنا واما منا ابی شجاع عمر بن ابی الحسین البسطامی بما وراء النھر۔ وکان یحثنی علی نظم مجموع فی الانساب وکل نسبۃ الی قبیلۃ او بطن او ولاء او بلدۃ او قریۃ او جد او حرفۃ او لقب لبعض اجدادہ۔ فان الانساب لا یخلو عن واحد من ھذہ الاشیاء۔ فشرعت فی جمعہ بسمرقند فی سنۃ خمسین وخمسمائۃ۔ وکنت اکتب الحکایات والجرح والتعدیل باسانیدھا۔ ثم حذفت الاسانید لکیلا یطول۔ وملت الی الاختصار لیسھل علی الفقھاء حفظھا۔ ولا یصعب علی الحفاظ ضبطھا۔"

(میں اپنے سفر میں انساب کی جستجو اور تحقیق میں مصروف رہا۔ اور اہل علم سے منتسب الیہ اور کیفیتِ نسب دریافت کر کے اپنے پاس نوٹ کرتا رہا۔ تا آنکہ ماوراء النہر میں استاد ابو شجاع البسطامی سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے ایک ایسا مجموعۂ انساب مرتب کرنے کی ترغیب دی جس میں نسبت کی تشریح ہو۔ کہ وہ قبیلہ۔ خاندان۔ آقا۔ شہر۔ گاؤں۔ اجداد۔ یا القاب آبائی وغیرہ میں سے کس کی طرف ہے۔ کیونکہ بالعموم نسبت انہی کی طرف ہوتی ہے۔ میں نے سمرقند میں ۵۵۰ھ میں اس کام کا آغاز کر دیا۔ ابتداءً حکایات اور جرح و تعدیل کو اسناد سمیت لکھتا تھا۔ لیکن بعد کو اسانید حذف کر دیں۔ اور اختصار کی طرف مائل ہو گیا۔ تاکہ فقہا اور حفاظ کو انساب کے ضبط و حفظ میں دشواری نہ ہو)

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ (۱) سمعانی دوران سفر میں انساب کی تحقیق و تفتیش

اور ہر نئی بات اپنے پاس نوٹ کرتے رہے۔ (۲) ماوراء النہر کے سفر میں ابو شجاع بسطامی سے ملاقات ہوئی۔ تو ان کی ترغیب سے ۵۵۰ھ ہجری میں ترتیب کا کام شروع کیا۔ (۳) انساب میں قبیلہ۔ خاندان۔ آقا۔ وغیرہ ہر قسم کی نسبت کا ذکر کیا۔ (۴) ابتداءً اسانید بھی لکھتے رہے لیکن ترتیب کے وقت طوالت کے خوف سے انہیں چھوڑ دیا۔

انساب کی ترتیب کے متعلق لکھا ہے۔ کہ

"واوردت النسبة على حروف المعجم۔ وراعيت فيها الحروف الثانى والثالث الى آخر الحروف۔ وابتدات بالالف الممدودة لانها بمنزلة الالفين۔"

(میں نے نسبتوں کو حروفِ تہجی پر مرتب کیا ہے۔ اور ترتیب میں حرف ثانی۔ ثالث وغیرہ سب کی رعایت کی ہے۔ اور چونکہ الف ممدودہ دو الفوں کے قائم مقام ہے۔ اس لئے کتاب کا آغاز الف سے کیا ہے)

اس تمام تفصیل کے بعد تراجم کے بارے میں لکھتے ہیں۔ کہ

"واذكر نسب الرجل الذى اذكره فى الترجمة وسيرته۔ وما قال الناس فيه واسناده۔ واذكر شيوخه۔ ومن حدث عنهم۔ ومن روى عنه۔ ومولده۔ ووفاته ان كان بلغنى ذلك۔ وقدمت فصولا فيها احاديث مسندة فى الحث على تحصيل هذا النوع من العلم۔ ونسب جماعة من اصول العرب۔"

(میں جس کا حال لکھونگا۔ اس کے متعلق بتاؤنگا۔ کہ نسب کیا ہے۔ اخلاق و عادات کیسے تھے۔ اس کے حق میں علماء کیا کہتے ہیں۔ اس کا سلسلۂ روایت کیا ہے۔ اس کے شیوخ کون ہیں۔ کس نے اس سے روایت کی ہے۔ کہاں پیدا ہوا۔ اور کب وفات پائی۔ لیکن یہ سب بشرطِ علم ہے۔ کتاب کے آغاز میں چند فصلیں بڑھادی ہیں۔ ان میں وہ مسند حدیثیں۔ جو اس علم کے

حاصل کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ اور متعدد ایسے عرب قبائل کا ذکر ہے۔ جو بمنزلۂ اصول تسلیم کئے گئے ہیں)

کتاب الانساب کے ماخذ

کتاب الانساب میں ۵۲۶ نسبتیں اور لقب مذکور ہیں جن میں سے ابتدائی ۸۴ نسبتوں کے تراجم کی تعداد ۲۰۰ ہے۔ اس سے حسابی نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ پوری کتاب تقریباً ۱۴۔ ۱۵ ہزار اشخاص کے حالات پر مشتمل ہوگی۔ چونکہ ان اشخاص میں بڑی تعداد ایسے علماء کی ہے۔ جو یا تو سمعانی سے زماناً متقدم تھے اور یا معاصر تھے۔ لیکن ملاقات نہ ہوسکی۔ بنا بریں ترتیب انساب کے وقت پچھلی تصنیفات کی طرف رجوع ناگزیر تھا۔

خوش بختی سے سمعانی کا وطن مملکت خراسان کا دارالسلطنت تھا۔ اور وہاں متعدد دارالعلوم اور کتابخانے اشاعتِ علم کی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان کتابخانوں میں سے دو سمعانی کے اپنے خاندان کی ملکیت تھے۔ اور ان نوادرات سے مالامال تھے۔ جو ان کے دادا اور والد نے اور بعد ازاں خود انہوں نے ممالکِ اسلام کے سفروں میں جمع کئے تھے یہ کتاب خانے ہر وارد و صادر اور حاضر و بادی کے لئے ہر وقت کھلے رہتے تھے۔ چنانچہ سمعانی کی وفات سے ۵۶ سال کے بعد یاقوت حموی مرو گیا۔ تو اس وقت تک یہ ذخائر آباد تھے۔ اور اپنی کثرتِ کتب اور سہولتِ معاملہ کی وجہ سے اس قدر جاذب تھے۔ کہ وہ حسرتناک لہجہ میں کہتا ہے۔[1]

"اقمت بها (ای بمرو) ثلاثة اعوام .... ولولا ما عرا من ورود التتر الی تلك البلاد وخرابها۔ لما فارقتها الی الممات۔ لما فی اهلها من الرفد ولین الجانب وحسن العشرة وکثرة الکتب الاصول المتقنة بها۔

[1] معجم البلدان ۔ ۵ ۔ ۳۵ و ۳۶ ذکر مرو،

فانی فارقتها وفیها عشرة خزائن للوقف۔ لم ار فی الدنیا مثلها کثرة وجودة ....
فکنت ارتع فیها واقتبس من فوائدها۔ وانسانی جمها کل بلد۔ والهانی عن
الاهل والولد۔ واکثر فوائد هذا الکتاب وغیرہ فهو من تلک الخزائن"۔

(میں اس شہر میں تین سال رہا۔ اگر تاتاریوں کے حملوں اور لوٹ مار کا خطرہ درپیش نہ ہوتا تو میں مرتے دم تک وہاں سے نہ آتا۔ اس لئے کہ اہلِ مرو میں اعانت۔ نرمی اور خوش باشی جیسے صفات پائے جاتے ہیں۔ اور یہاں حوالے کی معتبر کتابوں کا انبار ہے۔ چنانچہ جب میں وہاں سے چلا ہوں۔ تو دس پبلک لائبریریاں موجود تھیں۔ میں نے کتابوں کی کثرت اور نسخوں کی صحت وعمدگی کے اعتبار سے ان سے اچھے کتابخانے دنیا بھر میں نہیں دیکھے میں ان میں بیٹھا عمدہ اور ضروری مضامین اقتباس کرتا رہتا تھا۔ ان کی الفت نے تمام شہروں کو بھلا دیا تھا۔ اور میں اہل وعیال تک سے غافل ہوگیا تھا۔ حتیٰ کہ میری اس کتاب (معجم البلدان) اور نیز دیگر کتابوں کے اکثر مضامین انہی کے رہین منت ہیں)

جب ان کتاب خانوں سے استفادہ مسافروں تک کے لئے اس قدر سہل تھا۔ تو کوئی وجہ نہیں۔ کہ سمعانی ان سے محروم رہے ہوں۔ ان کے مآخذ کی مکمل فہرست پیش کرنی دشوار ہے۔ کیونکہ بہت سی کتابوں کا حوالہ خود انہی نے نہیں دیا ہوگا۔ اور جن کا حوالہ دیا ہوگا۔ اُن میں سے متعدد میرے سرسری مطالعہ کے وقت نظر سے نہیں گزری ہوں گی۔ تاہم حسبِ ذیل کتابیں ان کے سامنے تھیں۔ اور ان کا ذکر انساب میں اکثر آتا رہتا ہے۔

(۱) کتاب الالقاب لهاشم الکلبی (۲) کتاب النسب لزبیر بن بکار (۳) کتاب الانساب للبخاری (۴) کتاب تاریخ المصریین لابی سعید عبد الرحمن بن یونس الصدفی المصری (۵) کتاب زیادات تاریخ المصریین لابی زکریا

بن علی الطحان الحافظ (۶) کتاب الغربا الذین قدموا مصر لابی سعید الصدفی
(۷) کتاب تاریخ بغداد للخطیب البغدادی (۸) کتاب الموتلف له (۹) کتاب تاریخ
نیسابور لابی عبد الله الحاکم (۱۰) کتاب طبقات الفقهاء الشافعیة لابی اسحق
الشیرازی (۱۱) معجم الشیوخ لابی بکر محمد بن ابراهیم بن المقری الاصفهانی
(۱۲) کتاب الوزراء للامیر ابی نصر ابن ماکولا (۱۳) کتاب الاکمال له (۱۴) کتاب
الطبقات لعلماء بلخ لابی عبد الله محمد بن جعفر البلخی الوراق (۱۵) کتاب
الزیادات علی طبقات العلماء ببلخ (۱۶) کتاب تاریخ نسف لابی العباس
المستغفری (۱۷) کتاب تاریخ مرو لابی زرعة المسیحی (۱۸) کتاب القند فی معرفة
علماء سمرقند لابی حفص عمر النسفی (۱۹) کتاب الثقات لابی حاتم ابن
حبان البستی (۲۰) کتاب الاکمال بمعرفة الرجال بسمرقند لابی سعد
عبد الرحمن بن محمد الاسترابادی (۲۱) کتاب تاریخ استراباد له (۲۲)
کتاب المضاهات والمضافات لابی الکامل احمد البصری (۲۳) کتاب دمیة
القصر لابی الحسن علی بن الحسن الباخرزی (۲۴) کتاب التاریخ لابی علی
البغدادی (۲۵) کتاب مفاخر خراسان لابی القاسم عبد الله بن احمد بن
محمود البلخی (۲۶) کتاب الجرح والتعدیل لعبد الرحمن بن ابی حاتم
الرازی (۲۷) کتاب تاریخ رقة لابی علی محمد بن سعد الحافظ المعروف
بابن الحرانی (۲۸) کتاب تاریخ الصوفیة لابی عبد الرحمن السلمی (۲۹)
کتاب العلم لابی نعیم الاصفهانی الحافظ (۳۰) کتاب تاریخ الجزریین
لابی عروبة الحسین بن ابی معشر الجزائری (۳۱) کتاب مختلف القبائل

لابن حبيب (٣٢) كتاب تاريخ جرجان لحمزة بن يوسف السهمى (٣٣) كتاب تقييد المهمل وتمييز المشكل لابى على الغسانى (٣٤) كتاب الجامع الصحيح لابى حفص عمر بن محمد بن بجير البجيرى (٣٥) كتاب المصاحف لابى بكر عبد الله بن ابى داؤد السجستانى (٣٦) كتاب اصبهان ليحيى بن ابى عمر ابن مندة (٣٧) تاريخ اصبهان لابى بكر ابن مردويه (٣٨) تاريخ واسط لاسلم بن سهل (٣٩) تاريخ بخارا لابى عبد الله محمد بن احمد بن سليمان الغنجار (٤٠) كتاب مختلف الحديث (٤١) كتاب الحماسه لابى تمام (٤٢) كتاب المجروحين والضعفا لابى حاتم ابن حبان البستى (٤٣) معجم الشيوخ لعبد العزيز بن محمد النخشبى (٤٤) كتاب التاريخ لمحمود بن ابراهيم بن سميع (٤٥) كتاب سيرة محمد بن اسحق بن يسار (٤٦) كتاب مشتبه النسبة لعبد الغنى بن سعيد المصرى (٤٧) كتاب الرسالة لابى الفتح ناصر بن احمد العباسى (٤٨) كتاب انساب العرب لابى فراس السامى (٤٩) معجم البلدان لابى سعد السمان (٥٠) معجم البلدان لابى الفضل المقدسى (٥١) تاريخ دمشق للحافظ ابن عساكر الدمشقى (٥٢) كتاب الفتوح لسيف بن عمر (٥٣) كتاب علل القران لابى نصر منصور بن محمد بن ابراهيم بن عبد الله البصرى (٥٤) تاريخ الامم والملوك لابى جعفر الطبرى (٥٥) كتاب الانساب لاحمد بن ابى الخباب الحميرى (٥٦) تاريخ شيراز لابى عبد الله محمد بن عبد العزيز الشيرازى (٥٧) معجم الشيوخ لابى الفتح يوسف بن عمر القواس (٥٨) كتاب التاريخ للبخارى (٥٩) معجم الشيوخ لابى الفتح هبة الله بن عبد الوارث السوارى الحافظ

(٦٠) كتاب الابناء (٦١) كتاب فظام العقدين للحسين بن ابراهيم البصرى
(٦٢) كتاب المتحابين لابى بكر احمد بن على بن لال امام (٦٣) كتاب الاشتقاق
لابى بكر ابن دريد (٦٤) معجم الشيوخ لابى الفتح عبد الغافر بن الحسين
الحافظ (٦٥) كتاب التاريخ لاسمعيل بن على الخطبى (٦٦) الموالى من
اهل مصر لكندى (لعله كتاب الولاة وكتاب القضاة لابى عمر الكندى) (٦٧)
الالحاق على كتاب ابن ماكولا لابى الفضل محمد بن ناصر السلامى (٦٨) معجم
الشيوخ لهبة الله بن المبارك السقطى (٦٩) كتاب معرفة الصحابه لابى
عبد الله بن منده (٧٠) الطبقات لابى الحسن بن سميع (٧١) كتاب الاستيعاب
للحافظ ابن عبد البر (٧٢) الالقاب لابن السلمى (٧٣) كتاب التاريخ لذى
المناقب ابى الوفا الاخسيكى (٧٤) كتاب الانساب لابى الفضل محمد بن طاهر
المقدسى (٧٥) معجم الشيوخ لابى الفتيان عمر بن عبد الكريم الرواسى
الحافظ (٧٦) كتاب المختلف للدارقطنى (٧٧) المعجم الصغير لسليمان
بن احمد الطبرانى (٧٨) معجم الشيوخ لابى بكر احمد بن ابراهيم الاسمعيلى
(٧٩) كتاب فتوح خراسان لاحمد بن سيار (٨٠) معجم الشيوخ لابى
الحسين محمد بن احمد بن جميع الغسانى (٨١) كتاب ابى نعيم احمد بن
عبد الله الحافظ (٨٢) كتاب المجمل (٨٣) كتاب شيوخ البلدان
لابى بكر احمد بن محمد بن عبدوس النسوى (٨٤) كتاب الالقاب لابى
الفضل الفلكى الهمدانى (٨٥) كتاب الكنى لابى احمد الحافظ النيسابورى
(٨٦) كتاب طبقات الهمدانيين لابى الفضل صالح بن احمد الهمدانى الحافظ

(۸۷) کتاب تاریخ الحمصیین لاحمد بن محمد بن عیسی (۸۸) کتاب الترغیب لابی احمد حمید بن زنجویہ بن قتیبۃ بن عبد اللہ الازدی النسوی (۸۹) کتاب حلیۃ الاولیا لابی نعیم الاصفہانی (۹۰) کتاب الصناع من الفقہاء والمحدثین لابی عبد اللہ محمد بن اسحق بن سعید بن اسماعیل السعدی الہروی (۹۱) کتاب العین (۹۲) کتاب طبقات العلماء من الموصل لابی زکریا یزید بن محمد بن ایاس الازدی (۹۳) کتاب الافراد لابی الحسن علی بن عمر الدار قطنی (۹۴) کتاب الشیوخ لیونس بن عبد الاعلی (۹۵) کتاب الطبقات لمحمد بن سعد کاتب الواقدی (۹۶) تاریخ المفضل (۹۷) کتاب ابی الولید القرضی (۹۸) کتاب تاریخ وفاۃ الشیوخ لمحمد بن مخلد (۹۹) کتاب اخبار القضاۃ والمحدثین بالاندلس لمحمد بن حارث الخشنی (۱۰۰) کتاب اصبہان لحمزہ بن الحسن (۱۰۱) کتاب الشجرہ (۱۰۲) کتاب الغریب لابی سلیمان الخطابی

کتاب الانساب کی تاریخی اہمیت

کسی کتاب کی اہمیت پر بحث کرتے وقت امور ذیل کا لحاظ ضروری ہے۔ (۱) موضوع کی اہمیت (۲) اسلوب تحریر میں جدت (۳) کتاب کی جامعیت (۴) مصنف کی استعداد کے متعلق ماہرین فن کی رائے (۵) مصنفین مابعد کا اس سے استناد

موضوع

کتاب الانساب کا موضوع تذکرہ ہے۔ تذکرے کی اہمیت اور اس کی ضرورت کسی استدلال کی محتاج نہیں۔ کیونکہ یہی ایک ذریعۂ علم ہے۔ جو ہمیں اسلام کی گذشتہ خدمات کا صحیح علم بہم پہنچاتا ہے۔ اگر ہم اس سے قطع نظر کر لیں۔ تو تمام پچھلی اشاعتِ تہذیب و تمدن کی کوششیں دنیا کی نظر سے اوجھل ہو جائینگی۔

اور پھر ہمارے کوتاہ نظر۔ کوتاہ زبان اور کوتاہ قلم رقیب جھوٹے منہ بھی ان کا اقرار کرنے پر آمادہ نہ ہونگے۔

جدّتِ اسلوب

الانساب سے پہلے تاریخ و تذکرے کی بیشمار کتابیں لکھی جاچکی تھیں۔ لیکن وہ یا تو مختص المقام تھیں۔ یا سنین پر مرتب تھیں۔ یا ان کے تراجم کے اسماء حروفِ تہجی پر ترتیب دئے گئے تھے۔ انساب کے ماتحت تراجم کسی مستقل تصنیف میں مذکور نہیں ہوئے تھے۔ اس لئے ابوسعد کی ترتیبِ انساب نے ان کی کتاب کو دوسری کتابوں سے ممتاز کر دیا۔ اور ماسبق تصنیفات کے انبوہ میں اس کے لئے مناسب جگہ پیدا ہوگئی۔

جامعیت کتاب

جامعیتِ کتاب پر رائے زنی کرنے سے قبل مناسب تھا۔ کہ میں تراجم کے صحیح اعداد و شمار حاصل کرلیتا۔ لیکن تنگیٔ وقت نے اس بحرِ ذخار میں غوطہ زنی کی اجازت نہ دی۔ اور میں طیارہ کے مسافر کی طرح صرف انساب و القاب شمار کرتا چلا گیا۔ چنانچہ ان کی کل تعداد ۵۲۶۸ نکلی۔ ان میں سے ابتدائی ۸۴ نسبتوں کے تراجم شمار کئے۔ تو تعداداً ۲۰۰ تھے۔ چونکہ آگے چل کر یہ تعداد زیادہ ہوتی گئی اس لئے میری ناقص رائے میں تین تراجم فی نسبت کی اوسط سے تخمیناً چودہ ہزار اشخاص کا ذکر انساب میں ہونا چاہئے۔ یہ تعداد بجائے خود بھی کتاب کی جامعیت کے ثبوت کے لئے کافی ہے۔ لیکن جب انساب کی اس خصوصیت پر نظر ڈالی جائے۔ کہ اس میں کئی ہزار معاصرین کا ذکر ہے۔ تو اس کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔

مصنّف کے متعلق ماہرین کی آرار

ابوسعد کے بارہ میں ان کے تذکرہ نگار بہت خوش رائے ہیں۔ محدّث ابن عساکر

صاحب تاریخ دمشق کہتے ہیں۔ "کان متصوفا۔ عفیفا۔ حسن الاخلاق ..... وھو الان شیخ خراسان غیر مدافع عنه عن صدق ومعرفة۔ وکثرة سماع۔ واجزاء۔ وکتب مصنفة۔" ابن الاثیر الجزری انہیں "واسطة عقد البیت السمعانی۔ وعینهم الباصرة۔ ویدهم الناصرة" قرار دیتے ہیں[1]۔ محدث ذہبی نے "حافظ خراسان"۔ ابن خلکان اور الیافعی نے "تاج الاسلام وصاحب التصانیف الحسنة العزیزة الفائدة"۔ اور السبکی نے "محدث المشرق۔ و صاحب التصانیف المفیدة المتقنة۔ والریاسة والسودد" لکھا ہے۔

الانساب سے استناد

کتاب الانساب کے متعلق مورخین کی رائے یہ ہے۔ کہ یہ ابوسعد کی عزیز الفوائد کتاب ہے۔ سبکی اسے "اجل الکتاب" اور ابن الاثیر الجزری۔ اور سیوطی کے نزدیک یہ کثیر الفائدہ تصنیف ہے۔ معجم البلدان یاقوت حموی۔ وفیات الاعیان ابن خلکان۔ مراۃ الجنان یافعی۔ طبقات شافعیہ سبکی۔ اور شذرات الذہب ابن عماد الحنبلی وغیرہ کے صفحہ صفحہ پر اس کے حوالے نظر آتے ہیں۔ یہ تمام کتابیں تذکرے کی مسلم اور مقبول کتابیں ہیں۔ اس لئے ان کا استناد انساب کی قبولیت و اعتبار کے لئے کافی ہے۔

الانساب پر مسٹر مارگولیتھ کے اعتراضات

مسٹر مارگولیتھ نے موجودہ اصول تبصرہ نگاری کے ماتحت انساب کے بعض بیانات پر اعتراض کیا ہے۔ دیباچہ انگریزی میں فرماتے ہیں :-

"جب کسی کتاب کی اشاعت کافی ہو جاتی ہے۔ تو مصنف کے لئے اس میں ترمیم کرنا آسان نہیں رہتا۔ حریری بخوشی اپنے ایک مقام میں ترمیم کر دیتا۔ لیکن وہ سات سو نسخوں

(۱) دیباچہ اللباب لابن الاثیر الجزری

پر اجازت تحریر کر چکا تھا۔ یہ اس کے راستہ میں حائل ہوگیا۔ چونکہ انساب میں ایسے بیانات پائے جاتے ہیں۔ جو یقیناً مختلف اوقات میں لکھے گئے ہوں گے۔ اس لئے اس سے کتاب کی قلت اشاعت ثابت ہوتی ہے۔ مثلاً ورق ۳۳۶ الف پر مصنف اپنے تیسرے سفر نیشاپور کا ذکر کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ ایک عالم نے ۵۴۷ھ میں وفات پائی لیکن ورق ۳۹۷ ب پر نیشاپور کے چوتھے سفر کا ذکر ہے۔ جو از روئی عبارت ۵۴۵ سے بعد نہیں ہوسکتا۔ پس ظاہر ہے کہ اس نے وقتاً فوقتاً اضافات کئے ہیں۔ اور ہمیشہ متضاد بیانات میں تطابق کی زحمت نہیں اٹھائی۔"

اس میں شبہ نہیں کہ کتاب کی کثرتِ اشاعت راہ ترمیم میں حائل ہوجاتی ہے۔ اس لئے بسا اوقات کثیر الاضافات کتاب قلیل الاشاعت ہوتی ہے۔ لیکن کتاب الانساب اس زمرہ میں شامل نہیں۔ اس لئے کہ یہ مصنف کی زندگی کا اوّلین اور آخرین کام ہے۔ سفر و حضر دونوں میں اس کا مسودہ اس کے ساتھ رہتا تھا۔ جب کسی شخص سے اس کی ملاقات ہوتی۔ اس کا نام و نسب اور مختصر احوال درج کتاب کرلیتا۔ اور جب کسی عالم کی خبر وفات معلوم ہوتی۔ تو اگر اس کا تذکرہ آچکا ہے۔ تو صرف تاریخ ورنہ پورا حال کتاب میں لکھ لیتا۔ یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔ تا آنکہ ۵۶۲ھ ہجری میں مصنف کا انتقال ہوگیا۔ اس وقت اہل ذوق نے اس کی نقلیں حاصل کیں اور اس کی اشاعت میں کوشش کی۔ گویا مصنف کی موت اس کی اشاعت کی اجازت تھی۔ اس کے قبل اجازت دینے کا موقع نہیں ملا۔ ایسی حالت میں اس کو قلیل الاشاعت کہہ کر اس کی وقعت کم کرنا زیبا نہیں۔

مسٹر مارگولیتھ کے اس خیال کا منشاء یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ انہیں کتاب الانساب میں آخری سنہ ۵۵۵ ملے ہیں۔ اُن کے خیال میں تاریخ ختم اور وفات مصنف کے درمیان کم از کم

چار پانچ سال کا وقفہ ہے۔ جو کثرتِ اشاعت کے لئے کافی ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے۔ کہ انساب میں سنہ ۵۵ کے علاوہ جو (السبخی اور الیغنوی) میں ملتا ہے۔ الخانی اور القایمی کے ماتحت ۵۵۸ھ اور الخوجانی کے ماتحت کچھ اوپر ۵۶۰ کا ذکر پایا جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ان کی حیات تک کتاب الانساب شائع نہ ہوئی تھی۔ اور مصنف کا ارادہ یہ تھا کہ اس میں جس قدر بیاضیں باقی ہیں۔ ان کی تکمیل کر کے اُسے علمائے تاریخ تک پہنچائیں۔

مسٹر مارگولیتھ کا دوسرا اعتراض یہ ہے۔ کہ ابوسعد نے متضاد بیانات میں تطابق کی زحمت نہیں اُٹھائی۔ اس اعتراض کے ثبوت میں انہوں نے انساب میں سے ایک ایسا بیان پیش کیا ہے۔ جو ان کے زعم میں متضاد ہے۔ یعنی ابوسعد نے سفر نیشاپور کے ساتھ ۵۴۷ھ اور چوتھے کے ساتھ ۵۴۵ لکھے ہیں۔ فقیر عرشی کی رائے میں یہ صاحب موصوف کی غلط فہمی ہے اس لئے کہ اولاً تو ورق ۳۳۶ الف پر ۵۴۸ھ تحریر ہیں۔ ۴۷ نہیں ہیں۔ دوم یہ کہ ۳۳۶ الف پر وہ اپنے ورود نیشاپور کی تاریخ نہیں لکھتا۔ ابوالعباس احمد بن العباس الشفانی کی تاریخ وفات بتاتا ہے۔ اس کی عبارت یہ ہے۔ "..... سمعت منه بنیسابور فی النوب الثلاثة۔ وتوفی سنة ۵۴۸۔" چونکہ یہاں دو واقعات۔ سماع اور وفات۔ یکجا مذکور تھے اور دوسرے کے آخر میں تاریخ تھی۔ اس لئے مسٹر مارگولیتھ سے تسامح ہوا۔ اور وہ از روئے غلط فہمی دونوں کا وقوع اسی تاریخ میں سمجھ گئے۔

مسٹر مارگولیتھ کی یہ پہلی غلطی نہیں ہے۔ انساب کے اکثر مقامات کے سمجھنے میں انہوں نے تساہل سے کام لیا ہے۔ مثلاً وہ لکھتے ہیں۔ کہ سنہ ۳۷ میں ابوسعد نیشاپور میں تھا۔ اس لئے کہ ورق ۸۰ ب پر اس نے لکھا ہے۔" وانصرف الینا سنة ۳۷ "

لیکن واقعہ یہ ہے۔ کہ یہ ابوعبداللہ الحاکم کی عبارت ہے۔ پوری عبارت حسبِ ذیل

ہے۔" ابوحاتم محمد بن حبان التمیمی البستی۔ امام عصرہ۔ صنف تصانیف لم یسبق الی مثلہا۔ رحل ما بین الشاش الی الاسکندریۃ۔ وتلمذ فی الفقہ لابی بکر بن خزیمہ بنیسابور۔ وکتب بالبصرۃ عن ابی خلیفۃ الجمحی۔ وبالشام عن محمد بن عبداللہ الکلاعی وعالم لا یحصون۔ سمع منہ ابوعبداللہ الحافظ وغیرہ۔ وذکرہ ابوعبداللہ الحاکم فقال۔ ابوحاتم البستی القاضی۔ کان من اوعیۃ العلم فی اللغۃ والفقہ والحدیث والوعظ۔ وکان من عدلاء الرجال صنف فخرج لہ من التصنیف فی الحدیث ما لم یسبق الیہ۔ وولی القضاء بسمرقند وغیرہا من المدن بخراسان ثم ورد نیسابور سنہ ۳۴ وحضرناہ یوم الجمعۃ بعد الصلوۃ۔ فلما سالناہ الحدیث نظر الی الناس۔ وانا اصغرہم سنا۔ فقال استملی۔ فقلت نعم۔ فاستملیت علیہ۔ ثم اقام عندنا وخرج الی القضاء الی نسا او غیرہا۔ وانصرف الینا سنہ ۳۷ ....."

غالباً اب اس مسئلہ پر مزید روشنی ڈالنے کی ضرورت نہیں کہ یہ ابوعبداللہ الحاکم کی ملاقات تھی۔ کیونکہ ابوسعد کو اس عالم آب وگل میں آنے کے لئے ابھی سو سال سے زائد درکار تھے۔

اسی طرح وہ ابوسعد کے سفر خوارزم کی تاریخ ۵۴۹ بتاتے ہیں۔ اور استدلال میں "ثم قدم خوارزم سنہ ۵۴۹" کو پیش کرتے ہیں۔ حالانکہ سیاق اس کا مخالف ہے۔ ابوسعد کہتے ہیں۔" وصاحبنا ابوجعفر عمر بن محمد العلیمی الدمشقی ..... لقیتہ اولا بنیسابور فی الرحلۃ الرابعۃ الیہا ..... ثم ورد علینا مرو .... وکتب عنی وانصرف الی بلادہ۔ وآخر عہدی بہ سنۃ ۴۵۔ ثم قدم خوارزم سنہ ۵۴۹۔"

(العلیمی) اگر ابوسعد خوارزم میں ابوجعفر سے ملے ہوتے تو اولاً تو "قدم علینا" کہتے دوم یہ نہیں کہتے۔ کہ ان سے میری آخری مراد ۴۵۸ھ میں ہوئی تھی۔ واقعہ یہ ہے کہ ابوجعفر شام کے باشندہ تھے۔ جب وہ وطن جاکر دوبارہ ایران آئے۔ تو ابوسعد کو یہ اطلاع ملی۔ کہ ابوجعفر شام سے پھر ایران آئے ہیں۔ انہوں نے لکھ دیا۔ ثم قدم خوارزم" پس لفظ "قدم" سے یہ خیال کرنا۔ کہ ابوسعد اس زمانہ میں خوارزم میں موجود تھے۔ کسی طرح درست نہیں۔

یا مثلاً وہ لکھتے ہیں۔ کہ ۴۳۸ھ میں ابوسعد طوس میں تھے۔ اور ثبوت السوارتی کا ترجمہ پیش کرتے ہیں۔ لیکن میری ناقص رائے میں یہ مقام بھی ان کے مدعا کو ثابت نہیں کرتا۔ ابوسعد کہتے ہیں۔" ابوبکر محمد بن عتیق بن نجم بن احمد السوارتی.... ولقیته بمرو اولا..... ثم لقیته بنیسابور ثم بنوفان طوس۔ وصارت بینی و بینه صداقة اکیدة..... توفی بطوس سنه ۴۳۸ھ" اس سے یہ تو معلوم ہوتا ہے۔ کہ ابوسعد و ابوبکر کی آخری ملاقات نوفان طوس میں ہوئی۔ اور ابوبکر سنہ مذکور میں طوس میں انتقال کر گئے۔ لیکن یہ ثابت نہیں ہوتا۔ کہ ابوبکر کے انتقال کے وقت ابوسعد طوس میں تھے۔

ابن الجوزی کا اعتراض ابوسعد پر اعتراض کرنے والوں میں اہم شخصیت امام ابن الجوزی کی ہے۔ اگرچہ ان کا اعتراض کتاب الانساب کے ساتھ مخصوص نہیں۔ لیکن اس کے حدود سے انساب خارج بھی نہیں۔ اس لئے مناسب ہے۔ کہ اس پر بھی غور کر لیا جائے۔

وہ کہتے ہیں۔" کان یاخذ ببغداد۔ ویعبر به نهر عیسی۔ فیسمع علیه و یقول حدثنی فلان بماوراء النهر لتدلیس بذلک[1]۔"

[1] دیباچہ اللباب لابن الاثیر الجزری

یعنی ابوسعد تدلیس کے عادی تھے۔انہوں نے یہ کیا ہے۔کہ ایک عالم سے بغداد میں ملے۔اور نہر عیسٰی کے اُس طرف لے جاکر اس سے کوئی حدیث سنی۔اور پھر بیان کر دیا۔کہ میں نے فلاں شخص سے ماوراء النہر میں یہ حدیث سنی تھی۔

ابن الاثیر لباب کے دیباچہ میں اس اعتراض کو نقل کر کے لکھتے ہیں۔کہ تعجب ہے کہ ابن الجوزی نے یہ اعتراض کیوں کیا۔اس لئے کہ ابوسعد تو درحقیقت ان مقامات کا سفر کر چکے تھے۔انہیں اس قسم کی تدلیس کی چنداں ضرورت نہ تھی۔یہ تو خود ابن الجوزی کرتے کہ وہ کبھی بغداد کے باہر نہیں گئے۔

درحقیقت ابن الجوزی اس معاملہ میں بہت سخت گیر ہیں۔وہ معمولی سے شبہ کو یقین کی حد تک پہنچا دیتے ہیں۔ورنہ واقعہ یہ ہے۔کہ ابوسعد اس سے بالا ہیں۔کہ تدلیس کریں۔بعض اصحاب نے اسے ابن الجوزی کے تعصبِ مذہبی پر محمول کیا ہے۔لیکن اس اعتراض سے میں ابن الجوزی کو بھی بلند جانتا ہوں۔بہرحال وہ بہت بلند پایہ محدث ہیں۔

چند تاریخی حقائق

کتاب الانساب میں بہت سے نادر حقائق تاریخی مذکور ہیں۔یہاں دو چار کا تذکرہ افادہ سے خالی نہ ہوگا۔

(۱) صحابہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ امام التفسیر مانے جاتے ہیں۔کتاب التفسیر کے علاوہ جو تنویر المقیاس کے نام سے طبع ہو چکی ہے۔کتب حدیث کے ابواب التفسیر کا بڑا حصہ انہی کے مرویات پر مشتمل ہوتا ہے۔ان کے شاگردوں میں سے مجاہد کا پایۂ اعتبار بہت بلند ہے۔مجاہد کے شاگرد عبداللہ بن ابی نجیح ہیں۔عام طور پر یہ خیال کیا گیا ہے۔کہ وہ امام مجاہد سے بلا واسطہ روایت کرتے ہیں۔لیکن ابوسعد کہتے ہیں:۔

"قال یحیٰی القطان لم یسمع ابن ابی نجیح التفسیر عن مجاھد۔وقال

ابوحاتم ابن حبان - ابن ابی نجیح و ابن جریج نظرا فی کتاب القاسم بن ابی برة عن مجاهد فی التفسیر - فرویا عن مجاهد من غیر سماع" (الاخنسی)

(۲) قرآنِ مجید کی جمع و تالیف کے سلسلہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ماسوا علی العموم صرف دو دوسرے صحابہ حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کا نام لیا گیا ہے اہل تسنن ان کو مختلف الترتیب مانتے ہیں لیکن اہل تشیع کو اصرار ہے - کہ مصحف علی رضی اللہ عنہ میں آیات اور سور زائد ہیں - بہرحال ہمیں ایسے چوتھے نسخہ کا علم نہ تھا - جو ترتیب میں مصحفِ عثمانی سے مختلف ہو - مگر سمعانی ابوسعید مصری کی کتاب التاریخ سے نقل کرتے ہیں :-

"ابوحماد عقبه بن عامر الجهنی ..... شهد فتح مصر ..... وکانت له السابقة والهجرة ..... وکان کاتباً - وکان احد من جمع القران - و مصحفه الی الآن بخطه رایته عند علی بن الحسن بن قدید علی غیر التالیف التالیف الذی فی مصحف عثمان رضی الله عنه - وکان فی آخره - کتب عامر بن عقبة بیده - وله خط جید ا - ولم ازل اسمع شیوخنا یقولون انه مصحف عقبة - لا یشکون فیه -" (الجهنی)

(۳) فرقہ اسمعیلیہ کے امام اسمعیل بن جعفر الصادق رحمۃ اللہ علیہ کی نسل دنیا میں موجود خیال کی جاتی ہے - لیکن ابوسعد کتاب الشجرۃ کے حوالہ سے لکھتے ہیں - کہ ان کے صاحبزادہ محمد بن اسمعیل نے اپنے بعد اولاد نہیں چھوڑی - ابوسعد کے الفاظ یہ ہیں :-

"والفرقة الاسمعیلیة جماعة من الباطنیة - ینتسبون الی محمد بن اسمعیل بن جعفر الصادق لانتساب زعمهم المغربی الی محمد بن اسمعیل - وفی کتاب الشجرة انه لم یعقب -" (الاسمعیلی)

(۴) ابوحاتم ابن حبان نے اصمعی کے ترجمہ میں لکھا ہے۔ کہ اگرچہ وہ عرب کے دہقانیوں سے قصے کہانیاں بہت روایت کیا کرتے ہیں۔ لیکن جب کبھی ثقہ اصحاب سے احادیث نقل کرتے ہیں۔ تو اس میں تخلیط نہیں ہوتی۔ چنانچہ امام مالک رحمۃ اللہ نے ان سے روایت کی ہے البتہ نام یاد نہ رہنے کے سبب (حدثنی عبد العزیز بن قریر) کہا ہے۔

ابوسعد کہتے ہیں۔ کہ یہ درست نہیں۔ اس لئے کہ امام مالک ہمیشہ اکابرین سے روایت کیا کرتے ہیں۔ الاصمعی ان سے علم اور عمر دونوں میں کم ہیں۔ پھر کس طرح باور کیا جائے۔ کہ امام نے اپنے رویہ کو خیرباد کہہ کر اصمعی سے روایت قبول کرلی۔ درحقیقت عبد العزیز بن قریر کی تعیین شخصیت میں محدثین مختلف الرائے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ عبد العزیز مذکور مدینہ کے رہنے والے اور قریب کے بیٹے تھے۔ ابوسعد کے الفاظ یہ ہیں:۔

"قال ابوحاتم ابن حبان۔ الاصمعی یروی عن ابن عون۔ روی عنه الناس مات سنة خمس عشرة ومائتین۔ لیس فیما یروی من الحدیث عن الثقات اذا کان دونه ثقة تخلیط۔ وان کان ممن اکثر الحکایات عن الاعراب۔ وقد روی عنه مالك ویقول حدثنی عبد العزیز بن قریر۔ ولم یحفظ اسمه ولا اسم ابیه هذا کلام ابن حبان۔ وظن انه وهم فیه۔ فانه ذکر فی الطبقة الثالثة من الثقات ان مالك بن انس مات سنة تسع وسبعین ومایة قبل الاصمعی بست وثلاثین سنة ومالك ما کان یروی الا عن الاکابر۔ فکیف روی عن الاصمعی۔ وهو دون مالك فی العلم والسن۔ مع ان جماعة اختلفوا عن مالك فی روایته عن عبد العزیز بن قریر۔ وقالوا هو قریب۔ وهو من اهل المدینة۔" (الاصمعی)

(۵) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ کی مشہور تصنیفات مسند اور کتاب الصلوٰۃ ہیں۔ لیکن ابوسعد نے

بحوالۂ الحاکم نقل کیا ہے۔ کہ ابو محمد الفضل بن محمد بن المسیب الشعرانی نے نیشاپور میں ائمہ کی ایسی بعض کتابیں روایت کیں۔ جن کی روایت اس کے علاوہ کسی دوسرے سے ثابت نہیں۔ اُن میں کتاب التاریخ الکبیر لامام احمد بن حنبل بھی تھی (الریودی) چونکہ ابو محمد عرصہ تک امام ابن حنبل کی خدمت میں حاضر رہے تھے۔ اس لئے فقیر عرشی کے نزدیک تفرد فی الروایۃ سے انتساب کی تردید دشوار ہے اگر التاریخ الکبیر للبخاری کی طرح اس کا کوئی نسخہ بھی دستیاب ہو جائے۔ تو یہ گنج باد آورد سے زیادہ قیمتی ہوگا۔ لیکن

این سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

(۶) ابو الفضل محمد بن ناصر الحافظ نے ابو القاسم مکی بن عبد السلام المقدسی الرمیلی کے ترجمہ میں لکھا ہے۔ کہ اُنہیں فرنگیوں نے ۴۹۰ھ ہجری میں بیت المقدس پر قبضہ کرتے وقت شہید کر دیا۔ ابو سعد کہتے ہیں۔ یہ ان کا وہم ہے۔ بیت المقدس پر فرنگیوں کا قبضہ ۴۹۲ھ ہجری میں ہوا ہے۔ (الومیلی)

(۷) اسلامی عہد ترقی کے طریقۂ تعلیم کے متعلق ہمیں املا۔ وعظ اور قراۃ کے علاوہ ایک نئی بات انساب سے یہ معلوم ہوتی ہے۔ کہ کالج میں مناظرہ (ڈیبیٹ) کی باری بھی مقرر ہوتی تھی۔ ابو القاسم محمد بن احمد بن بندار اللارجانی کے ترجمہ میں لکھا ہے۔" وکان لا یخل بنوب المناظرۃ التی فی المدرسۃ العمیدیہ"۔(اللارجانی)

(۸) انساب سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہ مشرق میں کاغذ سازی صرف سمرقند میں ہوتی تھی چنانچہ منصوری کاغذ ابو الفضل منصور بن نصر بن عبد الرحیم الکاغذی کی طرف۔ اور حسینی کاغذ ابو علی الحسین بن ناصر الکاغذی منسوب تھا۔ ابو علی اور ابو سعد دونوں معاصر ہیں۔ قیام سمرقند میں ابو سعد نے مجالس املا کرانی شروع کی تھیں۔ تو ابو علی اس میں شریک ہوتے تھے۔ ابو سعد

کہتے ہیں۔ کہ ابو علی کا کاغذ مصنبطلی۔ صفائی اور سپیدی میں تمام کاغذوں سے بڑھ چڑھ کر تھا۔ (الکاغذی)

انساب میں فارسی گو شعراء کا ذکر

کتاب الانساب میں متعدد فارسی گو شعراء کا ذکر بھی آیا ہے۔ ان میں سے بجز رودکی کے باقی دو ذواللسانین ہیں۔

(۱) رودکی ایران کا پہلا شاعر ہے جس نے تمام اقسام سخن میں طبع آزمائی کی اور اپنے بعد مرتب ذخیرۂ سخن چھوڑ گیا۔ تذکرہ نگار اُسے شعر فارسی کا آدم کہتے ہیں۔ لیکن اہل تحقیق اسے تسلیم نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں۔ شاعری ایک شخص کی تخلیق نہیں ہوتی۔ اس کی پیدائش اور ترقی کے لئے ایک نسل کا عرصۂ حیات بھی تنگ ہے۔ چونکہ رودکی کی شاعری کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے۔ کہ وہ ابتدائی مراحل طے کر چکی ہے۔ اس لئے یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ کیا وہ مرحلے ایک رودکی نے طے کر ڈالے۔ اور اگر یہ واقعہ ہے۔ تو اس کا وہ ابتدائی کلام کہاں گیا۔

اگرچہ اس مسئلہ میں ہر دو جانب سے گفتگو کی گنجائش نکلتی ہے۔ لیکن کم از کم جہاں تک رودکی کا تعلق ہے۔ ابو سعد کے بیان سے اس کی حقیقت آشکارا ہو جاتی ہے۔ وہ لکھتا ہے

"والمشهور منها (من الروذك) الشاعر المليح القول بالفارسية السائر ديوانه فى بلاد العجم ابو عبد الله جعفر بن محمد بن حكيم بن عبد الرحمن بن آدم الروذكى الشاعر السمرقندى۔ كان حسن الشعر متين القول۔ قيل اول من قال الشعر الجيد بالفارسية هو۔ وقال ابو سعد الادريسى الحافظ ۔ ابو عبد الله الروذكى كان مقدما فى الشعر بالفارسية فى زمانه على اقرانه۔ يروى عن اسمعيل بن محمد بن اسلم القاضى السمرقندى حكاية حكاها عنه

ابو عبد الله بن ابی حمزہ السمرقندی۔ لا نعلم له حدیثا مسندا۔ وبعد ان رایت له روایة لم استحسن ترك ذكره۔ قال وكان ابو الفضل البلعمی وزیر اسمعیل بن احمد والی خراسان یقول لیس للروذكی فی العرب والعجم نظیر۔ ومات بروذل سنة ۳۲۹ ؛" (الروذكی)

اس بیان میں یہ جملہ کہ فارسی کا پہلا عمدہ اشعار کہنے والا رودکی ہے۔ نزاع کا فیصلہ کرنے کے لئے کافی ہے۔ ورنہ واقعہ یہ ہے۔ کہ اس کے زمانہ میں متعدد فارسی گو شعرا موجود تھے۔ اس لئے ابو سعد الادریسی نے لکھا ہے۔ کہ رودکی اپنے زمانہ کے تمام معاصر شعراء کا پیشرو ہے۔ اگر وہ تنہا فارسی شاعر ہوتا۔ تو اظہار تقدم کی ضرورت لاحق نہ ہوتی۔

(۲) فارسی کا دوسرا شاعر اسمعیل بن احمد بن اسمعیل الجوذقانی الباخرزی ہے۔ یہ بڑا فاضل۔ ادیب اور ابو سعد کا گہرا دوست تھا۔ اس کی فارسی رباعیاں اس عہد میں بہت مشہور تھیں۔ یہ ۴۸۳ھ ہجری میں جوذقان میں پیدا ہوا۔ غالبا ابو سعد کی وفات تک زندہ تھا۔ اسی لئے انساب میں وفات کا مذکور نہیں ہے۔

(۳) فارسی کا تیسرا شاعر ابو سعد کا چچا زاد بھائی ابو منصور محمد بن الحسن السمعانی ہے۔ ابو سعد کے بیان کے مطابق اسے فارسی نظم میں ید طولی حاصل تھا۔ اس نے ۵۳۳ھ کی لیلۃ العرفہ میں انتقال کیا۔

انساب میں علماء ہند کا ذکر کتاب الانساب میں حسب ذیل ہندی اہل علم کا بھی ذکر آیا ہے۔ ان میں بعض ابو سعد سے متقدم اور بعض ان کے معاصر ہیں۔ معاصرین میں ایک ان کے والد کے آزاد کردہ غلام تھے

(۱) ابو جعفر محمد بن ابراہیم بن عبد اللہ الدبیلی۔ یہ مکہ معظمہ میں رہتے تھے۔ انہوں نے کتاب التفسیر

لابن عیینۃ ابو عبید اللہ سعید بن عبد الرحمن المخرومی سے۔ اور کتاب البر والصلۃ لابن المبارک ابو عبد اللہ الحسین بن الحسن المروزی اور عبد الحمید بن صبیح سے روایت کی ہے۔ ابو الحسن احمد بن ابراہیم بن فراس المکی اور ابو بکر محمد بن ابراہیم بن علی بن المقری ان کے شاگرد ہیں۔

(۲) ان کے لڑکے ابراہیم بن محمد الدیبلی موسیٰ بن ہارون اور محمد بن علی الصابغ الکبیر وغیرہ سے روایت کرتے ہیں۔

(۳) ابو القاسم شعیب بن محمد بن احمد بن شعیب بن یزلع (؟) بن سوار الدیبلی۔ یہ ابن ابی قطعان الدیبلی مشہور ہیں۔ انہوں نے مصر کا سفر کیا اور وہاں احادیث بیان کیں۔ ابو سعید بن یونس مصری صاحب تاریخ مصر نے ان سے روایت کی ہے۔

(۴) خلف بن محمد الموارسی الدیبلی۔ بغداد میں فروکش ہوئے۔ اور وہاں علی بن موسیٰ الدیبلی سے روایت حدیث کی۔ ابو الحسن احمد بن محمد بن عمران بن الجندی ان کے شاگرد ہیں۔

(۵) ابو العباس محمد بن محمد بن عبد اللہ الوراق الدیبلی الزاہد۔ یہ صالح اور عالم تھے۔ ابو خلیفہ الفضل بن الحباب الجمحی۔ جعفر بن محمد بن الحسن الفریانی۔ عبدان بن احمد بن موسیٰ العسکری محمد بن عثمان بن ابی سوید البصری۔ اور ان کے معاصرین سے روایت کرتے ہیں۔ الحاکم ابو عبد اللہ الحافظ صاحب کتاب المستدرک نے ان سے شرف سماع حاصل کیا ہے۔ ابو العباس الدیبلی نے ماہ رمضان ۳۴۵ھ میں انتقال کیا۔ اور ابو عمرو بن نجید (؟) نے نماز جنازہ پڑھائی۔

(۶) ابو العباس احمد بن عبد الصمد بن سعید الدیبلی۔ یہ زاہد۔ اور عبادت گزار فقراء۔ اور طلب علم میں شہر بشہر پھرنے والے غربا میں شمار ہوتے ہیں۔ یہ ابو بکر محمد بن اسحٰق بن خزیمہ کے عہد میں نیشاپور میں آ بسے تھے۔ یہاں الحسن بن یعقوب الحدادی کی خانگاہ (خانقاہ) میں قیام تھا۔ اندرون شہر میں ان کی شادی ہوئی۔ اور وہیں بچے پیدا ہوئے۔ لیکن یہ خانگاہ میں رہتے تھے۔ اور جامع مسجد

میں نمازیں ادا کرکے اہل وعیال کے پاس جاتے تھے۔ ان کا لباس اونی ہوتا تھا۔ اور اکثر پابرہنہ پھرا کرتے تھے۔ انہوں نے بصرہ میں ابوخلیفہ القاضی سے بغداد میں جعفر بن محمد الفریابی سے۔ مکہ میں الفضل بن محمد الجندی اور محمد بن ابراہیم الدیبلی سے مصر میں علی بن عبدالرحمن اور محمد بن زبان سے۔ دمشق میں ابوالحسن احمد بن عمیر بن حوصا سے۔ بیروت میں ابوعبدالرحمن مکحول سے۔ خراسان میں ابوعروبۃ الحسین بن ابی معشر سے۔ تستر میں احمد بن زہیر التستری سے۔ عسکر مکرم میں عبدان بن احمد الحافظ سے۔ اور نیشاپور میں ابوبکر محمد بن اسحق بن خزیمہ سے شرف سماع حاصل کیا۔ ابوعبداللہ الحاکم ان کے شاگرد ہیں۔ ان کی تاریخ وفات رجب ۳۴۳ھ ہے۔ اور نیشاپور کے مقبرہ الحیرہ میں مدفون ہیں[1]۔

(۷) ابومعشر بن عبدالرحمن السندی المدینی۔ یہ ام المہدی کے آزاد کردہ غلام تھے۔ یہ خود محمد بن عمر۔ نافع اور ہشام بن عروہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور ان سے عراقیوں نے روایت کی ہے ابونعیم کہتے ہیں۔ کہ ابومعشر سندی تھے۔ ان کی زبان میں لکنت تھی۔ چنانچہ کعب کو قعب کہا کرتے تھے۔ ماہ رمضان ۱۷۰ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ ہارون الرشید نے ان کے جنازہ کی نماز پڑھائی اور بغداد کے بڑے قبرستان میں دفن کیا۔ آخر عمر میں غلط کرنے لگے تھے۔ اور چونکہ موت سے کئی سال قبل سے یہ حالت ہوگئی تھی۔ کہ انہیں کچھ خیال نہیں رہتا تھا۔ کہ کیا بیان کر رہے ہیں۔ اور اس وجہ سے ان کے مرویات میں مناکیر بہت ہوگئے تھے۔ لہذا محدثین نے ان سے احتجاج باطل قرار دیا ہے۔

(۸) ابوعطاء السندی۔ یہ مشہور شاعر تھے۔ ابوتمام نے کتاب الحماسہ میں اس کے اشعار لکھے ہیں۔

(۹) ابونصر الفتح بن عبداللہ السندی۔ یہ آل حکم کے غلام تھے۔ بعد ازاں آزاد ہوگئے۔ اور فقہ اور علم کلام ابوعلی الثقفی سے حاصل کیا۔ یہ ایک بار بہت سے شاگردوں کے ساتھ جارہے تھے۔

[1] الدیبلی

راہ میں دیکھا۔ کہ شریف کیچڑ میں لت پت مدہوش چلا آرہا ہے۔ ابونصر نے راستہ قطع کر دیا۔ شریف نے کہا۔ او غلام! میں تو اس حال میں ہوں۔ اور تجھے دیکھو۔ کہ تیرے پیچھے اتنے آدمی جا رہے ہیں ابونصر نے کہا۔ آپ کو اس کی وجہ معلوم نہیں۔ بات یہ ہے۔ کہ میں آپ کے دادا کے قدم بقدم ہوں۔ اور آپ میرے دادا کے قدم بقدم ہیں۔ ابونصر السندی نے حسن بن سفیان وغیرہ سے روایت حدیث کی ہے۔

(۱۰) ابوعبدالملک محمد بن ابی معشر نجیح بن عبدالرحمن المدنی السندی۔ یہ محمد مولی ام المہدی کے بیٹے ہیں۔ خلیفہ المہدی انہیں مدینہ سے بغداد لے آیا تھا۔ یہاں انہوں نے سکونت اختیار کر لی۔ اور یہیں اپنے بال بچے چھوڑے۔ انہوں نے ابن ابی ذیب اور ابوبکر الہذلی کو دیکھا تھا۔ اور اپنے باپ سے کتاب المغازی وغیرہ پڑھی تھی۔ ان کے دونوں لڑکوں داؤد اور الحسن نے نیز ابوحاتم محمد بن ادریس الرازی۔ محمد بن اللیث الجوہری۔ اور ابویعلی الموصلی نے ان سے روایت کی ہے ابوحاتم الرازی کہتے ہیں۔ وہ صادق الروایت تھے یحییٰ بن معین کا بیان ہے۔ کہ جب عبدالملک مصیصہ آئے۔ تو میں نے ان سے مجاج کے متعلق سوال کیا۔ پہلے تو وہ خاموش رہے۔ پھر بولے میں اس بارے میں کچھ کہنا نہیں چاہتا تھا۔ اب تم پوچھنا ہی چاہتے ہو۔ تو سنو۔ وہ میرے پاس اس غرض سے آیا تھا۔ کہ میں نے اس کے باپ سے جو کتابیں پڑھی ہیں۔ انہیں لے جائے چنانچہ کتابیں لے جا کر اس نے نقل کر لیں۔ لیکن مجھ سے سماع حاصل نہیں کیا۔ ابوعبدالملک نے ۹۹ سال کی عمر میں ۲۴۴ھ کو انتقال کیا۔[1]

(۱۱) ابوالحسن علی بن عمر بن الحکم اللوہوری۔ یہ ادیب۔ شاعر۔ وسیع المعلومات۔ اور خوش گو تھے۔ انہوں نے ابوعلی المظفر بن الیاس بن سعید السعیدی الحافظ سے سماع حدیث کیا۔ ابوسعد ان سے نہ مل سکے۔ البتہ سمرقند میں ابوالفضل محمد بن ناصر السلامی الحافظ البغدادی

[1] السندی

اور ابوالفتوح عبدالصمد بن عبدالرحمن الاشعثی اللوہوری کے واسطہ سے ان سے روایت کی۔ ابوالحسن نے ۵۲۹ھ ہجری کو لوہور میں وفات پائی۔

(۱۲) ابوالقاسم محمود بن خلف اللوہوری۔ یہ فقیہ اور مناظر تھے۔ انہوں نے فقہ ابوسعد کے دادا سے اور حدیث ان سے اور دیگر محدثین سے حاصل کی۔ ابوسعد نے ان سے اسفرائن میں کچھ سنا تھا۔ انہوں نے ۵۴۰ھ کے قریب انتقال کیا۔[1]

(۱۳) ابوالعباس احمد بن محمد بن صالح التمیمی القاضی المنصوری۔ یہ عراق میں آبسے تھے۔ اور مذہب داؤد الاصفہانی کے امام مانے جاتے تھے۔ انہوں نے فارس میں ابوالعباس بن الاثرم سے۔ اور بصرہ میں ابورؤف سے روایت کی ہے۔ ابوعبداللہ الحاکم ان کے شاگرد ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ میں نے ان سے زیادہ ظریف کوئی عالم نہیں دیکھا۔

(۱۴) ابومحمد عبداللہ بن جعفر بن مرہ المنصوری المقری۔ یہ سیہ فام تھے۔ انہوں نے الحسن بن مکرم اور ان کے اقران سے۔ اور ان سے ابوعبداللہ الحاکم نے روایت کی ہے۔[2]

(۱۵) ابوالحسن مخلص بن عبداللہ الہندی المہذبی۔ یہ مہذب الدولہ ابوجعفر الدامغانی البغدادی کے آزاد کردہ غلام تھے۔ انہوں نے بغداد میں ابوالغنائم محمد بن علی النوسی۔ ابوالقاسم البزاز۔ اور ابوالفضل الحنبلی سے۔ اور ابوسعد نے ان سے سماع حاصل کیا۔[3]

(۱۶) ابوالحسن بختیار بن عبداللہ الہندی الصوفی۔ یہ محمد بن اسمعیل الیعقوبی القاضی کے آزاد کردہ تھے۔ یہ بڑے صالح اور مضبوط اخلاق کے عالم تھے۔ اپنے آقا کے ساتھ عراق۔ حجاز۔ اور کورِ اہواز کا سفر کیا۔ اور بغداد میں الشریف ابونصر محمد۔ ابوالفوارس طراد بن (؟) بن محمد بن علی الزینی۔ اور ابومحمد رزق اللہ بن عبدالوہاب التمیمی سے۔ بصرہ میں ابوعلی علی بن احمد بن علی۔

---

[1] اللوہوری۔ ابوسعد نے اس کا تلفظ لاجور اور لوہور دونوں لکھے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ یہ کثیرۃ الخیر شہر ہے۔
[2] المنصوری۔ ابوسعد کہتے ہیں۔ "یہ منصورہ کی طرف نسبت ہے۔ منصورہ جہاں تک میرا گمان ہے ملتان کے نواح میں واقع ہے۔ [3] المہذبی۔

ابوالقاسم عبدالملک الحافظ۔ اور ابویعلی احمد بن محمد بن الحسن البندی سے۔ اور اصفہان میں اس طبقہ کے افراد سے شرفِ سماع حاصل کیا۔ ابوسعد نے ان سے توشیح اور ہراۃ میں احادیث سنیں انہوں نے ۵۴۲ھ یا ۵۴۳ھ میں وفات پائی۔

(۱۷) ابومحمد بختیار بن عبداللہ الہندی الفصاد۔ یہ ابوسعد کے باپ کے آزاد کردہ غلام تھے۔ ان کے ساتھ عراق و حجاز کا سفر کیا۔ اور بہت سی حدیثیں سنیں۔ بڑے نیک آدمی تھے۔ انہوں نے بغداد میں ابومحمد جعفر بن احمد السراج۔ ابوالفضل محمد بن عبدالسلام الانصاری۔ اور ابوالحسن بن المبارک بن عبدالجبار الطوری سے۔ ہمدان میں ابومحمد عبدالرحمن بن احمد بن الحسن الدونی سے اور اصفہان میں ابوالفتح محمد بن احمد الحداد اور ان کے طبقہ کے دیگر محدثین سے سماع حاصل کیا۔ ابوسعد نے ان سے کچھ احادیث سنی تھیں۔ انہوں نے ۵۴۱ھ کو مرو میں انتقال کیا۔[۱]

ان ہندی علماء کے علاوہ دیگر ارباب ہند کا تذکرہ بھی ضمنی طور پر جگہ جگہ آیا ہوگا لیکن میں اس مختصر فرصت میں ان کی خدمت تک رسائی حاصل کرنے سے قاصر رہا۔

کتاب الانساب کے قلمی نسخے

کتاب الانساب کے مذکورہ تحت قلمی نسخوں کا ہمیں علم ہے:۔

(۱) نسخۂ کتبخانۂ رامپور

(۲) نسخۂ کتبخانۂ بانکی پور۔ پٹنہ۔ نمبر ۶۴۶۔ یہ نسخہ عہد اکبری کے بعض علماء کے زیر مطالعہ رہ چکا ہے۔

(۳) نسخۂ کتبخانۂ بوہار (امپیریل لائبریری کلکتہ) نمبر ۲۴۴

(۴) نسخۂ کتبخانۂ ایاصوفیہ۔ نمبر ۲۹۷۶

(۵) ایضاً۔ نمبر ۲۹۸۰

---

[۱] البندی

(۶) نسخۂ کتبخانۂ بشیر آغا۔ نمبر ۴۴۵

(۷) نسخۂ کتبخانۂ کوپریلی آغا۔ نمبر ۱۰۱۰

(۸) نسخۂ برٹش میوزیم لنڈن۔ نمبر ۳۴۵۔ یہ نسخہ ابتدا سے السابرابادی تک ہے۔ اور اس کے اوراق کی تعداد ۳۱۶ ہے۔

(۹) ایضاً۔ نمبر ۱۲۸۶۔ یہ نسخہ مکمل ہے۔ اور غالباً اسی کا عکس مسٹر مارگولیتھ کے دیباچہ کے ساتھ شائع ہوا ہے۔

ان نسخوں کے علاوہ ایک نسخہ کا پتہ ٹونک میں بھی چلتا ہے۔ لیکن اس کے متعلق مجھے معلوم نہ ہو سکا۔ کہ وہ کس وقت کا لکھا ہوا۔ اور کس حالت میں ہے۔

نسخۂ رامپور کی کیفیت

ان تمام نسخوں میں سے میرے سامنے دو موجود ہیں۔ نسخہ رامپور اور نسخۂ برٹش میوزیم کا عکس۔ جو گب میموریل سیریز میں شایع ہوا ہے۔

نسخۂ رامپور ۶¼ × ۹½ سائز کے ۸۸۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ سطور ۳۵ فی صفحہ ہیں کاغذ باریک سمرقندی ہے۔ خط خفی۔ لیکن صاف ایرانی نسخ ہے۔ عنوان شنجرفی ہیں۔ کہیں کہیں کاغذ بوسیدہ ہو چلا ہے۔ آبرسیدگی اور کرم خوردگی کے آثار بھی نظر آتے ہیں۔ بحیثیت مجموعی نسخہ اچھی حالت میں ہے۔ سنہ کتابت ۹ جمادی الاولی ۱۰۳۷ھ ہے۔ جو اورنگ زیب کا سنہ جلوس معلوم ہوتا ہے۔ کاتب عربی سے نابلد تھا۔ اس لئے کتابت کی غلطیاں بہت ہیں۔

لندنی نسخہ کی کیفیت

برٹش میوزیم کے عکس کا سائز قدرے بڑا ہے۔ اوراق کی تعداد ۶۰۳۔ اور سطریں فی صفحہ ۳۱ ہیں۔ اس کے بعض حصے نسخ میں بعض نستعلیق میں۔ اور بعض خط شفیعا میں لکھے ہوئے ہیں۔ سال کتابت تحریر نہیں لیکن یہ بھی

نسخہ رامپور کا معاصر معلوم ہوتا ہے۔ اور چونکہ اس میں بھی تقریباً وہی کتابت کی غلطیاں موجود ہیں جو اوّل الذکر میں نظر آتی ہیں۔ اس لئے کچھ بعید نہیں۔ کہ یہ اسی سے نقل کیا گیا ہو۔ ورنہ یہ ضرور ہے۔ کہ دونوں کی اصل ایک ہے۔

اس لئے کہ نسخہ رامپور میں (المسبحی) کے مقابل حاشیہ پر لکھا ہے۔ "اختصرنا من هذا المحل وتركنا التطويل۔ واخذنا اللباب الى الجزئين"۔ یہی عبارت لندن کے نسخہ کے حاشیہ پر درج ہے۔ نیز نسخۂ رامپور میں (الآمری) کے بعد کچھ عبارت ساقط ہے۔ اور یکایک "واكثر من ينسب اليها يعرف بالطبرى" شروع ہو جاتا ہے۔ بعینہٖ اسی طرح لندن کے نسخہ کی عبارت ہے۔ اور چونکہ دونوں میں بیاض نہیں ہے۔ اس لئے اس کو ابوسعد کے نسخہ کی کمی نہیں قرار دیا جا سکتا۔

نسخہائے رامپور و لندن کا تقابل

لیکن اس قدر یکسانیت کے باوجود رامپور کا نسخہ زیادہ مکمل ہے۔ مثلاً

(۱) الاخنسی کے ذیل میں عکسی نسخہ میں تحریر ہے۔ "قال يحيى القطان لم يسمع ابن ابى نجيح التفسير عن مجاهد من غير سماع"

رامپور کے نسخہ میں یہ عبارت اس طرح ہے۔ "قال يحيى القطان لم يسمع ابن ابى نجيح التفسير عن مجاهد۔ وقال ابو حاتم بن حبان ابن ابى نجيح وابن جريج نظرا فى كتاب القاسم بن ابى برة عن مجاهد فى التفسير۔ فرويا عن مجاهد من غير سماع"۔

(۲) یا المربعی کے ماتحت عکسی نسخہ کی عبارت ہے۔ "ابو الجوزاء اوس بن عبد الله بن عمر۔ روى عنه آه"۔ یہی عبارت رامپوری نسخہ میں اس طرح ہے:-

"وابو الجوزاء اوس بن عبد الله الربعی وقیل المربعی۔ سربعة الازد من اهل البصرة۔ من ثقات التابعین وعلمائهم۔ یروی عن عائشة وابن عباس وعبد الله بن عمر۔ روی عنه آه۔"

(۳) یا عکسی نسخہ میں البویطی کے بعد ایک نسبت (البوینی) مذکور ہے۔ جسے البوین کی طرف منسوب بتایا ہے۔ لیکن یہی نسبت رامپور کے نسخہ میں اس طرح ہے:-

"البوینجی۔ بضم الباء الموحدة وفتح الیاء المنقوطة باثنین من تحتها و سکون النون وفی اخرها الجیم۔"

(۴) یا الجعابی کے ماتحت عکسی نسخہ میں ہے۔"قد انتهی الیه"۔ رامپور کے نسخہ میں اس مقام پر "قد انتهی هذا العلم الیه" واقع ہے۔

ان خامیوں کے ماسوا ایک عیب عکسی نسخہ میں یہ بھی ہے۔ کہ اس میں اکثر مقامات پر وہ بیاضیں موجود نہیں۔ جو رامپوری نسخہ کے اعتبار سے خود مصنف نے چھوڑی تھیں۔ اور بنا بریں سرسری مطالعہ کرنے والا اس دھوکہ میں پڑ جاتا ہے۔ کہ نسخہ مکمل ہے۔

نیز نسخۂ رامپور میں (السدری) کے مقابل تقریباً تین سطروں کا حاشیہ ہے۔ یہ حاشیہ عکسی نسخہ کے کاتب نے متن میں شامل کر دیا ہے۔ اسی طرح عکسی نسخہ میں (القینی) کے ماتحت ایک سطر کے بقدر (القینانی) کی عبارت درج ہو گئی ہے۔

نسخۂ رامپور کے حواشی

نسخۂ رامپور کے حواشی پر بعض مفید تحریریں ملتی ہیں۔ چونکہ یہ سب بخط نستعلیق ہیں۔ اس لئے خیال یہ ہے۔ کہ کسی مطالعہ کرنے والے عالم کا نتیجۂ قلم ہیں۔ غالباً یہاں دو چار حواشی کا ذکر کرنا باعث دلچسپی ہوگا۔

(۱) البدیلی کے ماتحت کمیل کا ذکر کرتے ہوئے۔ ابو سعد لکھتے ہیں۔"قلت وفاته قبل

الاربع مائة بقریب۔" اس پر محشی نے اضافہ کیا ہے۔ مجلد نے اس کی کچھ عبارت کاٹ ڈالی ہے لیکن اس قدر پڑھا جاتا ہے۔" بل بعد الاربع مائة سنة ثمان و اربع مائة اور ..... فی کتاب النشر فی القراات ....."

(۲) البنکتی کے ذیل میں ہیثم بن کلیب کے حال کے آخر میں حاشیہ ہے۔" کانت وفاة الهیثم بن کلیب الشاشی فی سنة خمس وثلثین وثلث مائة۔ ذکرها الحافظ شمس الدین الدمشقی فی التبیان و ..... الدیاربکری فی الخمیس۔"

(۳) الدنوقی کی تشریح میں هذه النسبة الی دنوقا" کے بعد دونوں نسخوں میں بیاض ہے۔ لیکن نسخۂ رامپور کے حاشیہ پر یہ لکھ دیا ہے۔ کہ "قد ذهب قدر ثلثة اسطر من العبارة۔"

(۴) الدشتی کے مقابل حاشیہ ہے۔" ذهب کثیر من العبارة"

(۵) الفارابی پر حاشیہ ہے۔" لم یذکر ابا نصر الفارابی مع علو شانه وسمو مرتبته ولعله من جهل المؤلف وقلة معرفته بمراتب العلماء۔"

اس مقام پر محشی کا لہجہ درشت ہے۔ اسے اس لئے غصہ آیا ہے۔ کہ ابو نصر معلم ثانی کہلاتا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے۔ کہ ابو سعد نے صرف ان اصحاب کا تذکرہ کیا ہے۔ جو کسی حدیث یا حکایت یا شعر کے راوی ہیں۔ ورنہ ابھی ہزارہا تراجم کے اضافہ کی گنجائش ہے۔

(۶) الغزالی پر حاشیہ ہے۔" سقط من قلم الناسخ الغزالی۔ اذا حال ابن خلکان فی تاریخه تحقیق الغزالی علی انساب السمعانی۔"

لندن کے نسخہ میں بھی حواشی پائے جاتے ہیں۔ لیکن وہ ہر جگہ دستیاب ہو سکتا ہے۔ اس لئے اس مختصر فرصت کو میں زیادہ مشغول کرنا نہیں چاہتا۔ اور آپ حضرات کاتہ دل

سے شکریہ ادا کرکے اپنے حقیر مقالہ کو ختم کرتا ہوں۔ خدا کرے آپ کی علمی کوششیں بار آور ہوں۔ اور کوئی ایسا اہل دل ہندوستان میں مل جائے۔ جو یورپ کے مسٹر گب یا نوبل کی طرح اپنی دولت کو راہِ علم میں لٹانے پر آمادہ ہو۔ اور ہمارے اس داغ کو چھڑا دے۔ جو خود اپنے علم کی طرف سے بے پروائی کی وجہ سے ہماری پیشانیوں پر نظر آرہا ہے۔ واللہ الحمد فی الاولی والاخرۃ۔

اَلرُّوحُ حَوْلَ الْجُزْبَۃِ وَالْخَرَاجِ

شمس العلماء مولوی عبد الرحمٰن پروفیسر عربی دہلی یونیورسٹی

رُوحِیْ فِدَاہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ نے رسالت پر مامور ہو کر مکّہ اور اس کے نواح میں لوگوں کو جو اللہ کے راستے سے دُور جا پڑے تھے۔ راہِ حق کی طرف بُلانا شروع کیا تو لوگوں نے جن میں خود حضرت کے کنبے قبیلے کے لوگ بھی شامل تھے آپ کی دعوت کا ٹھٹّا اُڑایا۔ حضور کو جھٹلایا اور سڑی سودائی ٹھیرایا وَقَالُوْا یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَیْہِ الذِّکْرُ اِنَّکَ لَمَجْنُوْنٌ حضور نے سُنا اور صبر کیا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا اِنَّ السَّاعَۃَ لَاٰتِیَۃٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِیْلَ۔ قیامت ضرور آئے گی تم درگزر کئے جاؤ اور اپنے کام میں لگے رہو یعنی اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ تم عقل اور نصیحت کی اچھی اچھی باتوں سے لوگوں کو اپنے پروردگار کے راستے کی طرف بلاؤ اور ایسی باتوں کو حجت میں لاؤ جو اچھی ہوں۔ مگر لوگ اپنی ہٹ سے باز نہ آئے۔ یہ حالت دیکھ کر حضور دل میں کڑھتے اور گھٹتے ہونگے کہ اللہ کی طرف سے وحی آئی فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَھْزِئِیْنَ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّکَ یَضِیْقُ صَدْرُکَ بِمَا یَقُوْلُوْنَ جو کچھ تمہیں حکم دیا جاتا ہے۔ تم اس کو کھول کھول کر بیان کرو۔ اِن ٹھٹّا اڑانے والوں سے ہم نے تم کو بچا لیا ہے ہم جانتے کہ ان باتوں سے

تم دِل میں گھُٹتے اور بھیجتے ہو، حضور نے حُکم الٰہی کی تعمیل کی اور جب دُعا مانگی یہی۔ اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْن۔ اے اللہ میری قوم کو سیدھا راستہ دکھا کہ یہ لوگ جانتے اور سمجھتے نہیں ہیں۔ ہدایت و انکار کا ابھی یہی حال تھا کہ دعوت حقّہ نے اپنا کام شروع کیا۔ منکروں میں سے ایمان والے اور دشمنوں میں سے دوست پیدا ہونے لگے۔ یہ دیکھ کر مشرکین بہت گھبرائے اور حضور کو مال و دولت اور سیادت و حکومت سے پھُسلانا چاہا مگر حضور نے پھر فرمایا تو وہی اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْن، قوم نے جب دیکھا کہ کام لالچ سے نہیں نکلا تو حضرت کو ستانا شروع کیا۔ حضور اور حضور کے مددگاروں کا مقاطعہ کر دیا، لین دین ہاٹ بازار، شادی بیاہ، حصّہ بخرا۔ یہ۔ وہ سب بند۔ یہ تدبیر بھی کارگر نہ ہوئی تو کھُلّم کھُلا ظلم تعدّی پر کمر باندھی اور ایمان لانے والوں کو ایسا تنگ کیا اور اتنا ستایا کہ حضرت نے اُن کی ایک جماعت کو، جو کر سکتی تھی، حبشہ ہجرت کر جانے کا حکم دے دیا۔ مگر دشمنان حق نے حبشہ تک اُن کا پیچھا کیا۔ خود حضور اور حضور کے رفقا کو ستاتے تھے اور باز نہیں آتے تھے، یہاں تک کہ حضور کی جان کے درپے ہو گئے خصوصاً اس وقت سے کہ اُنہیں معلوم ہوا کہ محمد (ﷺ) کی دعوت یثرب میں جڑ پکڑتی جاتی ہے۔ قتل کا تہیّہ ہو چکا تھا کہ اللہ کے رسول کو اللہ کا حکم پہنچا یثرب کو چلے جاؤ، وہاں ہم نے تمہاری حفاظت کا سامان کر دیا ہے۔ حضور یثرب پہنچے۔ جہاں اَوس و خزرج کی ایک جماعت نے نہایت تپاک سے حضور کا استقبال کیا۔ گھر گھر ایمان و اسلام کا چرچا شروع ہوا اور لوگ ایمان لانے لگے۔ جو ایمان والے مکّہ میں تھے وہ بھی آہستہ آہستہ آخر یثرب آ گئے۔ مگر مکّہ کے مشرکین نے حضرت اور حضرت پر ایمان لانے والے اہل مکّہ کا، جو سب اُن کے عزیز قریب ہی تھے، یثرب تک پیچھا نہ چھوڑا۔ بلکہ یثرب کے آس پاس کے مشرک قبائل کو حضور کی مخالفت پر اُکسا اُکسا کر اپنا شریک حال بنا لیا۔ یہاں تک کہ غریب اور غریب الوطن

ایمان والوں کو یقین ہوگیا کہ اب جان و ایمان کی خیر ہے تو مقاومت اور جان پر کھیل جانے میں ہے۔ وحی الٰہی بھی یہی آئی " اِنْ قَاتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا اگر مشرک تم سے لڑیں تم بھی لڑو اور اُن کو قتل کرو اور صلح کی طرف جھکیں تو اے پیغمبر تم بھی صلح کرلو۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت کو یثرب پہنچے ابھی چھ مہینے سے زیادہ نہیں ہوئے تھے کہ کفر و ایمان کا جھگڑا بڑھتے بڑھتے لڑائی کی صورت پکڑ گیا اور غزوات حضرت کے لئے ناگزیر ہو گئے۔ یہی قتال جو اوّل اوّل مستحب تھا آگے چل کر فرض ہوگیا کہ خدا کا حکم آیا، كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَعَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ۔

یہ سچ ہے کہ حق کے لئے جان دینا اصل زندگی ہے۔ لیکن بے سروسامان جیسے کہ اس وقت مسلمان تھے کیا لڑ سکتے تھے۔ اسی لئے یثرب میں جب مسلمانوں کی ایک جماعت ہو گئی تو اللہ تعالےٰ نے آسودہ حال ایمان والوں پر مستحب خیرات و مبرّات کے علاوہ، جو وہ کرتے اور ایثار کی حد تک کرتے تھے صدقۂ لازمی صدقۂ حیثیت کی صورت میں فرض کیا۔ تاکہ جماعت کی ناگزیر حاجت اور بے سروسامانی کا کچھ نہ کچھ تدارک ہو سکے۔ اس حکم کو مومنین مخلصین نے بطیب خاطر لبّیک کہا۔ مگر مدینہ میں جو لوگ ایمان لائے یا لا رہے تھے وہ سب مخلص نہ تھے۔ ان میں منافق بھی شامل تھے۔ یہ حکم انہیں بہت گراں گزرا اور گزرنا چاہئے تھا کہ پیسہ کا معاملہ تھا۔ اس لئے اُنہیں اب اس کے سوا مفر نہ رہا کہ ایمان والوں سے الگ ہو جائیں یا حکم کی تعمیل کریں چنانچہ یہی ہوا۔ اور یوں منافقوں کے چھٹ جانے سے اسلام اور مسلمان دونوں کا فائدہ ہوا۔ لیکن بڑا فائدہ صدقۂ حیثیت کے فرض ہونے سے یہ ہوا کہ مسلمانوں میں اجتماعی نظام کی بنیاد مستحکم اُصول پر قائم ہوگئی جس کو سریّوں اور غزوات کی غنیمت نے آہستہ آہستہ اور اُبھارا اور مسلمان جو

حق کے لئے جان دینے کو حیاتِ ابدی اور نجاتِ اُخروی جانتے تھے اب مشرکین کے مقابلہ میں دفاع اور دفاع کے بعد اقدام کے قابل ہو گئے اور آٹھ نو برس کے اندر اندر سارے عرب میں اسلام کی دھائی پھر گئی۔

غزوۂ بدر رسول اللہ کے یثرب پہنچنے کے کوئی انیسویں مہینہ کا واقعہ ہے اگرچہ اس سے پہلے تین سریّے اور پانچ غزوے اور ہو چکے تھے مگر اب تک مسلمانوں کی تعداد اتنی ہی تھی کہ پندرہ پندرہ سولہ سولہ برس کے لڑکے تک جہاد کے لئے نکل پڑے تب کہیں غازیوں کا شمار ۳۱۳ تک پہنچا۔ کل ستّر اونٹ ان کے ساتھ تھے یعنی تین تین چار چار مجاہدین کے لئے ایک ایک اونٹ۔ صرف دو گھوڑے ساتھ تھے۔ زاد و خوراک کی الگ قلّت تھی۔ برخلاف اس کے قریش ابوسفیان کی پکار پر مکہ سے نکلا تو ۹۵۰ جنگجو کیل کانٹے سے لیس دو دو زرہیں لئے ہوئے تھے۔ سَو ان میں اسپ سوار تھے اور سات سو اونٹ ہمراہ۔ سامان خوراک کی یہ افراط کہ ایک ایک آدمی ساری ساری جمعیت کی دعوتیں کرتا چلا۔ مگر مقابلہ ہُوا تو فتح ایمان والوں کی ہوئی اور اتنی غنیمت ہاتھ لگی کہ آیندہ کے لئے وہ بھی کچھ ساز و سامان کرنے کے قابل ہو گئے۔ تاہم نویں سال ہجری تک ان کی عسرت کا یہ حال رہا کہ غزوہ تبوک جو رسول اللہ (ص) کا آخری غزوہ تھا جیش عسرت ہی کہلایا یعنی اس کی تیاری زیادہ تر خیرات و مبرّات ہی کی بدولت ہو سکی مگر یہ بہرحال صحیح ہے کہ اجتماعی نظام کی بنیاد مسلمانوں میں صدقات اور غنیمت سے پڑی اور یہی وہ بنیاد تھی جس پر آخر حکومت کی عمارت اُٹھی۔ آغاز اس حکومت کا اُن یہود کے استیصال سے ہوا جو یثرب کے آس پاس آباد تھے۔

مکّہ اور مکّہ کے قرب و جوار کے مشرک قبائل جن میں اوّل اوّل رسول اللہ نے دعوت

اسلام شروع کی تھی۔ سب عدنانی یعنی رسول اللہ کے ہم جد تھے۔ اور اَوس و خزرج جو یثرب میں رہتے تھے یمانی الاصل یعنی قحطانی تھے، یثرب انہیں کی بستی تھی مگر اس کے قرب وجوار میں مدّت دراز سے کچھ کچھ آبادیاں یہود کی بھی چلی آتی تھیں۔ یہ یہودی کچھ اَوس کے حلیف تھے اور کچھ خزرج کے۔ اَوس و خزرج باہمی مخالفت کو چھوڑ کر رسول اللہ کی نصرت کو اُٹھے تو بربنائے دستور و عہود سابقہ یہ لوگ بھی مسلمانوں کے حلیف یا اتحادی بن گئے۔ مذہب بھی ان کا اِس لئے کہ وہ صاحب کتاب تھے اور موسیٰ علیہ السلام کے ہم قوم، مشرکین کے مذہب سے دُور دور اور اسلام سے قریب قریب تھا۔ ان دوہرے دوہرے تعلّقات کی بنا پر توقّع یہ تھی اور ہونی چاہئے تھی کہ کم از کم وہ مکّہ والوں کی طرح مسلمانوں کے آزار کے درپے نہ ہونگے لیکن وہ جلدی ہی تمام قدیم و جدید عہد و پیمان کو بالائے طاق رکھ کر مکّے والوں سے بھی زیادہ رسول اللہ کے دشمن ہوگئے اور کئی بار آپ کے قتل کا ارادہ کیا اور جب موقعہ پایا، مشرکین کے ساتھ ہو گئے یا اُن کو مسلمانوں کے خلاف چڑھا لائے۔ چنانچہ احزاب کا واقعہ انہیں کی سازشوں کا نتیجہ تھا۔ لیکن ان کا شمار چونکہ مشرکوں سے کم تھا مشرکوں سے پہلے اپنے کیفر کردار کو پہنچے۔

یہود کے علاوہ عرب میں عیسائی بھی آباد تھے اور یہود سے بہت زیادہ تھے اور صاحب حکومت بھی تھے مگر یثرب سے دور دور آباد تھے اور یہود کی طرح فتنہ جو بھی نہ تھے اس لئے عرصہ تک مسلمانوں نے بھی اُن کے حال سے تعرض نہیں کیا اور رسول اللہ کی تمام تر توجہ مشرکین کی طرف مبذول رہی۔ یہاں تک کہ ہجرت کے آٹھویں سال مکّہ فتح ہوا اور کعبہ جو بت کدہ بن گیا تھا بتوں سے خالی کیا گیا۔ اس فتح کا مطلب یہ تھا کہ مسلمان غالب ہوئے اور مشرکین نے ہار مان لی۔ لیکن ہارے ہوئے ہمیشہ کی ہار نہیں مانا کرتے

اِس کے علاوہ ہار مکّہ والوں نے مانی تھی ابھی سارا عرب اُن کے حمایتی مشرکین سے بھرا پڑا تھا اس لئے فتح مکہ کے بعد اللہ کا حکم آیا اور رسول اللہ نے اعلان فرمایا کہ مشرک ایمان لائیں ورنہ قتل کئے جائیں۔ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ یعنی جب شہور حرام (عرب میں لڑائی بند رہنے کے مقدس مہینے) گزر جائیں تو پھر تم جہاں بھی مشرکوں کو پاؤ انہیں مارو۔ پکڑلو۔ گھیر لو اور ہر طرح اُن کی گھات میں رہو۔ ہاں اگر وہ اپنے عقیدوں سے باز آئیں نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو تم بھی ان سے تعرض نہ کرو۔ اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے۔ پھر حکم آیا۔ وَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ، مشرکوں کو قتل کرو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے یا نہ اُٹھ سکے۔

ان احکام کی تعمیل کو شروع ہوئے یا مکّہ کو فتح ہوئے ابھی دو برس بھی نہیں ہوئے تھے کہ تمام مشرکین عرب نے مسلمانوں کے آگے ہتیار ڈال دئے یعنی اسلام لے آئے یا کم از کم بظاہر مسلمان ہو گئے لیکن عرب میں مشرکین کے علاوہ یہودی، نصرانی، مجوسی اور صابئی بھی آباد تھے۔ اگرچہ مشرکین کی طرح نرے مشرک نہ تھے لیکن شائبۂ شرک سے پاک بھی نہ تھے اور نہ مسلمان ان کی طرف سے مطمئن ہو سکتے تھے۔ اسلام کی دعوت پر ایران سے یمن کے ایرانی گورنر کو حکم پہنچ چکا تھا کہ اس داعی دین (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کو پکڑ کر دربار میں حاضر کرو۔ شام کی طرف رومیوں کا بوجوہ بار بار اجتماع ہو رہا تھا۔ ان سب باتوں سے قطع نظر اسلام جو اللہ کا دین ہے عرب ہی کے لئے نہیں، اسود واحمر تمام بنی آدم کی ہدایت کے لئے آیا تھا۔ اس لئے جب سالہا سال اہلِ کتاب کو

تَعَالَوْا اِلٰی کَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَیْنَنَا وَبَیْنَکُمْ کی دعوت ہو چکی تو ان کے بارے میں بھی خدائی حکم آیا " قَاتِلُوا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا یُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا یَدِیْنُوْنَ دِیْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَةَ عَنْ یَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ یعنی ان اہل کتاب سے بھی، جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ یوم آخرت پر، نہ ان چیزوں کو حرام جانتے ہیں جنہیں اللہ اور اللہ کے رسول نے حرام ٹھیرایا ہے اور نہ دین حق پر چلتے ہیں، لڑو اور یہاں تک لڑو کہ وہ جزیہ دیں۔ عَنْ یَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ کے کیا معنی ہیں وہ میں ابھی نہیں لکھتا کہ بحث طلب ہیں اس لئے ذرا آگے چل کر لکھونگا

یہ بات بالکل یقینی ہے کہ جب یہ آیۂ جزیہ نازل ہوئی تو لفظ جزیہ عربی زبان میں موجود تھا اور اس کا مسمّٰی عام طور پر لوگوں کو معلوم اور اسی معلوم حقیقت کے لئے وہ قرآن مجید میں استعمال ہوا تھا اگر کسی اور حقیقت یا معنی کے لئے آیا ہوتا جو اس وقت تک عرب کو معلوم نہ تھی تو خدای تعالیٰ خود قرآن مجید میں اس کو بیان کر دیتا۔ جیسے سفر۔ سجّین۔ یوم الدین، القارعہ۔ علّیون وغیرہ الفاظ اوّل اوّل نئے نئے معنی میں آئے تو ان کے بعد ما ادرٰك لاکران کی توضیح فرمادی یا کم از کم لوگ ہی رسول اللہ سے دریافت کرتے کہ جزیہ کیا؟ جیسے کہ وہ نامعلوم الحقیقت الفاظ و امور کی بابت دریافت کیا کرتے تھے۔ لیکن جزیہ کی حقیقت نہ کہیں قرآن مجید میں مذکور ہوئی نہ احادیث نبوی میں آئی۔ اس لئے یہ دلیل ہے اس بات کی کہ نزول وحی کے زمانہ میں لوگ جانتے تھے کہ جزیہ کیا چیز ہے۔ اور جب ایک لفظ زبان میں موجود ہے تو وہ اس زبان کا مال ہے اصلاً اس زبان کا ہو یا نہ ہو۔ اس لئے اگر علماے فن لغت زبان کے متداول الفاظ کو عربی زبان کی میزان سے ناپتے تولتے ہیں تو کچھ بیجا نہیں کرتے۔ بناءً علےٰ ذلک لغویوں اور مفسرین کا یہ کہنا کہ جِزْیَةٌ "فِعْلَةٌ" کے وزن

پر ہے بالکل صحیح ہے۔ لیکن کسی لفظ کا عربی کی میزان میں پورا اُتر جانا اس بات کی قطعی دلیل نہیں ہے کہ وہ اصلاً اور وضعاً بھی عربی ہے۔ طَسْتٌ فَعْلٌ کے وزن پر ہے جو عربی اوزان میں کثیر الوقوع ہے تاہم طست اصلاً عربی لفظ نہیں۔ اسی طرح بہت سے لفظ ہیں جو عربی میں غیر زبانوں سے آئے ہیں اور عربی کی میزان میں پورے اُتر جاتے ہیں، خراد پر چڑھ کر بھی اور بغیر خراد پر چڑھے بھی۔ سیبویہ معرب کے بارے میں لکھتا ہے۔ رُبَّمَا اَلْحَقَتْهُ الْعَرَبُ بِاَبْنِيَةِ كَلَامِهِمْ وَ رُبَّمَا لَمْ يُلْحِقُوْهُ بِاَبْنِيَتِهِمْ، عرب کبھی غیر زبان کے الفاظ کو اپنی زبان کے قالب میں ڈھال لیتے ہیں اور کبھی نہیں ڈھالتے۔ دونوں باتوں کی مثال کے لئے ایک لفظ هَاوَنٌ کافی ہوگا۔ بعض عربوں نے یوں ہی فارس والوں سے سُنا، یونہی خود بھی ادا کیا۔ بعض نے هَاوُوْن اور هَاوُن کہا۔ تحقیق و ترتیب کا وقت آیا تو بعض علمائے لغت نے هَاوَنٌ کو صحیح مانا کہ اہل زبان سے یونہی سنا تھا۔ انھوں نے اس بات کی پروا نہ کی کہ لفظ ان کی زبان کے کسی کلمہ کے وزن پر آیا بھی یا نہیں۔ اور سچی بات بھی یہ ہے کہ جب اہل زبان کو بضرورت کسی غیر زبان کا لفظ بولنا پڑتا ہے تو جس طرح بھی وہ ان کی زبان سے نکلتا یا نکل سکتا ہے ادا کر جاتے ہیں۔ مانا کہ غیر زبان کا لفظ ان کی زبان سے نکلتا ہے تو کم و بیش خود ان کی زبان کے الفاظ کے انداز میں آکر نکلتا ہے۔ لیکن حقیقت میں وہ نہ وزن و ابنیہ کو جانتے ہیں، نہ اس کا خیال کرتے ہیں، یہ بات علم و فن کے درجہ میں آکر پیدا ہوتی ہے یعنی یہ کام علمائے فن لغت کا ہے جو اپنے بنائے ہوئے اصول کی میزان لئے بیٹھے رہتے ہیں، لفظ لفظ کو اس سے جانچتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ غیر زبان کے الفاظ ان کی زبان میں آئیں تو زبان کی میزان میں تُل کر آئیں۔ اسی لئے جب اس خیال کے علماء نے دیکھا کہ فاعل (بفتح عین) کا وزن عربی میں نہیں ہاون کو

غلط ٹھیرایا اور ھَاوُوْن اور ھَاوُنْ کو صحیح کہ لفظ فَاعول اور فاعُل کے وزن پر ہے خواہ وہ زبان میں کمتر ہی آیا ہے۔ باتیں دونوں فائدے سے خالی نہیں مگر یہ موقعہ ان کی تفصیل کا نہیں، یہاں مدعا اس کا صرف یہ ہے کہ غیر زبان کے الفاظ عربی میں آتے ہیں تو عربی کے قالب میں ڈھلتے بھی ہیں اور نہیں بھی اس لئے کسی لفظ کا عربی کے وزن پر پورا اترجانا اس امر کی دلیل نہیں ہے کہ وہ اصلاً عربی ہے اور ضرور عربی ہے۔

لفظ جزیہ عہدِ رسالت میں بلکہ اس سے پہلے عربی زبان میں ضرور موجود تھا کہ قرآن کریم میں آیا۔ اس لئے وہ عربی سمجھا جاسکتا تھا اور سمجھا جاسکتا ہے لیکن اس عہد میں بھی کسی لفظ کا عربی زبان میں ہونا اور کسی بنائے عربی کے مطابق ہونا اس بات کا ثبوت نہیں کہ وہ اصلاً بھی عربی ہے۔ فِرْدَوْس کا لفظ قرآن مجید میں موجود ہے مگر اکثر اہل لغت نے لکھا ہے کہ وہ رومی یا عبرانی الاصل ہے۔ اسی طرح مانا کہ جِزْیَۃٌ فِعْلَۃٌ کے وزن پر ہے مگر صرف اس لئے کہ وہ فِعْلَۃٌ کے وزن پر ہے اور قرآن مجید میں آیا ہے اس کا عربی الاصل ہونا ضروری نہیں۔ ممکن ہے کہ ان باتوں کے باوجود بھی کسی اور زبان کا لفظ ہو۔

اکثر مفسرین نے لکھا ہے کہ جِزْیَۃٌ جَزَیٰ یَجْزِیُ سے بنا ہے۔ ابتدا اس کی غالباً امام ابوجعفر ابن جریر طبری سے ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

اَلْجِزْیَۃُ اَلْفِعْلَۃُ مِنْ جَزَیٰ فُلَانٌ فُلَانًا مَا عَلَیْہِ اِذَا قَضَاہُ یَجْزِیْہِ مِثْلَ اَلْقِعْدَۃِ وَالْجِلْسَۃِ یعنی جِزْیَۃ فِعْلَۃ کے وزن پر ہے اور جَزَیٰ (ماضی) سے نکلا ہے جب کسی کو کوئی کچھ دے دے جو اُسے دینا آتا ہو تو عرب کہتے ہیں جَزَیٰ فُلَانٌ

فُلَانٌ مَّا عَلَيْهِ ۔ يَجْزِي اس کا مضارع ہے اور ماضی و مضارع فَعَلَ يَفْعِلُ کے مطابق اور جزیہ صوری و معنوی نوعیت میں ایسا ہی ہے جیسے کہ قِعْدَةٌ اور جِلْسَةٌ جن کے معنی ہیں کسی خاص طرح سے بیٹھنا (گویا جزیہ کے معنی ہیں ایک چیز خاص کو بطریق خاص ادا کرنا)

لفظ جزیہ کی یہ بہترین تفسیر ہے جو کسی قدیم مفسر نے لکھی ہے۔ مطلب اس کا یہ ہے جزیٰ یجزی جزاءً عام ہے۔ اسی سے جِزْيَةٌ نکلا اور خاص حق کے لئے خاص ہوگیا۔ میں کہتا ہوں۔ کہ اصول تخصیص بالکل بجا لیکن تخصیص لسانی لغوی ہوگی یا اصطلاحی شرعی، صورت اوّل میں اس کی کوئی لسانی لغوی سند ہونی چاہئے، یعنی جیسے جزی یجزی قرض ادا کرنے حق ادا کرنے کے لئے آیا ہے اور اس کی مثالیں کلام عرب اور قرآن کریم میں موجود ہیں، جزی یجزی کا استعمال کہیں نہ کہیں جزیہ ادا کرنے کے لئے بھی ملنا چاہئے جو نہیں ملتا۔ یہ نہیں تو اِفْعال تَفْعیل وغیرہ کسی باب مزید فیہ میں تو پہنچ کر اس مادہ کو ادائے جزیہ یا طلب جزیہ کا مفہوم ادا کرنا چاہئے۔ قِعْدَةٌ قعود سے اور جلسۃ جلوس سے نکلا ہو یا قَعَدَ يَقْعُدُ اور جَلَسَ يَجْلِسُ سے بہرحال جَلَسَ جِلْسَةً باضافت و بلا اضافت زبان میں مستعمل ہے اور جِزْيَةٌ، قِعْدَةٌ اور جِلْسَةٌ سے اتنا مشابہ نہیں جتنا فِدْيَةٌ سے۔ وہ اپنے فعل کے ساتھ بھی آتا ہے۔ اور کئی ابواب مزید فیہ میں بھی اس کا مادہ پہنچ کر فِدْيَہ کے مفہوم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ تخصیص کیسی اور دعوی تخصیص کیسا کہ کہیں، کسی طرح بھی اس کی مثال نہیں ملتی۔ جب اس کے ساتھ کوئی فعل آتا ہے تو اَعْطٰی اور اَدّٰی ہی ہوتا ہے اگر وہ جزی یجزی سے نکلا ہوتا تو کبھی تو یہ فعل بھی اس کے ساتھ آتا کہ اس کا زیادہ مستحق تھا۔ فرض کیجئے کہ یہ تخصیص اصطلاحی شرعی ہے تو یہاں پھر وہی اعتراض ہوتا ہے کہ ایسا

ہوتا تو اللہ تعالےٰ خود قرآن مجید میں بیان فرماتا۔ دِیْنٌ اور قَارِعَۃٌ عربی زبان میں پہلے سے موجود تھے اور ان کے معنی بھی عام تھے۔ خاص معنی آئے تو وہ ساتھ کے ساتھ بتا بھی دئے۔ ھوی یھوی ایک معلوم لفظ تھا ھاویہ اس سے بنا اور خاص معنی میں آیا تو وہ ظاہر کر دئے گئے وَمَا اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ نَارٌ حَامِيَةٌ۔ جزیہ کا لفظ قرآن کریم میں صرف ایک جگہ آیا ہے اور وہ بھی اس طرح گویا مخاطب سب اس کو جانتے ہیں متعدد حدیثوں میں بھی وہ ملتا ہے مگر اسی طرح گویا معلوم المعنی ہے۔ غرض کہ طبری نے جو تخصیص معنوی کے ذریعہ سے جزیہ کو جزی یجزی سے نکلا ہوا ثابت کرنا چاہا ہے وہ ثابت نہیں ہوتا۔ اہل لغت کی مخالفت الگ رہی۔ وہ سب جزیہ کو اگرچہ جزا کے تحت میں لکھتے ہیں۔ لیکن جہانتک میری نظر ہے اُن میں سے کسی نے یہ نہیں لکھا، اَلْجِزْيَةُ مِن جَزَى يَجْزِى یعنی جِزْيَةٌ جَزَىٰ يَجْزِى سے ماخوذ یا مشتق ہے۔ البتہ جزیہ کی جگہ جزاء استعمال ہوا ہے لیکن جزیٰ جزاءً بمعنی جزیہ ادا کیا کہیں نظر سے نہیں گزرا۔ برخلاف اس کے جن لغویوں نے اپنی کتابوں میں صرف عربی الاصل الفاظ جمع کرنے کا التزام کیا ہے اور انہیں میں سے ایک ابن درید ہے۔ انہوں نے جزیہ کو اپنی معجم میں جگہ نہیں دی۔ وجہ یہ ہو گی کہ یہ لفظ ان کے نزدیک عربی الاصل نہیں ہے حاصل اس کا یہ ہے کہ بعض علمائے لغات عرب بھی جزیۃ کو عربی کا لفظ نہیں مانتے۔

آج کل بعض اہل علم کی راے ہے "اَلْعَرَبُ اُمٌّ وَالْجَزِيرَةُ مَهْدٌ" عرب ماں ہے اور عراق گہوارہ۔ یعنی آدمی عرب میں پیدا ہوا اور عراق میں پلا اور دنیا میں پھیلا میرے نزدیک یہ کہاوت قدیم نہیں تاہم اس نظریہ کی بنا پر میں ملنے لیتا ہوں کہ جو قومیں عراق میں پھلی پھولیں اور وہاں سے ادھر اُدھر پھیلیں وہ سب عربی الاصل تھیں اور نتیجۃً ان کی زبانیں بھی عربی کی شاخیں بلکہ اتمام حجت کے لئے میں یہ بھی فرض کئے لیتا ہوں کہ ساری

نسلِ آدم ہی عرب سے نکلی تھی۔ لیکن کیا جو لوگ اس ابتدائی دَور میں عرب سے نکلے وہ مکمل عربی زبان ساتھ لے کر نکلے تھے۔ اور کیا ان کی زبانیں ارتقائی دَور میں پہنچ کر بھی آخری عربی "لسان مضر" سے جس میں قرآن کریم نازل ہوا مختلف نہیں ہوئی تھیں۔ جمیر عرب ہی تھے اور ان کی زبان عربی۔ زمانہ بھی ان کا ظہورِ اسلام کے قریب قریب ہی ختم ہوتا ہے۔ پھر بھی لغوی بعض الفاظ کی نسبت لکھ دیتے ہیں" یہ حمیری ہے" پھر جو زبانیں ہزاروں برس پہلے عربی سے نکلی یا جُدا ہوئی تھیں اور ترقی کرتے کرتے کچھ سے کچھ بن گئی تھیں ان کو کیوں الگ مستقل زبان نہ تسلیم کیا جائے۔

یہ صحیح ہے کہ عرب کی جاہلیت اولیٰ کی تاریخ بالکل اور مضریت اولیٰ کی بہت کچھ پردۂ خفا میں ہے اور یہ ممکن ہے کہ اس زمانہ میں دنیا کی دُوسری قوموں نے اُن سے استفادہ کیا ہو اور الفاظ و معانی بھی ان سے لئے ہوں لیکن اگر وہ الفاظ کسی وجہ سے عربی میں نہیں رہے اور غیروں کے ہاں پہنچ کر ان کی مستقل زبان کا جزو بن گئے اور پھر کسی راستہ سے عربی میں آئے تو از روی انصاف وہ انہیں زبانوں کے الفاظ کہلائینگے نہ کہ عربی کے۔

آدمی آدمی سے ملتا ہے تو رفتہ رفتہ ایک دوسرے کی خو بو سیکھتا ہے۔ یہی حال زبانوں کا ہے۔ الفاظ و اسلوب ادا لیتی بھی ہیں اور دیتی بھی۔ اس لئے اگر لفظ جزیہ بھی کسی وقت عربی میں کسی زبان سے آگیا ہو تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ مفہوم بھی اس کا اتفاق سے کچھ ایسا واقع ہوا ہے کہ قیاس چاہتا ہے کہ وہ اوّل اوّل بادیہ عرب میں نہیں بلکہ کسی ایسی سرزمین میں پیدا ہوا جو علم و تمدن اور حکومت و سلطنت کا گہوارہ ہو۔

زمانۂ جاہلیت ثانیہ میں عرب کے اطراف و جوانب میں چار سلطنتیں تھیں۔ ایران ہندوستان۔ مصر اور روم، عرب کو سامی قوموں سے الگ واسطہ تھا۔ جن کی سلطنتیں

مٹ چکی تھیں لیکن علم و تمدن کا اثر اب تک اُن میں موجود تھا۔ ان سب ممالک و اقوام کی الگ الگ زبانیں تھیں اور عرب نہ صرف قحطانی بلکہ عدنانی بھی ان سے ملتے جلتے تھے۔ تجارتی مبادلہ کی طرح تبادلہ الفاظ بھی ہوتا ہوگا کہ عربی الاصل الفاظ ان کی زبانوں میں پہنچے اور ان زبانوں کے الفاظ عربی میں آئے اور گھل مل کر اُس کے اصل سرمایہ میں شامل ہو گئے۔ جنہوں نے یہ سرمایہ میراث میں پایا اس کو اپنا اور اپنے باپ دادا کا مال تصور کیا۔ اور یہی کرنا چاہیئے تھا۔ اور یہی ہوتا ہے۔ ہمارے ہندوستانی بچوں کو اس سے کیا غرض کہ پستہ و بادام اور کشمش و انگور کابل و قندھار سے آئے یا بنگال و آسام سے ان کو اپنے کام سے کام ہے۔ کھایا پیا اور الگ ہوئے۔ بچپن اور جوانی سے گزر کر بوڑھے ہو جاتے ہیں اور بہتوں کا ادھر خیال بھی نہیں جاتا۔ مگر ایسے بھی نکلتے ہیں کہ ہوش سنبھال کر تحقیق کرتے ہیں یا حالات و واقعات ان کو ایسے پیش آتے ہیں کہ انہیں وہ باتیں معلوم ہو جاتی ہیں جو اوروں کو معلوم نہیں ہوتیں۔ یہی حال زبان کا ہے۔ عرب عربی بولتے تھے۔ ان کو اس سے بحث نہ تھی کہ سارے لفظ ان کی اپنی زبان کے ہیں یا کچھ باہر سے بھی آئے ہیں۔ باپ دادا سے سنتے آتے تھے۔ کیسے مانتے کہ باہر کا مال بھی ان کے گھروں موجود ہے مگر علمی تحقیق کا زمانہ آیا اور علمی تحقیق بھی ان لوگوں کے ہاتھ میں آئی جو عربی کے سوا آس پاس کی کوئی اور زبان یا زبانیں جانتے تھے تو انہوں نے دیکھا اور سمجھا کہ عربی میں اور زبانوں کے الفاظ بھی موجود ہیں مگر اکثر نے جامہ بدل لیا ہے۔ اس لئے انہوں نے کہنا اور اپنی کتابوں میں لکھنا شروع کیا کہ یہ لفظ عربی الاصل نہیں۔ فلاں زبان سے آیا اور بھیس بدل کر عربی بن گیا ہے یعنی معرّب ہے۔ اسی لئے تالیفات لغت بھی دو قسم کی ہوئیں۔ ایک وہ جن میں اس قسم کی تحقیق و تدقیق سے تعرض نہیں کیا گیا دوسرے وہ جن لکھنے والوں نے بقدر استطاعت

معرّبات کو الگ دکھانے کا التزام کیا ہے، بعض نے کوشش کی ہے کہ جس لفظ کو معرّب کہیں ہو سکے تو اس کی اصل بھی بتا دیں۔ اس کوشش میں وہ کامیاب بھی ہوئے اور ٹھوکریں بھی کھائیں۔ مثلاً صاحب قاموس نے لکھا ہے کہ "زندیق معرب ہے۔ زن دین اس کی اصل تھی جس کے معنی دین المرأۃ۔ عورت کا دین۔ استبرق معرب ہے۔ استروہ اس کی اصل تھی۔ سُندُس بلا خلاف معرب ہے" تینوں لفظ یقیناً معرب ہیں۔ اور ایران سے عربی میں آئے ہیں، یہاں تک سب صحیح، سندس کی اصل وہ خود نہیں بتاتے، باقی دو جو بتائی ہیں دونوں غلط۔ صاحب قاموس فیروزآبادی ہیں مادری زبان بھی حضرت کی فارسی ہے۔ فارسی لفظ سامنے آتا ہے تو صرف اتنا پہچانتے ہیں کہ ایرانی ہے عربی نہیں مگر نہیں بتا سکتے کہ کیا تھا۔

اتفاق سے غیر زبان کے لغت نویس زیادہ تر وہ تھے جو دوسری زبانوں سے ناواقف تھے یا واقفیت رکھتے تھے تو نہایت سرسری۔ خاص کر ابتدائی دور میں، یا عربی کا رنگ ان پر اتنا گہرا چڑھا تھا کہ بے رنگ بھی ان کو اسی رنگ میں نظر آتا تھا یا اسلاف کے نقش قدم سے ہٹنا، خواہ وہ واجبی اور حق بجانب ہی کیوں نہ ہو قطعاً پسند نہ کرتے تھے اسی لئے بہت سے غیر عربی الفاظ عربی تسلیم ہوتے چلے آتے ہیں۔ انہیں میں سے (علماء کی ایک جماعت کی رائے ہے) کہ لفظ جزیہ بھی ہے۔ ثبوت اس کا یہ ہے کہ ابن درید عربی زبان کا ایک تحقیق پسند لغوی اس کو خالص عربی الفاظ کی فہرست میں شامل نہیں کرتا اور جَزَیٰ یَجْزِی جَزَاءً سے اس کا اشتقاق کم از کم بروجہ اتم ثابت نہیں ہوتا۔ اور فارسی کے تمام معتبر لغت نویسوں کا اس پر اتفاق ہے کہ "جِزْیَہ پہلوی گزیت کا معرّب ہے۔ جو اب تک فارسی میں موجود ہے پھر اس کی ت۔ دال سے بدل گئی اور گزیت سے گزید ہو گیا گزیدہ اور گزیہ بھی اسی گزیت کی دوسری صورتیں ہیں"۔ تعریب الفاظ میں جو تصرفات ہمیں ملتے ہیں ان

کے لحاظ سے گزیت سے جزیۃ ہو جانا کچھ مشکل نہیں چہ جائیکہ گزیہ سے ۔

بعض حضرات قرآن مجید میں عجمی الفاظ کا نام سن کر اب تک چونک پڑتے ہیں۔ اور یہ نہیں سوچتے کہ قرآن کریم آخر اپنے وقت کی زبان میں نازل ہوا ہے۔ یہ صحیح اور بجا کہ مضر اور مُضَر میں سے بھی قریش کی زبان تمام عرب کی زبان سے فصیح تر اور اختلاطِ غیر فصیح سے بعید تر تھی لیکن اس سے یہ تو لازم نہیں آتا کہ ان کی زبان میں غیر زبان کا کوئی لفظ کبھی بار ہی نہ پا سکا ہو۔ عرب اور فارس کا مدتوں اختلاط رہا۔ بہرام اور شاپور ذی الاکتاف کو عرب سے خاص سابقہ پڑا۔ دونوں ملکوں کا ڈانڈے سے ڈانڈا ملا ہوا تھا۔ عراق و یمن میں ظہور اسلام کے زمانہ تک ایران کی سیادت و حکومت قائم تھی، پہلوی زبان میں جو حکمران ایران کی آخری زبان تھی بکثرت عربی الفاظ موجود ہیں۔ پھر کیسے باور کر لیا جائے کہ مغلوب عرب کی زبان پر غالب ایران کی زبان کا قطعی اثر نہ ہوا ہوگا اور وہ شدہ شدہ کم سے کم مقدار میں بالواسطہ بھی مضر اور قریش کی زبان تک نہ پہنچا ہوگا جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ عرب کے غلبہ کا وقت آیا تو ادھر عرب ایران میں داخل ہوتے ہیں اُدھر ایران کے اصطلاحی نظامی الفاظ ان کی زبان میں داخل ہونے شروع ہو جاتے، بصرہ اور کوفہ ماہ بصرہ اور ماہ الکوفہ ہو جاتے۔ جریب، طسّوج، طسق، موانیذ وغیرہ جو سب علمی تمدنی اصطلاحی الفاظ ہیں اور بلا خلاف ایرانی ہیں عربی میں اس طرح استعمال ہونے لگتے ہیں گویا عرب کا بچہ بچہ جانتا ہے۔ یہ الفاظ عربی میں پہلے سے موجود تھے تو، اور فتح کے ساتھ ساتھ آئے تو فارسی کا اثر عربی پر بہرحال ثابت ہے۔ اور جب غلبہ کے وقت یہ اثر تھا تو مغلوب ہونے کے زمانہ میں کیوں نہ ہوگا۔ اور جب مضر اور قریش کی زبان میں فردوس رومی یا عبرانی اور سُندس و استبرق فارسی کے موجود تھے اور قرآن کریم میں وہ آئے تو پھر اگر جزیہ بھی ایران سے آگیا ہو تو اس میں حیرت و استعجاب

کی کیا بات ہے۔ اس پر بھی اگر کسی کو جزیہ کے ایرانی الاصل ماننے میں تامل ہو، اور ان تمام دلائل کو اقناعی سمجھے تو یہ اُسے اختیار ہے، میں بھی اُن کو قاطع نہ کہوں گا۔ بلکہ کہونگا کہ فرض کر لو کہ گزیت ایران سے چل کر عرب میں آباد ہوتے ہوتے جزیہ نہیں بنا۔ اور وہ اپنے معنی اپنے ساتھ نہیں لایا۔ لیکن اس میں ذرا شک نہیں کہ عرب اور ابتدائے اسلام میں جزیہ وہی چیز تھی اور وہی رسم جو ایران میں گزیت کہلاتی تھی کیونکہ مفہوم دونوں کا ایک ہے۔ جیسا کہ میں آگے چل کر بیان کرونگا۔

میرے اعتقاد میں قرآن مجید کے تمام احکام خدائی احکام ہیں۔ لیکن خدائی حکم کے یہ معنی نہیں کہ وہ ضرور نیا اور دنیا کے معقول و مروجہ احکام سے الگ ہو۔ قرآن میں جو حکم ہے لاریب وہ خدائی حکم ہے۔ پہلے سے دنیا میں کہیں پایا جاتا ہو یا نہ پایا جاتا ہو۔ اور پایا جاتا ہو تو کسی سابقہ وحی پر مبنی ہو یا نہ ہو۔ اصل چیز للہیت اور خیر و حکمت ہے۔ غزا اور غنیمت دونوں کا عرب میں اسلام سے پہلے ہونا مسلّم ہے۔ اعشیٰ کہتا ہے ؎

وَ فِیْ کُلِّ عَامٍ لَهٗ غَزْوَةٌ یَحُثُّ الدَّوَابِرَحَثَّ السُّفُنْ

مگر جاہلیت کے غزا کی بنیاد تھی خود غرضی اور ترفع نفسانی پر اس لئے وہ مذموم تھا۔ اسلام میں غزا دفاع سے اقدام تک اور استحباب سے وجوب کو پہنچا غنیمت بھی حلال ہوئی اور اسی پر بس نہیں جاہلیت کی بعض خصوصیات بھی بدستور باقی رہیں اور یہ سب خیر ٹھیرا اور سب کچھ خدا ہی کا حکم تھا۔ بسطام بن قیس مارا گیا تو ابن عنمۃ الضبی نے اس کا مرثیہ کہا۔ اسی مرثیہ کا ایک شعر ہے ؎

لَكَ الْمِرْبَاعُ مِنْهَا وَالصَّفَايَا وَحُكْمُكَ وَالنَّشِيطَةُ وَالْفُضُولُ

یعنی غنیمت کی چوتھ، مال غنیمت کا بہترین انتخاب، جس چیز کے لئے تیرا حکم ہو جاتا۔ جو

کچھ منزل غزا پر پہنچنے سے ورے ورے راستہ میں ہاتھ لگ جاتا اور جو کچھ مال غنیمت تقسیم ہوتے ہوتے بچ رہتا۔ وہ سب بلا شرکت غیرے تیرا تھا۔ (یعنی مال غنیمت میں تیرا حصہ شاہانہ ہوتا تھا) اسلام نے اگرچہ اس ربع کو خمس کیا۔ اور وہ بھی رسول اللہ کا نہیں رہا بلکہ غریب حقداروں کا حق ٹھیرایا۔ حکم اور نشیطہ اور فضول تینوں موقوف ہوئے لیکن صفایا پر بدستور رسول اللہ کا حق رہا۔ اسی قسم کی اور بھی رسوم جاہلیت تھیں جو اسلام نے بدستور جاری رہنے دیں۔ تغیر ہوا تو صرف اتنا کہ نفسانیت کی جگہ حکمت وللّٰہیت آگئی اور بس۔ اس لئے نہ گزیت اور رسم گزیت کا ایران سے عرب میں آجانا محل استبعاد ہے۔ نہ رسم جزیہ کا رسم گزیت سے مطابق ہونا۔

اب آئی یہ بات کہ گزیت یا جزیہ ایران یا عرب میں تھا کیا۔ میں انشاء اللہ یہ بھی بیان کرونگا۔ ابھی صرف یہ خیال کر لیجئے کہ وہ ایک ٹیکس تھا۔ اس ٹیکس کی حقیقت بیان کرنے سے پہلے مناسب یہ ہے کہ حتی یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ عَنْ یَّدٍ وَّھُمْ صَاغِرُوْنَ سے فرصت پالوں کہ ابھی تک اس کا ترجمہ نہیں آیا ہے۔

یَدٌ عربی میں وہی چیز ہے جسے ہم ہاتھ کہتے ہیں۔ ہاتھ چونکہ بہت سے کام کرتا ہے اس لئے رفتہ رفتہ اس کے مجازی معنی بھی بہت سے ہو گئے۔ مثلاً قوت، اختیار، اعانت، نعمت، غلبہ، ملک، مال، غنا وغیرہ۔ اس کے علاوہ زبان میں یَدٌ کا استعمال بھی مختلف طرح ہوتا ہے اور الگ الگ معنی پر دلالت کرتا ہے۔ عن کے ساتھ لغت نویسوں نے اس کے معنی لکھے ہیں، ذلّت، قوت، اطاعت، استسلام۔ میرے نزدیک ان میں سے بعض معنی عرف فقہی پر مبنی ہیں اسی لئے اہل لغت اِن معانی کی ادبی سند نہیں دیتے۔ لسان العرب میں عَنْ یَّدٍ کی نسبت لکھا ہے وَقَالَ اَبُوْ عُبَیْدَۃَ کُلُّ مَنْ اَطَاعَ لِمَنْ

قَهَرَهٗ فَاَعْطَاهَا عَنْ غَيْرِ طِيْبَةِ نَفْسٍ فَقَدْ اَعْطَاهَا عَنْ يَّدٍ یعنی جو کسی غالب کی اطاعت اختیار کرے اور پھر بنا خوشی اس کو جزیہ دے تو یہی دینا عَنْ یَدٍ سے تعبیر ہوتا ہے۔ میرے نزدیک یہ معنی خالص مجازی ادبی نہیں۔ ان میں عرف فقہی کا اثر موجود ہے کہ عام زبان میں عَنْ یَّدٍ کا یہ استعمال نہیں ملتا۔ میں نے عَن یَّدٍ کی تفسیر کی خاطر دس بارہ تفاسیر کو دیکھا۔ عموماً مفسرین نے اس باب میں امام ابوجعفر ابن جریر طبری اور علامہ زمخشری صاحب کشاف کا اتباع کیا ہے اس لئے میں بھی انہیں دونوں کی تفسیر اور ان کی تنقید پر اکتفا کرونگا۔

طبری میں ہے وَاَمَّا قَوْلُهٗ عَنْ يَّدٍ فَاِنَّهٗ يَعْنِيْ عَنْ يَّدِهٖ اِلٰى يَدِ مَنْ يَدْفَعُهٗ اِلَيْهِ وَكَذٰلِكَ تَقُوْلُ الْعَرَبُ لِكُلِّ مُعْطٍ قَاهِرًا لَهٗ طَائِعًا اَوْ كَارِهًا اَعْطَاهُ عَنْ يَّدِهٖ وَذٰلِكَ نَظِيْرُ قَوْلِهِمْ فَمًا لِفَمٍ وَكَذٰلِكَ اَعْطَيْتُهٗ عَنْ يَّدٍ لِيَدٍ یعنی عَن یَّدٍ کے معنی ہیں، جزیہ دینے والا اپنے ہاتھ سے لینے والے کے ہاتھ میں دے کہ عرب کا محاورہ ہے کہ جب کوئی دینے والا کسی بالادست کو کچھ بطوع یا باکراہ دے تو اس موقع پر وہ کہتے ہیں اَعْطَاهُ عَنْ يَّدِهٖ اور یہ کہ عَن یَّدٍ اُن کی زبان میں ایسا ہی ہے جیسے كَلَّمْتُهٗ فَمًا لِفَمٍ میں نے اس سے بالمشافہ کہا۔ اسی کے مانند ہے اَعْطَيْتُهٗ عَنْ يَّدٍ لِيَدٍ میں نے اس کو دست بدست دیا۔

اس تفسیر میں امام طبری نے عَن یَّدٍ کے معنی بتصرف قلیل وہی بیان کئے ہیں جو لسان العرب میں اَبُوْ عُبَيْدَه کی طرف منسوب ہیں۔ لیکن سُور السیاق سے وہی محلِّ کلام ہیں، اس لئے کہ وہ عَن یَّدٍ کے جو معنی یا جو اس کا محلّ استعمال بتلاتے ہیں اس کی کوئی ادبی سند نہیں دیتے۔ ممکن ہے کہ یہ معنی ابو عبیدہ کا محض قیاس ہی قیاس ہوں یا بیان فقہا سے مستفاد۔ اس کے

علاوہ ابو عبیدہ اور طبری دونوں اپنی مثالوں میں عَن یَّدٍ کے ساتھ اَعْطٰی بصیغۂ واحد لائے ہیں تاکہ عَن یَّدٍ صیغۂ مفرد سے مطابق رہے اور عبارت شتر گربہ نہ ہوجائے۔ برخلاف اس کے قرآن مجید میں یُعْطُوْا بصیغہ جمع ہے اور ھُمْ صَاغِرُوْن بھی جو عَن یَّدٍ کے بعد بلافصل آیا ہے، جمع ہے، اس لئے یہ قیاس قیاس مع الفارق ہے۔ رہا ان کا یہ دعوی کہ عَن یَّدٍ نظیر ہے فَمَالِفِیْم یہ بھی بے سند و بے دلیل ہے۔ اگر وہ معنی جو ابو عبیدہ کے بیان سے ماخوذ یا مماثل ہیں مان بھی لئے جائیں تو یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ عَن یَّدٍ کا ترجمہ ہوگا کہ دینے والا چار و ناچار جزیہ ادا کرے۔ یعنی اس حالت میں عَن یَّدٍ سے ہاتھ مراد نہ ہوگا۔ اس لئے یہ کہنا صحیح نہیں رہا اِنَّہٗ یَعْنِیْ عَن یَّدِہٖ اِلٰی یَدِ مَن یَّدْفَعُہٗ اِلَیْہِ اور نہ اَعْطَیْتُہٗ عَن یَّدٍ لِیَدٍ۔ شاید یہی وجہ ہو کہ آیندہ مفسرین نے اس تفسیر پر قناعت نہ کی بلکہ نئے نئے پہلو تفسیر میں پیدا کئے چنانچہ علامہ زمخشری نے کشاف میں لکھا:۔ قَوْلُہٗ عَن یَّدٍ: اِمَّا اَنْ یُّرَادَ بِہٖ یَدُ الْمُعْطِیْ اَوِ الْاٰخِذِ فَمَعْنَاہُ عَلٰی اِرَادَۃِ یَدِ الْمُعْطِیْ حَتّٰی یُعْطُوْھَا عَن یَّدٍ مُوَاتِیَۃٍ غَیْرَ مُمْتَنِعَۃٍ لِاَنَّ مَنِ ابٰی وَامْتَنَعَ لَمْ یُعْطِ یَدَہٗ بِخِلَافِ الْمُطِیْعِ الْمُنْقَادِ وَ لِذٰلِکَ قَالُوْا اَعْطٰی بِیَدِہٖ اِذَا انْقَادَ وَاَصْحَبَ الْاَتَرَ اِلٰی قَوْلِھِمْ نَزَعَ یَدَہٗ عَنِ الطَّاعَۃِ کَمَا یُقَالُ خَلَعَ رِبْقَۃَ الطَّاعَۃِ عَنْ عُنُقِہٖ اَوْ حَتّٰی یُعْطُوْھَا عَن یَّدٍ اِلٰی یَدٍ غَیْرِ نَسِیْئَۃٍ لَا مَبْعُوْثًا عَلٰی یَدِ اَحَدٍ وَلٰکِن عَن یَّدِ الْمُعْطِیْ اِلٰی یَدِ الْاٰخِذِ وَاِمَّا عَلٰی اِرَادَۃِ یَدِ الْاٰخِذِ فَمَعْنَاہُ حَتّٰی یُعْطُوْھَا عَن یَّدٍ قَاھِرَۃٍ مُسْتَوْلِیَۃٍ اَوْ اِنْعَامٍ لِاَنَّ قَبُوْلَ الْجِزْیَۃِ مِنْھُمْ وَتَرْکَ اَرْوَاحِھِمْ لَھُمْ نِعْمَۃٌ عَظِیْمَۃٌ عَلَیْھِمْ۔

لبّ لباب اس تفسیر کا یہ ہے کہ عَن یَّدٍ میں جو لفظ یَدٌ آیا ہے اس سے دینے والے

کا ہاتھ مراد ہوگا یا لینے والے کا۔ اگر دینے والے کا ہاتھ مراد ہے تو عَن یَّدٍ کے معنی ہیں سیدھی سیدھی طرح جزیہ ادا کر دینا، خود دست بدست دینا اور اگر لینے والے کا ہاتھ مراد ہے تو عَن یَّدٍ کے معنی ہیں یَدٌ قَاھِرَۃٌ مُسْتَوْلِیَۃٌ یا جان بخشی کا بدلہ۔ اتنی سی بات تھی جس کو علامہ زمخشری نے کچھ اس طرح پیچ در پیچ ادا کیا کہ عند النقل امام رازی کو عبارت سنبھالنی پڑی اور پھر بھی کچھ زیادہ مربوط نہ ہو سکی۔ بھلا کہاں اَعْطٰی یَدَہٗ اِذَا انْقَادَ اور کہاں یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ عَنْ یَّدٍ۔ پھر عَن یَّدٍ کی ایک چھوڑ چار چار تفسیریں کیں مگر اشارہ تک نہ کیا کہ مسلک راجح کیا ہے اور کیوں ہے۔ اگر مدعا ان احتمالات کا یہ ہے کہ یہ بھی ہے اور وہ بھی تو اس کے دوسرے معنی یہ بھی تو ہو سکتے ہیں کہ یہ ہے نہ وہ یعنی کچھ بھی نہیں۔ بہرحال زمخشری نے پہلے جو دو احتمال بیان کئے ہیں وہ وہی ہیں جن کو طبری نے سمو کر ایک معنی کی صورت میں بیان کئے تھے، اس لئے میری سابقہ تنقید یا جرح بدستور اپنی جگہ پر قائم ہے۔ رہے آخری دو معنی یا احتمال وہ طبری کی تفسیر پر مستزاد ہیں۔ ان میں سے پہلا مبہم ہے اور معلوم نہیں ہوتا کہ یَدٌ قَاھِرَۃٌ مُسْتَوْلِیَۃٌ سے حقیقی ہاتھ مراد ہے یا اُس کے مجازی معنی غلبہ، و تسلط۔ اگر مجازی معنی مراد ہیں تو پھر اُس کی شق ثانی کی دونوں صورتیں مجازی ہوئیں۔ اس لئے اب ہمیں پہلے یہ دیکھنا چاہئے کہ ید کا لفظ آیۂ جزیہ میں مجازی معنی میں آ بھی سکتا ہے یا نہیں اور آ سکتا ہے تو اس کے کیا معنی ہیں یا ہونے چاہئیں،

ید عربی زبان میں وضعی معنی میں بھی آتا ہے اور مجازی معنی میں بھی لیکن بیک وقت و بیک محل دونوں معنی مراد نہیں ہوتے اور نہیں ہو سکتے۔ اور مقدم ہوتے ہیں معنی وضعی کہ اصل وہی ہیں اس لئے اب ہمیں سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہئے کہ آیۂ جزیہ میں حقیقی معنی ید کے ہو بھی سکتے ہیں یا نہیں۔

طبری نے اپنی تفسیر میں عَن یَّدٍ لِیَدٍ یا اِلیٰ یَدٍ لکھا ہے یعنی حقیقی ہاتھ مراد لیا ہے۔ اس کے متعلق میں ابھی کہہ چکا ہوں کہ بین الجمعین واحد کا استعمال جس طرح اس آیت میں ہے درست نہیں۔ اگر حقیقی ہاتھ مراد ہوتا تو جیسے یُعطُوا، ھم، اور صاغِرون جمع ہیں۔ عَن یَّدٍ بھی بصیغہ جمع بایدیھم یا عن ایدیھم ہونا چاہئے تھا۔ اور جب یہ صورت نہیں ہے تو اس آیت میں یَد لامحالہ مجازی معنی میں ہونا چاہئے کہ اس صورت میں اس کا جمع لانا ضروری نہیں رہتا۔

یَدٌ کے مجازی معنی جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں کئی ہیں۔ علامہ زمخشری نے اُنہیں میں سے "غلبہ وانعام" اختیار کئے ہیں۔ اور فی الجملہ آیۂ جزیہ میں مربوط بھی ہو سکتے ہیں۔ مگر صحیح معنی اس کے میرے نزدیک مال وغنا ہیں۔ قاضی بیضاوی نے عَن یَّدٍ کی تفسیر میں اِن کا ذکر بھی کیا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے۔ اَوْعَنْ غِنیً وَلِذٰلِکَ قِیْلَ لَا تُؤخَذُ عَنِ الْفَقِیرِ، یعنی ید کے معنی مال و ثروت بھی ہیں۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ غریب مفلس پر جزیہ نہیں ہوتا۔ فرق قاضی بیضاوی اور میری رائے میں یہ ہے کہ وہ ان معنی کو بھی دیگر معانی کی طرح بروجہ احتمال بیان کرتے ہیں اور اس کی دلیل کو برطریق ضعف، اور میں سمجھتا ہوں کہ آیہ زیر بحث میں ید کے معنی مال و ثروت ہیں لیکن اس کا ثبوت کیا ہے کہ اس آیت میں اس کے معنی مال ہی ہیں۔ میں کہتا ہوں۔ الحمدللہ کہ یہ دونوں باتیں روایت سے ثابت ہیں۔

طبری نے اکیسویں سال ہجری کی تاریخ میں لکھا ہے کہ نعمان بن المقرن نے ماہین والوں سے دو عہد نامے کئے۔ پھر اُس نے یہ دونوں عہد نامے نقل کئے ہیں۔ دونوں میں یہ الفاظ ہیں:۔ عَلیٰ کُلِّ حَالِمٍ فِی مَالِہٖ وَنَفْسِہٖ عَلیٰ قَدْرِ طَاقَتِہٖ۔ ہر بالغ پر

ہے بقدر اس کی طاقت کے مال میں سے جزیہ دینا اور اپنی ذات سے خدمت کرنا۔ پھر وہ بائیسویں برس کی تاریخ کے ضمن میں آذربیجان اور عتبہ بن فرقد کا عہدنامہ نقل کرتا ہے۔ اُس میں سے عَلٰی اَنْ یُؤَدُّوا الْجِزْیَۃَ عَلٰی قَدْرِ طَاقَتِھِمْ لَیْسَ عَلٰی صَبِیٍّ وَلَا امْرَاَۃٍ وَلَا زَمِنٍ لَیْسَ فِیْ یَدَیْہِ شَیْءٌ مِنَ الدُّنْیَا وَلَا مُتَعَبِّدٍ مُتَخَلٍّ لَیْسَ فِیْ یَدَیْہِ شَیْءٌ مِنَ الدُّنْیَا اس شرط پر صلح ہوئی کہ یہ لوگ بقدر طاقت (ثروت) جزیہ دیں۔ بچوں بوڑھوں اور عورتوں پر جزیہ نہیں۔ نہ اس گوشہ نشین تارک الدنیا عابد پر جو مالدار نہ ہو۔ صاف ظاہر ہے کہ آخری عبارت میں بقدر طاقت کے معنی ہیں مال۔ ثابت ہوا کہ جزیہ مال اور مالداروں پر ہے۔ رہا یہ امر کہ ید کے معنی مال ہیں اس کو وہ روایت واضح کر دیتی ہے جو طبری نے واقعۂ جلولاء کے ذیل میں لکھی ہے۔ وھی ھٰذہ

عَنْ شُعَیْبٍ عَنْ سَیْفٍ عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ کَانَ الْفَلَّاحُوْنَ لِلطُّرُقِ وَالْجُسُوْرِ وَالْاَسْوَاقِ وَالْحَرْثِ وَالدَّلَالَۃِ مَعَ الْجَزَاءِ عَنْ اَیْدِیْھِمْ عَلٰی قَدْرِ طَاقَتِھِمْ وَکَانَتِ الدَّھَاقِیْنُ لِلْجِزْیَۃِ عَنْ اَیْدِیْھِمْ وَالْعِمَارَۃِ۔ شعیب ..... نے کہا گاؤں کے گنواروں پر تھا۔ راستوں۔ پلوں۔ بازاروں کا کام کرنا کھیتوں کا بونا جوتنا۔ رہبری کرنا اور بقدر طاقت اپنے مال کا جزیہ دینا۔ اور دہقانوں (زمینداروں) پر تھا اپنے مال کا جزیہ دینا اور گاؤں کو آباد کرنا اور آباد رکھنا۔

مشکّکین شاید اب بھی اَیدِیھِم کے معنی میں کلام کرنے لگیں مگر ذیل کے اقتباسات انشاءاللہ قطعاً مسکت ثابت ہونگے، حیرہ والوں اور خالد بن الولید میں جو معاہدہ ہوا طبری نے اپنی تاریخ میں نقل کیا ہے اس میں سے عَاھَدَھُمْ عَلٰی تِسْعِیْنَ وَمِائَۃِ اَلْفِ دِرْھَمٍ

تُقْبَلُ فِي كُلِّ سَنَةٍ جَزَاءً عَنْ اَيْدِيْهِمْ فِي الدُّنْيَا رُهْبَانِهِمْ وَقِسِّيْسِهِمْ اِلَّا مَنْ كَانَ مِنْهُمْ غَيْرَ ذِيْ يَدٍ جَيْسًا عَنِ الدُّنْيَا تَارِكًا لَهَا۔

خالد بن الولید اور فلاں فلاں زعماء حیرہ میں ایک لاکھ نوے ہزار درہم (سالانہ) پر معاہدہ ہُوا۔ یہ رقم سالانہ ان سے ان کے دُنیاوی مال کے عوض جزیہ میں لی جائیگی قسیس و رہبان سب حصہ رسدی اس رقم کو پورا کریں گے۔ سوائی ان رہبانوں کے جو ذی یدیعنی مستطیع نہ ہوں اور دُنیا چھوڑ چکے ہیں اور اس سے الگ تھلگ زندگی بسر کرتے ہوں

اسی تاریخ میں خالد بن الولید کا دوسرا عہدنامہ ہے جو اس میں اور زادبن بہش میں ہُوا تھا اس کے الفاظ یہ ہیں۔ اِنِّي عَاهَدْتُكُمْ عَلَى الْجِزْيَةِ وَالْمَنْعَةِ عَلَى كُلِّ ذِيْ يَدٍ بَانِقِيَا وَ بَسْمَا عَلٰى عَشَرَةِ آلَافِ دِرْهَمٍ۔ میں نے تم سے جزیہ اور حفاظت پر معاہدہ کیا۔ بانقیا اور بسما کے سب مالدار مل کر دس ہزار دینار سالانہ سرانجام دیں گے۔ دونوں عہدناموں میں ذی ید کا لفظ موجود ہے اور دونوں جگہ جزیہ کے ساتھ اس طرح استعمال ہوا ہے کہ مال یا کسب مال کے سوا اور کسی احتمال کی گنجائش نہیں رہتی۔

تحریری عہدنامے زبانی اقوال سے زیادہ قابل اعتبار ہوتے ہیں۔ اس پر مستزاد یہ ہے کہ یہ عہدنامے اس وقت کے ہیں جس کی نسبت یہ خیال بھی نہیں کیا جا سکتا کہ ید کے معنی بدل گئے ہوں کیونکہ دورِ خلافت اولیٰ (۱۲ھ) میں جبکہ اسلامی فتوحات کا ایران کی طرف آغاز ہوا ہی ہوا تھا یہ عہدنامے لکھے گئے۔ یہ صحیح ہے کہ آیندہ دیگر معاہدات میں بعینہا یہ الفاظ نہیں ملتے۔ یہ اس لئے کہ عرب سادہ زندگی سے اُٹھ کر فتوحات کو نکلے تھے۔ ابھی اسی قسم کی تحریروں کے ایک قالب میں ڈھلنے کا وقت نہیں آیا تھا۔ کہ ہر شخص کا قول و قرار ایک ہی انداز پر ہوتا ہم روح تمام معاہدوں کی، وہ کہیں ہوئے ہوں اور کسی نے کئے ہوں ایک اور

بالکل ایک ہے۔

یہ کے معنی متعین کرنے کے لئے جو معاہدات ہم نے بطور سند پیش کئے ہیں وہ سب طبری سے لئے ہیں اس لئے یہاں طبعاً ایک شبہ یا سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ طبری مؤرخ بھی ہے اور مفسر بھی بلکہ امام المفسرین پھر کیا وجہ ہے کہ اس نے اپنی تفسیر میں ان روایات کو نظر انداز کیا یا ان سے استفادہ نہیں کیا۔

بات اگرچہ معقول ہے لیکن اس کے جواب کا میں ذمہ دار نہیں کہ طبری سے ایسا کیوں ہوا۔ اس کی وجہ اللہ ہی خوب جانتا ہے ممکن ہے کہ خود طبری کو بھی اس کی خبر نہ ہو۔ میں قیاساً ایک بات کہہ سکتا ہوں اور وہ یہ کہ طبری نے جب تفسیر لکھی مذاہب فقہیہ قیام و رواج پا چکے تھے۔ ان کے اثر سے وہ نہ بچ سکا۔ تفسیر میں جو کچھ لکھا ہے عصری فقہ کے زیر اثر لکھا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ فقہ خود کتاب وسنّت سے استنباط ہوئی لیکن ارباب تفقہ کے دل و دماغ خارجی حالات و واقعات سے متاثر تھے اور ہو رہے تھے خاص کر ملکی و سیاسی معاملات میں۔ فقہا اور طبری سب دیکھتے چلے آتے تھے کہ ذمی خود جا جا کر جزیہ ادا کرتے ہیں اور یہ کچھ بیجا بھی نہ تھا۔ حکومت کا یہ کام نہیں کہ وہ گھر گھر سے خود جزیہ جمع کرتی پھرے اور حکومت بھی وہ حکومت جو دنیاوی بن چکی ہو اور وقت کی اصطلاح میں ذمّی صرف وہ افراد رہ گئے ہوں جو دار الاسلام میں رہتے ہوں اور عمل اور اصطلاح کی بنا پر لوگوں کو یہ خیال بھی نہ آتا ہو کہ حکومتیں بھی ذمی ہوسکتی ہیں بلکہ رہ چکی ہیں۔ ملوک و مرازبہ ذمی بن کر جزیہ بھیجا کرتے تھے خود لیکر نہیں آتے تھے۔ اور دست بدست نہیں دیا کرتے تھے۔ اور عہد رسالت میں خود رسول اللہ کے عامل گھر گھر جا کر بھی جزیہ و صدقہ جمع کیا کرتے تھے۔ جب یہ باتیں دور جا پڑی ہوں اور بھول بسر گئی ہوں اور عرصہ سے عمل یہ چلا

آرہا ہو کہ دار الاسلام میں رہنے والے ذمّی دست بدست آکر جزیہ دیتے ہوں ان حالات میں اگر طبری نے عن یّد کے معنی میں یدٍ الی یدٍ لکھ دئے ہوں تو کوئی تعجب کی بات نہیں ہے بعد کے مفسرین کی تفاسیر تو اکثر و بیشتر بالکل ہی احتمالات وہمیہ اور احکام فقہیہ کا مجموعہ بن گئی ہیں یہ محض خیال ہی خیال نہیں ثبوت کو وھم صاغرون کی تفسیر حاضر ہے۔ الدر المنثور میں ہے کہ سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ ھُمْ صَاغِرون کے معنی یہ ہیں کہ ذمّی ذلیل ہوں سلمانؓ سے روایت یہ ہے کہ مدّعا اس کا یہ ہے کہ جزیہ ادا کرنے پر ان کو آفرین نہ کی جائے۔ مغیرہ سے روایت ہے کہ مجھے رستم سپہ سالار ایران کے پاس بھیجا گیا۔ اس نے پوچھا تم لوگ چاہتے کیا ہو۔ میں نے کہا اسلام کی دعوت دیتے ہیں۔ اگر تم اسلام لے آؤ تو پھر ہم تم دونوں ہر طرح برابر۔ اس نے کہا میں اس کو قبول نہ کروں تو۔ میں نے کہا فَنَعْطِی الْجِزْیَۃَ وَاَنْتَ صَاغِرٌ اس نے ترجمان سے کہا پوچھو۔ میں جزیہ تو سمجھا لیکن یہ وَاَنْتَ صَاغِر کیا۔ میں نے کہا تو جزیہ دے تو تو کھڑا ہو اور میں بیٹھا ہوا اور کوڑا تیرے سر پر ہو۔ نیز سلمان سے روایت ہے کہ ایک قلعہ والوں کا محاصرہ کرنے کے بعد اس نے قلعہ والوں کو پیغام دیا۔ اَلْاِسْلَامُ اَوِ الْجِزْیَۃُ وَاَنْتُمْ صَاغِرُوْنَ۔ انہوں نے کہا یہ پچھلی بات کیا کہی، ہم نہ سمجھے کہا تم ہمیں جزیہ میں روپیہ دو اس حالت میں کہ تمہارے سروں پر خاک پڑی ہو۔ (یعنی سفر کرکے یا چل کر آئے ہو)

سعید بن جبیر صاغر کے عرفی معنی بتاتے ہیں۔ سلمان کی دونوں روائتیں بھی معتدل اور قریب المعنی ہیں اور قول سعید کی تائید کرتی ہیں۔ مغیرہ کا رستم کے پاس بھیجا جانا بھی سچ ہے لیکن طبری میں کوڑے کا ذکر نہیں۔ ممکن ہے کسی روایت و تاریخ میں آیا ہو۔ اور رعب جمانے کے لئے یہ کہا بھی ہو کہ کوڑا تیرے سر پر۔ درشتی ان کے مزاج میں تھی اور اسی لئے ان کو

بھیجا گیا تھا کہ اینٹ کا جواب پتھر سے دیں۔ کیونکہ رستم مسلمانوں کے اس بڑھتے ہوئے سیل کو عرب کے بھکاریوں کی طرح روٹی کے ٹکڑے پر ٹالنا چاہتا تھا ورنہ صاغر کو کوڑے سے کیا تعلق۔ یوں اب بھی تحصیل کے پیادوں اور پولیس کا ڈنڈا ٹیکس اور مالگزاری دینے والوں کے سر پر رہتا ہے اور تحصیل میں کاٹھ کا لٹھا پڑا ہؤا ان کا انتظار کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک نرم و گرم اقوال صحابہ ہوئے اب مفسرین کو لیجئے۔

ایک مختصر سی تفسیر القرآن حضرت ابن عباس کی طرف منسوب ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے وہ تمام اقوال جو کسی نہ کسی طرح قرآن کریم کی تفسیر کے متعلق آپ کی طرف منسوب پائے ایک جگہ جمع کر دئے ہیں اس تفسیر میں حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ عَنْ یَّدٍ کی تفسیر یوں لکھی ہے۔ عَنْ قِیَامٍ مِنْ یَدٍ اِلٰی یَدٍ یعنی ذمّی کھڑا ہو کر جزیہ دے اور دست بدست دے۔ اس میں عن قیامٍ نئی چیز ہے اور بالکل اہل بے جوڑ اور بے سند ہے۔ صاغرون کے لئے لکھا ہے ذَلِیلُوْن یعنی صاف سیدھا ترجمہ جو سلمان و سعید کے اقوال کے مطابق ہے۔ مگر معالم التنزیل میں ہے۔ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تُوْخَذُ مِنْہُ الْجِزْیَۃُ وَیُوْطَأُ عُنُقُہٗ ذمی سے جزیہ لے کر اس کی گردن رگڑ دی جائے۔ یہ قول اول پر گویا اضافہ ہے۔ اس قول کو بعض مفسرین نے مانا اور بعض نے اس سے اختلاف کیا ہے۔ اب یہ کہنا کہ کونسی روایت صحیح ہے۔ بہرحال دشوار ہے۔ یہ ہیں صاغرون کی ابتدائی تفسیریں اور وہ بھی سب صحابہ کی رائے ہیں۔ مگر ایک بھی قول رسول پر مبنی نہیں۔ اگر مان لیں کہ ابن عباس کے دونوں قول روایۃً صحیح ہیں تو ان میں بھی ارتقائی اثر موجود ہے یعنی دوسری رای زمانہ حکومت و ولایت کی ہوگی اور بضرورت وقت یہ عمل اختیار کیا ہوگا۔ ورنہ کتاب و سنت سے اس کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ قیاس چاہتا ہے کہ طبری کے زمانہ تک یونہی رائیں بربناے سیاست

ومصلحت بدلتی رہی ہوں گی کہ اس نے صاغرون کی تفسیر میں لکھا :۔ مَعْنَاهُ اَذِلَّاءَ مَقْهُوْرُوْنَ يُقَالُ لِلذَّلِيْلِ الْحَقِيْرِ صَاغِرٌ یعنی ذمی جزیہ دیں اس حالت میں کہ وہ ذلیل و مغلوب ہوں، یہاں تک طبری نے جو کچھ کہا بالکل بجا۔ سیاق و الفاظ سے یہ بات مفہوم ہوتی ہے مگر زمانے کے اثر کو دیکھئے کہ وہ اس تفسیر پر جو حقیقت میں کافی وافی تھی بس نہ کر سکا بلکہ اوسے کہنا پڑا۔ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ التَّاوِيْلِ فِيْ مَعْنَى الصِّغَارِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اَنْ يُّعْطِيَهَا وَهُوَ قَائِمٌ وَالْاٰخِذُ جَالِسٌ ذِكْرُ مَنْ قَالَ لِيْ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ سَعْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَهُمْ صَاغِرُوْنَ قَالَ تَاْخُذُهَا وَاَنْتَ جَالِسٌ وَهُوَ قَائِمٌ وَقَالَ آخَرُوْنَ مَعْنٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَهُمْ صَاغِرُوْنَ عَنْ اَنْفُسِهِمْ بِاَيْدِيْهِمْ يَمْشُوْنَ بِهَا وَهُمْ كَارِهُوْنَ۔ وَذٰلِكَ قَوْلٌ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِنْ وَجْهٍ، فيه نظر، یعنی اہل تاویل یا فقہا کا صغار کے معنی میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ معنی یہ ہیں کہ ذمی جزیہ دے تو کھڑا ہو اور لینے والا بیٹھا ہو کہ عکرمہ سے یہ قول باسناد یونہی منقول ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ذمی اپنے آپ کو پست و حقیر تصور کریں خود جزیہ لے کر اور چل کر آئیں اور باکراہ جزیہ دیں۔ یہ قول من وجہ ابن عباس سے منقول ہے۔ لیکن ضعف و شبہ سے خالی نہیں۔

ان میں سے پہلا مذہب ابن عباس کے قول اول کے مطابق ہے اور اگرچہ تفسیر کے بجائے راے اور داب حکومت پر مبنی کہے جانے کا زیادہ مستحق ہے تاہم معتدل ہے اس لئے کہ ذمی جو جزیہ دیتے ہیں وہ محکوم و مغلوب ہونے کی حیثیت سے دیتے ہیں، احسان نہیں کرتے اس لئے نائب الحکومت کے برابر آکر بیٹھنے کا حق نہیں رکھتے،

ہر جگہ اور ہمیشہ یہی ہوتا آیا ہے اور اب بھی یہی ہوتا ہے اس لئے اس کو اگر تفسیر بھی کہہ لیا جائے تو مضائقہ نہیں اگرچہ میرے نزدیک یہ حقیقت نہیں۔ رہا دوسرا مذہب جو ابن عباس کے قول پر مبنی کیا گیا ہے اس میں اگرچہ یُوطأُ عُنُقُہٗ کا لفظ نہیں جو ابن عباس کے ایک قول میں پہلے آچکا ہے تاہم طبری کو اس کی صحت میں کلام ہے۔ اس لئے اہل فہم کے لئے طبری کی تفسیر پھر غنیمت ہے۔ اب ذرا آگے چلئے اور زمخشری کی تفسیر دیکھیئے وہ فرماتے ہیں اَیْ تُوْخَذُ مِنْھُمْ عَلَی الصِّغَارِ وَ الذُّلِّ وَالْھُوَانِ وَھُوَ اَنْ یَّاْتِیَ بِنَفْسِہٖ مَاشِیًا غَیْرَ رَاکِبٍ وَیُسَلِّمُھَا وَھُوَ قَائِمٌ وَالْمُسْتَلِمُ جَالِسٌ وَاَنْ یُتَلْتَلَ تَلْتَلَۃً وَیُوْخَذَ بِتَلْبِیْبِہٖ وَیُقَالُ لَہٗ اَدِّ الْجِزْیَۃَ وَاِنْ کَانَ یُؤَدِّیْھَا وَیُزَخُّ فِیْ قَفَاہُ یعنی ذمّی سے بذلت و خواری جزیہ لیا جائے اِس طرح کہ وہ خود لے کر آئے اور پیادہ پا۔ نہ کہ سوار ہو کر۔ کھڑا ہو کر پیش کرے۔ لینے والا بیٹھا ہوا ہو اس کو زور سے پکڑ کر گھسیٹا جائے۔ اور اس کی گردن و گریبان پکڑ کر کہا جائے، لاؤ جزیہ، اگرچہ وہ دے ہی رہا ہو۔ اور چلتے چلتے ذرا اس کی گدّی بھی ناپ دی جائے۔

آپ ھُمْ صَاغِرُوْن کی ابتدائی معتبر و نامعتبر تفسیریں بقدر ضرورت دیکھ چکے۔ یہ بھی آپ نے دیکھ لیا کہ طبری ان روایات میں سے بعض کی نسبت فیہ نظر کہتا ہے، اور فقہاء کی رائے کو اس بات میں ماننے کے لئے تیار نہیں۔ با ایں ہمہ زمانہ کے حال سے مجبور ہو کر ان کو نقل کرنے سے مفر نہیں پاتا۔ زمخشری کی تفسیر بھی آپ نے ملاحظہ کر لی اور یہ بھی کہ اس میں چپکے سے کیا کچھ اضافہ ہو گیا ہے اب اتنا اور سُن لیجئے کہ امام فخرالدین رازی یہ سب کچھ باضافہ اپنی تفسیر میں نقل کرنے کے بعد اتنا اور مستزاد فرماتے ہیں وَ

لِلْفُقَهَاءِ اَحْكَامٌ كَثِيْرَةٌ مِنْ تَوَابِعِ الذُّلِّ وَالصِّغَارِ مَذْكُوْرَةٌ فِيْ كُتُبِ الْفِقْهِ گویا یہ سب کچھ عین قرآن ہی کی تفسیر ہے۔ اسی لئے یہ سب کچھ موضح القرآن تک میں مذکور ہے۔ ان حالات میں اگر طبری نے عصری اور فقہی مذاہب کے اثر میں آکر عن یَّدٍ کی تفسیر مِن یَدٍ اِلٰی یَدٍ لکھ دی اور ادبی ولسانی شواہد کو نظر انداز کر گیا اور ید کے معنی مال جو خود کئی روایات میں لکھ چکا تھا بھول گیا تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ مِنْ یَدٍ اِلٰی یَدٍ بہت اوپر سے چلا آرہا تھا (اگرچہ اس کا اصل مبنیٰ واب حکومت تھا نہ کہ کتاب وسنت) پھر خیالی ولفظی سہارے پر مختلف اقوال پیدا ہوئے اور قریب باعتدال رہے، پھر اضافے پر اضافے ہوئے اور بات کہیں سے کہیں جا پہنچی۔ غور سے دیکھئے تو یہ سب نتیجہ ہے ایک عَنْ یَّدٍ کے لفظ اور مقامی اور زبانی سیاست کا۔ کہ قانون کچھ سے کچھ ہوتا چلا گیا میں نہیں کہتا کہ جب جب اور جہاں جہاں یہ احکام پیدا ہوئے غلط ہوئے ممکن ہے تقاضائے وقت ومصلحت یہی ہو، غلطی جو کچھ ہے وہ یہ ہے کہ اس کو قرآن کی تفسیر بنا دیا اور دین مذہب ٹھیرا لیا گیا اگر جزیہ وصول کرنے کا اسلام میں از ابتدا یہی وتیرہ ہوتا۔ تو کیا ممکن تھا کہ غیر قومیں اسلامی حکومت کو اپنے لئے آیۂ رحمت تصور کرتیں۔ اب یہ سنئے کہ وَهُمْ صَاغِرُوْنَ کے واقعی کیا معنی ہیں؟

صَاغِرُوْنَ قرآن مجید میں کئی جگہ آیا ہے۔ اور اپنے معنی آپ بتاتا ہے۔ سورۂ یوسف میں ہے وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ؛ اگر اس (یوسف) نے میرا کہنا نہ کیا تو یہ زندان جائیگا اور ذلیل ہوگا۔ سورۂ اعراف میں ہے فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ۔ ساحر موسیٰ سے وہاں مغلوب ہوئے اور ذلیل ہو کر وہاں سے پھرے۔ نیز سورۂ نمل میں ہے۔ اِرْجِعْ

اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ تو انہیں کے پاس لوٹ جا۔ ہم ان کے خلاف ایسا زبردست لشکر لے کر آئیں گے جس کے سامنے وہ نہ ٹھیر سکیں گے۔ اور ہم ان کو وہاں سے ذلیل کر کے نکالیں گے اس حالت میں کہ وہ خوار ہوں گے۔ (ہم ان کو ذلیل و خوار کر کے نکالیں گے) اب شواہد لسانی و ادبی لیجئے اور دیکھئے صَاغِرون کے یہی معنی ہیں یا نہیں۔

عامر بن الطفیل کہتا ہے۔

فَاِنْ لَّا یَرُدُّوا الْحَدَثَانُ نَفْسِیْ یُؤَدُّوا الْخَرْجَ لِیْ عَامًا فَعَامًا

یُؤَدُّوْهُ عَلٰی رَغْمٍ صِغَارًا وَیُعْطُوْنَا الْمَقَادَةَ وَالزِّمَامَا

اگر حوادث روزگار نے مجھے زندہ چھوڑ دیا تو انہیں سال بسال مجھے خراج دینا ہوگا۔ وہ چار و ناچار پست و حقیر ہو کر ہمیں خراج دیں گے۔ ہماری اطاعت مانیں گے، اور زمام اختیار اپنی ہمارے حوالہ کرینگے۔


اب اس صغار کے معنی خود اسی شاعر کی زبان سے بھی سنئے۔ کہتا ہے۔

یُعْطُوْنَ خَرْجَهُمْ بِغَیْرِ هَوَادَةٍ وَالدَّهْرُ ذُوْ غِیَرٍ وَذُوْ بَلْبَالِ

انہیں بغیر رعایت و درگزر خراج دینا پڑیگا یہ زمانہ یونہی بدلتا اور مصائب لاتا رہتا ہے (کبھی غالب کرتا ہے۔ کبھی مغلوب)

یہ تقریباً وہی معنی ہیں جو سعیدؓ بن جبیر اور سلمانؓ سے منقول ہیں۔ حاصل کلام یہ کہ قرآن کریم اور اشعار جاہلیہ میں جو فہم قرآن کریم کے لئے سند مانے گئے ہیں صغار اور صاغرون کے کہیں وہ معنی نہیں ملتے جو مفسرین نے عموماً فقہی اور خارجی اثر میں

آکر لکھے ہیں۔ اور خیالی موشگافیوں سے پیدا کئے ہیں۔ سیدھے اور صاف معنی آیت کے یہ ہیں کہ مسلمانو! اہل کتاب سے لڑو اور یہاں تک لڑو کہ وہ ہار مان کر تمہیں جزیہ دیں اور برتری یا ہم سری کے دعوے کے بجائے اپنے آپ کو پست اور محکوم مان لیں۔ چنانچہ امام شافعی نے کتاب الام میں صاغرون کے یہی معنی اختیار کئے ہیں اور طبری نے ان کو اپنی تفسیر میں یوں بیان کیا ہے۔ وَقَالَ الْآخَرُونَ اِعْطَاؤُهُمْ اِيَّاهَا هُوَ الصِّغَارُ۔ جزیہ دینا خود ذلت و صغار ہے۔ آخرون کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مسلک ایک امام شافعی ہی کا نہیں اور لوگ بھی اس کے قائل ہیں۔ پھر طبری اپنی کتاب كِتَابُ اخْتِلَافِ الْفُقَهَا میں لکھتا ہے قَالَ الشَّافعی اذا اَخَذ الامام مِنْهُمُ الْجِزية اخذها باجمال ولم يضرب منهم احداً او ولم ينله بقول قبيح والصغار ان يجرى الحكم عَلَيهم لا ان يضربوا ولا ان يوذوا جب امام ان سے جزیہ لے تو وہ حرج سے لے نہ کسی کو مارے نہ سخت لفظ سے کسی کو بے آبرو کرے۔ صغار یہی ہے کہ اس کا حکم ان پر نافذ ہو۔ نہ یہ کہ ان کو مارا جائے اور ایذا دی جائے۔ یہی مسلک امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب کا طبری نے اس کتاب میں بیان کیا ہے۔ جیسا کہ میں محل مناسب پر بہ تفصیل بیان کرونگا۔ میں بھی صاغرون کے یہی معنی سمجھتا ہوں ولا اسلم ما هو خلاف ذلك اور یہیں پہنچ کر اپنے اس مضمون کو ختم کرتا ہوں، باقی پھر!



صفحه عکسی از مخطوطه «مثنوی عروة الوثقی»

مثنوی عُروۃُ الوُثقیٰ
از
شہابی

از
پروفیسر حافظ محمود خاں شیرانی پروفیسر اورینٹل کالج۔ لاہور

یہ مثنوی جو ۸۵۹ھ میں تالیف ہوئی ہے ہندوستان کے ایک نامعلوم شاعر شہابی تخلص کی یادگار ہے۔ شاعر نے اس کا نام عروۃ الوثقیٰ رکھا ہے اور ہندوستان کے کسی بادشاہ کے واسطے جس کا نام مذکور نہیں لکھی ہے۔ ابیات کی تعداد بقول شاعر پانچ ہزار ہے۔ موجودہ نسخہ اگرچہ مصنف کے عہد سے قریب کا لکھا معلوم ہوتا ہے ناقص حالت میں ہم تک پہنچا ہے۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ پوری کتاب کے جو منتشر اوراق ہم تک پہنچے ہیں ان کی تعداد ایک سو نو ہے اور تخمیناً ساڑھے تین ہزار ابیات کے حامل ہیں۔ اس حساب سے ڈیڑھ ہزار اشعار اس نسخہ سے ضائع ہوگئے ہیں۔ بالفاظ دیگر چوالیس اوراق جاتے رہے ہیں۔ موجودہ حالت میں کتاب کی اصل ترتیب سے واقف ہونا بھی دشوار ہے۔ دیباچہ میں جو فہرست مضامین دی گئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک اخلاقی مثنوی ہے جو بوستان سعدی کی طرح پند و موعظت کا دفتر کھولتی ہے اور ان اوصاف و محاسن پر زور دیتی ہے جو انتظام ملک و ملت کے لئے سلاطین کی ذات میں نہایت ضروری ہیں۔ شاعر

کے نزدیک شرائط جہانداری دس امور پر مبنی ہیں اور ان کے مطابق اس نے کتاب کو دس مقالوں میں بہ تفصیل ذیل تقسیم کیا ہے :-

مقالۂ اول در پیروی شرع - مقالہ دوم در معدلت - مقالہ سوم در ہشیار بودن در کارہا مقالۂ چہارم در رای و تدبیر - مقالۂ پنجم در وفای عہد و پیمان - مقالۂ ششم در شجاعت و دلاوری مقالۂ ہفتم در جود و سخاوت - مقالۂ ہشتم در شرط تمکین و وقار - مقالۂ نہم در سیاست - مقالۂ دہم در عفو گناہ -

ہر مقالہ میں ایک ایک تاریخی حکایت مثال میں لائی گئی ہے - کتاب کی ابتداء سے حمد کا تمام اور نعت کا نصف حصہ مفقود ہے - خاتمہ کا کچھ حصہ ملتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب کا نام ' عروۃ الوثقیٰ ' ہے اور ۸۵۹ھ میں تصنیف ہوئی ہے ! ابیات کی تعداد پانچ ہزار ہے :-

تن خاکیم چون باقی نماند — مرا زندہ شمارد ہر کہ خواند
اگر مطلوب از و نام کتابست — زغیبش عروۃ الوثقیٰ خطابست
چہ شہا کردہ بایستم جگر خون — کہ تا آمد زکان این لعل بیرون
ز تاریخش ہر انکو راست مقصود — ز ہجرت بیصد و پنجاہ و نہ بود
وگر یک رہ شماری بیت نامش (کذا) شمار بیت شد خمس ہزارش

بعض اشعار سے جو شاعر نے اپنے فرزند کو خطاب کر کے لکھے ہیں پایا جاتا ہے کہ اس فرزند کا نام فیض اللہ ہے ؎

ترا زان روی فیض اللہ شد نام — کہ از فیض خدایابی ہمہ کام

مصنف کے متعلق ہم کو اسی قدر علم ہے کہ اس کا تخلص شہابی ہے جو ہر موقعہ پر

سرخ سیاہی سے لکھا گیا ہے۔ کتاب جس بادشاہ کے لئے لکھی گئی اس کا نام کہیں بھی نظر نہیں آتا۔ اگرچہ بعض اشاروں اور دیگر قرائن سے پایا جاتا ہے کہ مصنف اور اس کا ممدوح دونوں ہندوستانی ہیں۔

نویں صدی ہجری وہ خاص صدی ہے جس میں علاء الدین کے خواب ہندوستان میں مرکزی حکومت کے اصول کو برباد کرکے سیاسیات وقت نے صوبجاتی خودمختاری کے اصول کو فروغ دے دیا تھا۔ اس صدی کے ابتدا ہی میں ایسے واقعات پیش آئے جن کے اثر میں ہندوستان مختلف سلطنتوں میں تقسیم ہو کر رہ گیا اور اس کے منتصف میں ہم دیکھتے ہیں کہ ملک میں کئی سلطنتیں قائم ہیں۔ بنگال اور دکن کے علاوہ جو اس صدی کی آمد سے بہت پہلے اپنی خودمختاری کا اعلان کر چکے تھے۔ گجرات۔ مالوا۔ جونپور اور پنجاب میں جدا جدا حکومتیں قائم ہیں۔ اب ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ ان صوبجاتی سلاطین میں سے ہمارے مصنف کا ممدوح اور مخاطب کونسا سلطان ہے۔ ایک بات ممکن ہے وہ یہ ہے کہ مصنف اور اس کا ممدوح یا بنگالہ سے تعلق رکھتے ہیں یا مالوہ سے۔ بنگالہ میں اس وقت ناصر الدین محمود شاہ ۸۴۶ھ و ۸۶۴ھ برسر حکومت ہے اور مالوہ میں علاء الدین محمود شاہ خلجی ۸۳۹ھ و ۸۸۰ھ سریر آرا ہے۔ اگر مثنوی ہذا بنگالہ میں لکھی گئی ہے تو بہت ممکن ہے کہ اس کا مصنف امیر شہاب الدین حکیم کرمانی ہو جس کا ذکر ہم ابراہیم فاروقی کی مشہور فرہنگ شرف نامۂ احمد منیری تالیف ۸۷۷ھ میں بار بار پڑھتے ہیں شرف نامہ میں اس شہاب الدین کے حوالہ سے بیسیوں لغات اور ان کے اعراب و معانی بیان کئے گئے ہیں۔ اب اس امیر شہاب الدین کو مثنوی عروۃ الوثقیٰ کا مالک تسلیم کرنے کے لئے ہمارے پاس ایک کمزور قرینہ یہ ہے کہ بہت ممکن ہے کہ اس نے اپنے نام کی رعایت سے اپنا تخلص شہابی رکھا ہو۔ اگر اس نے اپنے ممدوح کے لقب و خطاب کی بنا پر یہ تخلص اختیار

کیا ہے جیسا کہ بعض شعراء کیا کرتے ہیں تو اس صورت میں بایزید شاہ ۸۱۲ھ ، ۸۱۷ھ والی بنگالہ کا نام پیش کیا جا سکتا ہے جس کا لقب شہاب الدین ہے ۔ مگر ۸۱۲ھ اور ۸۵۹ھ میں (جو بایزید شاہ کی تخت نشینی اور عروۃ الوثقیٰ کی تصنیف کے سال ہیں) پورے اکتالیس سال کا فرق ہے جو ایک شاعر کے دور شاعری کے لئے ذرا لمبا معلوم ہوتا ہے اگرچہ بالکل ممکن ہے۔ مصنف خود تسلیم کرتا ہے کہ وہ اس مثنوی کی تالیف کے وقت بہت بوڑھا ہے ۔ ایک بات ہمیں یاد رکھنی چاہیئے کہ شرف نامہ میں امیر شہاب الدین کی شاعری کا کہیں ذکر نہیں آتا مالوے کے ساتھ مصنف کو وابستہ کرنے کے لئے ہمارے پاس صرف یہی قرینہ ہے کہ اس نے جہاں اپنے ممدوح کے محل اور عجائبات کا ذکر کیا ہے ۔ ان میں ایک محل کا نام دھارا مندی بیان کیا ہے ۔ اس نام سے ہمارا ذہن معاً دھار کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جو مالوی خلجیوں کے عہد سے پیشتر مسلمانی دور میں مالوے کا دارالحکومت رہا ہے ۔ غوریوں کے عہد میں بھی جو خلجیوں کے پیش رو ہیں یہی شہر دارالسلطنت تھا اور خلجیوں کے عہد میں جو ۸۳۹ھ سے شروع ہو کر ۹۳۷ھ پر ختم ہوتا ہے اگرچہ شادی آباد منڈو دارالملک بن گیا تھا مگر دھار کی وقعت زائل نہیں ہوتی ۔ وہ سلطنت مالوہ میں دوسرے درجہ کا شہر شمار ہوتا تھا ۔ دھار فی زمانہ ایک ہندو ریاست کی راجدھانی ہے مگر مسلمانی عہد میں مالوے کا حاکم نشین شہر تھا ۔ محمد بن تغلق اس شہر سے اپنے بعض سکے جاری کرتا ہے ۔ کوئی تعجب نہیں اگر دھار کے نام پر علاء الدین محمود شاہ خلجی نے جو عروۃ الوثقیٰ کی تصنیف کے وقت مالوے کا پادشاہ ہے اپنے جدید دارالسلطنت شادی آباد عرف منڈو میں دھار کے نام پر کوئی محل یا عجائب خانہ بنوایا ہو ۔ دھارا مندی کا لفظ ابیات ذیل میں آتا ہے :-

(۱) بدولت کرد کاخی مرد رسّام کہ در ہند است دھارا مندیش نام

(۲) درونِ صحن دھارامندی ای یار بود حوضی بخوبی کوثر آثار

مگر اس نظریہ کی تردید میں کہا جاسکتا ہے کہ محل مذکور ایک ایسا عجائب خانہ ہے جس میں چونکہ فواروں یا دیگر ذرائع سے جیسا کہ آیندہ مذکور ہوگا پانی برسایا جاتا ہے لہذا اس مناسبت کی بنا پر اس کا نام دھارامندی رکھا گیا ہے نہ شہر دھار کی بنا پر۔

اس موقعہ پر ہمارا ذہن طب کی ایک مشہور تالیف طب شہابی کی طرف بھی منتقل ہوتا ہے جو ۹۷۰ھ کی تالیف ہے مصنف اپنے آپ کو ابن عبدالکریم کہتا ہے اور ناگور کا رہنے والا ہے۔ عروۃ الوثقیٰ اور طب شہابی کے سنین تالیف میں ساٹھ سال سے زیادہ کا فرق ہے جو بحیثیت معتاد ایک شخص کی دو تالیف میں مشکل معلوم ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ طب شہابی کے مصنف کا تخلص شہاب تجنیف یا ہے نہ شہابی باضافۃ یا اگرچہ ایک شعر میں شہابی اپنے آپ کو شہاب بھی کہتا ہے جس سے ظاہر ہے کہ اس کا نام شہاب الدین ہوگا۔ وہ شعر یہ ہے ؎

زچندان دادن از ہر جنس مالی شہاب از بدرہا شد چون ھلالی

یہاں یہ کہنا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مثنوی کے ایک سابق مالک نے اس کو شہاب مہرہ کی طرف جو امیر خسرو کے استاد ہیں منسوب کیا ہے مگر یہ بیان صحت سے بہت دور ہے کیونکہ یہ مثنوی شہاب مہرہ کے عہد سے دو سو پونے دو سو سال بعد وجود میں آئی ہے۔

یہ مثنوی اگرچہ ناقص حالت میں ہم تک پہنچی ہے مگر کئی دلچسپیوں کے سامان اس میں جمع ہیں مثلاً یہ کہ وہ ایک ایسے شاعر کی یادگار ہے جس کا ہم معلوم مآخذ و ذرائع سے کوئی سراغ نہیں لگا سکتے۔ دوسرے یہ مثنوی اپنے خط و املا میں ان تمام خصوصیات کی حامل ہے جو مغلوں سے قبل کے مخطوطات ہندوستان میں پائی جاتی ہیں مثلاً پذیرفتن

گذشتن اور گذاشتن کے تمام صیغوں میں ذال معجمہ کے بجائے دال مہملہ کے ساتھ پدیرفتن گدشتن وگداشتن لکھنا۔ نفاذ اور تعویذ کو دال مہملہ کے ساتھ اور خدای۔ مادر و پدرو خدمت کو ذال معجمہ کے ساتھ لکھنا۔ فرشتہ کو باضافۂ یا فریشتہ اور دوزخ کو زای فارسی کے ساتھ دوژخ تحریر کرنا۔ شین اور ثی کے نقاط کو ہے کے شوشہ کی شکل میں (‘) اور سود اور شود کو جب لمبے شین کے ساتھ لکھے جائیں درمیان میں پیوند دیکر سسود اور ششود لکھنا وغیرہ۔

اہل ایران کا یہ قاعدہ کہ اگر دال کے ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو دال ہے اور اگر حرف ماقبل صحیح متحرک یا حرف علت ساکن ہو تو ذال معجمہ۔ توران وغزنین کی تقلید میں ہندوستان میں کبھی تسلیم نہیں کیا گیا۔

ہم میں بہت کم ایسے اصحاب ہونگے جو اس خاص خط سے جو مغلوں سے پیشتر ہندوستان میں رائج رہا ہے واقف ہیں۔ حالانکہ یہ خط ہندوستان کے طول وعرض میں رائج تھا اور دیگر ممالک کے خطوں سے جداگانہ شان رکھتا تھا۔ اس نقطۂ نظر سے بھی یہ نسخہ ہندوستانی طرز خط و املا کا ایک اچھا نمونہ قرار پاتا ہے۔

ہماری دلچسپی کا ایک اور سامان اس تالیف میں یہ ہے کہ شاعر جو اپنے آپ کو حکیم کے لقب سے یاد کرتا ہے دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے اپنے ممدوح کے لئے تین ایسے محل طیار کئے ہیں جن میں تماشائیوں کی تفریح و حیرت کی غرض سے بعض عجائبات یا طلسمات تعبیہ کئے گئے ہیں جنہیں لوگ دیکھتے ہیں اور دنگ رہ جاتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو ہر قسم کے کمالات کا مجموعہ بیان کرتا ہے اور کہتا ہے کہ چونکہ سلطان کی طبیعت تماشہ اور عجائب کی طرف مائل ہے اس لئے میں نے یہ حکمت سرا تعمیر کی ہے جو طلسمی عجائبات

کا مظہر ہے

خرد میگفت نیزم کای ہنرمند — تنوری گرم داری نان دروبند
چو داری زور بازو پنجہ بکشائے — جہانرا دستبرد خویش بنمائے
بدل نیرنگہائے عالم افروز — کہ پنہان داشتی از بہرامروز
چو دیدی رغبت خسرو کہ بیش است — اگر پیدا کنی برجائے خویش است
بفرمان خرد گشتم گہرسنج — برآوردم زخاطر گوہرین گنج
متاعی را کہ خسرو بدخریدار — برون کردم چو دیدم گرم بازار
زسینہ نقدہای خانہ خیزم — چو شہ خواہد چرا بیرون نریزم
اگرچہ داشتم گنجینہ بسیار — نمودم آنچہ خسرو بد طلبگار
نہ بینی جوہری رای برادر — کہ دارد در گرہ ہر جنس جوہر
ولیک آن آور د بیرون دوکان — کہ یابد مشتری راطالب آن
چو میل طبع خسرو برتماشاست — ضرورت بایدم کردن ہمان راست
زآب و باد و آتش بر سر خاک — برآوردم طلسماتے خطرناک
دران حکمت سرا کزمن نشانیست — بسی اعجوبہای آسمانیست

وہ مدعی ہے کہ عناصر کے ساتھ کواکب کی تمزیج سے عجیب عجیب حکمتیں ظاہر کی جاسکتی ہیں۔ اس میں کسی قسم کی شعبدہ بازی کو دخل نہیں ہے اور صرف اس حکمت سے کام لیا ہے جو عناصر یا بسائط پر مبنی ہے۔

شہابی طلسمی عجائب خانوں کے ذکر سے پہلے ایک عمارت کا ذکر کرتا ہے جسے 'معمل' کہنا چاہئے مگر وہ اسے 'دیوان العمل' کے نام سے یاد کرتا ہے وہ کہتا

ہے کہ اس عمارت میں ایک مقام علٰحدہ ہے جو آب و آتش کے واسطے بنایا گیا ہے اس کی وضع ایسی ہے کہ اس کے تین درتینوں عنصروں پر کھلتے ہیں۔ایک مقام پر کاؤن بنائی گئی ہے جس کے ہر طرف دروازے ہیں اس میں آگ جلائی جاتی ہے اور اس کی گرمی بقدر ضرورت ہر جگہ پہنچتی ہے۔ایک طرف ایک برج ہوا کے لئے تعمیر ہوا ہے جو گچ اور سنگ کا بنا ہے وہ ایک مربع خانہ ہے جس کے چار دروازے ہیں ہوا اس میں حسب عادت چلتی رہتی ہے۔اس میں خوبی یہ ہے کہ جب ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے باقی کے تینوں دروازے آپ سے آپ کھل جاتے ہیں اور اگر ایک بند کر دیتے ہیں باقی دروازے خود بخود بند ہو جاتے اس بادخانہ کی بہت سی ٹونٹیاں ہیں۔ہر سمت کی ہوا دروازوں کے ذریعہ سے اندر پہنچ جاتی ہے اور ٹونٹیوں میں داخل ہو جاتی ہے اور ان کے ذریعہ سے جہاں جہاں ہوا کی ضرورت ہوتی ہے پہنچائی جاتی ہے۔پھر دو حوض ہیں ایک بڑا ہے دوسرا چھوٹا ہے۔بڑے حوض میں پانی بھرا ہوا ہے جس سے چھوٹے حوض میں پانی پہنچتا رہتا ہے۔چھوٹے حوض میں ٹونٹیاں لگی ہیں۔ان کے ذریعہ سے حسب ضرورت پانی ہر جگہ پہنچایا جاتا ہے۔

اس کے بعد شاعر ان تین عجائب خانوں کا یکے بعد دیگرے ذکر شروع کرتا ہے۔اور کہتا ہے کہ شرقی صفہ کی دیوار میں ایک چھوٹا طاق ہے جس کا منہ اوپر سے ڈھکا ہے۔طاق میں ایک صنج (گھڑیال) ہے۔طاق سے باہر ایک جالیدار صندوق ہے اس میں سونے اور جواہرات کا ایک نیلوفر تعبیہ ہے۔جب ایک گھڑی (طاس) دن گذر جاتا ہے وہ گھڑیال بجتا ہے اور اُس کی آواز دور دور تک پہنچتی ہے۔اس وقت نیلوفر کا پھول صندوق سے نکل آتا ہے اور کچھ دیر باہر تھمتا ہے تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے

کہ ایک گھڑی گذر گئی ہے۔ قصہ مختصر رات دن کے چوبیس گھنٹے ہر گھڑی کے بعد گھڑیال برابر بجتا ہے۔ نیلوفر نکلتا ہے اور پھر صندوق میں غائب ہو جاتا ہے۔

محل کے شمالی صفّہ میں ایک اور طاق ہے جسے دربستہ صندوق کہا جا سکتا ہے اس کے آٹھ دروازے ہیں اور سب بند ہیں۔ جب گھڑیال بجتا ہے اور کنول برآمد ہوتا ہے اُسی وقت صندوق کا دروازہ کھل جاتا ہے اور ہر گھڑی کے بعد ایک ایک دروازہ کھلتا جاتا ہے حتّٰی کہ سات دروازے بالترتیب کھل جاتے ہیں۔ آٹھویں گھڑی میں دروازے کھلتے اور بند ہوتے رہتے ہیں اور گھڑی کے اختتام پر آٹھوں دروازے بند ہو جاتے ہیں اور پھر یہی عمل شروع ہو جاتا ہے۔

مغربی صفّہ میں ایک اور طاق ہے جس پر سنگ مرمر کی ایک جالی لگی ہوئی ہے اس کے اندر مس اور ارزیز کا ایک گھڑیال ہے۔ اس سنگین طاق کے سامنے ایک تخت ہے جس پر ایک رنگین چھتری لگی ہے۔ دن کے وقت یہ چھتری آفتاب کی طرح چمکتی ہے جب شمالی طاق میں گھڑی کے دروازے کھلنے اور بند ہونے لگتے ہیں اس طاق میں پہر کا حساب رہتا ہے جس کے لئے تین سو ساٹھ آوازیں گھڑیال سے نکلتی ہیں ؎

چو در طاس شمالی در زآغاز　　کشاید یکیک و بندد ہمہ باز

دریں طاق خجستہ از پئے پاس　　برآید سی صد و شصت نغمہ از طاس

اس وقت یہ چھتری بند ہو جاتی ہے گویا پہر ختم ہو گیا۔ اس کے بعد شاعر اس عہد کی اوقات شماری کی تشریح میں کہتا ہے کہ ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ رات اور دن کی ساٹھ گھڑیاں ہوتی ہیں۔ حساب دان جانتے ہیں کہ اگر ساٹھ کو آٹھ پر تقسیم کیا جائے تو حاصل قسمت پہر ہونگے اس حساب سے ساڑھے سات گھڑی کا ایک پہر ہوا لیکن کسر سے بچنے کے خیال سے

یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ چونکہ پندرہ گھڑیوں کے دو پہر ہوتے ہیں اس لئے پہلے پہر کو سات گھڑی کا اور دوسرے پہر کو آٹھ گھڑی کا مان لیا۔ اسی قیاس پر تیسرا پہر پھر سات گھڑی کا اور چوتھا پہر آٹھ کا مانا گیا۔ گویا دن رات آٹھ پہر میں چار پہر سات سات گھڑی کے اور چار پہر آٹھ آٹھ گھڑی کے ہوئے چونکہ کل گھڑیاں ساٹھ ہیں اس لئے تیس دن کی اور تیس رات کی ہوئیں۔

شرقی شمالی گنبد میں ایک کشادہ طاق ہے جس میں ایک زرّین پنجرہ رکھا ہے۔ پنجرہ پر ایک حقہ ہے جس پر ایک زرّین طاؤس ہے۔ پنجرہ کے اندر ایک چوبین مرغ ہے جو ہر نماز کے وقت اذان دیتا ہے۔ جب صبح صادق شروع ہوتی ہے اس کی اذان کی آواز آتی ہے جب آفتاب ڈھلنے لگتا ہے اور ظہر کا وقت آجاتا ہے مرغا پھر بانگ دیتا ہے عصر اور مغرب کے وقت پھر اس کی اذان سنی جاتی ہے۔ عشا کے وقت بھی وہ اذان دیتا ہے مختصر یہ کہ ہر نماز کے وقت اذان دیتا ہے مصنف جیسا کہ اس کا قاعدہ ہے اس مرغ کی ساخت اور اصلی حکمت سے ہمیں کوئی اطلاع نہیں دیتا صرف اسی قدر اشارہ کرتا ہے کہ ہوا اور آگ سے یہ طلسم طیار ہوا ہے ؎

بریں ہم ہیچ کس را دسترس نیست　　بغیر از باد و آتش کارکس نیست
زہی حکمت شناس سیمیا ساز　　کہ ہر دم آورد چوبے در آواز

شاعر نے اوپر جس عمارت کا ذکر کیا ہے وہ گویا اس عہد کا گھنٹہ گھر ہے جو رات دن کی ساعت شماری کے علاوہ نماز کے اوقات کی بھی تعیین کرتا ہے۔ ان ایام میں کچھ اسی قسم کی گھڑیوں کا رواج تھا۔ ہمیں تاریخوں سے معلوم ہوتا ہے کہ تیسری ہجری ہی سے مسلمان ایسے آلات بنا رہے تھے جن کا مقصد اوقات شماری تھا مسجد دمشق کی گھڑی کا ذکر کئی

سیاحوں نے کیا ہے۔ ابو مطیع بلخی نے بھی ایک گھڑی تیار کی تھی[1]۔ ممالک اسلام میں ساعت شماری گھنٹوں کے حساب سے ہوتی تھی یعنی رات اور دن کو چوبیس گھنٹوں میں تقسیم کیا جاتا تھا شہابی چونکہ ہندوستانی ہے اس لئے وہ ہندی طریقہ کے مطابق رات دن کو آٹھ پہر اور ساٹھ گھڑیوں میں تقسیم کرتا ہے۔

ہمارا شاعر اس عمارت کے دو تین اور عجائب بیان کرتا ہے جن کو میں بخوف طوالت ترک کر کے دوسرے محل کی طرف توجہ دیتا ہوں۔ اس کے لئے سب سے پہلے ایک صحن طیار کیا گیا اس پر ایک صفّہ (چبوترہ) بنایا گیا جس کے سیڑھیاں اور چھت بھی ہے۔ چبوترہ پر مسند بچھی ہے جس پر ایک مرصع چھتری ہے۔ دونوں جانب دو مورتیں ہیں ایک کے ہاتھ میں زرد وزی 'رومال' ہے دوسری کے ہاتھ میں مگس ران ہے۔ جب بادشاہ زینہ پر چڑھتا ہے اور مسند کے قریب آتا ہے چھتری بلند ہونے لگتی ہے۔ تا آنکہ چار گز کی بلندی تک پہنچ کر قائم ہو جاتی ہے۔ جب بادشاہ مسند پر آ کر بیٹھ جاتا ہے چھتری کھل جاتی ہے۔ دونوں پتلیاں اپنا کام شروع کر دیتی ہیں۔ ایک رومال ہلانے لگتی ہے۔ دوسری مگس رانی کرتی ہے۔ جب بادشاہ مسند سے اُٹھ کر چلا جاتا ہے۔ چھتری بند ہو کر نیچے اُتر آتی ہے اور پتلیاں اپنا اپنا کام بند کر دیتی ہیں۔ یہ طلسم اس مشہور طلسم کے مشابہ ہے جس میں ایک آدمی زینہ پر چڑھنا شروع

---

[1] ۔ ابو مطیع کے ذکر میں کتاب گنج دانش من معتمد السلطان محمد تقی خان طبع طہران میں مرقوم ہے :-

"ابو مطیع بلخی مردی حکیم و فاضل و جہاندیدہ بودہ باعلمای اعلام و فضلای انام درآن زمان صحبتہا داشتہ واز علوم عقلی و نقلی و تعبدی و تعقلی باخبر بودہ ۔ سمع زہر گوشہ یاقتہ ، و زہر خرمنی خوشہ یافتہ ، و در مدتہای مدید در اقطاع و ارباع زمین گشتہ و بہر گوشۂ جہان را سیر بودہ واز اکثر جاہا و کارہا باخبر بودہ نادران اوان کہ در بلخ ابوالعباس کوسہ حاکم شدہ بود کرنیستی بہ ابو اسمٰعیل سامانی می رسید ابو مطیع باندیشۂ اینکہ از علوم صنعتی کردہ چیزی ترتیب دہد کہ نزد امیر بردہ بہم بوسیلۂ آن ہنر بدانجا تقربی جوید و بہم نامی گذاشتہ باشد لاجرم سہ دستگاہ از چوب وغیرہ بساخت بکی آنکہ از انہا کہ صورت آدمی بود طبلی بگردن در جلو رو داشت و مرغی بالای سرش بود بہر ساعتی کہ از روز بر آمدی آن مرغ بال زدی و خواندی و آن آدم طبل زدی کہ صدا و صوتش ببسیار دور رفتی و تمام مدت بیست و چار قسمت شبانہ روز را معین ساختی و بواسطۂ لنگری بودہ کہ در خوش تعبیہ کردہ بود کہ دیدہ نمی شد"

مسلمانوں کے ہاں گھڑیوں کے رواج کے متعلق مزید اطلاع ڈاکٹر عبدالستار صدیقی ایم۔ اے۔ پی ایچ۔ ڈی کے اس مضمون سے حاصل کی جا سکتی ہے جو موصوف نے رسالۂ اسلامک کلچر حیدر آباد میں صفحہ ۲۵۱-۲۴۵ "مسلمانوں میں ساعت سازی" کے عنوان سے دیا ہے۔ سارٹن کی تاریخ سائنس (واشنگٹن ۱۹۳۱ء) میں بھی جستہ جستہ مقامات پر مفید اطلاع محفوظ ہے۔

کرتا ہے اور بلندی پر کی مورت کے سر اور دیگر اعضا رجڑنے لگتے ہیں حتیٰ کہ آخری سیڑھی تک پہنچنے سے پہلے پہلے پتلی کمان میں تیر جوڑ کر طیار ہو جاتی ہے اور جونہی آخری سیڑھی پر آدمی اپنا قدم رکھتا ہے۔ پتلی تیر مار کر اس آدمی کا کام تمام کر دیتی ہے۔

خیر یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا۔ مصنف کا بیان ہے کہ جس وقت بادشاہ مسند پر رونق افروز ہوتا ہے۔ قریب کے حجرہ میں جشن شروع ہو جاتا ہے۔ پُتلیاں اپنا اپنا ناچ دکھاتی ہیں۔ مجیرے نے۔ چنگ اور دُہل بجنے لگتے ہیں۔ یہ بزم موسیقی کچھ دیر قائم رہتی ہے۔ جب ختم ہو جاتی ہے دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ پاؤ گھڑی کے بعد دروازہ پھر کھلتا ہے اور منظر بالکل بدلا ہوتا ہے۔ سامنے دو پہلوان نظر آتے ہیں جو خم ٹھونک کر ایک دوسرے کے مقابل کھڑے ہیں اب وہ ایک دوسرے پر جھپٹتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کے بال پکڑ لیتے ہیں۔ کبھی یہ مغلوب اور وہ غالب کبھی وہ مغلوب اور یہ غالب ہو جاتا ہے۔ الغرض دیر تک کشتی ہوتی ہے۔ جب دونوں تھک کر چور ہو جاتے ہیں دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ جب دوبارہ کھلتا ہے دربار کا نقشہ آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے۔ ایک تخت مع چتر ہے تخت پر ایک شاہ والا جاہ جلوہ فرما ہے امراء دو رویہ کمربستہ کھڑے ہیں۔ فوجیوں کے گھوڑے پاکھر پہنے ہیں۔ ہاتھیوں کی قطار ہے ایک تیر پرتاب کے فاصلے پر دربان و حاجب کھڑے ہیں۔ جب دربار ختم ہو جاتا ہے۔ دروازہ پھر بند ہو جاتا ہے۔ اب کی دفعہ جب کھلتا ہے شکارگاہ کا منظر آنکھوں کے روبرو ہوتا ہے۔ کتے ہرن کا تعاقب کر رہے ہیں۔ شیر گوزن پر دانو کرتا ہے۔ اور چیتا کوتاہ پایہ پر گھات کر رہا ہے اتنے میں دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ جب پھر کھلتا ہے۔ میدان جنگ و جدال تماشائی کے سامنے ہوتا ہے۔ فوجیں زرہ بکتر میں غرق ہیں۔ سوار یلغار کر رہے ہیں۔ تیر چل رہے ہیں۔ تلواریں سرگرا رہی ہیں۔ آخر دروازہ بند ہو جاتا ہے۔

اِسی رواق میں ایک اور طلسم نہاں ہے۔ اس کے شمالی بازو میں ایک مربع طاق ہے جس میں ایک کرسی دھری ہے۔ طاق کا دروازہ جالیدار ہے۔ کرسی مثمن پہلو کی منقش ہے۔ اس پر ایک جام زرّین رکھا ہوا ہے جو شربت سے بھرا ہے لیکن جام کرسی یعنی میز کے ساتھ چپکا ہے جب بادشاہ کسی شخص کے ساتھ مذاق کرنا چاہتا ہے اسے کہتا ہے کہ تم پیاسے معلوم ہوتے ہو۔ سامنے وہ شربت کا گلاس بھرا رکھا ہے جاؤ پی آؤ۔ جب آدمی جا کر گلاس کے قریب منہ لے جاتا ہے۔ دیکھتا ہے کہ گلاس بالکل خالی ہے۔ شرمندہ ہو کر منہ ہٹا لیتا ہے۔ اس وقت اُسے نظر آتا ہے کہ گلاس بدستور شربت سے بھرا ہے۔ وہ پھر منہ قریب لے جا کر شربت پینے کی کوشش کرتا ہے۔ شربت پھر غائب ہو جاتا ہے اور گلاس خالی نظر آتا ہے۔

جب یہ حکمت سرا بھی طیار ہو گئی شاہی فرمان کے مطابق ایک اور محل طیار ہوا جس کا نام دھارامندی ہے۔ جب کوئی شخص اسے دیکھنے آتا ہے یہ محل برسنے لگ جاتا ہے جس طرح بہار کے موسم میں ابر بہار برستا ہے۔ اسی طرح یہ محل بھی برستا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں اور حکمتیں بھی ہیں۔

ایک حجرے میں ایک کمان کی شکل کا طاق ہے جس کے نیچے ایک قانون رکھا ہے اگرچہ کوئی سازندہ موجود نہیں ہے لیکن اس قانون سے برابر نغموں کی آواز آرہی ہے۔

دوسری طرف ایک اور طاق ہے جس میں دو جنگ آزما پوشیدہ ہیں۔ دونوں کے ہاتھ میں نیزے ہیں اور ڈھالیں بھی ہیں۔ طاق کے پیچھے ایک نقّارہ ہے اور علم بھی ہے۔ نقّارہ بجنا شروع ہوتا ہے۔ علم بلند ہوتا ہے اور دونوں جنگ آزما اپنی اپنی گھات سے نکل کر حملہ آور ہوتے ہیں وہ تاک تاک کر ایک دوسرے کے سینے پر نیزے مارتے ہیں اور اپنا کمال دکھاتے ہیں۔ اس کے بعد علم اتر جاتا ہے اور نقّارہ خاموش ہو جاتا ہے۔

ایک اور طرف دیوار میں دو کرسیاں نظر آتی ہیں جن پر سنہری پتلیاں قائم ہیں مشرقی سمت والی کرسی پر ایک ہرن ہے اور مغرب کی کرسی پر ایک شیر ہے جو آہو کے گھات میں ہے جب تم شیر کا کان مروڑتے ہو ہرن کے منہ سے پانی بہنے لگتا ہے ؎

دہی گر شیر نر را گوشمالے فرستد آہو مشکین زلالے

اگر ہرن کے کان کو مڑوڑا جاتا ہے۔ شیر کے منہ سے پانی بہتا ہے۔

تیسری طرف ایک نئی حکمت ملاحظہ ہوتی ہے۔ ایک طاق ہے جس میں ایک پہیہ قائم ہے جو ہر وقت متحرک ہے وہ لمحہ بھر کے واسطے بھی گردش سے آرام نہیں کرتا گویا وہ چکّر کھانے کے لئے بنایا گیا ہے اگر کوئی طاقتور شخص اس گردش پیہم سے اُسے روکنا چاہے تو پہیے کو پکڑ کر روک سکتا ہے لیکن جہاں چھوڑا گیا وہ بدستور جنبش دائمی میں مصروف ہو جاتا ہے۔

یہ گویا چرخ دائم السیر ہے۔ اور صدائے بازگشت ہے قدما کے اس عقیدہ کی کہ ایسا چرخ طیار کیا جا سکتا ہے جو بغیر کسی خارجی طاقت کی امداد کے ہمیشہ متحرک رہ سکے حالانکہ دائم السیر کا نظریہ بھی اسی قدر بے حقیقت ہے جس قدر کہ کیمیا گری کا خبط۔ اگرچہ اس کی دھن میں مغرب و مشرق صدیوں تک پریشان رہے ہیں۔

شہابی کا بیان ہے کہ جب وہ تینوں محل مع ان کی نیرنگیوں اور عجائب کے طیار ہو چکے بادشاہ نے مجھے حکم دیا کہ اب حوض طیار ہونا چاہئے جس میں دانش کے ساتھ نیرنگی کا عنصر بھی ہو۔ میں نے تعمیل ارشاد شاہی میں استادان چابکدست کو بلوایا اور ضروری سامان فراہم کیا گیا۔ باغ خاص میں ایک عمارت چار طاق بنائی گئی۔ اس کی چھت پر ایک حوض تعمیر ہوا جو قد آدم سے زیادہ گہرا ہے۔ جب آدمی اس حوض میں غوطہ لگاتا ہے وہ یہ عجائب دیکھتا

ہے کہ پانی کے نیچے اُسے ایک دروازہ ملتا ہے۔ اس دروازہ میں گھس کر وہ ایک کمرہ میں داخل ہوتا ہے اگرچہ انسان دروازہ سے کمرہ میں داخل ہوجاتا ہے لیکن پانی کمرہ میں نہیں جاسکتا کمرہ میں بزم طرب مرتب ہے مسندلگی ہے۔ فرش بچھا ہے۔ مطرب بجوراور بادہ ونقل مہیا ہیں انسان جب ان اشیا سے کچھ عرصہ محظوظ ہوکر واپس آنا چاہتا ہے دروازہ میں سے لوٹ کر پانی میں داخل ہوجاتا ہے اور ایک ہی غوطہ میں پانی کی سطح پر آجاتا ہے۔

ہمارے افسانوں میں جو طلسم اور طلسمات سے تعلق رکھتے ہیں ہم کئی موقعوں پر پڑھتے ہیں کہ فلاں طلسم کا راستہ پانی کے حوض میں سے تھا اور طلسم کشا کے لئے لازم تھا کہ طلسم میں داخل ہونے کے لئے حوض میں غوطہ لگائے وغیرہ طلسم ہوشربا اور اس کے سلسلہ کی داستانوں میں بیشمار موقعوں پر ہم اس حوض سے دوچار ہوتے ہیں۔ نسیم نے اپنی مشہور مثنوی میں بھی اس حوض کا ذکر کیا ہے ؎

اک حوض پر آب وتاب دیکھا　　سر چشمۂ آفتاب دیکھا
غوطہ جو لگا کے سر اٹھایا　　وہ حوض وہ آب کچھ نہ پایا

اس سے ظاہر ہے کہ ہمارے افسانہ نگاروں میں ایسے حوض کا تخیل موجود رہا ہے۔ مگر کیا شہابی کے ہاں حوض کا بیان اسی عام تخیل کی صدائے بازگشت ہے یا وہ کسی حقیقت پر مبنی ہے؟ اس کے متعلق اس قدر یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ نہ صرف شہابی کے عہد میں بلکہ اس سے کئی صدی بعد تک ہمارے افسانوں میں کسی ایسے حوض کا تخیل تعمیر نہیں ہونے پایا ہے اور نہ اس کے آثار ملتے ہیں مسلم ہندوستان میں افسانہ نگاری نے اُس عہد تک کوئی قابل اعتنا ترقی نہیں کی ہے اور وہ انہی قصص وافسانوں پر قانع ہے جو اُسے ایرانی ہندی ذرائع سے ملے ہیں اور نہ ان میں کوئی قابل ذکر اضافہ کیا ہے۔

حوض کا خیال بہت ممکن ہے کہ شہابی کے عہد سے قدیم ہو مگر مجکو اس وقت تک کوئی ایسا حوالہ نہیں مل سکا ہے اور شاید یہ کہنا بھی قرین صحت ہے کہ وہ ایک حد تک کسی اصلیت پر بنیاد پاتا ہے۔ شہابی سے تقریباً ڈیڑھ سو سال بعد جلال الدین اکبر کے عہد میں ہم ایسے حوض کا ذکر کتب تاریخ کے اوراق میں پڑھتے ہیں۔ عبدالقادر بدایونی اپنی مشہور تاریخ میں ایک موقعہ پر لکھتے ہیں :-

"اس سال کوئی حکیم فتحپور پہنچا اس نے دعوی کیا کہ وہ ایسا مکان بنا سکتا ہے جس کی حدود اربعہ پانی میں ہوں گی اور اس میں پہنچنے کے لئے پانی میں غوطہ لگانے کی ضرورت ہوگی مکان میں آدمی جا سکتا ہے مگر پانی نہیں داخل ہو سکتا اس مقصد کے لئے شاہی محل کے صحن میں بیس گز لمبا اور بیس گز چوڑا حوض طیار کیا گیا جس کی گہرائی تین گز تھی۔ حوض کے اندر پتھر کا ایک کمرہ تیار کیا گیا۔ اس کی چھت پر ایک بلند منارہ بنایا اور مکان کے چاروں طرف سیڑھیاں طیار ہوئیں مگر حکیم اس دعوے میں اپنی قرابادین کی طرح صادق ثابت نہ ہوا اور اپنا منہ لے کر کسی طرف غائب ہوگیا۔ لیکن اس واقعہ سے سترہ سال بعد حکیم علی گیلانی نے شہر لاہور میں ایسا حوض واقعی طیار کیا۔ اور میر حیدر معمائی نے "حوض حکیم علی" سے ۱۰۰۳ھ اس کا مادۂ تاریخ برآمد کیا۔ شہنشاہ نے اس حوض کو پیسوں سے بھروایا جس میں بیس کرور سما سکے"۔

میں اصل عبارت بھی یہاں نقل کر دیتا ہوں :-

"دریں سال حکیمی در فتحپور آمدہ گفت کہ خانۂ می تواں ساخت کہ در ہر چہار طرف آن آب باشد و دراں غوطہ زدہ بخانہ در آیند و آب نفاذ نکند۔ بایں تقریب حوضی بیست گز از بیست گز و عمق آن سہ گز در صحن دولت خانہ ساختند و درون آن حجرۂ سنگین و بر سقف آن منارۂ

بلند بنا کردند و از ہر چہار طرف آن حجرہ پلہا گذاشتند و دعوی حکیم چون قرابادینات دروغ برآمدہ گریختہ بجائی رفت۔ اما حکیم علی گیلانی بعد از ہفدہ سال در لاہور آن چنان حوضی ساخت و میر حیدر معمائی "حوض حکیم علی" تاریخ یافت و آن حوض تا تمام را از زر سیاہ کہ مبلغ بست کرور رسید پر ساختند" (منتخب التواریخ جلد دوم صہ ۲۲۴، بنگلور ۱۲۸۴ھ)

یہ بدایونی کا بیان ہے۔ اسی سلسلہ میں ابو الفضل اکبر نامہ میں لکھتا ہے :-

"درین ولا حکیم علی گیلانی شگرف حوضی برساخت۔ راہی از درونۂ آن بکاشانہ میرفت و شگفت آنکہ آب ازین برکہ بدانجا درنمی شد۔ مردم فروشندہ براہ پژوہی فراوان رنج بردی و بسیار آزار یافتہ از نیمہ راہ باز گردیدی (جلد سوم ۱۰۱۴ھ = سال سی و نہم صہ ۶۵ سطر ۲۴-۱-س-ب ۱۸۸۶ء)

یہی نہیں بلکہ خود جہانگیر بادشاہ اپنی توزک میں بالفاظ ذیل سنہ ۳ جلوس (م ۱۰۱۷ھ) میں اس طرح ذکر کرتا ہے :-

"روز یک شنبہ بیست و سوم بخانۂ حکیم علی بتماشائی حوضی کہ مثل آن در زمان حضرت عرش آشیانی در لاہور ساختہ بود با جمعی از مقربان کہ حوض را ندیدہ بودند رفتم۔ حوض مذکور شش گز درشش گز است و در پہلوی حوض خانۂ ساختہ شدہ در غایت روشنی کہ راہ بآن خانہ ہم از درون آب است و آب ازین راہ بدرون درنمی آید۔ دہ دوازدہ کس در آنخانہ صحبت میداشتند از نقد و جنس آنچہ در وقت او گنجید پیش کش نمود۔ بعد از ملاحظۂ خانہ و در آمدن جمعے از نزدیکان بدانجا حکیم را بمنصب دو ہزاری سرفراز ساختہ بدولت خانہ معاودت نمودم (صہ ۷۳ توزک جہانگیری)

معلوم ہوتا ہے کہ حکیم علی کے حوض نے ان ایام میں کافی شہرت حاصل کرلی ہے جس کا ایک نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اس کی صدائے بازگشت کچھ عرصہ کے بعد جدید افسانوں میں

ملنے لگی۔ ہمارے افسانہ نگاروں کو ایک نیا خیال سُوجھا۔ انھوں نے اپنے ہیرو کو اسی قسم کے حوض کے راستے سے طلسم میں پہنچایا ہے۔ چنانچہ ہفت سیر حاتم طائی میں جسے نگار دانش بھی کہا جاتا ہے اور جس کا مؤلف رحمت اللہ ولد شیخ محمد مختار جلیسری ہے اور جو ۱۱۶۴ھ میں بعہد احمد شاہ بادشاہ مرتب ہوئی ہے یہ حوض موجود ہے۔ قصہ یوں ہے کہ حاتم اپنی پہلی سیر میں آدم ماہی کے ساتھ تین روز گذار کر واپس دریا کے کنارے آجاتا ہے اور اپنا سفر شروع کر دیتا ہے۔ چلتے چلتے ایک پہاڑ پر پہنچ جاتا ہے جس پر ایک باغ بنا ہے۔ باغ میں ایک درویش سے اس کی ملاقات ہوتی ہے۔ حاتم اپنے مقصد سفر یعنی دشت ہویدا تک پہنچنے کا شوق اس سے ظاہر کرتا ہے۔ درویش پہلے تو حاتم کو اس ارادہ سے باز رکھنے کی کوشش کرتا ہے مگر جب اُسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ حاتم ہے اور شہزادہ منیر شامی کے لئے یہ صعوبت اختیار کر رہا ہے۔ وہ پوری پوری دلچسپی لیتا ہے اور کہتا ہے کہ دشت ہویدا میں تمہیں طلسم کی پریاں لے جائینگی۔ ان میں ایک خاص پری ہے جب تک اس پری کا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں نہ ہوگا تمہیں دشت ہویدا کا راستہ نہیں ملیگا۔ چنانچہ درویش کی ہدایات کو مدنظر رکھ کر حاتم روانہ ہوتا ہے چند روز کے بعد ایک تالاب پر پہنچتا ہے جس کے گرد بہت سے درخت ہیں۔ اتنے میں ایک نوجوان عورت چشمے سے نکلتی ہے۔ حاتم اس عورت کو دیکھ کر اپنی آنکھیں بند کر لیتا ہے وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر تالاب میں غوطہ مارتی ہے۔ جب تالاب کی تہ کو حاتم کا پاؤں چھوتا ہے وہ آنکھیں کھولتا ہے۔ اور اپنے آپ کو اس عورت کے ساتھ ایک باغ میں پاتا ہے۔ پری حاتم کو وہاں چھوڑ کر کسی طرف چل دیتی ہے۔

آمدم برسر قصہ۔ شہابی کا بیان ہے کہ جب یہ محل طیار ہو گئے میں نے جاکر بادشاہ کی خدمت میں ان کی تکمیل کی اطلاع کی اور ان کے ملاحظہ کی دعوت دی ؎

عروسی کو زند صد طعنہ بر ماہ ہمی ارزد بدین آخر ای شاہ
تماشا کن درین فیروزہ گلشن کزو فیروزہ گلشن گشت روشن
بیا از مقدم میمونش بنواز شہابی را و او را سر برافراز

پادشاہ شاعر کے التماس کو قبول کرتا ہے۔ اِن عجائبات کا معائنہ کرتا ہے اور بیحد خوش ہوتا ہے۔ صلہ میں شاعر کو نقدی کے علاوہ قبای خاص اور تاج و کمر عطا کرتا ہے۔ رومی دیبا کے بقچوں اور خطائی زربفت کے علاوہ دس گانو جاگیر میں ہمیشہ کے لئے عنایت ہوتے ہیں اور اکاسی گھوڑے دئے جاتے ہیں۔

اب میں اپنا مضمون ختم کرتا ہوں اور آخر میں عرض کرتا ہوں کہ ہم شہابی کے بیانات کو خواہ بیان واقع سمجھیں یا محض شاعرانہ تخیل کا پرتو مانیں لیکن اس میں شک نہیں کہ اس کی یہ مثنوی ہر حال میں ہماری سنجیدہ توجہ کی مستحق ہے۔

صفحات آیندہ میں اصل کتاب کا وہ حصہ درج کیا جاتا ہے جو مذکورۂ بالا عجائب خانوں اور ان کے عجائبات کا بیان دیتا ہے +

از

مثنوی عُرفۃ الوثقیٰ

صفت عمارت کہ عبارت از دیوان العمل است

برون این عمارت کردہ استاد — محلی بہر آب و آتش و باد
بوضعی کش مہندس ساز کردست — سہ در بہر سہ عنصر باز کردست
بیک جا دادہ کانونی عجب ساز — وزو کردست در ہر سو دری باز
اگرچہ آتش کند در وی بہر ماہ — ولی گرمی رسد ایم ازان راہ
بہر جائے کز آتش گرم باید — حرارت می رسد چندانکہ شاید
دگر جا کردہ برجے را بفرہنگ — برائے بادخانہ از گچ و سنگ
بقدر بیست گز بالائی دیوار — مربع خانۂ کردست معمار
در و جز چار در نبود زیادت — کہ در وی می بزد بادی بعادت
بود در ہر دری رازی نہانی — کہ کرد استاد راز از کاروانی
جو بکشائی دری جملہ شود باز — یکی بندی ہمہ بستن کند ساز
بسی انبوہیا زین بادخانہ — بحکمت کرد ہر جانب روانہ

زهر جانب که باد آید بتقدیر | بگیرد باد را آن در بتدبیر
دران دریا شود چون باد را راه | در انبویه در آید باد آن گاه
بتدبیری که مخفی کرد استاد | رسد جائی که باشد حاجت باد
سلیمان نیست لیکن چون سلیمان | بود پیوسته بادش زیر فرمان
دگر جائی دو حوض از سنگ کردست | یکی بگشاده دیگر تنگ کردست
بود بر دائما حوض کلان آب | دزو در حوض خورد آید روان آب
بود در حوض خورد انبویه بسیار | که آب از وی رسد هر جا بمقدار
چو آب و باد و آتش شد روانه | نباشد عالمی جز این سه گانه
اگرچه هر طرف بی حکمتی نیست | بجز تمزیج عنصر علتی نیست
چنان این راز را پوشیده کردست | که جز حیرت نیاید هیچ در دست
اگر خواهی که دانی سر این راز | بگویم یک بیک با خدمتت باز

صفت طاسی و نیلوفری که طاس نیلوفر از رشک او سرگردانست

نخستین صفه کو سوی شرقست | که عقل از صنعتش در خویش غرقست
رواقی بس عجب کز طاق گردون | بخوبی و متانت باشد افزون
طلسمی بس عجائب ساز دارد | زمان را در زمین در باز دارد
بدیوار صفه طاقیست بس خرد | که نتواند خرد ره سوی او برد
رخ آن طاق بر بستست هموار | درون طاق صنعی ناپدیدار
برون طاق صندوقیست ازمس | که از خوبیش واله می شود حس

مشتبک کرده صندوقش بفرهنگ — که بنماید درونش از رخنهٔ تنگ
زر و گوهر بهم ترکیب کردست — وز و نیلوفری ترتیب کردست
دران صندوق می دارد نهانش — چو غنچه بسته می باشد دهانش
اگر مقدار طاسی بگذرد روز — بفریاد آید آن صنج دل افروز
طنین طاس آن صنج فلک ساز — بود با طاس گردون چون هم آواز
برون آید ازان صندوق آنگاه — گل نیلوفری بشگفته چون ماه
بدان رو تازگی ماندن زمانی — دهد از طاس بگذشته زمانی
دران صندوق باز آید بصد ناز — چو در صندوق سینه جان دمساز
ازینها هر کسی گیرد قیاسی — که بگذشت از زمان مقدار طاسی
همیشه روز و شب آن صنج و آن گل — شود بشگفته و ان دیگر بغلغل
گرت باشد خرد باور بداری — که اینجا نیست مطلق دست کاری
طلسماتی که می گردد هویدا — ز تاثیر عناصر گشت پیدا

صفت صندوق هشت فلکه هشت در بهشت بروی هر درش کشاده است

دران صفه که رویش در شمالست — بود طاقی [که] مانندش محالست
نه طاقی بلکه صندوقی مضمّت — که در وی هشت در باشد چو جنّت
ولیکن جمله درهائے خجسته — بود بر روی هر نا اهل بسته
چو آن نیلوفر و صنج خوش آواز — دهند از طاس بگذشته خبر باز
ازان صندوق پیشانی کشاده — شود یک در بآسانی گشاده

بهر مقدار طاسی کز زمان رفت — یگان در میکشاید تا شود هفت
نماند طاس هفتم را چو مقدار — همه درها شود بسته بیک بار
برنیسان باز یک یک میکشاید — چو طاس هشتمی را آخر آید
شود هر هشت در بر بسته دیگر — نخستین طاس دیگر باز از سر
یگان در بار دیگر می کشاید — چنین تا باز طاس هفتم آید
چو طاس هفتمی آهسته گردد — همین درها بیک ره بسته گردد
کند چون بار دیگر صبح آواز — بهر طاسی یگان در می شود باز
چو طاس هشتم آرد رو بانجام — شود بر بسته درها باز ور شام
بدین ترتیب شب تا روز روشن — کشاید چار نوبت در بدان فن
درین هم دست کس را نیست مدخل — بسان آن گل و آن صبح اوّل

صفت طاقی که در و تخت و چتر بست که خسرو تخت نشین طاق سپهر در زیر سایهٔ چتر او ست

بود در صفهٔ غربی یکے طاق — که نبود مثل او دیگر در آفاق
رُخ آن طاق را از سنگ مرمر — مشبک کرده بر بست است یکسر
درون طاق طاسی را بترتیب — ز ارزیر و رس کرد ست ترکیب
زده تختی به پیش طاق سنگین — بروی تخت چتری کرده رنگین
بود در روز چتر شادی اندوز — بسان آفتاب عالم افروز
چو در طاس شمالی در زآغاز — کشاید یک دبند همه باز
درین طاق خجسته از پی پاس — برآید سی صد و شست نغمه از طاس

برآید چشمه و زه گردد بتمکین — کشاید هر کسی لب را به تحسین

"حظه اكبر من قدره، وحيلته اشعر من شعره، فهو صانع ماهر، لاغنى قادر يجمع الذهب قطعا صماء، ويعرضه صورا حسناء، الا انه يتحمل الشعر تعملا يكاد يخفى اثره بين حلاوة اللفظ وطلاوة الاسلوب، بلغ الغاية القصوى فى بؤسائه ثم حاول ان يكتب بعد ذلك فما صنع شيئا. شاعر من شعراء الطبقة الاولى۔ وكاتب من اوائل الكتاب وله فى باب الاجتماع مالا يلحقه فيه لاحق وشعره سائر فى جميع الاقطار العربية ويمتاز باقتداره على الجمع بين السلاسة والرقة، والجزالة والفخامة، وهو احد الذين احيوا موات اللغة العربية باستعمال غرائب مفرداتها، ونادر تراكيبها فى شعره ونثره، ولا اعرف بين ادباء العصر اصح منه ذوقا فى التمييز بين جيد الكلام ورديئه"۔

شوقی کی طرح یہ بھی محب وطن و اسلام تھا۔ چاہتا تھا کہ مصر آزاد رہے اور اس میں دستوری

حکومت ہو۔ چنانچہ ایک قصیدے میں جس کا عنوان "للحق والوطن" ہے کہتا ہے :۔

وقائل اسرف فی قولہٖ ھذا ھو استقلالکم فافزحوا
ان تسألوا العقل یقل عاھدوا واستوثقوا فی عھدکم ترجحوا
واسسوا داراً لنوابکم للرأی فیھا والحجی افسحوا
ولتذکر الامۃ میثاقھا الا تری عزتھا تجرح
ولتنتخب صفوۃ ابنائھا فمنھم المخلص والمصلح
ولیتق اللہ اولوا امرھا ان یسکتوا الاصوات او یرفعوا
النفی الی رشح

بعد میں قوم کی طرف مخاطب ہو کر کہتا ہے :۔

فالرأی کل الرأی ان تجمعوا فانما اجماعکم ارجح
وکل من یطمع فی صدعکم فانہٗ فی صخرۃ ینطح
اخشی اذا استکبرتم بینکم من قادۃ الآراء ان تفضحوا

"مصر فوق الجمیع" کے عنوان سے جو نظم لکھی ہے اس میں مصر کی زبان سے کہتا ہے

قل لمن انکروا مفاخر قومی مثل ما أنکروا مآثر والدی
ھل وقفتم بقمۃ الھرم الاکبر یوماً فریتموا بعض جھدی
ھل رأیتم تلک النقوش اللواتی اعجزت طرق صنعۃ المتحدی
حال نون النھار من قدم العھد وما مسّ لونھا طول عھد
ھل فھمتم اسرار ما کان عندی من علوم مخبوءۃ علی بردی
ذاک فن التحنیط قد غلب الدھر وابلی البلی واعجز بندی
انا ام التشریع قد اخذ الرو مان عنی الاصول فی کل حد

ورصدت النجوم منذ اضاءت　　فی سماء الدجیٰ فاحکمت رصدی
وشدا (بتاؤور) فوق ربوعی　　قبل عهد الیونان او عهد نجد
وقدیما بنی الاساطیل قومی　　فتفرق البحار یحملن بَندی
قبل اسطول نلسن کان اسطو　　لی سربا وطالعی غیر نکد
فسلوا البحر عن بلاء سفینی　　وسلوا البر عن مواقع جُردی
ای شعب احق منی بعیش　　وارف الظل اخضر اللون رغد
أمِن العدل انهم یردون الماء صفوا وان یکدر وردی
نظر الله لی فارشد ابنا　　ء فشدوا العلی ای شدّ
انما الحق قوة من قوی الدنیا　　ن امضی من کل ابیض هندی

اس نے ایک نظم "الامتان المتصافحتان" لکھی ہے جس مین شام کی مدح سرائی کی ہے۔ اور مصر و شام کے درمیان جو کشیدگی سی رہتی ہے اس کو دور کرنے کی کوشش کی ہے وہ کہتا ہے کہ ہم عرب ہین۔ ہماری زبان عربی ہے۔ پھر کیون یہ کشیدگی باقی رہے۔ اس کے چند شعر یہ ہین:-

لمصر ام لربوع الشام تنتسب　　هنا العلیٰ هناك المجد والحسب
رکنان للشرق لازالت ربوعهما　　قلب الهلال علیها خافق یجب
خدران للضاد لم تهتك ستورهما　　ولا تحول عن مغناهم الادب
ام اللغات غداة الفخر امهما　　وان سألت عن الآباء فالعرب
أبَر غبان عن الحسنی وبینهما　　فی رائعات المعالی ذلك النسب
اذا الّمت بوادی النیل نازلة　　باتت لها راسیات الشام تضطرب

وان دعی فی ثری الاهرام ذوألم　　أجابه فی ذری لبنان منتحب
لو أخلص النیل والادنی ودّهما　　تصافحت منهما الامواه والعشب

بہت سے شامیوں نے اپنا وطن ترک کرکے روزی کی خاطر دوسرا وطن اختیار کر لیا ہے۔ جہاں وہ خوشحالی کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ اسی کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے:۔

نسیم لبنان کم جاذتك عاطرة　　من الریاض وکم حیاك منسکب
فی الشرق والغرب انفاس مسعرة　　تهفو الیك واکباد بها لهب
لولا طلاب العلی لم یبتغوبدلا　　من طیب ریان لکن العلی تعب
کم غادة بربوع الشام بالیة　　علی ألیف لها یرمی به الطلب
یمضی ولاحیلة الاعزیمته　　وینثنی وحُلاة المجد والذهب
یکرّ صرف اللیالی عنه منقلبا　　وعزمه لیس یدری کیف ینقلب

آخر میں کہتا ہے:۔

لو الرجال تغالوا فی سیاستهم　　مناو منهم لما لمنا ولا عُتبوا
ان یکتبوا لی ذنبا فی مودتهم　　فانما الفخر فی الذنب الذی کتبوا

سلطان عبدالحمید کے معزول ہونے اور سالونیکا میں مقید کر دئے جانے کے بعد کونسا ایسا مسلمان تھا جو اس دردانگیز واقعہ سے متاثر نہیں ہوا اور خون کے آنسو نہ بہائے ہوں۔ حافظ کی قوت شاعری بھی اس واقعہ سے جوش میں آئی۔ اور اس نے ایک نظم "فتنة الآستانه" کے عنوان سے لکھی۔ اس نظم میں گو اس نے سلطان عبدالحمید کی بہت تعریف نہیں کی ہے۔ مگر ساتھ ہی ساتھ اس کے کارناموں کو یاد دلایا ہے۔ اور کہتا ہے کہ تاریخ میں سلطان کا نام عظیم الشان ہستیوں کی فہرست میں لکھا جائیگا۔ اور نوجوان ترکوں سے درخواست

کرتا ہے کہ وہ سلطان کے ساتھ عزت کے ساتھ پیش آئین - کیونکہ ایک مدت دراز تک وہ مسلمانوں کا خلیفہ رہا ہے - اور اسی کے نام سے خطبہ پڑھا جاتا تھا - وہ یوں شروع کرتا ہے :-

لا رعی اللہ عہدھا من جدود　　کیف أمسیت یا ابن عبد المجید
مُشبع الحوت من لحوم البرایا　　ومُجیع الجنود تحت البنود
کنت أبکی بالامس منک فمالی　　بتُّ أبکی علیک عبد الحمید
یفرح المسلمون قبل النصاری　　فیک قبل الدروز قبل الیہود
شمتوا کلھم ولیس من الھمـــة ان یشمت الوری فی طرید
انت عبد الحمید والتاج معقو　　د وعبد الحمید رھن القیود
خالد انت رغم انف اللیالی　　فی کبار الرجال اھل الخلود

نوجوان ترکون سے مخاطب ہو کر کہتا ہے :-

اکرموہ وراقبوا اللہ فی الشیـــخ ترھقوہ بالتھـــدید
ولی الامر ثلث قرن یُنادی　　باسمہ کل مسلم فی الوجود
کلما قامت الصلوٰۃ دعی الداعی لعبد الحمید بالتائید
فاسم ھذا الاسیر قد کان مقرونا بذکر الرسول والتوحید

استاذ شیخ محمد عبدہ مصر کے ان فاضل علماء و ادباء مین سے تھے جن پر مسلمانون کو ناز ہے - اس مصلح کبیر اور مفتی اعظم کی موت نے صرف مصر مین نہیں بلکہ تمام دنیائے اسلام مین ایک شور مچا دیا - بھلا حافظ جیسا شاعر ایسے بڑے عالم کا مرثیہ لکھنے سے کیسے چوک سکتا تھا - اس مرثیہ کی بلاغت کا اندازہ اس کے پڑھنے سے ہو سکتا ہے - وہ شروع یوں کرتا ہے :-

سلام علی الاسلام بعد محمد　　سلام علی ایامہ النضرات
علی الدین والدنیا علی العلم والحجی　　علی البر والتقوی علی الحسنات
لقد کنت اخشی عادی الموت قبلہ　　فاصبحت اخشی ان تطول حیاتی
فوالھفی والقبر بینی وبینہ　　علی نظرۃ من تلکم النظرات
وقفت علیہ حاسر الراس خاشعا　　کانی حیال القبر فی عرفات

پھر باری تعالےٰ سے مخاطب ہو کر کہتا ہے :-

تبارکتَ ھذا الدین دین محمد　　أیترک فی الدنیا بغیر حماۃ
تبارکتَ ھذا عالم الشرق قد مضی　　ولانت قناۃ الدین للغمزات

اسلام پر ھانوتو اور رینان نے جو حملے کئے تھے۔ ان کا جواب شیخ نے دیا تھا۔ اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے :-

وَوَفّقت بین الدین والعلم والحجی　　فاطلعت نورا فی ثلث جھات
وقفت لھا نوتو ورینان وقفۃ　　امدّک فیھا الروح بالنفحات
وخفت مقام اللہ فی کل موقف　　فخافک اھل الشک والنزعات

اختتام پر کہتا ہے :-

فیاویح للشوری اذا اجدّ جدّھا　　وطارت بھا الآراء متشجرات
ویاویح للفتیا اذا قیل من لھا　　ویاویح للخیرات والصدقات
بکینا علی فرد وان بکلونا　　علی انفس للہ منقطعات
لقد کنت مقصود الجوانب اھلا　　تطوف بک الآمال مبتھلات
مثابۃ ارزاق ومھبط حکمۃ　　ومطلع انوار وکنز عظات

یہاں اس قصیدہ کا بھی ذکر ضروری ہے جو حافظ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مدح میں العمریۃ کے نام سے لکھا ہے۔ اس میں حافظ نے حضرت عمرؓ کا اسلام۔ اخلاق اور کارنامے گنوائے ہیں۔ جس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ شاعر کو حضرت عمرؓ سے کس قدر محبت تھی بعض منقدین نے اس طویل قصیدہ میں عیوب نکالنے کی کوشش کی ہے۔

شروع میں کہتا ہے :-

حسب القوافی وحبوحین ألقیها — انی الی ساحۃ الفاروق أهدیها
لاهم هب لی بیانا استعین به — علی قضاء حقوق نام قاضیها
قد نازعتنی نفسی ان أوفیها — ولیس فی طوق مثلی ان یوفیها
فمر سری المعانی ان یواتینی — فیها فانی ضعیف الحال واهیها

اخیر کے شعر یہ ہیں :-

هذی مناقبه فی عهد دولته — للشاهدین وللاعقاب أحکیها
فی کل واحدۃ منهن نابلۃ — من الطبائع تغذو نفس واعیها
لعل فی امۃ الاسلام نابتۃ — تجلو لحاضرها مرآۃ ماضیها
حق تری بعض ماشادت اوائلها — من الصروح وما عافاۃ بانیها
وحسبها ان تری ماکان من عمر — حتی ینبه منها عین غافیها

اب میں شوقی کے چند اشعار کو جو اس نے حافظ کی تعریف میں کہے ہیں۔ اور حافظ کے قصیدے کی چند بیتوں کو جو اس نے شوقی کی مدح میں لکھی ہیں۔ نقل کرکے اس مضمون کو ختم کرتا ہوں۔

شوقی کہتا ہے :-

وما حافظ الآبناء مکارم ... وزاخر عرفان وهضبة سؤدد

فقی یرفع الاشعار ما شاء قدرها ... وترفعه الاشعار رتبة مخلد

ویلقی علیه فی السلام وفی الوغی ... رجاء یراع او رجاء مهند

الا عند مصر البیان واهله ... ید للخدیوی صادقت حافظ الید

حافظ کہتا ہے :-

النیل قد القی الیه بسمعه ... والماء امسك فیه عن جریانه

والزهر مصغ والخمائل خشع ... والطیر مستمع علی أفنانه

والقطر فی شوق الی اندلسیة ... شوقیة تشفیه من اتیانه

یصغی لاحمد ان شدا مترنما ... اِصغاء امة احمد لاذانه

فاصدح وغن النیل واهزز عطفه ... یکفیه ما عانا ه من احزانه

بعد میں یوں گویا ہوتا ہے :-

قل للذی قد قام یبشأ وأحمدا ... خلّ القریض فلست من فرسانه

الشعر فی اوزانه لو قسته ... لظلمته بالدر فی میزانه

هذا امرؤٌ قد جاء قبل اوانه ... ان لم یکن قد جاء بعد اوانه

ان قال شعرا او تسنم منبرا ... فتعوذا بالله من شیطانه

ان دونوں شاعروں کے پہلے مصر میں متعدد شاعر پیدا ہوئے۔ اور اچھے شاعر پیدا ہوئے۔ مگر آج کل کوئی ان کے مقابلہ کا شاعر مصر میں نظر نہیں آتا۔ ممکن ہے کہ آیندہ کوئی شاعر ان کے ہم پلہ یا ان سے بڑھ کر نکلے۔

تاریخ محمد عارف قندھاری

(از ڈاکٹر سید اظہر علی پروفیسر دہلی یونیورسٹی)

مرہٹہ گردی نے دلی کو بے چراغ کیا تو اہل علم و حرفہ نے لکھنو میں پناہ لی لیکن جب وہاں بھی شمع سلطنت گل ہوئی اور دلی کا تخت غدر کے طوفان کی نذر ہوگیا تو رامپور اہل علم اور ارباب صنعت و حرفت کا ملجا و ماوی بنا۔ اول الذکر گروہ کی سرپرستی اس ریاست نے جس فراخدلی سے کی ہے وہ محتاج تعارف نہیں، غالب، امیر مینائی، ناسخ اور شوق قدوائی کی جو سرپرستی ریاست رامپور نے کی وہ سب پر روشن ہے، اولوالعزم والیان ریاست نے اہل قلم کی سرپرستی پر ہی اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ علم ادب تاریخ اور دوسرے علوم وفنون کی فارسی عربی اور اردو کتابوں کا ایسا ذخیرہ بھی فراہم کیا جو بکار آمد ہونے کے اعتبار سے شمالی ہندوستان میں اپنی نظیر آپ ہے۔ مجھے ریاست رامپور کے کتب خانے میں کام کرنے کا چند مرتبہ اتفاق ہوا۔ اور اسی ضمن میں تاریخ حاجی محمد عارف قندھاری بھی نظر سے گذری۔

اس کتاب کا حوالہ گلشن ابراہیمی یعنی تاریخ فرشتہ میں چند مقامات پر موجود ہے[1] الیٹ

[1] فرشتہ جلد اول صفحہ ۴، ۲۷، ۱۳۲؛ جلد دوم، ۳۱۱ +

اینڈ ڈوسن کی تاریخ ہند کی چھٹی جلد میں بھی اس کا ذکر ہے[1]، لیکن ان دونوں تالیفات میں اس کتاب کو تاریخ حاجی محمد قندھاری کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔ عبدالباقی نہاوندی صاحب مآثر رحیمی نے بابر کے چچا سلطان محمود مرزا، اس کے چار بیٹوں، بیرم خان اور اس کے اجداد کا حال اسی مؤلف کی ایک تصنیف سے لیا ہے اور اس میں اپنی طرف سے بھی کچھ اضافہ کیا ہے[2]۔ اسی تالیف میں ہمایوں کا حال بھی درج ہے[3]۔ صاحب تاریخ فرشتہ اور ایلیٹ اینڈ ڈوسن کو مؤلف کے پورے نام کا علم نہیں تھا۔ ممکن ہے کہ تاریخ فرشتہ کے مؤلف کو نام تو معلوم ہو مگر اختصار کی نیت سے اس نے حاجی محمد قندھاری پر اکتفا کیا ہو۔

لیکن یہ اشکال تاریخ مآثر رحیمی کی بدولت رفع ہو جاتا ہے۔ یہ کتاب عبدالرحیم خانخاناں ابن محمد بیرم خان کے حالات میں ہے۔ بنگال ایشیاٹک سوسائٹی نے اس کے ایک قلمی نسخے کو جو شاہی کتب خانوں کی زینت رہ چکا تھا طبع کرا دیا ہے۔ مگر اس کا ایک قلمی نسخہ کتابخانہ کیمبرج یونیورسٹی میں بھی موجود ہے جس سے بنگال ایشیاٹک سوسائٹی نے قطعی امداد نہیں لی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مطبوعہ نسخہ میں بہت سی غلطیاں اور بیاضات رہ گئے۔ علاوہ ازیں مؤلف نے دوسرے نسخے میں جن مفید معلومات کا اضافہ کیا تھا وہ مطبوعہ نسخے میں شامل نہ ہو سکیں اور موخرالذکر میں بہت سے مقامات مبہم اور بیکار محض رہ گئے۔

مؤلف مآثر رحیمی نے 'حاجی محمد قندھاری' کا نام محمد عارف قندھاری اور اس کی تالیف کا نام تاریخ اکبری بتایا ہے۔ مخطوطہ زیر بحث میں مولف اپنا ذکر بایں الفاظ کرتا ہے

---

[1] ۔ صفحہ ۵۷۲

[2] ۔ مآثر رحیمی بنگال ایشیاٹک سوسائٹی جلد اول صفحہ ۶۲ جلد دوم صفحہ ۱ - ۶۱

[3] ۔ مقطع صفحہ ۳۶

"فقیر قلیل البضاعت عدیم الاستطاعت زائر الحرمین الشریفین حاجی محمد عارف قندھاری احسن اللہ احوالہٗ" اور اپنی تالیف کو مقطع کے نام سے موسوم کرتا ہے[۲]۔ یہی حاجی محمد قندھاری یعنی حاجی محمد عارف قندھاری کی تاریخ ہے جس کا ایلیٹ اینڈ ڈوسن اور تاریخ فرشتہ میں ذکر ہے۔ مولف نے اس کی وجہ تالیف بایں الفاظ بیان کی ہے :-

"حاجی محمد عارف قندھاری . . . . خواست تا در مقطع این تاریخ ذکر صادرات افعال و واردات احوال این حضرت بادشاہ کشور گر (اکبر) نماید . . . . بیت

سخن را زر مطلع بمقطع رساندم کہ مقطع ازین نام خوشتر نباشد[۳]

مطلع اور مقطع دونوں الفاظ اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ مولف کی دو تالیفات ہیں جو اپنے تقدم اور تاخر کی بنا پر اس کے نزدیک مطلع اور مقطع کہلانے کے مستحق ہیں۔

اب رہی یہ بات کہ صاحب مآثر رحیمی نے اس تالیف کو تاریخ اکبری کیوں لکھا۔ اس معاملے میں میری ذاتی رائے یہ ہے کہ چونکہ مآثر رحیمی ۱۰۲۶ھ[۴] کی تالیف ہے اور اکبر نامہ اور طبقات اکبری اس سے پہلے تحریر ہو چکی تھیں نیز اس کا تعلق عہد اکبری سے ہے اس لئے تاریخ اکبری اس کا موزون نام ہے۔ چنانچہ اکبر نامہ کو وہ تاریخ اکبری مولفہ شیخ ابوالفضل اکثر مقامات پر لکھتا ہے[۵]،

اس عہد میں حاجی محمد نام کے دو چار آدمی مثلاً حاجی محمد کوکہ و حاجی محمد سیستانی تھے۔ لیکن ان کا شمار سپاہیوں میں تھا۔ اہل قلم ان میں سے کوئی نہیں ہوا۔ علاوہ ازیں لفظ قندھاری اس نام کے کسی اور اہل قلم کے ساتھ جو بیرم خان کے دامن دولت سے وابستہ رہا ہو میری نظر سے نہیں

۱۔ مقطع صفحہ ۲ + ۲۔ مقطع صفحہ ۷ + ۳۔ مقطع صفحہ ۲ +
۴۔ مآثر رحیمی جلد اول صفحہ ۱۲ +
۵۔ " صفحہ ۶۸ ، ۵۸۸ ، ۶۴۵ ، ۶۵۹ +

گذرا۔ پس ظاہر ہے کہ محمد عارف قندھاری ہی تاریخ اکبری یا مقطع کا مؤلف ہوسکتا ہے۔ مولف کے تتبع میں اس مقالہ میں اس تالیف کا حوالہ مقطع کے نام سے درج ہے۔

'مقطع' سرکار رامپور کے دو ایک ابتدائی صفحے غائب ہیں اور آخر میں بھی ۹۸۸ھ کے ضمن میں گنتی کے واقعات قلمبند کئے گئے ہیں جو مولف کے التزام کے خلاف ہے۔ مجھے اس تالیف کے دوسرے نسخوں کا علم نہیں۔ البتہ کتاب خانہ کیمبرج یونیورسٹی میں اس کے چند ابتدائی صفحے موجود ہیں جن کی نسبت اس وقت مجھے صرف اتنا یاد ہے کہ ان میں اکبر کی ثنا وصفت درج ہے اور مولف نے ان میں یہ ارادہ بھی ظاہر کیا کہ ہر داستان کے آخر میں اکبر کے لئے ایک دعا بھی تحریر کریگا۔ یہ امر پروفیسر براؤن کی فہرست مخطوطات فارسیہ کیمبرج یونیورسٹی میں مذکور ہے اور 'مقطع' میں بھی اس کا ذکر ہے[1]۔

محمد عارف قندھاری کی نسبت مآثر رحیمی سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بیرم خان کا میر سامان اور دیرینہ ملازم تھا[2] (او باشندہ قندھار)۔ ملا پیر محمد سروانی اور دوسرے اہل علم وشعراء کی طرح غالباً یہ بھی بیرم خان کی ملازمت میں اس وقت داخل ہوا ہو جب وہ ہمایوں کی طرف سے قندھار کا حاکم تھا۔ اس زمانے کی دو تصانیف میں بیرم خاں کی علم پروری اور حکومت کا ذکر بایں الفاظ آیا ہے:-

"جمعی کہ بملازمت او رسیدہ اند بسیار زیبا تعریف می کنند بتخصیص در قواعد جہانبانی وکشور ستانی، وارباب فضل وفہم را رعایتہائے خوب وتربیتہائے مرغوب می نمودہ[3]۔"

"چنان استماع می شود کہ بغایت درویش سیرت وپرہیزگار ورعیت پرور است، بارے تا ایالت قندھار او را میسر شد، ہیچ از وضع عدالت نگفتہ وآن ملک از کمال رفاہیت دار القرار گردید[4] ...."

---

[1] صفحہ ۱، [2] مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۵، [3] تذکرۃ الشعرا المسمی بہ مذکر احباب، برلین لائبریری ۸۳ ب و ۹۳ الف

[4] روضۃ الصفا طبع، برلین و پرس، ۱۰۰ ب، مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۵

ازروی قراین محمد عارف قندھاری بیرم خان کے ہمراہ ہندوستان مین آیا۔ عرفی کا یہ مصرع

ہنر بسے است کسے را کہ بیوفائی نیست

اس پر صادق آتا ہے۔ ادبار کے زمانے مین بیرم خان کے رفیق اس سے منہ موڑ چکے تھے مگر عارف برابر اس کے ہمراہ رہا۔ چنانچہ جب وہ اکبر سے قصور معاف کرا کر حج کے ارادہ سے گجرات کو روانہ ہوا ہے تو عارف بھی اس کے ساتھ تھا جیسا کہ اس کی اپنی تحریر سے ظاہر ہے۔ بیرم خان کے قتل کے بعد وہ اس کے عیال کے مصائب مین شریک تھا۔ عبدالرحیم کو تو اس کے دیرینہ وفادار ملازم دربار شاہی مین لے گئے مگر اس کو عرب کی مقدس سرزمین اپنی طرف کھینچ رہی تھی۔ چنانچہ بندر کھمبایت سے جہاز مین سوار ہو کر چلا تو طوفان نے ہرمز پہنچا دیا۔ وہان سے خشکی کے راستے حج اور زیارات عتبات عالیات ائمہ اور مراقد مشائخ سے فائز ہو کر واپس ہندوستان آگیا۔ افسوس یہ ہے کہ اس نے اپنی زندگی کے واقعات کو اس تالیف مین درج کرنے سے احتراز کیا ہے۔ اندرین صورت قیاس سے کام لینا پڑتا ہے۔ سفر یقیناً طویل ہوگا۔ کیونکہ وہ لار، بصرہ، بغداد ہوتا ہوا شام پہنچا ہے اور وہان ایک قافلہ کے ہمراہی حج بیت اللہ سے مشرف ہوا[1]۔

واپسی کے بعد وہ مظفر خان تربتی کے منتسبین مین شامل ہوگیا۔ یہ امیر ایک زمانے مین بیرم خان کا دیوان یعنی عارف کا خواجہ تاش تھا۔ ملک اور دربار مین ہوا ابھی تک بیرم خان کے خلاف تھی۔ اندرین حالات مظفر خان سے بہتر اس کا مربی اور دوست دوسرا کون ہو سکتا تھا۔ یہان پھر بھی کہنا پڑتا ہے کہ یہ معلوم نہین کون سے سنہ مین حج سے واپس آیا ہے اور

---

[1] مقطع صفحہ ۱۰۳-۱۰۵ و مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۵۔

مظفرخان کے پاس پہنچا ہے۔ غالباً واپسی کے بعد ہی اس کے ملازمین مین داخل ہوا ہے۔ اس کی تصدیق اس بات سے ہوتی ہے کہ بادشاہ کی تعریف مین جابجا ظفرمآبی اور مظفرنشان جملے استعمال کرتا ہے[1]۔

۹۸۵ھ تک محمد عارف مظفرخان کے دامن دولت سے وابستہ رہا اور اغلباً ملک کے مختلف حصون مین اس کے ہمراہ پھرا بھی ہے۔ ۲۲۔ رمضان المبارک ۹۸۵ھ کو اس کے ہمراہ بہار سے آگرے واپس آیا۔ چند اس سے علیحدہ بھی مگر طلب کرنے پر پھر اس کے پاس چلا گیا۔ ۹۸۶ھ مین اپنے مربی کے ساتھ پنجاب گیا، اوائل محرم ۹۸۶ھ مین بقول خود "بدولت پای بوس (اکبر) مفتخر و سرافراز شد، بمنصب دیوانی سعادت سرکار پنجاب بہمراہی بہمراہی عالیجناب شیخ الاسلام و صدارت پناہی مخدوم الملک مولانا عبداللہ مقرر فرمودند و بے سببے ازان استعفا جستہ بقناعت قرار دادہ بدرویشی قیام نمود، امید کہ عاقبت بخیر باشد"[2]

چونکہ محمد عارف نے مقطع مین کسی مقام پر اپنے بارے مین خودستائی اور شاہ اندازی سے کام نہیں لیا۔ اس کا مندرجہ بالا بیان میرے نزدیک ہر طرح قابل قبول ہے اگرچہ بظاہر اس کا قول عقل سے مستبعد نظر آتا ہے۔ اس کے بعد مولف نے اپنی نسبت اور کوئی بات حوالہ قلم نہیں کی۔ نہ اس کا انجام تاریخ کی کسی کتاب سے ظاہر ہے۔ البتہ مظفرخان کا جو حشر ٹانڈہ مین محصور ہو کر ۹۸۸ھ مین مرزا شرف الدین حسین کی کورنمکی سے باغی قافشالون کے ہاتھ سے ہوا وہ سب کو معلوم ہے[3]۔ ممکن ہے کہ اس کے ساتھ عارف بھی کام آیا ہو۔ اس خیال کی تائید مآثر رحیمی کے مولف کی خاموشی سے ہوتی ہے۔ چونکہ یہ تقریباً چالیس سال پہلے کا واقعہ تھا لوگون کے ذہن سے اتر گیا ہوگا اس کی اطلاع اس کو ہوتی تو کیسے ؟

---

[1] مقطع صفحہ ۳۷، ۴۹، ۱۱۲، ۱۴۳، ۱۴۹، ۱۶۱، [2] صفحہ ۳۷۲، ۳۷۰، ۳۷۳، اکبرنامہ جلد سوم صفحہ ۲۳۴ مولانا عبداللہ کی صدارت کو اواخر ۹۸۵ھ کا واقعہ بتاتا ہے۔ اسی سال مظفرخان دارالضرب لاہور کا افسر بھی مقرر ہوا۔ ملاحظہ اکبرنامہ جلد سوم صفحہ ۲۲۷، [3] اکبرنامہ جلد سوم صفحہ ۳۰۳ - ۲۹۹، بدایونی جلد دوم صفحہ ۲۸۲ ؛

معلوم ہوتا ہے کہ محمد عارف قندھاری اپنے مربی بیرم خان کی طرح درویش منش تھا۔ اور قناعت اس کا ممتاز وصف، عام شعرا یا اہل قلم کی طرح وہ امرا کے در جھانکتا نہیں پھرا، بلکہ ایک وقت میں ایک مربی کے ساتھ وابستہ رہا۔ اس کا حج اور زیارت عالیات مراقد آئمہ و مشائخ سے شرف ہونا اس بات کا شاہد ہے کہ اس کے دل مین مذہبی درد بھی تھا۔ بادشاہ کے لئے جہان دعا کرتا ہے تو اکثر بال نبی و آلہ الامجاد یا اسی قسم کے دوسرے جملے استعمال کرتا ہے۔ اس سے شبہ ہوتا ہے کہ شیعی عقائد رکھتا ہوگا یا اپنے مربی مظفر خان ترتبی کے مذہب کے خیال سے شاید اس قسم کے جملے استعمال کرتا ہو لیکن خود شیعی ہوتا تو مشائخ کے مزارات کی زیارت کو کیون جاتا۔ اس کے مذہب کے بارے مین میری رائے یہ ہے کہ بیرم خان کی طرح اس نے تفضیل اپنا مذہب رکھا تھا یا تصوف کی چاشنی سے آشنا تھا۔ ذاتی طور پر مین دوسری شق کو ترجیح دیتا ہون۔ کیونکہ اس کی اپنی تحریر سے اسی خیال کی تائید ہوتی ہے۔

محمد عارف قندھاری کی اپنی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اچھا باخبر اور ذی علم شخص تھا اور تاریخ سے اس کو دلچسپی بھی تھی۔ ممکن ہے کہ تاریخ کے مطالعہ سے اس کے دل مین یہ خیال پیدا ہوا ہو کہ وہ اس فن مین ایک کتاب تالیف کر کے اپنی اور اپنے مربی اور بادشاہ کی یادگار زمانے مین چھوڑ جائے۔ کیونکہ وہ اس زمانے مین اکثر اہل قلم اس خیال سے تالیف و تصنیف کا شغل رکھتے تھے۔ تاریخ کتب مین سے جو معتبر کتابین اس کی نظر سے گذرین یا جن کا اس نے مقطع مین ذکر کیا ہے ان کے نام یہ ہین :- تاج المآثر مؤلفہ صدر الدین محمد ابن حسن النظامی، تاریخ آل مظفر ظفر نامہ شرف الدین علی یزدی[1]، شعرا مین سے جن کے کلام سے اس کی واقفیت ظاہر ہے وہ فردوسی، سعدی، امیر خسرو اور نظامی ہیں۔ کیونکہ اس نے ان کے اشعار جابجا مقطع مین نقل کئے ہیں۔

[1] صفحہ ۱۳۹، تاریخ آل مظفر از ۷۱۸ تا ۷۹۵ ہجری طاہظہ صفحہ ۸۲ فہرست مخطوطات فارسیہ برٹش میوزیم مولفہ ریو،

بعض مقامات پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنا طبع زاد کلام بھی درج کیا ہے جس سے اس کی موزونی طبع کا پتہ تو چلتا ہے لیکن اس کو شاعر نہیں کہہ سکتے کیونکہ بعض مرتبہ اس کا کلام تک بندی سے زیادہ نہیں جچتا۔

مقطع کے دیباچہ میں مولف تاج المآثر اور تاریخ آل مظفر کے ژولیدہ اور مغلق طرز تحریر کی نسبت اظہار ناپسندیدگی کرتا ہے۔ اور باین نیت کہ "تا ہر کس از متفرجان اوضاع مبانی و اطوار معانی کہ بر سوق کلام اطلاع یابند از فوائد و منافع آن محظوظ و بہرہ مند شوند[1]" مقطع کو ان کے معائب سے پاک رکھنا چاہتا ہے پھر بھی اس کی عبارت رنگینی اور اغلاق اور اغراق سے خالی نہیں بلکہ بسا اوقات غرمانوس اور بھدی ہے۔ طبقات اکبری کی عبارت سے اس کو کوئی نسبت ہی نہیں۔ ملا عبدالقادر بدایونی سے کہیں زیادہ اشکال اس کی تحریر میں موجود ہے اور اشعار کا اضافہ اس پر مستزاد۔

چونکہ 'مقطع' کا نسخہ خطی ناتمام اور ناقص ہے یعنی اس کا دیباچہ اور خاتمہ غائب ہے اور دوسرا نسخہ دستیاب بھی نہیں ہوا اس لئے سن تالیف کا تعین کرنا ذرا دقت طلب ہے۔ لیکن بعض واقعات کی مدد سے جو اس میں مذکور ہیں یہ کام آسان ہو جاتا ہے۔

یہاں اس بات کی صراحت کر دینا لازمی معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ فرشتہ میں اس کے حوالے گجرات۔ سندھ اور بنگال کی تاریخ میں محمود غزنوی کے زمانے سے لے کر اکبر کے ابتدائی عہد تک ملتے ہیں کیونکہ بیرم خان نے اکبر کا زمانہ زیادہ نہیں پایا۔ خود محمد عارف نے یہ بات صاف الفاظ میں ظاہر کر دی ہے کہ اکبر کے زمانے کی تاریخ اس کی تالیف اولین کا مقطع ہے جس میں ہمایون کا حال ہے۔ اس کی تصدیق خود اس کے قول سے ہوتی ہے، چنانچہ ہمایون کے سفر عراق کے بارے میں لکھتا ہے کہ "شرح این واقعات در محل خود آمد[2]" اسی طرح جب ہمایون نے ہندال کی اولاد اکبر کے سپرد کی تو لکھتا ہے۔ "چنانچہ این واقعات در تحت حالات و واردات حضرت جنت آشیانی

[1] صفحہ ۱۰-۱۱ [2] مقطع صفحہ ۲۹،

مشروحاً مسطور است[۱]"۔

اکبر کی سلطنت کی وسعت اور اس کی فتوحات کے ضمن مین محمد عارف لکھتا ہے :۔

"..... ممالک ہندوستان از کابل تا سواحل دریائے عمان و از دیگر جانب از سند تا سرحد بنگالہ[۲]"

اس زمانے کے بنگالہ کی تشریح ذیل کے فقرون سے ہوتی ہے :۔

"چنانچہ دہ روز از بنگالہ کہ ہفت صد کروہ از آگرہ دور واقع شدہ خبر می آورند[۳]"

"تا ندہ کہ پائے تخت بنگالہ است[۴]"

اسی طرح سندھ کے لفظ سے اس صوبے کا ایک جزو مراد ہے (جو مولف کے زمانے مین مفتوح ہو چکا تھا ۔) اگرچہ سندھ کا صوبہ پورے طور پر ۹۹۱ھ مین فتح ہوا ہے ۔ مؤلف قلعہ آگرہ ، اجمیر کی عمارات اور فتح پور سیکری کی بنیاد اور تعمیر کا بھی ذکر کرتا ہے ۔ لیکن یہ ۹۷۴ھ اور ۹۷۸ھ کے درمیان کے واقعات ہیں[۵]۔

اس کا قاعدہ تھا کہ جمعہ کی شب کو "سادات و اشراف و فضلائے اطراف و علماء و صلحائے اکناف" کے ہمراہ مجلس مین بیٹھ کر تاریخ و عقائد شرعی و قواعد عقلی و غیرہ مضامین پر بحث مباحثے سنتا تھا ۔ اس تشکیل کا ۹۸۳ھ کے واقعات کے ضمن مین ذکر موجود[۶] ہے ۔ یہ مجلس انوپ تلاؤ کے گرد بیٹھ کر ہوتی تھی ۔ اس کی نسبت ۹۸۴ھ کے واقعات مین مؤلف لکھتا ہے کہ "درین ولا کہ سن ست و ثمانین و تسعمائۃ است آب آن تلاؤ را بر آوردہ بجائے آب از تنگجات مس و نقرہ و طلا پر کردہ اند[۷]"

مندرجہ بالا امور اور سنین کی بنا پر یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مقطع ۹۸۶ھ کی تالیف ہے

۱۔ مقطع صد ۳۶ ۔ ۲۔ ایضاً صد ۵۵ ۳۔ مقطع صد ۶۷
۴۔ ایضاً صد ۶۹ ۵۔ اکبر نامہ ۶۔ بدایونی جلد دوم صفحہ ۲۰
۷۔ مقطع صد ۲۳۶ ، ۲۳۹

اس کے دوسرے معنی ہین کہ عہد اکبری کی یہ پہلی تاریخ ہے ۔

چونکہ محمد عارف اولاً بیرم خان کے دامن دولت سے وابستہ رہا اور اس کے بعد مظفر علی تربتی کے ملازمین مین تھا۔ اس لئے ہم اس کے بیان کو قابل وثوق تسلیم کر سکتے ہین کیونکہ اس کے دونون مربی معمولی آدمی نہین تھے ۔ پہلا یعنی بیرم خان اکبر کا مطلق العنان اور مختار کل وزیر تھا۔ دوسرا بھی وکیل السلطنت جیسے اعلےٰ عہدے پر فائز ہوچکا تھا ۔ اکثر واقعات جو اس نے قلمبند کئے ہین اس نے بچشم خود دیکھے ہونگے ۔ ابو الفضل کی طرح بغیر مشاہدہ کئے نہین لکھے ہونگے ۔ چونکہ اس کو سوائے مظفر علی تربتی کے کسی اور سے تعلق نہین تھا اس نے اپنے مربی کی بعض باتون مثلاً عہدے سے برطرفی اور حج کی روانگی کو تو بے شک چھپایا ہے ۔ یا علما کے اس محضر کے ذکر سے گریز کیا ہے جس کی رو سے اکبر کو مجتہد اعظم کا مرتبہ ملا ورنہ اس اور ابو الفضل کے بیان مین بہت فرق ہے جیسا کہ آگے چل کر مین ظاہر کرونگا ۔

مقطع کی خصوصیات حسب ذیل ہین :-

۱ - ہر سال کے جداگانہ واقعات تحریر کر کے مؤلف ایک دعا بادشاہ کے لئے لکھتا ہے ۔ اس کی طرف اس مقالہ کے ابتدا مین اشارہ کیا جا چکا ہے ۔

۲ - واقعات چیدہ ہوتے ہین اور گنتی مین چند ۔ واقعات کی تفصیل پر مؤلف کی توجہ اتنی نہین ہے جتنی کہ عبارت آرائی پر ۔ ابو الفضل کے طرز تحریر کے بارے مین جو قول معتمد خان صاحب اقبال نامہ جہانگیری کا ہے کہ از جادہ صواب دور افتادہ وہ میرے نزدیک محمد عارف پر بھی صادق آتا ہے ۔

۳ - مولف نے جابجا آیات قرآنی بھی نقل کی ہین جو موجودہ نسخہ مین کہین کہین غلط بھی نقل ہوگئی ہین مگر ان کی اصلاح کر دی گئی ہے ۔

۴۔ بعض واقعات کے ساتھ شعرائے وقت مین سے کسی نہ کسی کی تاریخ یا اشعار بھی درج کئے ہین۔ ان کے علاوہ فردوسی۔ سعدی۔ امیر خسرو وغیرہم کا کلام بھی نقل کیا ہے جس سے مولف کے مبلغ علم کا پتہ چلتا ہے۔

۵۔ مولف نے بعض ایسے واقعات بھی قلمبند کئے ہین جو ابو الفضل اور دوسرے مؤرخین کی تالیفات مین جنہون نے اس پر حصر کیا ہے نہین ملتے۔

۶۔ مؤلف نے اکبر کو خاقان اکبر، ہمایون کو جنت آشیانی اور بابر کو فردوس مکانی کے لقب سے یاد کیا ہے[1]۔ واضح رہے کہ ہمایون اور بابر کے یہی القاب مآثر رحیمی مین بھی درج ہین[2]۔

۷۔ مولف اکبر کے داب و خصائل کا ذکر تیس نقرون مین کرتا ہے اور فخریہ کہتا ہے کہ اس کا مخترع مین ہون کسی دوسری تاریخ مین یہ خصوصیت نہیں ملیگی[3]۔

۸۔ مؤلف نے اکبر کے بعض فرامین کا اقتباس بھی دیا ہے یا بعض کو پورا نقل کیا ہے۔

۹۔ مؤلف ہندی الفاظ کا معرب یا مفرس مثلاً بھکر کو بکر اور گھو سے کو کوسے لکھتا ہے۔

اب مین اس تالیف کی خصوصیات مین سے ان واقعات کو پہلے لیتا ہون جن کے بارے مین مورخین کے درمیان اختلاف ہے۔

طبقات کی رو سے بیرم خان کو خانخانان کا خطاب ہمایون کے زمانے مین ملا ہے لیکن عارف اس کو اکبر کی تخت نشینی کے ساتھ منسوب کرتا ہے۔ میری ذاتی رائے اس معاملہ مین یہ ہے کہ اکبر نے اس کو خان بابا کا خطاب دیا ہوگا جو کاتب کے سہو یا اصلاح کی وجہ سے خانخانان ہو گیا ہوگا[4]۔

---

[1] ۔ مقطع صفحہ ۵ [2] ۔ مآثر رحیمی صفحہ ۶۷ [3] ۔ مقطع صفحہ ۵۴
[4] ۔ مقطع صفحہ ۱۳۷، طبقات اکبری صفحہ ۳۸۰، اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۵

ابوالفضل کے قول کے مطابق اکبر نے تخت نشینی کے بعد دو ٹیکس یعنی تمغا اور باج معاف کئے تھے۔ محمد عارف باج کا ذکر نہیں کرتا بلکہ جہات راہداری، سلامانہ، پیشکش و سرانہ پانچ دوسرے ٹیکسوں کا اضافہ کرتا ہے۔[1]

ہیمو کے قتل کے متعلق محمد عارف کا بیان ہے کہ حضرت خاقان اکبر اول شمشیر بادہ رسانیدہ ملقب بغازی شدند و اندک رمقے ماندہ بود کہ خان خانان اعظم اعنی بیرم خان نیز شمشیرے زدہ اورا بدارالبوار فرستاد۔

چونکہ محمد عارف بیرم خان کا ملازم تھا قیاس چاہتا ہے کہ وہ اس موقع پر ضرور موجود ہوگا۔ بہرحال اس کی تحریر کی موجودگی میں سرآمد چاپلوسان یاوہ گو یعنی ابوالفضل مبارک کا یہ "قول جائے راستی سے عریان نظر آتا ہے" کہ آن خدیو خردمندی و خداوند خردمندان ..... برزبان حقائق ترجمان گذرانیدند کہ بکشتن گرفتارے ایں ہمت علیا رخصت نمی دہد .... آخر بیرم خان خود .... شمشیر آبدار عالم را از لوث ہستیٔ او پاک ساخت[2]، اس کے ساتھ ہی ابوالفضل کی عقیدت اور اکبر کے القاپر بھی پانی پھر جاتا ہے خاص کر اس حکایت پر جس میں ابوالفضل لکھتا ہے کہ اکبر نے شاہزادگی کے زمانے میں ہیمو کی تصویر بنائی تو اس میں ہاتھ الگ اور سر اور دھڑ الگ الگ بنائے اور قتل کے روز فرمایا کہ من کار ایں مغرور را آن روز ساختہ ام[3]۔

میر عبدالحی صدر نے ہیمو کی شکست کی تاریخ لکھی ؎

جلال الدین محمد اکبر آن شاہ فلک فعت ۔۔۔ بعون لطف حق بگرفت ہندوے سیہ ورا
دبیر صنع بر لوح بقا با خامہ قدرت ۔۔۔ رقم زد بہر سال فوت او بگرفت ہیمورا[4]

تردی بیگ کے قتل کا الزام ابوالفضل نے بیرم خان کے سر تھوپا ہے۔ بدایونی اس

---

[1] ایضاً صفحہ ۵۱، اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۱۹، [2] اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۴۱، تاریخ فرشتہ جلد اول صفحہ ۲۳۶، ہیں ہے :- آنحضرت سر شمشیر بفرق او رسانیدہ ملقب بغازی گردید مقطع صفحہ ۸۰-۸۱،
[3] اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۴۳، تزک صفحہ ۱۸، [4] مقطع صفحہ ۸۱،

کے بارے مین کہتا ہے کہ رخصت گونہ از برائے قتل او حاصل کرد[1]، صاحب طبقات اکبری نے بھی ابو الفضل کی پیروی کی ہے[2] مگر عارف کہتا ہے کہ بعد از پرسش و مشاورہ بجانقی پیر محمد خان شیروانی ..... بقتل رسید[3]

محمد عارف کے قول کے مطابق اکبر بیرم خان سے اس لئے ناراض ہوا کہ "بعض حرکات و سکنات از موافقان ظاہر نمائے خان مشارٌ الیہ کہ مخالفان دولت بودند از باطن ایشان ظہور می انجامید و این معنی بر ضمیر منیر ..... بغایت گران آمد کہ باوجود این حقوق تربیت و عنایت این خاندان عالیشان کہ چہل سال در ذمۂ او ثابت است ..... بالکلیہ فراموش کردہ گوش بسخن جماعت مفسدان داشتہ کہ می خواہند او را در جریدۂ اہل بغی در آرند[4]، اس کے علاوہ "از انجا بعض امور دیگر بوقوع انجامید" اور اکبر "بطریق شکار از آگرہ متوجہ حضرت دہلی شدند[5]"

اکبر نے بیرم خان کو جو خط لکھا ہے اس کی نسبت عارف کا بیان ہے کہ حضرت خاقان اکبر نامہ باسم خان سعید باین مضمون نوشتہ اند" - ابو الفضل دعوے کرتا ہے کہ یہ خط میری نظر سے گذرا ہے اور اس کے بعض فقرے اکبر نامے مین درج بھی کرتا ہے۔ اس کے بعض فقرون سے ظاہر ہوتا ہے کہ اکبر بیرم خان کی دلجوئی بھی کرتا ہے۔ یہ فقرے اکبر نامے میں نہیں ہیں۔ اسی طرح اکبر کے دوسرے خط کے فقرے عارف کی عبارت مین آگئے ہین۔ مثلاً عارف لکھتا ہے "و شمارا بہمان دستور خان بابامی خوانیم و می دانیم"۔ اکبر نامہ جلد دوم صفحہ ۸۰ کی پہلی سطر میں ہے "و اما او را بہمان دستور ہنوز خان خانان می دانیم" خان خانان کے لفظ مین وہ بات کہان جو خان بابا مین ہو سکتی ہے۔ اکبر خان خانان لکھ کر بیرم خان کو کیا پرچاتا خان بابا ہی لکھا اور غالباً یہی مراد بھی ہے۔

بیرم خان اکبر کا فرمان پاکر ۹ رجب کو بیانہ چلا گیا، وہان سے الور کو روانہ ہوا۔ کوچ کی رات

---

[1] - اکبر نامہ جلد دوم صفحہ ۳۲، بدایونی جلد دوم صفحہ ۱۴،
[2] - طبقات اکبری صفحہ ۲۴۴
[3] - مقطع صفحہ ۹۳ تا ۹۶،
[4] - مقطع صفحہ ۹۷،
[5] - ایضاً صفحہ ۱۰۰،

ہمراہیون میں سے باقی ماندہ خواتین اور سلاطین ٹوٹ کر اکبر کے پاس چلے گئے۔ اور سنیے بیرم خان حاجی پور گیا اور وہان سے ناگور یہان بے مروت ملازمون نے اُسے لوٹا، گنتی کے چند رشتہ دار اب اس کے پاس رہ گئے تھے۔ اسی مقام سے اس نے علم، نقارہ اور ہاتھی اکبر کے پاس بھیج دئے۔ اس کی پیش بندی کے لئے اکبر پہلے ہی جھجر پہنچ گیا تھا۔[۱]

مولف کا بیان یہان بے ربط سا معلوم ہوتا ہے۔ اس کے دو ایک بے جوڑ فقرے اکبر کے دوسرے فرمان سے لئے گئے ہین جو اکبرنامہ کی دوسری جلد صفحہ ۱۰۹ پر درج ہے۔ اس کے بعد کے واقعات تاریخ کی کتابون مین ملتے ہی ہین۔ ان کے اعادہ کی چندان ضرورت نہیں البتہ ایک دو واقعات کی تاریخ کا فرق ظاہر کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ عارف کے قول کے مطابق بیرم خان شکست کے بعد ربیع الثانی ۹۶۸ھ مین اکبر کے پاس آیا۔ ابو الفضل اس کا آنا محرم ۹۶۸ھ کا واقعہ بتاتا ہے۔[۲]

موجودہ نسخے مین بیرم خان کے بیٹے کا نام محمد رحیم مرزا لکھا ہے۔ ممکن ہے یہ کاتب کا قصور ہو ورنہ ایک دیرینہ ملازم سے مربی اور ولی نعمت کے بیٹے کے نام مین یہ سہو ممکن نہین۔ ۹۸۱ھ کے واقعات کے سلسلے مین اس کا نام نواب مرزا خان درج ہے۔[۳]

اکبر نے اپنے کوکہ ادہم خان کو شمس الدین انگہ کے قتل کی پاداش مین قلعہ سے گرا کر ہلاک کیا۔ اس واقعہ کی تاریخ کسی شاعر نے نظم کی۔ جو یہان نقل کی جاتی ہے

آن تازہ گل بسوے جہان آرمیدہ رفت — شاخ گلے چو سرو سہی قد کشیدہ رفت
او ہم گلے نچید ز گلزار خرمی — از بوستان دہر گل نارسیدہ رفت
تاریخ او ز پیر خرد کردم التماس — در گریہ گشت و گفت کہ نور دو دیدہ رفت[۴]

۱۔ مقطع صفحہ ۹۳ تا ۹۶،
۲۔ ایضاً صفحہ ۱۰۰
۳۔ مقطع صفحہ ۱۰۳ و ۲۷۹،
۴۔ ایضاً صفحہ ۱۱۴

ظاہر ہے کہ شاعر نے نور دودیدہ ہین اکبر کی دودہ ماہم انگہ (ادہم خان کی مان) کی رعایت ملحوظ رکھی ہے۔

ابوالفضل مبارک کے گیہان خدیو معنی آرا یعنی شہنشاہ اکبر کی جو صفات اکبرنامہ مین درج ہین ان کی بنا پر وہ ایک غیر معمولی بشر نظر آتا ہے یا بقول حافظ شیراز

واعظ شہر کہ مردم ملکش می خوانند قول ما نیز ہمین است کہ آدم نیست

ابوالفضل نے اپنے مخصوص انداز بیان اور عقیدت کے جو پردے اس کے معائب پر ڈالے ہین ان سے بہت سی غلط فہمیان پیدا ہوئی ہین۔ مثال کے طور ابوالفضل کا قول میر عبداللطیف قزوینی کے بارے مین لیجیے۔ ابوالفضل لکھتا ہے ' ہمانا رفتار میر بصوب دارالامن صلح کل است ' بلوخ مین اور ونسنٹ سمتھ میر کے سر پر اکبر کو صلح کل کی تعلیم دینے کا سہرا باندھا[1]۔

اکبر کے معائب پر ابوالفضل نے جو پردہ ڈالا ہے وہ اس سے ظاہر ہے کہ ابوالفضل نے نہ اس کی افیون کھانے کی عادت کا ذکر کیا ہے نہ شراب خواری کا۔ اول الذکر کے لئے تاریخ فرشتہ ملاحظہ ہو، شراب کے شغل کا ذکر بدایونی مین دیکھئے۔ عارف نے قلعہ سورت کی تسخیر کے بعد اس کا حال مقطع مین لکھا ہے[2]؎

اکبر کی عدو بخشی اور جان بخشی کا ذکر اکثر مورخین خاص کر ابوالفضل نے لکھا ہے لیکن اس نے جو سلوک الغ مرزا کی اولاد اور اپنے چچازاد بھائی مرزا ابوالقاسم ابن کامران کے ساتھ کیا وہ ان کے بیانات کا منافی ہے۔ جب اکبر بیرم خان سے علیحدہ ہونے کی نیت سے آگرے سے چلا آیا تو ابوالقاسم کو ماہم انگہ نے آگرے سے اس خوف سے کہ کہین بیرم خان اس کو اکبر کے خلاف تخت پر نہ بٹھا دے۔ پھر نہین معلوم کس وقت اور کون سے سن مین اُسے

---

[1] ۔ اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ، تزک جہانگیری صفحہ ۱۶ مین صرف ' صلح کل شیوہ مقربان ایشان بود ' تحریر ہے

[2] ۔ بدایونی جلد دوم صفحہ ، مقطع صفحہ

گوالیار کے شاہی قید خانے مین منتقل کیا۔ ۹۷۲ھ مین علی قلی خان خانزمان اور اس کے بھائیون نے سرکشی کی اور اس سے اگلے برس اکبر کے سوتیلے بھائی مرزا محمد حکیم نے بھی علم مخالفت بلند کیا تو ابوالقاسم نامشدنی کی طرف سے پھر وہی پرانا دغدغہ پیدا ہوا۔ اکبر کی ذاتی مرحمت کا یہ تقاضا ہوا کہ اس خار کو ہمیشہ کے لئے راستہ سے دور کر دیا جائے۔ راجہ بہارا مل والی آمیر کے بیٹون مین سے ایک (غالباً راجہ بھگوانداس) نے اس کا خون بہا کر سرخروئی حاصل کی اور ابوالفضل نے پردہ پوشی کر کے۔ محمد عارف نے مرزا ابوالقاسم کے قتل کے متعلق ایک قطعہ وحشتی شاعر کا درج کیا ہے اور دوسرا کسی نامعلوم شاعر کا۔ دونون یہان نقل کئے جاتے ہین :-

نہال بوستان کامرانی — فتاد از صرصر غم ناگہانی
ابوالقاسم کہ گشت از کشتن او — بسان غنچہ خون جان جہانی
رقم زد وحشتی تاریخ قتلش — نماند از کامران نام و نشانی

۹۷۳ھ

خسرو گل رخان ابوالقاسم — آنکہ مہ از رخش منور شد
رفت و از رفتنش دل خلقان — پارہ پارہ چو در و احمر شد
سال تاریخش از خرد جستم — خردم سوی باغ رہبر شد
بلبلے ناگہان بافغان گفت — آہ کہ آن مہ شہید اکبر شد[1]

ذی قعدہ ۹۷۱ھ مین اکبر مالوے گیا۔ مولف نے شہر ماندو اس کی آب و ہوا اور قلعہ کے استحکام کی تعریف اپنے مخصوص انداز مین کی ہے۔ لیکن انشا پردازی کے شوق نے تفصیلات

[1] مقطع صفحہ ۱۵۹ و ۱۶۰

کو تشبیہ اور استعارات کے بادلون مین چھپا دیا۔ مفید معلومات جو حاصل ہوتی ہین وہ دو چار سطرون مین قلمبند کی جا سکتی ہین۔

۹۷۳ھ کی ابتدا مین اکبر محمد حکیم مرزا کی مہم پر گیا تو آگرے مین خان خانان منعم خان خواجہ جہان ہروی اور مظفر خان کو حفاظت کے لئے چھوڑ گیا۔ مولانا آزاد نے اس موقع پر خانخانان سے مراد مرزا عبدالرحیم ابن بیرم خان کو لیا ہے۔ عارف اسی سلسلے میں لکھتا ہے کہ اکبر نے پنجاب کی مالی مہمات مظفر خان کو آگرے سے (طلب) فیصل کرائین۔ بیوتات خاصہ وخزانہ عامرہ پرگنات خالصہ جاگیرداروں اور عاملین دیوانی سب کو حکم جاری کرائے کہ اس کے آنے تک ہر طرح کی داد وستد موقوف رکھین۔ اکبر نامہ مین یہ جزئیات مذکور نہین ہیں[1]

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مظفر خان کو جو محمد عارف قندھاری کا مربی دو یمین ہے روشناس کر دیا جائے۔ کیونکہ مقطع مین جابجا اس کا ذکر آیا ہے اور بعض مقامات مین تو تفصیل کے ساتھ۔

محمد عارف قندھاری اپنے مربی کے عیوب کی پردہ پوشی کی ہے۔ ان کو دیکھنا چاہو تو ابوالفضل مبارک کے خامہ آسمان خرام کی صناعی مین اکبر نامہ کے عرش پر دیکھ لو۔

اس کا اصلی نام مظفر علی ترتبی ہے۔ یہ بیرم خان کا دیوان بیوتات تھا۔ دوسرون کی طرح اس نے مصیبت مین بیرم خان کا ساتھ نہین چھوڑا۔ بیرم خان نے اسے اپنے قدیم ملازم درویش ازبک حاکم دیپال پور کے پاس بھیجا۔ اس نے قید کر کے اکبر کے پاس روانہ کر دیا۔ اکبر نے شاید یہ سمجھ کر کہ خان بابا کا ملازم ہے ضرور جوہر والا ہوگا اہل دربار کے مشورے کے خلاف اسے آزاد کر کے اپنی ملازمت مین لے لیا۔ اول اول اُسے پرسرور کا حاکم مقرر کیا

[1] مقطع صفحہ ۱۴۹ - ۱۵۰، و اکبر نامہ جلد دوم صفحہ ۲۸۳، عارف نے ایک فرمان کا حوالہ بھی دیا ہے،

اسکے بعد دیوان بیوتات بنایا اور ۹۷۱ھ میں مظفر خان خطاب اور وزیر دیوان کل کا مرتبہ بھی عنایت کیا[1] ۹۷۴ھ میں اس کا ذکر کرتے ہوئے عارف اس کو عمدۃ الوزرا فی الزمان مظفر خان کے لقب سے یاد کرتا ہے۔ اسی سال لاہور طلبی ہوئی۔ اس کی تفصیل ابو الفضل نے اکبرنامے میں قلمبند نہیں کی[2] اس کے بعد علی قلی خان کی بغاوت فرو کرنے کے لئے دوسرے امرا کے ساتھ طلب ہوا[3]۔ اس سے پیشتر اکبر نے اس کو ہوس پرستی کے جرم میں ہلکی سی سزا دی تو فقیری اختیار کر لی۔ مگر بادشاہ نے پھر معاف کر دیا[4]۔

۱۷ شعبان ۹۷۹ھ کو اکبر نے آگرے میں مظفر خان کے مکان پر جا کر اس کی عزت افزائی کی اس نے بھی شرائط مہمانداری کو پوری طرح ادا کیا۔ نقرئی اور طلائی ظروف، زربفت رومی، مخمل فرنگی کمخواب یزدی، اطلس خطائی، زری کے دوپٹے، گجرات کے زرکشی کے کپڑے ململ شاہی سنارگامی، پچیس زنجیر فیل مع سامان طلائی عربی اور ترکی گھوڑے بادشاہ کی نذر کئے۔ شہزادوں کو سونے کے جڑاؤ چوگان اور گیند بیش کیں۔ بادشاہ کے خاص ملازمون کو خلعت اور گھوڑے الگ دئے[5]۔

مگر کچھ دن بعد بادشاہ کے ساتھ چوپڑ کھیلتے ہوئے اس سے حرکات روستایانہ سرزد ہوئیں تو تنبیہاً اس کو سفر حجاز پر بھیج دیا گیا۔ یہ ۹۸۰ھ کا واقعہ ہے۔ جسے عارف نے مقطع میں نہیں لکھا[6]۔ بادشاہ نے حسن خدمات کی بنا پر راستے ہی سے واپس بلا لیا۔ عارف نے اس کا اظہار اس طرح کیا کہ آگرے سے سورت اس کی طلبی ہوئی دو کروڑ پچاس لاکھ تنکہ مرادی سارنگپور اور سرکار اجین سے عطا ہوئے۔ جاگیر پر رہنے کا حکم ملا[7]۔ مگر رجب ۹۸۱ھ میں آگرے

---

[1] - اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۹۸-۱۹۷، [2] - ایضاً صفحہ ۲۸۳، [3] - مقطع صفحہ ۱۶۱،
[4] - اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۲۸۳، [5] - مقطع صفحہ ۲۵-۲۱۵، اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۳۶۵-۶۶ میں اس مہمانی کا مختصر سا ذکر ہے۔ البتہ مظفر خان کے مکان کی نسبت لکھا ہے کہ 'حیرت افزائے مشکل پسندان بود'
[6] - اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۳۶۸، [7] - اکبرنامہ جلد سوم صفحہ ۲۷ کی رو سے اکبر نے خطا معاف کر کے خان اعظم مرزا عزیز کوکہ کو اس کی امداد کے لئے احمد آباد جانے کا حکم دیا۔ مقطع صفحہ ۲۱۷، جاگیر بھی سارنگپور تھی۔ دیکھو صفحہ ۲۹۱،

طلبی ہوئی وہ بھی چودہ روز میں یہ طویل سفر طے کر کے ۱۸ رجب کو حاضر ہوگیا۔ جملۃ الملکی کا خطاب اور وکالت کل یعنی وزیر اعظم کا منصب تفویض ہوا جس کا اعتراف محمد عارف نے بھی کیا ہے[1]۔ کچھ ان عنایتوں کی وجہ سے کچھ خود بینی کے باعث فرمان داغ پر تساہل کیا تو پھر بادشاہ کی نظروں سے گر گیا[2]

اس کے بعد اس کی خدمات بہار اور بنگال میں منتقل کر دی گئیں جہاں وہ کالا پہاڑ افغان اور داؤد سے برسرپیکار ہوا۔ اکبر نے فرمان بھیج کر اس کی خدمات کو سراہا۔ وہاں سے ایک مرتبہ آگرے بھی آیا مگر پھر واپس بھیج دیا گیا[3]۔ آخر کار ٹانڈہ میں اپنی سختی کی وجہ سے باغی قاقشالون کے ہاتھ سے ۹۸۸ھ میں کام آیا۔ قاقشالوں کی بغاوت کی وجہ فرمان داغ اسپ کی سختی تھی جس کی بنا پر مرزا عزیز کو کہ قید ہوا تھا۔ آگرے میں کٹرہ میاں رفیق کے قریب جو جامع مسجد ہے وہ مظفر خان کی تعمیر کی ہوئی بتائی جاتی ہے[4]۔

تعمیر قلعہ آگرہ

عارف کے بیان کے مطابق تعمیر کا کام ۹۷۱ھ میں شروع ہوا۔ ہنروران چابکدست جن میں سے ہر ایک سرآمد کشور تھا۔ اس کام پر مامور ہوئے۔ دو ہزار سنگ تراش دو ہزار گلکار اور چونہ کار استاد روزانہ کام کرتے تھے۔ آٹھ ہزار مزدور پتھر اور چونہ پہنچاتے تھے۔ دو ہزار گاڑیاں فتحپور سیکری سے سنگ سرخ لانے پر مقرر تھیں اور سو کشتیاں دہلی سے پتھر لا لا کر دریائے جمنا میں ڈالتی تھیں[5]

ابو الفضل نے مزدورون اور معمارون کی تعداد تین چار ہزار اور تعمیر کی ابتدا ۹۷۲ھ میں لکھی ہے[6]۔ قلعہ کی دیوار کا عرض پندرہ گز اکبر شاہی بلندی ۷۵ گز جن کو ابو الفضل نے عرض تین گز اور ساٹھ گز لکھا ہے۔ بدایونی نے دس گز عرض اور ساٹھ گز بلندی بتائی

---

[1] مقطع صفحہ ۹۳-۲۸۹ [2] اکبرنامہ جلد سوم صفحہ ۶۹-۶۷ [3] مقطع صفحہ ۳۳۵-۳۳۷، ۳۴۲، ۳۴۶، ۵۱

[4] مآثر الامرا، جلد سوم، صفحہ ۲۲۸، [5] مقطع صفحہ ۲۵-۲۲۷ [6] اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۲۴۷

ہے ۔ صاحب طبقات اکبری نے بھی عرض دس گز لکھا ہے ۔ مگر بلندی چالیس گز سے زیادہ لکھی ہے[1]۔

قلعہ کے گرد پتھر اور چونے کی خندق تھی ۔ جس کا عرض بیس گز اور گہرائی دس گز تھی ۔ ابوالفضل نے خندق اور اس کی ان تفصیلات کا ذکر نہیں کیا ۔ البتہ طبقات اکبری اور محمد عارف کا بیان ایک ہے ۔ عارف نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ قلعہ کے اطراف میں عالی شان عمارتیں تھیں ۔ ان میں زمین پر سنگ سرخ کا فرش اور چھت اور دیواریں مصور اور منقش تھیں ۔ محمد قاسم میر بحر کی نگرانی میں یہ کام تکمیل کو پہنچا ۔ عارف نے دس اشعار میں جو اسی کے طبعزاد معلوم ہوتے ہیں ان عمارتوں کی تعریف لکھی ہے[2]۔ ابوالفضل نے مدت تعمیر آٹھ سال عارف نے تین سال صاحب طبقات اکبری اور فرشتہ نے چار سال لکھی ہے[3]۔ بدایونی یہی مدت پانچ سال بتاتا ہے ۔ اس کی تاریخ سے بعض مزید معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں ۔ مثلاً اکبر نے تعمیر کا خرچ زمینداروں سے تین سیر فی جریب غلہ محصول لگا کر وصول کیا ۔ فیضی نے قلعے کے ایک دروازے کی بنا کی تاریخ "بنائے در بہشت" کہی جس سے سن تعمیر ۹۷۴ ہجری نبوی نکلتا ہے ۔ بدایونی کے قول کے مطابق ہتھیا پول دروازہ ۹۷۶ھ میں مکمل ہوا ۔ شیری شاعر نے اس کی تاریخ کہی ؎

کلک شیری پئے تاریخ نوشت بے مثال آمدہ دروازۂ فیل[4]

طبقات اکبری میں تعمیر کا خرچ تقریباً تین کروڑ تنکہ لکھا ہے اور تزک جہانگیری میں ۳۵ لاکھ روپیہ[5]۔

---

[1] ۔ مقطع صفحہ ۲۳۰ ، اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۲۴۷ ، بدایونی جلد دوم صفحہ ، طبقات صفحہ ۲۶۵ ، [2] ایضاً ۔
[3] ۔ ایضاً صفحہ ۲۳۳-۲۳۱ [4] ۔ اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۲۴۷ ، طبقات صفحہ ۲۶۵ ، بدایونی جلد دوم صفحہ
فرشتہ جلد اول صفحہ ۲۵۳-۲۵۴ [4] بدایونی جلد دوم صفحہ [5] ۔ طبقات صفحہ

مقطع کی رو سے یہ عمارات اور فتح پور سیکری کی عمارات کی تکمیل ۹۷۹ھ میں ہوئی جیسا کہ ذیل کی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے :-

تمام شد دو عمارت مثال خلد برین — بدور صاحبقران ہفت اقلیم
یکے بخطہ دارالخلافت اگرہ — یکے بخطہ سکری مقام شیخ سلیم
سپہر از پے تاریخ این دو عالی قصر — رقم زدہ دو بہشت برین بکلک قدیم[1]

مگر ملا عبدالقادر بدایونی اس کو محل کی تاریخ بتلاتے ہیں۔ عارف کے الفاظ

"ازاساس عمارات .... عمارت قلعہ آگرہ .... کہ قبل ازیں مرقوم و پیشکش گشت[2]"

مذکورہ خیال کی تائید کرتے ہیں ÷

بنائے فتح پور سیکری شیخ سلیم چشتی رحمۃ اللہ علیہ سے اکبر کو عقیدت تھی۔ بیٹے کی خوشخبری وہ پہلے دے چکے تھے۔ ۹۷۶ھ میں جب ایک بیگم کو حمل رہا تو اکبر نے اسے شیخ کے گھر بھیج دیا۔ اور شیخ کی خانقاہ کے قریب ایک محل بھی تعمیر کرایا۔ اور نئی خانقاہ اور عالی شان مسجد بھی بنوائی۔ ساتھ ہی ۹۷۹ھ میں امرا کو حکم ہوا کہ وہ بھی اپنے محل اور مکانات بنوائیں۔ اس طرح اس سنسان شہر پر ایک شہر آباد ہو گیا۔ جس میں مسجدیں بازار حمام اور کاروان سرائیں بھی شامل تھیں[3]

۹۸۴ھ میں اکبر نے حکم دیا کہ دربار شاہی سے لے کر اس دروازے تک جو

---

[1] مقطع صفحہ ۲۳۴ کی رو سے یہ تاریخ قاسم ارسلان کی ہے اس کی تائید بدایونی جلد دوم صفحہ ۱۳۶ سے ہوتی ہے۔ [2] مقطع صفحہ ۲۳۶ [3] مقطع صفحہ ۲۳۹ - ۲۳۵، طبقات صفحہ ۲۸۹، بدایونی جلد دوم صفحہ ۱۰۹ - [3] مقطع صفحہ ۲۳۶ - ۷ ÷

آگرے کی جانب ہے سنگ سرخ اور چونے سے دکانیں تعمیر کی جائیں اور دربار کے قریب ایک چوراہہ بنے جس میں خوبصورت خوبصورت دکانیں ہوں[۱]۔ غالباً یہی تاریخ فتحپور سیکری کی تکمیل کی ہے۔ مگر ملا عبدالقادر بدایونی مسجد اور خانقاہ وغیرہ کی تکمیل کے لئے صرف پانچ سال کی مدت تعین کرتے ہیں[۲]۔

اکبر کی نیت تھی کہ اس شہر کا نام فتح آباد ہو مگر قبول عام نے فتحپور کو مستند قرار دیا۔ عارف نے فتح پور اور فتح آباد دونوں نام لکھے ہیں[۳]۔ ابوالفضل نے اکبر کی نیت کا ذکر اپنی تالیف میں کیا ہے[۴]۔

فقرے عارف کے تیس فقروں کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ ان میں سے چیدہ چیدہ فقروں کا خلاصہ یا مطلب حوالہ قلم کرتا ہوں۔

اکبر نے خرابات اور فسق و فجور کے انسداد میں شراب خانوں بوزہ خانوں اور بیت اللطف اور قمار خانے بند کر دئے اور ان سے جو آمدنی ہوتی تھی اس سے ہاتھ اٹھایا[۵]۔ بدچلن عورتوں کے لئے حکم دیا کہ کوتوال گدھے پر بٹھا کر شہر میں تشہیر کرے۔ مسلمانوں کو فسق و فجور سے بچنے کے لئے خاص طور پر ہدایت کی[۶]۔ اسی طرح ممانعت کی کہ ہندیوں کو قیدی نہ بنائیں نہ غلام بنا کر ان کی خرید و فروخت کی جائے۔

ٹیکس جو ابتدائے سلطنت میں معاف ہوئے تمغا، باج، راہداری، پیش کش، سرانہ اور سلامانہ تھے[۷]۔

ہر شب جمعہ کو عبادت خانے میں بیٹھ کر سادات، اشراف، علماء اور فضلائے اطراف

۱۔ مقطع صفحہ ۲۳۶، ۲۔ بدایونی جلد دوم صفحہ ۱۰۹، ۳۔ مقطع صفحہ ۲۳۴،
۴۔ اکبرنامہ جلد دوم صفحہ ۳۶۵، ۵۔ مقطع صفحہ ۵۷، ۶۔ ایضاً صفحہ ۶۱-۶۲، ۷۔ ایضاً صفحہ ۵۹،

کے ساتھ عقاید شرعیہ اور قواعد عقلیہ کے دقائق پر گفتگو کرتا۔ روایات، اخبار حکایات اور آثار اقوام بیان ہوتے تھے۔ اور علماء کو انعام اکرام ملتے تھے[1]۔ اس سے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ بادشاہ کی طبیعت پر ابھی دوسرا رنگ نہیں چڑھا تھا اور دانش پژوہ آگاہ دل ابوالفضل مبارک کا دخل بادشاہ کے مزاج میں قرار واقعی طور پر نہیں ہوا تھا۔ مگر تالیف کے آخری حصے میں یہ ابہام بھی صاف ہو جاتا ہے۔ اوائل ربیع الاول ۹۸۶ھ میں لاہور کے قریب عین شکار میں بادشاہ پر روحانی کیفیت طاری ہوئی۔ الہامات غیبی وارد ہوئے اکبر نے سر کے بال کٹوائے۔ ساتھ والوں میں سے بعض نے بے تابانہ پیروی کی[2]۔ ابوالفضل اور عارف کا بیان واحد ہے۔ موخرالذکر نے اتنا اضافہ اور کیا ہے کہ جس مقام پر یہ کیفیت طاری ہوئی تھی اکبر نے اس کا نام مکہ خرد رکھا۔ غنیمت ہے اپنی کوتاہی کا اعتراف خرد کے لفظ سے کر تو لیا۔

آگے چل کر عارف اکبر کی واپسی کا ذکر کرتا ہے جو ۲۱ شوال ۹۸۶ھ کو ہوئی اس کے بعد بیان کرتا ہے کہ "ہم دریں سال اسم سامی و نام نامی اشرف اقدس بندگان حضرت خاقان اکبر را امیر المومنین خطبا بر منابر ممالک محروسہ خواندند"[3] ابوالفضل اور ملا عبدالقادر بدایونی اکبر کے مجتہد بننے اور خطبہ جمعہ ادا کرنے کو جمادی الاول ۹۸۷ھ کا واقعہ بتاتے ہیں۔ عارف لکھتا ہے کہ اکبر کے خیمے خرگاہ وغیرہ بار کرنے کے لئے پانچ سو ہاتھی سو قطار خچر اور سو قطار اونٹ درکار ہوتے تھے۔ اٹھارہ چوبی مکانات مع بالاخانہ و خرگاہ نقل کئے جاتے تھے۔ ان کے تختوں میں لوہے کے حلقے تھے جن کو ملاتے تھے تو مکان

---

[1] ۔ مقطع صفحہ ۶۴-۶۲، [2] ۔ ایضاً صفحہ ۳۷۶، بدایونی جلد دوم، صفحہ ۲۵۳-۴ میں جس مقام پر یہ حالت طاری ہوئی اس کا نام نندنہ درج ہے۔ اکبرنامہ جلد سوم صفحہ ۲۴۲، [3] مقطع صفحہ ۳۸۹-۳۸۷

بن جاتے تھے۔ تختوں پر اندر کے رُخ زربفت فرنگی اور مخمل فرنگی چڑھی ہوئی تھی اور باہر کی طرف سقرلاط[۱]۔

خبر رسانی کے لئے چار ہزار میورے ملازم تھے جو برابر خبریں پہنچاتے رہتے تھے تیز رفتار اس بلا کے تھے کہ بنگالے کی خبر [جس کا فاصلہ بقول عارف آگرے سے سات سو کوس ہے] دس روز میں پہنچاتے تھے۔ اسی طرح جفاکش بھی ایسے تھے کہ دن رات میں ڈیڑھ سو کوس طے کر لیتے تھے۔ سڑکوں پر پانچ پانچ کوس کے فاصلے سے ان کی چوکیاں تھیں۔ جہاں دو تیز رفتار گھوڑے بھی وقت ضرورت کام کے لئے موجود تھے۔ جو ایلچی سربمہر فرمان لاتے تھے یا سلطنت کے امراء میں سے جو اپنا آدمی یا عرضداشت دربار کو بھیجتے تھے وہ انہی میوروں اور گھوڑوں سے کام لیتے تھے۔ بادشاہ آگرہ میں ہوتا تھا کہ احمد آباد کی خبر پانچ روز بعد حضور میں پہنچ جاتی تھی[۲]۔ ان انتظامات کا ذکر تاریخ فرشتہ میں بھی ہے اگرچہ ماخذ کا حوالہ نہیں دیا۔ مگر مقابلہ کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ عارف کی تالیف سے استفادہ کیا ہے۔

اکبر کو ملکی صنعت و حرفت کو فروغ دینے کا بھی خاص شوق تھا۔ زربفت، قالین، اور مخمل وغیرہ ایران اور فرنگستان سے آتے تھے یا دکن سے۔ اس نے ماہر استادوں کو تعلیم دے کر پارچہ بافی کی صنعت کو ایسی ترقی دی کہ یہی کپڑے عراق اور فرنگستان سے بہتر ہندوستان ہی میں دستیاب ہونے لگے[۳]۔

اکبر خودامی تھا مگر علم و ادب کا دلدادہ تھا۔ قصہ حمزہ اسی کی بدولت تالیف ہوا

۱۔ مقطع صفحہ ۶۶-۶۷، ۲۔ صفحہ ۶۹-۶۷، ۳۔ تاریخ فرشتہ جلد اول صفحہ ۷۲-۷۱

میں وہ مسافت جو میورے دن رات میں کرتے تھے۔ پچاس کوس بتائی گئی ہے +

اس کتاب میں تین سو ساٹھ داستانیں ہیں۔ اس کی تیاری بڑے اہتمام سے ہوئی۔ عارف اصلی کتاب کے ورق کا سائز یک گز و نیم شرعی بتاتا ہے۔ رنگین وصلی کے کاغذ جن کے درمیان مضبوطی کے لئے چوتاری کپڑا بھی دیا گیا تھا اس میں استعمال کئے گئے تھے۔ مصور مذہب، نقاش اور جلد ساز جو اس کام پر مامور تھے ان کی تعداد سو تھی۔ تحریر کے کام پر خوشنویس ان کے علاوہ تھے۔ ایک جلد کی تیاری میں دو سال صرف ہوتے تھے۔ اور خرچ اس کا تخمینا دس لاکھ تنکہ سیاہ تھا۔

ابو الفضل نے اکبر نامہ میں لکھا ہے کہ انسان کی اصل زبان معلوم کرنے کے لئے اکبر نے باہر جنگل میں ایک گنگ محل بنوایا تھا۔ عارف لکھتا ہے کہ اکبر نے ہرن اور بربری کا جوڑ ملایا (یہ بکری لوگ دکن سے لاتے تھے) ان کے میل سے جو نسل پیدا ہوئی وہ رنگ برنگی تھی۔ بچے بعضے سیاہ بعضے ابلق اور بعضے سیاہ رنگ کے ہوئے

اکبر کے بیوتات شاہی کا خرچ پچاس لاکھ دام یومیہ تھا۔ آئین اکبری کے مطابق یہی خرچ ۱۸۶، ۳۰۹ دام تھا۔ واضح رہے کہ ابو الفضل نے عارف کی تحریر کے دس سال بعد کا خرچ لکھا ہے۔ نیز چالیس دام کا ایک روپیہ ہوتا تھا۔

بعض اور دلچسپ باتیں

عارف نے اکبر کے نام سے ایک غزل نقل کی ہے جس سے نہ صرف یہ پتہ چلتا ہے کہ اکبر متفرق اشعار کے علاوہ غزل بھی موزون لکھ سکتا تھا بلکہ اس غزل سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس نے بٹالہ کی ایک عورت کو اپنے حرم میں داخل کیا تھا۔ وہ غزل یہ ہے:-

چینۂ بادشاہ کالہ گرفت — خون او دشت را چو لالہ گرفت
باش ہشیار اے حریف کہ باز — ساقی تند خو پیالہ گرفت

بھر خون ریزی گل و لالہ ابر دامان زسنگ ژالہ گرفت
بودشہ را پری وشان بسیار دلبرے دیگر از بتالہ گرفت
شاہ اکبر بہ بین زلطف الٰہ ھند را با خط و قبالہ گرفت

۹۸۵ھ میں دمدار ستارہ ظاہر ہوا۔ لوگوں کے دلوں میں طرح طرح کے وسوسے پیدا ہوئے۔ چنانچہ شاہ اسمٰعیل صفوی والی ایران کی موت کو اسی کی تاثیر کا نتیجہ سمجھا۔ مولانا شیری شاعر نے ایک قصیدہ اس پر لکھا۔ محمد عارف نے اس کے اکیس شعر مقطع میں نقل کئے ہیں۔ ان میں سے اول کے دو شعر یہاں نقل کرتا ہوں ؎

بہ بست و پنجم شعبان و شام پنجشنبہ گذشتہ نہصد و ہشتاد و پنج گاہ شمار
بدان مثابہ کہ از نصف آسمان بگذشت بشکل طرفہ برآمد ستارۂ دمدار

ابوالفضل نے اکبر کے عادات و خصائل میں دشمنوں کی جان بخشی کو بہت سراہا ہے۔ اور دوسرے مورخین خاص کر آج کل کے مؤلفین نے بھی اس کی اس صفت کو بہت کچھ بڑھا کر دکھایا ہے۔ مگر عارف کی تالیف سے اس کی تائید نہیں ہوتی بلکہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ اکبر طبعاً نہیں بلکہ مصلحتاً دشمنوں کے ساتھ رحم کا برتاؤ کرتا تھا بلکہ بعض اوقات عزت دار قیدیوں کو سر دربار زدوکوب کرا کر اچھی طرح ان کی بے عزتی کر لیتا تھا۔ اور اپنے عزیزوں اور قریبی رشتہ داروں میں سے تو کسی کو اس نے بخشا ہی نہیں۔

ملا عبدالقادر بدایونی نے شب عاشور کو اکبر کی شرابنوشی کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے۔ عارف نے اسی شغل کا ذکر خوشامدانہ لہجہ میں قلعہ سورت کی فتح کے بعد کیا ہے۔ بلکہ یہ بھی بتایا ہے کہ شراب اہل فرنگ یعنی پرتگیز لائے تھے۔

یہان ان باتون کے ذکر سے مقصود نہ دوستی ہے نہ دشمنی ہے۔ کیونکہ اکبر اور عارف ، ملا عبد القادر اور اکبر اب ہماری دوستی اور دشمنی کی حد سے گزر چکے۔ اب نہ کسی کی دوستی ان کو فائدہ پہنچا سکتی ہے نہ کسی کی دشمنی نقصان دے سکتی ہے تحقیق کرنے والوں کا البتہ یہ فرض ہے کہ تحقیق کے سلسلہ میں جو نئی باتیں معلوم ہوں انکو دوسروں کی اطلاع کے لئے حوالہ قلم کردیں۔ اس سے نہ صرف معلومات میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ ان لوگون کو اپنی قائم کی ہوئی رائے میں تغیر کرنے کا موقع بھی ملتا ہے۔ اور یہی تحقیق اور تفتیش کی اصلی غرض وغایت ہے ٭

ایران میں مرثیہ گوئی کی ابتداء اور چند مشہور مرثیہ گو

از

سید مسعود حسن رضوی ادیب ام۔اے صدر شعبہ فارسی و اردو لکھنؤ یونیورسٹی

{اس مضمون میں صرف ان مرثیوں سے بحث کی جائے گی جو واقعۂ کربلا اور شہادت امام حسینؑ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ادیب}

علامہ ذہبی[1] نے اپنی کتاب دول الاسلام میں لکھا ہے کہ معزالدولہ[2] دیلمی نے ۳۵۲ھ میں عاشورے کے دن اہل بغداد پر امام حسینؑ کے لئے نوحہ و ماتم کرنا لازم کر دیا۔ اور حکم دیا کہ تمام دکانیں بند کر دی جائیں اور اُن پر سیاہ جھنڈے لگا دئے جائیں۔ اور کہیں کھانا نہ پکایا جائے۔ چنانچہ رافضی عورتیں[3] بال کھولے ہوئے نوحہ کرتی اور منہ پیٹتی ہوئی نکلیں اور سالہا سال تک یہی عمل ہوتا رہا۔

---

[1] حافظ شمس الدین ابوعبداللہ محمد ابن احمد الذہبی نے ۷۴۸ھ میں انتقال کیا۔

[2] معزالدولہ احمد بن بویہ خاندان دیلمی یا آل بویہ کا تیسرا فرماں روا تھا۔ اس کا عہد حکومت ۳۴۶ھ سے ۳۶۷ھ تک رہا۔

[3] یہ فقرہ ظاہر کرتا ہے کہ ذہبی کو شیعوں سے تعصب اور عزاداری سے اختلاف تھا۔

اسی مصنف نے اپنی دوسری کتاب العبر فی احوال من غبر میں بھی بغداد میں عزاے حسینؑ کی ابتدا کا ذکر قریب قریب انہیں لفظوں میں کیا ہے۔ دوسرے مورخین کے بیانات بھی ذہبی کی تائید کرتے ہیں۔

ذہبی نے اپنی موخر الذکر کتاب میں یہ بھی لکھا ہے کہ یہ پہلا نوحہ تھا جو امام حسینؑ پر کیا گیا۔ ذہبی کا یہ قول بغداد ہی سے متعلق معلوم ہوتا ہے۔ قیاس کہتا ہے کہ جب دیلمی سلطنت کے اکثر مقامات میں عزاداری خوب رائج اور شائع ہو چکی ہوگی اس وقت عباسیوں کے دار الخلافت بغداد میں حکماً اس کو رواج دیا گیا ہوگا۔ ابن کثیر شامی اپنی تاریخ میں لکھتا ہے کہ دیلمیوں کی سلطنت کے اختتام تک تمام شہروں میں شیعہ محرم کے پہلے عشرے میں عزاداری کیا کرتے تھے۔ اس قول سے صاف ظاہر ہے کہ اُس عہد میں بھی عزاداری کا رواج بغداد شہر میں محدود نہ تھا۔

ابن کثیر نے یہ بھی لکھا ہے کہ بغداد میں طغرل سلجوقی کی سلطنت کے ابتدائی زمانے تک عزاداری ہوتی رہی۔ طغرل بیگ خاندان سلجوقی کا بانی تھا۔ اس نے ۴۲۹ھ سے ۴۵۵ھ تک (۱۰۳۷-۱۰۶۳ء) سلطنت کی۔ اُسی کے ہاتھوں ۴۴۸ھ (دسمبر ۱۰۵۵ء) میں خاندان دیلمی کا خاتمہ ہوا۔ ممکن ہے کہ اس کے عہد میں بغداد میں بالاعلان عزاداری موقوف ہوگئی ہو۔ مگر ایسے قرینے موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ سلجوقیوں کے انتہائی عروج کے زمانے میں بھی امام حسین کی عزاداری بالاعلان ہوتی تھی۔ سنجر سلجوقی نے ایران میں چالیس برس سلطنت کی۔ بادشاہ ہونے سے پہلے کوئی چوبیس سال خراسان پر حکومت کر چکا تھا۔ مگر اس کے عہد میں بھی عزاداری ہوتی تھی۔ سنجر کی سلطنت کے آخری سال میں یعنی ۵۵۱ھ (۱۱۵۶ء) میں قاضی حمید الدین ابو بکر بلخی نے کتاب

مقامات حمیدی لکھی۔ اس کا تیئیسواں مقامہ تعزیت کے بیان میں ہے۔ اس میں کسی عالمِ دین کی وفات پر اہل شہر کی سوگواری کا حال یوں بیان کیا گیا ہے :۔

"جمعے دیدم نشستہ و استادہ و عماہلے خواجگی از سر نہادہ و جزع و فزع و جوش و خروش از میدان سمک بایوان سماک رسیدہ۔ آسمان دران ماتم جامہ فوطہ کردہ و مرو مک چشم در آب غوطہ خوردہ۔ خاک اقدام تاج فرقہا شدہ و خون دیدہا غالیہ رخسارہا گشتہ۔ چون آوازۂ آوازہا بغایت رسیدہ و آن نفیر و زفیر بنہایت کشیدہ و آن حادثہ از حادثۂ احد و حنین و آن مصیبت از مصیبت حسنؑ و حسینؑ درگذشت پیرے صاحب دلق از میان خلق برخاست۔ و عروس زبان را بزیور سخن بیاراست[1]"

اس بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اُس زمانے میں حسینؑ کی عزاداری مجمع کے ساتھ بالاعلان ہوتی تھی۔ ماتمیوں کے گروہ سر برہنہ نکلتے تھے۔ خوب گریہ و زاری کرتے تھے اور سر پر خاک ڈالتے تھے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو سوگواروں کے اس گروہ کو یہ سب باتیں کرتے ہوئے دیکھ کر مصیبت حسنؑ و حسینؑ کی طرف ذہن منتقل نہ ہوتا۔

مقامات حمیدی کا مصنف خراسان کے شہر بلخ کا رہنے والا تھا اور اُس نے مذکورہ بالا واقعہ کو عراق عجم کے شہر اصفہان کی طرف منسوب کیا ہے۔ اس سے قیاس کیا جاسکتا ہے کہ سلجوقیوں کے عہد حکومت میں بھی ایران کے مختلف حصّوں میں امام حسینؑ کی عزاداری علانیہ ہوتی تھی۔

مختلف روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعۂ کربلا کے فوراً بعد نوح کے طور

---

[1] - مقامات حمیدی۔ نولکشور پریس۔ لکھنؤ ۱۹۲۳ء صفحہ ۱۲۱

[2] - مقامات حمیدی کی حکایتیں فرضی ہیں ۱۲ - ادارہ

پر گھروں کے اندر عزائے حسین کی مجلسیں منعقد ہونے لگی تھیں۔ مگر بعض اہم تاریخی اسباب کی بنا پر علانیہ عزاداری کا رواج دیلمیوں کے عہد سے پہلے ہو ہی نہ سکتا تھا واقعۂ کربلا بنی امیہ کے عہد حکومت میں ہوا تھا۔ امام حسین کی شہادت کا ذمہ دار اسی خاندان کا ایک بادشاہ یزید ابن معاویہ تھا۔ اور امام حسین کی علانیہ عزاداری یزید کے مظالم کی تشہیر تھی۔ اس کے علاوہ امام حسین اپنے وقت میں بنی ہاشم کے سردار تھے۔ اور بنی امیہ کو بنی ہاشم سے قدیمی عداوت تھی۔ اُن کے عہد سلطنت میں کسی ایسی چیز کا رواج کیونکر ہو سکتا تھا جو بنی ہاشم سے محبت اور بنی امیہ سے نفرت پیدا کرنے والی ہو۔

بنی امیہ کے بعد بنی عباس کی سلطنت قائم ہوئی۔ جس انقلاب نے بنی امیہ کا استیصال کر دیا اُسے اُبھارنے میں سب سے زیادہ مدد اس پروپیگنڈے سے ملی کہ خلافت بنی امیہ سے چھن کر اس کے جائز حقداروں یعنی بنی ہاشم کو دی جائیگی۔ بنی ہاشم میں سب سے ممتاز خاندان بنی فاطمہ کا تھا۔ اور اولاد رسول ہونے کے سبب سے فطرتاً وہی خلافت رسول کے مستحق سمجھے جا سکتے تھے۔ مگر اس انقلاب کا نتیجہ توقع کے خلاف یہ نکلا کہ بنی ہاشم کی ایک دوسری شاخ یعنی بنی عباس خلافت کے مالک ہو گئے۔ عباسی خلیفہ آل رسول کے اقتدار کو اپنی سلطنت کے لئے سخت خطرہ سمجھتے تھے۔ اس لئے انھوں نے اُن کو ہر طرح دبانے کی کوشش کی بقول پروفیسر براؤن بنی عباس میں رسول کی حقیقی اولاد کے ایسے سخت دشمن موجود تھے کہ اُن سے بڑھ کر بنی امیہ میں بھی نہ تھے۔ پروفیسر مذکور کی اصل عبارت یہ ہے :-

"Not even in the Umayyads had the true descendants of the Prophet enemies more implacable than in their Hashimite cousins of the House of 'Abbas."[1]

متوکل کا سا بادشاہ بنی عباس ہی میں گزرا جس نے امام حسینؑ کی قبر کا نشان تک مٹا دینے کی کوشش کی۔ اور آپ کے مزار کی زیارت کرنے والوں پر سخت سے سخت ظلم کئے۔ ظاہر ہے کہ بنی عباس کے عہد حکومت میں بھی عزائے حسینؑ کا بالاعلان رواج ممکن نہ تھا۔

دیلمیوں کی سلطنت پہلی زبردست شیعی سلطنت تھی۔ عباسی خلفاء اُن کی مٹھی میں تھے۔ اُن کی قوت و اقتدار کا یہ عالم تھا کہ عباسیوں کے دارالخلافت بغداد میں بھی اُنہیں کا حکم چلتا تھا۔ ان تاریخی حالات سے صاف ظاہر ہے کہ امام حسینؑ کی علانیہ عزاداری کا پہلا موقع سلاطین دیلمی کے عہد حکومت میں ملا۔

شاہان دیلمی بعض مورخوں کی تحقیق کے مطابق ساسانی خاندان کے مشہور بادشاہ بہرام گور کی نسل سے تھے۔ ابوعلی مسکویہ نے اپنی کتاب تجارب الامم میں لکھا ہے کہ دیلمی سلاطین خود کو آخری ساسانی بادشاہ یزدجرد سوم کی اولاد سمجھتے تھے۔[2] یزدجرد کی صاحبزادی حضرت شہربانو امام حسینؑ کے عقد نکاح میں تھیں۔ اس طرح دیلمیوں کی نظر میں واقعۂ کربلا اسلامی تاریخ کا ایک اہم اور خونین ورق ہونے کے علاوہ ان کی خاندانی

---

[1] تاریخ ادبیات ایران جلد اوّل صفحہ ۲۴۶

[2] مجالس المومنین۔

تاریخ کا ایک باعظمت اور غمناک باب بھی تھا۔ اگر اس واقعے کی یادگار قائم کرنے کا خیال سب سے پہلے شاہان دیلمی کو ہوا تو یہ بالکل فطرت اور حالات کے مطابق تھا۔

ایران میں ساسانی بادشاہوں کو جو عظمت اور تقدس حاصل تھا وہ دنیا کے اور کسی بادشاہ کو نصیب نہیں ہوا۔ یزدجرد سوم اس عظیم الشان خاندان کا آخری بادشاہ اور ایران کی ملکی آزادی اور قومی اقتدار کا آخری نمایندہ تھا جو عرب حملہ آوروں کے ہاتھوں ۳۱ھ مطابق ۶۵۲ء میں تلوار کے گھاٹ اتارا گیا۔ ان وجوہ سے ایرانیوں کو اس سے فطرتاً بڑی محبت تھی۔ اور جیسا کہ ابھی کہا جا چکا ہے۔ یزدجرد سوم کی ایک صاحبزادی سے امام حسین کا عقد ہو گیا تھا۔ اس لئے ایرانیوں کو امام حسین سے مذہبی عقیدت کے علاوہ ایک مخصوص دلی تعلق بھی تھا۔ اور امام حسین اور حضرت شہر بانو کے صاحبزادے امام زین العابدین کو اگر ایک طرف وہ اپنے رسول کا فرزند سمجھ کر مذہبی عقیدت رکھتے تھے۔ تو دوسری طرف ساسانی خاندان کی یادگار خیال کر کے اُن سے قومی محبت بھی رکھتے تھے۔

فارس نامۂ ابن البلخی چھٹی صدی ہجری کے ربع اوّل میں یعنی سنجر سلجوقی کے عہد سلطنت میں تصنیف ہوا۔ اس کا ایک اقتباس جو اس خیال کی تائید کرتا ہے۔ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے :-

"پیغمبر علیہ السلام گفت است ان اللہ خیرتین من خلقہٖ من العرب قریش ومن العجم فارس۔ یعنی کہ خدائے را دو گروہ گزین انداز جملۂ خلق او، از عرب قریش و از عجم پارس۔ و پارسیان را قریش العجم گویند یعنی در عجم شرف ایشان ہمچنانست کی شرف قریش در میان عرب و علی بن الحسین را کرم اللہ

وجہہ کی معروف است بہ زین العابدین ابن الخیرتین گویند یعنی پسر دو گزیدہ بحکم آنکہ پدرش حسین بن علی رضوان اللہ علیہما بود و مادرش شہربانو بنت یزدجرد الفارسی۔ و فخر حسینیان بر حسنیان ازینست کی جدۂ ایشان شہربانویہ بود دست و کریم الطرفین اند[1] "

ان اسباب پر نظر کرنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جو شدید مصائب کربلا میں امام حسین، حضرت شہربانو اور ان کے فرزند امام زین العابدین پر پڑے تھے اُن سے ایرانیوں کا متاثر ہونا ایک فطری امر تھا۔ شاہان دیلمی خود ایرانی تھے۔ ایران کا جنوبی اور جنوب مغربی حصہ ان کی سلطنت میں شامل تھا۔ اُن کی فوج میں ایرانی سپاہی کثرت سے تھے۔ ان کے درباریوں اور اعلےٰ عہدہ داروں میں بھی یقیناً بہت سے ایرانی ہوں گے۔ اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ امام حسین کی عزاداری کا رواج دیلمیوں کی سلطنت کے اندر محدود نہ رہا ہوگا۔ بلکہ ان کی سلطنت کے حدود سے نکل کر ایران کے دوسرے حصوں میں بھی پھیل گیا ہوگا۔

بہرحال مورخوں کا اس امر پر اجماع ہے کہ بغداد میں امام حسین کی عزاداری اعلان و اجتماع کے ساتھ معزالدولہ دیلمی کی تحریک سے محرم ۳۵۲ھ (۹۶۳ء) میں شروع ہوئی اور قرینہ کہتا ہے کہ دیلمیوں کی سلطنت کے دوسرے مقامات پر عزاداری کا رواج اس سے پہلے ہو چکا ہوگا۔ نوحہ و ماتم اور جذبات غم و الم کو نظم سے جو فطری مناسبت ہے اس کی بنا پر یہ امر قرین قیاس ہے کہ ایران میں مرثیہ گوئی کی بنیاد دیلمیوں کے زمانے میں پڑی۔

یہ سچ ہے کہ اُس زمانے میں مسلمانوں کی علمی زبان عربی تھی۔ خود ایرانی بھی اپنی

[1] فارس نامہ۔ مطبع کیمبرج یونیورسٹی ۱۹۲۱ء صفحہ ۴

نظم و نثر تصنیفوں میں زیادہ تر عربی زبان استعمال کرتے تھے۔ مگر فارسی کہنے والے شعرا اس وقت بھی موجود تھے۔ تذکرہ لباب الالباب کے مصنف محمد عوفی کے بیان کے مطابق جنیدی، منطقی رازی اور خسروی سرخسی دیلمیوں کے ذی علم وزیر صاحب اسمٰعیل بن عباد[1] سے وابستہ تھے۔ اور مجمع الفصحاء کے مصنف رضا قلی خان ہدایت کے قول کے مطابق منطقی رازی، بندار رازی، غضائری رازی، قمری مازندرانی اور عمادی شہریاری سلاطین دیلمی کے مدّاح تھے۔ ان کے علاوہ بہت سے فارسی گو شعراء اور بھی تھے۔ ان ایرانی شاعروں کے لئے مرثیہ گوئی کے دو زبردست محرک موجود تھے ایک امام حسین سے محبت، دوسرے بادشاہ وقت کا رجحان۔ قیاس کہتا ہے کہ انھوں نے مرثیے ضرور کہے ہونگے۔ مگر اُن کے اور کلام کی طرح اُن کے مرثیے بھی ہم تک نہیں پہنچے۔

واقعات کربلا کے متعلق فارسی زبان میں سب سے قدیم نظم جو میری نظر سے گذری وہ حکیم سنائی غزنوی کی مشہور صوفیانہ اور اخلاقی مثنوی حدیقۃ الحقیقۃ معروف بہ حدیقہ سنائی میں شامل ہے۔ یہ مثنوی تقریباً ۵۲۵ھ (۱۱۳۱ء) میں تصنیف ہوئی تھی۔ اس کے باب الثانی میں "ذکر الحسین" "صفۃ قتل الامیر السید الحسین بن علی" اور "صفۃ الکربلا"

[1] صاحب اسمٰعیل بن عباد ۹۳۶ء میں پیدا ہوا اور ۹۹۵ء میں وفات پائی۔ وہ دو دیلمی بادشاہوں یعنی مؤید الدولہ اور فخر الدولہ کا وزیر رہا۔ زبردست عالم اور علم و ادب کا مربی تھا۔ اس کی فیاضیوں کی کشش سے شاعروں اور ادیبوں کا ایک مجمع اس کے گرد رہتا تھا۔ کتابوں کا عاشق اور ایک بہت بڑے کتبخانے کا مالک تھا۔ کئی کتابیں اس کی تصنیف سے تھیں۔ وہ عربی زبان کا شاعر تھا۔ امام حسین کا مرثیہ بھی اس نے کہا ہے۔ اس بات سے یہ امر اور بھی قرین قیاس ہو جاتا ہے کہ فارسی کے جو شاعر اس کے دامن دولت سے وابستہ تھے انھوں نے فارسی میں مرثیے کہے ہونگے۔

کے عنوانوں کے تحت میں جو اشعار لکھے گئے ہیں ان کے مجموعے کو مرثیہ کہہ سکتے ہیں۔
ہم اس مقام کے چند شعر نقل کرتے ہیں۔ ان اشعار کے درمیان سے بہت سے شعر
بخوف طوالت حذف کر دئے گئے ہیں:۔

پسرِ مرتضےٰ امیر حسین — کہ چنوئے نہ بودہ در کونین
قابل رازِ حق رزانت او — مہبطِ وحیٔ حق امانت او
نبوی جوھرے ز کبر و جلال — یافتہ از کمال صدق جمال
بہ سر و روے و سینہ و دیدار — راست مانند احمدِ مختار
عقل در بندِ عقد پیمانش — بودہ جبریل مہد جنبانش
مصطفےٰ مرورا کشیدہ بدوش — مرتضےٰ پروریدہ در آغوش
برخش اُنس یافتہ زہرا — کردہ برجانش سال و ماہ دعا
دُشمنان قصد جان او کردند — تا دمار از تنش بر آوردند
عمرو عاص از فساد رائے زد — شرع را زود پشت پائے زد
بر یزید پلید بیعت کرد — تا کہ از خاندان بر آرد گرد
شرم و آزرم جملگی برداشت — جمعے از دشمنان برو بگماشت
تا مرا ورا بنامہ و بہ حیل — از مدینہ کشیدہ در منہل
کربلا چون مقام و منزل ساخت — تا کہ آل زیاد بروے تاخت
رہ آب فرات بر بستند — دل او زان عنا و غم خستند
شمر و عبد اللہ زیاد لعین — روح شان جفت باد با نفرین
برکشیدند تیغ بے آزرم — نز خدا ترس و نز خلائق شرم

سرش از تن به تیغ ببریدند — وندران فعل سود می دیدند
بدمشق اندر آن یزید پلید — منتظر بود تا سرش برسید
پیش بنهاد و شادمانی کرد — تکیه بر دنبی و امانی کرد
دست شومش بر آن لب و دندان — زد قصب از نشاط و لب خندان
کینهائے تو جستهٔ ز حسین — خواستهٔ کینهائے بدر و حنین
شهربانو و زینب گریان — مانده در فعل ناکسان حیران
علی الاصغر ایستاده بپائے — وان سگان ظلم را بداده رضائے
سر برهنه بر اشتر و پالان — پیش ایشان ز درد دل نالان
عمر و عاص و یزید و ابن زیاد — همچو قوم ثمود و صالح و عاد
هیچ ناورد در ره بیداد — مصطفےٰ را در مرتضےٰ را یاد
راه آزرم و شرم بر بسته — عهد و پیمان شرع بشکسته
حرمت دین و خاندان رسول — جمله برداشته ز جهل و فضول
تیغها لعل گون ز خون حسین — چه بود در جهان بتر زین شین
زخم شمشیر و نیزه و پیکان — بر سر نیزه سر بجائے سنان
آل یٰسین بداده یکسر جان — عاجز و خوار و بیکس و عطشان
فاطمه رویها خراشیده — خون بباریده بیحد از دیده
مصطفےٰ جامه جمله بدریده — علی از دیده خون بباریده
حسن از زخم کرده سینه کبود — زینب از دیده ها برانده دورود[1]

---

[1] حدیقة الحقیقة، مطبوعه مطبع میرزا ابوطالب شیرازی بمبئی، ۱۸۵۹ء صفحه ۱۴۶ - ۱۴۹

* علی الاوسط = امام زین العابدین

حدیقۂ سنائی کی تصنیف کے کوئی سو برس بعد خواجہ عطار نیشاپوری نے مثنوی خسرو نامہ لکھی، اس میں اشعار ذیل منقبت امام حسین میں کہے ہیں۔ ان اشعار میں بھی مرثیت کا عنصر موجود ہے :-

امامے کافتاب خافقین است — امام ماہ نامہی حسینؑ است
چو خورشیدے جہان را خسرو آمد — کہ نہ معصوم پاکش پس رو آمد
شب از موے سیاہش تیز گشتہ — ز رویش ماہ روشن خیرہ گشتہ
جہان افروز این خورشید رویش — جہان جان فدائے روی مویش
دوگیتی را سواد طرّہ اش زیبؔ — مطہّر ذات او از تہمت عیبؔ
جوہرِ لبش یاقوت بدیا قوت جان بود — عدا رسول حق بر آن گوہر فشان بود
ببین سنگین دلان چہ طرف بستند — کہ آن دُرج گہر درہم شکستند
شد آن یاقوت او یاقوت سیّال — عون بہ سیلان گشت خون یاقوت زان حال
ستمگر ہیوفا چرخ جفا کیش — چنین بازی چرا می برد از پیش
بلے دو نرخ سگش بے طعمہ بودند — بر آل صخر دندان آزمودند
سر فرزند پیغمبر بریدن — وز آن پس دعوی ایمان نمودن
نہ بد در حق آن احرار کردند — کہ کار خویشتن دشوار کردند[1]

اس طرح کی نظمیں تلاش سے اور بھی مل سکتی ہیں۔ لیکن یہ طولانی نظموں کے سلسلے میں ضمناً آگئی ہیں۔ اور گویہ ایران میں مرثیہ گوئی کی ابتداء کا پتا دیتی ہیں۔ تاہم مستقل مرثیوں میں شمار نہیں کی جاسکتیں۔

[1] مثنوی خسرو نامہ مطبوعہ مطبع ثمر ہند، لکھنؤ، ۱۸۷۹ء صفحہ ۴۳-۴۴، اس مثنوی کا دوسرا نام "ہرمز و گلرخ" ہے

ع زیب اور عیب کے قوافی محبوب ہیں ممکن ہے زرین اور رشین ہوں

سب سے پہلا باقاعدہ فارسی مرثیہ جس کو ایران میں مدتوں غیر معمولی شہرت حاصل رہی وہ شیخ آذری کا کہا ہُوا ہے۔ آذری بھی سنائی اور عطّار کی طرح ایک نہایت ذی علم و باعمل صوفی شاعر تھے۔ اُن کا نام حمزہ تھا۔ طوس کے رہنے والے تھے۔ خاندانی اعزاز اس سے ظاہر ہے کہ اُن کے دادا اسفرائن میں "صاحب اختیار" اور باپ خواجہ علی مُلک بیہق میں "سربدار"[1] تھے۔ شیخ آذری ظاہری و باطنی فضائل و علوم سے آراستہ اور طریقت و مجاہدت میں صادق و راسخ تھے۔ جوانی کے دنوں میں شعر و شاعری میں مشغول و مشہور تھے۔ سلاطین و امراء کی مدح میں قصیدے لکھا کرتے تھے۔ بادشاہ اسلام (بقول قاضی نوراللہ شوستری شاہرخ سلطان) ان کی تعریف و تعظیم کرتا تھا۔ اُس نے شیخ آذری کو ملک الشعراء کا خطاب دینے کا وعدہ بھی کیا تھا۔ مگر اسی اثنا میں شیخ کی طبیعت دنیا کی طرف سے ہٹ گئی۔ انھوں نے فقر اختیار کر لیا۔ اور ریاضت و مجاہدت، سلوک و سیاحت میں مصروف ہو گئے۔ دو مرتبہ پیدل حج کیا۔ اور ایک سال بیت اللہ کی مجاوری کی۔ اسی زمانے میں کتاب "سعی الصفا" حرم میں بیٹھ کر لکھی۔ اس کتاب میں مناسک حج اور تاریخ کعبہ کا بیان ہے۔

مکّہ سے واپسی کے بعد شیخ آذری ہندوستان آئے اور کچھ زمانے تک اِس ملک میں مقیم رہے۔ بادشاہ گلبرگہ سلطان احمد نے ایک مرتبہ شیخ کو ایک لاکھ روپیہ بطور انعام دینے کا حکم دیا۔ لوگوں نے شیخ سے کہا کہ تعظیم و تشکّر کے طور پر بادشاہ کے سامنے

---

[1] سربدار خاندان نے تقریباً نصف صدی تک ایران میں سبزوار اور اس کے قرب و جوار کے علاقے پر حکمرانی کی۔ اس خاندان کی ابتدا یوں ہوئی کہ ۷۳۶ھ (۱۳۳۶ء) میں امیر عبدالرزاق بیہقی نے علم بغاوت بلند کیا۔ اور مصنف روضات الجنات کی روایت کے مطابق یہ کہنا شروع کیا کہ

"جمعے مفسدان استیلا یافتہ بر خلائق ستم میکنند۔ اگر توفیق یاہیم دفع ظلم ظالمان نمائیم و الّا سر خود را بر دار بینیم کہ دگر تحمل تعدّی و ظلم ندارہم"۔

اسی قول کی بنا پر امیر عبدالرزاق اور اس کے جانشین "سربدار" کہلانے لگے (تاریخ ادبیات براؤن جلد سوم صفحہ ۱۷۸-۱۷۹)

زمین پر سر رکھو۔ شیخ نے منظور نہ کیا۔ اور وہ رقم لینے سے انکار کر دیا۔

ہندوستان سے واپس جا کر شیخ آذری نے خلوت اور قناعت کی زندگی اختیار کر لی۔ تیس چالیس برس تک سجادۂ عبادت پر بیٹھے رہے۔ کبھی کسی کے دروازے پر کوئی التجا لے کر نہیں گئے۔ اصحاب دین و دولت اور ارباب ملک و ملت خود شیخ کی صحبت کے طالب رہتے تھے۔ اور ان کی خدمت شریف میں اپنی التجائیں لے جاتے تھے۔ شہزادۂ سلطان محمد بن بائسنغر عراق جاتے وقت شیخ آذری کی زیارت کو گیا۔ شیخ نے عدل و فضل کے بارے میں مفید نصیحتیں کیں۔ شہزادے کو شیخ سے بڑی عقیدت ہو گئی۔ اور اس کے حکم سے ایک "بدرہ زر" شیخ کو پیش کیا گیا۔ مگر انھوں نے قبول نہ کیا۔ اور یہ شعر پڑھا:۔

زر کہ ستانی و بر افشانیش ہم بہ از ان نیست کہ نہ ستانیش

شیخ آذری نے نکاتِ حدیث اور رموز طریقت شیخ محی الدین طوسی غزالی سے حاصل کئے۔ اور ان کی وفات کے بعد ایک مدت تک سید نعمت اللہ کی خدمت میں حاضر اور سلوک میں مشغول رہے۔ ان کو جو حقائق و معارف عالم غیب سے حاصل ہوئے ان کا بیان بہت تفصیل چاہتا ہے۔

شاہزادہ اُلغ بیگ میرزا کی غیر معمولی قوت حافظہ کے بیان میں دولت شاہ نے شیخ آذری کی زبانی لکھا ہے کہ میرے مامون صاحبقران تیمور گورگان کے قصہ خوان تھے۔ میں اُن کے ساتھ قراباغ میں رہتا تھا۔ وہیں شاہزادہ اُلغ بیگ میرزا کی خدمت میں رسائی ہوئی۔ چند سال وہاں رہا۔ بچپن کا زمانہ تھا۔ شہزادے کے ساتھ کھیلا کرتا اور قصے کہانیاں کہا کرتا تھا۔ شہزادہ مجھ سے محبت کرتا تھا۔ ۸۵۲ھ میں جب بادشاہ اُلغ بیگ

نے خراسان فتح کیا اور اسفرائن میں نزول فرمایا تو میں بادشاہ کی خدمت میں دوڑا گیا۔ میں اس وقت بوڑھا ہو چکا تھا اور فقر و صلحا کے لباس میں تھا۔ مگر بادشاہ نے دور سے مجھ کو دیکھتے ہی سلام اور مزاج پرسی کے بعد فرمایا کہ اے درویش تو میرا قدیم مصاحب اور جلیس معلوم ہوتا ہے۔ کیا تو ہمارے قصہ خوان کا بھانجا نہیں ہے؟ مجھے بادشاہ کی ذہانت اور قوت حافظہ پر تعجب ہوا اور میں نے جواب دیا جی ہاں میں وہی ہوں پھر قرا باغ وغیرہ کے قصے نکلے اور جو کچھ مجھ کو یاد تھا میں نے بیان کیا۔

شیخ آذری کا دیوان ملکوں ملکوں مشہور ہے۔ دیوان کے علاوہ نظم و نثر میں کئی کتابیں شیخ کی تصنیف سے ہیں۔ مثلاً جواہر الاسرار، سعی الصفا، طغرائے ہمایوں، عجائب الغرائب۔

جواہر الاسرار نوادر امثال اور شرح ابیاتِ مشکلہ وغیرہ کا مجموعہ ہے۔ اس کتاب میں آذری نے خاقانی کے اس قصیدے کے مشکل اشعار کی شرح کی ہے جس کا مطلع یہ ہے:-

فلک کجرو ترا است از خطِ ترسا
مرا دارد مسلسل راہب آسا

اور لکھا ہے کہ خاقانی اور فلکی دونوں ابوالعلاء گنجوی کے شاگرد تھے۔ یہ بھی لکھا ہے کہ شیخ سعدی اپنی آخری عمر میں امیر خسرو سے ملنے کے لئے ہندوستان گئے تھے اور خسرو کو سعدی سے جو عقیدت تھی وہ حدِ تصور سے باہر ہے۔ اِس کتاب میں آذری نے مولانا شرف الدین رامی کا ایک قصیدہ نقل کیا ہے جس میں تمام صنائع و بدائع شعریہ آگئے ہیں۔ اور مولانا لطف اللہ نیشاپوری کی مندرجہ ذیل رباعی کے متعلق یہ

رائے ظاہر کی ہے کہ یہ صنعت مراعاۃ النظیر کی بینظیر مثال ہے :-

گل داد پریر درع فیروزہ بباد　　دی جوشن لعل لالہ بر خاک افتاد
وا داد آب چمن خنجر مینا امروز　　یاقوت سنان آتش نیلوفر داد

شیخ آذری نے بیاسی سال کی عمر پائی۔ ان کی وفات قصبۂ اسفرائن میں سنہ ۸۶۶ھ میں واقع ہوئی۔ شیخ نے اپنی ساری جائداد اور املاک صلحا، فقرا، زُہّاد اور طلبہ کے لئے وقف کر دی تھی۔ اُن کے روضے میں فرش اور روشنی کا انتظام تھا۔ درس و افادہ سے رونق رہتی تھی۔ زوّار ان کے مرقد منوّر پر اپنی التجائیں لے جاتے تھے۔ اور سلاطین و حکام اُن کے روضۂ مطہّر کے مجاورون سے احسان اور شفقت کے ساتھ پیش آنا اپنا فرض سمجھتے تھے۔

ذیل کا قطعہ جو بعض الفاظ کی تبدیلی اور بعض اشعار کے حذف کے ساتھ نہایت مشہور ہے۔ شیخ آذری کا کہا ہُوا ہے :-

اگرچہ شاعران از روئے اشعار　　زیک جام اند در بزم سخن مست
ولے بابادۂ بعضے حریفان　　فریب چشم ساقی نیز پیوست
زبان معنیٔ ایشان گہ نظم　　دہان از گفتۂ صورت فرو بست
ہمہ غوّاصِ دریائے کمال اند　　کہ در بحرِ حقیقت افگنند شست
مبین یکسان کہ در اشعار این قوم　　ورائے شاعری چیزے دگر ہست

شیخ آذری کے حالات جو اوپر مذکور ہوئے دولت شاہ سمرقندی کے تذکرۂ شعرا سے ماخوذ ہیں اور اس کتاب کا وہ نسخہ میرے پیش نظر ہے جو پروفیسر براؤن کی تصحیح و ترتیب سے ملک ہالینڈ کے شہر لیدن میں سنہ ۱۹۰۱ء میں چھپا تھا۔

محمد قاسم فرشتہ نے اپنی تاریخ میں ۸۳۲ھ کے حالات کے ضمن میں لکھا ہے کہ سالک مسالک طریقت شیخ آذری اسفرائنی ان دنوں سلطان احمد شاہ بہمنی کے ہمراہ رکاب تھے۔ اور بادشاہ اُس کے آباد کئے ہوئے شہر احمد آباد بیدر کی مدح میں قصیدے کہتے اور صلے پاتے تھے۔ اُنھوں نے سلطان کے حکم سے بہمن نامہ لکھنا شروع کیا تھا۔ مگر جب سلطان کے حالات تک پہنچے تو کتاب کو بادشاہ کے حضور میں پیش کر کے اپنے وطن واپس جانے کی اجازت مانگی۔ بادشاہ نے کہا کہ سید محمد گیسو دراز کے انتقال کا مجھ کو بہت صدمہ ہے۔ تمہاری صحبت سے میرا غم غلط ہو جاتا ہے۔ اب تم اپنے فراق کے غم میں مجھے مبتلا نہ کرو۔ شیخ آذری نے بادشاہ کے اس التفات سے متاثر ہو کر واپسی کا ارادہ ترک کر دیا۔ اور اپنے فرزندوں کو بھی یہیں بلا لیا۔ کچھ دن بعد جب احمد آباد کے نئے شہر میں نیا قصر حکومت تیار ہو گیا۔ تو شیخ آذری نے اس کی تعریف میں دو شعر کہے جو بادشاہ نے پسند کئے۔ اور شہزادۂ علاؤ الدین کی سفارش سے شیخ کو وطن جانے کی اجازت دیدی۔ شاہی حکم کے مطابق چالیس ہزار روپے شیخ کے سامنے رکھے گئے۔ شیخ نے ان کو دیکھ کر کہا لا یحمل عطایاکم الّا مطایاکم بادشاہ مسکرایا اور سفر خرچ کے لئے بیس ہزار روپے اور دئے اور خلعت خاصہ اور پانچ ہندی غلام بھی عنایت کئے۔ شیخ آذری نے چلتے وقت بادشاہ سے وعدہ کیا تھا کہ جب تک زندہ رہوں گا بہمن نامہ کی تصنیف میں مصروف رہوں گا۔ شیخ نے یہ وعدہ پورا کیا اور ہر سال جتنا حصہ لکھتے تھے خراسان سے دکن بھیج دیا کرتے تھے۔ ہمایوں شاہ بہمنی تک کا حال شیخ آذری کا لکھا ہوا ہے۔ اُس کے بعد کے بادشاہوں کا حال بہمنی سلطنت کے اختتام تک ملا نظیری ملا سامعی اور دوسرے شاعر وقتاً فوقتاً لکھ لکھ کر

بہمن نامہ میں شامل کرتے رہے۔ اس کے بعد فرشتہ نے شیخ آذری کے جو حالات لکھے ہیں وہ مختصراً حسب ذیل ہیں :-

شیخ آذری اپنے زمانے کے مشہور شعرا میں سے تھے۔ جدت فہم اور جودت ذکا میں شہرت رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ الغ بیگ میرزا سے ملنے کے لئے مشہد مقدس گئے۔ میرزا کے استفسار پر شیخ نے جواب دیا کہ میں آذر کے مہینے میں پیدا ہوا تھا۔ اس لئے آذری تخلص رکھا۔ میرزا شیخ کی صحبت سے خوش ہوا۔ ان کو بہت کچھ انعام دیا۔ اور اُن کی مصاحبت کی خواہش ظاہر کی۔ کہولت کے سن میں شیخ کی طبیعت درویشی کی طرف مائل ہوگئی۔ اُنھوں نے اسفرائن سے حجاز کا سفر کیا۔ اور حج اکبر اور طواف مرقد نبوی سے فارغ ہوکر ہندوستان کا رُخ کیا۔ احمد شاہ بہمنی کی خدمت میں پہنچ کر اچھے اچھے قصیدے پیش کئے۔ اور بڑے بڑے انعام پائے۔ اور بادشاہ کی ملازمت اختیار کرکے ملک الشعرائی کے درجے تک پہنچے۔ ایک مدت کے بعد حب وطن نے جوش مارا اور جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے شہزادہ علاؤ الدین کی سعی وسفارش سے خراسان واپس گئے۔ اسفرائن پہنچ کر شیخ نے بہت سے کار خیر انجام دئے۔ عمارتیں اور سرائیں بنوائیں۔ اور بقیہ عمر عبادت میں بسر کرکے ۸۶۶ھ میں انتقال کیا۔

قاضی نور اللہ شوستری نے اپنی کتاب مجالس المومنین میں لکھا ہے کہ شیخ آذری کے اکثر قصائد مناقب اہلبیت علیہم السلام میں ہیں۔ اور مندرجۂ ذیل دو شعر اس تمہید کے ساتھ نقل کئے ہیں۔ "در مرثیۂ حضرتِ امام حسینؑ می فرماید"۔

سوراخ می شود دل ماچون گل حسین ہر جا کہ ذکر واقعۂ کربلا رود

گر خلق را خدائے بگیرد بہ اولیاء ترسم کہ این معاملہ با انبیا رود

ریاض الشعرا ، آتشکدہ ، مجمع الفصحا ، وغیرہ میں آذری کا ذکر ہے۔ مگر ان کے مرثیے کا تذکرہ نہیں ہے۔ ریاض الشعرا کے مصنف نے آذری کے جو اشعار نقل کئے ہیں اُن میں بلا کسی تمہید یا نوٹ کے یہ شعر بھی نقل کر دیا ہے :۔

سورا خ می شود دل ما چون گل حسین

ہر جا کہ ذکر واقعۂ کربلا رود

علامہ آزاد بلگرامی نے بھی یہ شعر نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ آذری نے امام حسینؑ کے مرثیے میں ایک ترکیب بند کہا ہے ، جس میں یہ بیت بھی ہے ۔ اس بیت کے متعلق کسی بزرگ کی زبانی یہ نقل بیان کی ہے کہ ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسولؐ خدا اصحاب کے ساتھ کہیں تشریف لئے جا رہے ہیں۔ میں نے ایک شخص سے حال دریافت کرنا چاہا ۔ مگر آنحضرت صلعم خود متوجہ ہوئے ۔ اور فرمایا ۔ کہ آذری نے میرے فرزند کے مرثیے میں ایک بیت کہی ہے ، اُس کے صلے میں میں آذری کی زیارت کے لئے جا رہا ہوں[1]۔

تاریخ عالم آرائے عباسی کا مصنف اسکندر بیگ جو شاہ عباس اعظم کا میر منشی اور ملا محتشم کاشی کا ہمعصر تھا۔ محتشم کے مشہور مرثیے کی تعریف کے سلسلے میں لکھتا ہے :۔

"بہ مرثیۂ شیخ آذری علیہ الرحمۃ کہ تا غایت ہیچ کس از شعرا متتبع آن نتوانستند نمود قلم نسخ کشیدہ[2]"

اس عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ آذری کے مرثیے کی شہرت سو برس سے زیادہ

---

[1] خزانۂ عامرہ صفحہ ۲۲ [2] تاریخ عالم آرائے عباسی مطبوعہ طہران ۱۳۱۴ھ صفحہ ۱۳۰

قائم رہی۔ اس طویل مدت میں اور شاعروں نے بھی مرثیے کہے مگر وہ اِس صنف سخن میں شیخ آذری سے آگے نہ بڑھ سکے۔ اور ان سے زیادہ شہرت نہ حاصل کر سکے۔

ممکن ہے کہ تلاش سے آذری کے پہلے اور فوراً بعد کے کہے ہوئے مرثیوں کا پتا لگ جائے۔ مگر یہ مرثیہ گوئی کی اتفاقی اور منتشر مثالیں ہونگی۔ ایران میں مرثیہ گوئی کا عام رواج صفویوں کے عہد حکومت میں ہوا۔ صفوی بادشاہوں نے اپنے مذہبی عقائد اور سیاسی مصالح کی بنا پر آل رسول سے عقیدت اور اُن کے مخالفین سے نفرت کے جذبات کو ابھارنے اور ترقی دینے کے لئے ہر طرح کی تدبیریں اختیار کیں۔

صفوی خاندان کا بانی شاہ اسمٰعیل ایک حیرت خیز شخصیت رکھتا تھا۔ اُس نے اپنی قوت بازو سے تیرہ برس کی قلیل عمر میں ایران کا تخت حاصل کر لیا اور ۹۰۶ھ (۱۵۰۰ء) میں اپنی بادشاہی کا اعلان کر دیا۔ اس نے اپنی سلطنت کے پہلے ہی سال میں مذہب شیعہ کو ایران کا قومی مذہب قرار دے دیا[1]۔ فضائل ائمہ کی محفلوں اور مصائب شہدا کی مجلسوں کو خوب رواج دیا۔ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اُن محفلوں اور مجلسوں میں پڑھنے کے لئے شاعروں نے نظمیں اور نثاروں نے کتابیں تصنیف کی ہونگی۔

شاہ اسمٰعیل کے عہد سلطنت کی ابتدا ہی میں ملا حسین واعظ کاشفی نے مجالس عزا میں پڑھنے کے لئے کتاب روضۃ الشہدا لکھی جو بیحد مقبول ہوئی۔ اس کے پڑھنے کے لئے مخصوص پر اثر طرز ایجاد کئے گئے۔ بعض لوگوں نے اس کا پڑھنا اپنا پیشہ کر لیا۔ یہ لوگ روضہ خوان کہلاتے تھے۔ روضۃ الشہدا کی مقبولیت کا فطری نتیجہ یہ ہوا کہ اُس کے انداز میں بہت سی کتابیں لکھی گئیں۔ یہ کتابیں بھی مجالس عزا میں پڑھی جاتی تھیں۔

---

[1] کسی تورانی نے اس واقعے کی تاریخ نکالی۔ "مذہب ناحق" (۹۰۶ھ)۔ ایران کے کسی طبیعت دار آدمی نے یہ مادۂ تاریخ سن کر کہا کہ یہ فارسی نہیں عربی فقرہ ہے "مذھبنا حق" یعنی ہمارا مذہب حق ہے۔
مفتاح التواریخ صفحہ ۱۴۳-۱۴۴

مگران کے پڑھنے والے بھی روضہ خوان ہی کہلاتے تھے۔

شاہ اسمٰعیل صفوی کے بعد اس کا بڑا بیٹا شاہ طہماسپ تخت نشین ہوا۔ اس نے پچاس برس سے زیادہ سلطنت کی (۹۳۰-۹۸۴ھ = ۱۵۲۴-۱۵۷۶ء) یہ بادشاہ بھی اپنے باپ کے نقش قدم پر چلا۔ اور اس نے بھی مذہب شیعہ کی ترویج و استحکام میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا۔ تاریخ عالم آرائے عباسی میں لکھا ہے کہ شاہ طہماسپ کو ابتدائے سلطنت میں شاعری سے خاص دلچسپی تھی۔ مگر آخر عمر میں مذہبیت کے غلبے سے وہ شعراء کو وسیع المشرب خیال کرنے لگا تھا۔ اس لئے ان کی طرف توجہ نہ کرتا تھا۔ اور ان کو قطعہ یا قصیدہ پیش کرنے کی اجازت نہ دیتا تھا۔ مولانا محتشم کاشی نے ایک عمدہ قصیدہ بادشاہ کی مدح میں کہہ کر شاہزادی پری خانم کے توسط سے بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا۔ بادشاہ نے کچھ صلہ نہ دیا اور کہا کہ میں اس امر پر راضی نہیں ہوں کہ شعرا میری مدح میں مبالغہ کر کے دروغگوئی کے مرتکب ہوں۔ اُن کو چاہئے کہ حضرت علی اور دیگر ائمہ معصومین کی شان میں قصیدے کہہ کر اوّل ان حضرات کی ارواح مقدسہ سے اور اُس کے بعد مجھ سے صلے کی توقع کریں۔ محتشم نے جب یہ خبر سُنی تو مرحوم ملاحسن کاشی کے بینظیر ہفت بند کے جواب میں ایک ہفت بند حضرت علی کی شان میں کہہ کر بادشاہ کی خدمت میں بھیجا اور کافی صلہ پایا۔ اس کے بعد پائے تخت کے اور شاعروں نے بھی ہفت بند کہنا شروع کیا۔ کوئی پچاس ساٹھ ہفت بند بادشاہ کی خدمت میں پیش کئے گئے۔ اور ان سب کے مصنف صلے سے سرفراز ہوئے۔

تاریخ عالم آرائے عباسی کے مصنف کا یہ بیان فارسی شاعری کی تاریخ میں بالعموم اور مدائح ائمہ ہدا اور مراثی شہدائے کربلا کی تاریخ میں بالخصوص بہت اہمیت رکھتا ہے اس لئے وہ یہاں لفظ بلفظ نقل کیا جاتا ہے:۔

"در آن ہنگام در اردوئے معلےٰ و ممالک محروسہ شاعران سخنور و سخنوران بلاغت گستر بے شمار بودند۔ در اوائل حال حضرت خاقانی جنت مکانی را توجہ تمام بحال ایں طبقہ بود۔ چند گاہ میرزا اشرف جہان و مولانا حیرتی از ہمصحبتان بزم اقدس و معاشران مجلس مقدس بودند۔ و در اواخر ایام حیات کہ در امر معروف و نہی منکر مبالغہ عظیم می فرمودند، چون این طبقہ علیہ را وسیع المشرب شمردہ از صلحا و زمرۂ اتقیا نمی دانستند، زیادہ توجہے بحال ایشان نمی فرمودند، و راہ گزرانیدن قطعہ و قصیدہ نمیدادند۔ مولانا محتشم کاشی قصیدۂ غرّا در مدح آنحضرت و قصیدۂ دیگر در مدح مخدومۂ زمان شہزادہ پری خانم بنظم آوردہ از کاشان فرستادہ بود۔ بوسیلۂ شہزادۂ مذکور معروض گشت۔ شاہ جنت مکان فرمودند کہ من راضی نیستم کہ شعرا زبان بمدح و ثنائے من آلایند۔ قصائد در شان حضرت شاہ ولایت پناہ و ائمہ معصومین علیہم السلام بگویند۔ صلہ اوّل از ارواح مقدسۂ حضرات و بعد ازان از ما توقع نمایند۔ زیرا کہ بفکر دقیق و معانی بلند و استعارہائے دور از کار در رشتہ بلاغت در آوردہ بملوک نسبت می دہند کہ بمضمون "از احسن اوست اکذب او" اکثر در موضع خود نیست۔ امّا اگر بحضرات مقدسات نسبت نمایند کو شان معانی نشان ایشان بالاتر از آنست محتمل الوقوع است۔ غرضکہ جناب مولانا صلۂ شعر از جانب اشرف نیافت چوں این خبر بمولانا رسید ہفت بند مولانا حسن کاشی کہ در شان حضرت شاہ ولایت سلطان سریر ہدایت، در رشتۂ نظم کشیدہ و ہمانا از الہام الٰہی ست و دست سخنوران زمان از دامن آن کوتاہ جواب گفتہ بخدمت فرستاد۔ صلۂ لائق یافت شعرا

پائے تخت ہمایوں شروع در ہفت بند گوئی کردہ۔ قریب پنجاہ شصت ہفت بند غرا ابتدیع بمعرض عرض در آوردہ شد و بھگی بجائزہ و صلہ مفتخر و سرفراز گشتند۔"[1]

مندرجہ بالا بیان کو ادبیات ایران کی تاریخ میں جو اہمیت حاصل ہے اُس کے علاوہ اِس عبارت کو لفظ بلفظ نقل کرنے کی ایک وجہ اور بھی ہے۔ وہ یہ کہ اس کے متعلق علامہ آزاد بلگرامی اور پروفیسر براؤن انگلیسی کو کچھ غلط فہمیاں ہوگئی ہیں جن کا ازالہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔ علامۂ آزاد نے اپنے مشہور تذکرۂ شعرا خزانۂ عامرہ میں محتشم کا حال لکھتے ہوئے "تاریخ عالم آرائے عباسی" کا حوالہ دے کر اِس بیان کا خلاصہ لکھ دیا ہے۔ یہ خلاصہ بالکل صحیح ہے لیکن "چون این خبر بہ مولانا رسید" کے بعد لکھتے ہیں :۔

"ترکیب بند مرثیۂ سید الشہدا رضی اللہ عنہ گفتہ فرستاد و بجائزۂ لائقہ کامیاب گردید۔"[2]

یعنی یہ خبر سن کر محتشم نے امام حسین کا ترکیب بند مرثیہ کہہ کر بادشاہ کو بھیجا اور کافی صلہ حاصل کیا۔ حالانکہ تاریخ مذکور میں صاف لکھا ہے کہ محتشم نے ملا حسن کاشی کے ہفت بند کے جواب میں ہفت بند کہہ کر بھیجا۔ یہ غلط فہمی یوں پیدا ہوئی ہوگی کہ محتشم کا ہفت بند مشہور نہ تھا اور غالباً علامہ آزاد کی نظر سے نہیں گزرا۔ برخلاف اس کے محتشم کا مرثیہ نہایت مشہور تھا۔ بلکہ یوں کہہ سکتے ہیں کہ جتنی شہرت حسن کاشی کے ہفت بند کو حاصل تھی اتنی ہی محتشم کاشی کے مرثیے کو بھی حاصل تھی۔ پھر مرثیۂ محتشم ہفت بند کاشی کی طرح ایک ترکیب بند نظم ہے اور اس کا مشہور و معروف نام بھی ہفت بند سے ملتا ہوا یعنی دوازدہ بند ہے۔ نام میں مشابہت، شکل میں یکسانی، اور شہرت میں برابری، اِن وجوہ سے علامۂ مذکور کو خیال

---

[1] ۔ تاریخ عالم آرائے عباسی مطبوعۂ طہران صفحہ ۱۲۹

[2] ۔ خزانۂ عامرہ، مطبع نولکشور، کانپور صفحہ ۴۰۵

ہوا ہوگا کہ محتشم نے ہفت بند کاشی کے جواب میں جو نظم لکھ کر کافی صلہ پایا تھا وہ یہی مرثیہ ہوگا ہفت بند محتشم سے ناواقفیت کی حالت میں یہ خیال پیدا ہونا بالکل فطری ہے تاریخ ادبیات ایران کے فاضل مصنف پروفیسر براؤن کو بھی یہی غلط فہمی ہوئی۔ اور وہ اس غلط فہمی کی بنا پر پے در پے غلطیاں کرتے چلے گئے۔ ذیل میں پروفیسر مذکور کی اصل عبارت نقل کی جاتی ہے :-

"Thereupon Muhtasham composed his celebrated haft-band, or poem of seven verse strophes, in praise of the Imams, and this time was duly and amply rewarded..... This poem is cited in most of the anthologies which include Muhtasham, but most fully in the Kharábát of Ziyá Páshá (vol. II, pp. 197—200). In this fullest form it comprises twelve strophes, each consisting of seven verses, and each concluding with an additional verse in a different rhyme, thus comprising in all ninty-six verses."[1]

اس عبارت کا ترجمہ یہ ہے :-

"یہ خبر سن کر محتشم نے مدح ائمہ میں اپنا مشہور ہفت بند کہا، یعنی ایسی نظم جس میں سات سات شعروں کے بند ہیں۔ اور اس مرتبہ اُن کو مناسب اور کافی صلہ ملا ..... جن بیاضوں میں محتشم کا کلام شامل ہے ان میں سے اکثر میں یہ نظم نقل کی گئی ہے۔ لیکن سب

---

[1] ۔ تاریخ ادبیات ایران۔ جلد چہارم صفحہ ۱۷۳

سے زیادہ مکمل طور پر ضیا پاشا کی خرابات[1] (جلد دوم صفحہ ۱۹۷-۲۰۰) میں ملتی ہے۔ اس مکمل صورت میں وہ بارہ بندوں پر مشتمل ہے۔ ہر بند میں سات (ہم قافیہ) شعر اور آخر میں ایک فاضل شعر مختلف قافئے میں ہے۔ اس طرح پوری نظم میں چھیانوے شعر ہیں۔"

یہ لکھنے کے بعد پروفیسر براؤن نے بخیال خود ہفت بند محتشم کے تین بند نقل کئے ہیں، جن کو دیکھنے کے بعد اس میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا کہ پروفیسر براؤن مرثیہ محتشم کو ہفت بند محتشم سمجھتے تھے۔ اس غلط فہمی کے علاوہ اُن کے منقولۂ بالا بیان میں حسب ذیل غلطیاں اور موجود ہیں :-

۱- وہ لکھتے ہیں کہ اس نظم میں ائمہ کی مدح کی گئی ہے۔ حالانکہ اس کا موضوع شہادت امام حسین ہے۔ ہفت بند محتشم میں بھی متعدد ائمہ کی مدح نہیں ہے بلکہ صرف حضرت علی کی مدح ہے۔

۲- ہفت بند کی تعریف یہ کی ہے۔ ایسی نظم جس میں سات سات شعروں کے بند ہوں۔ درآنحالیکہ 'ہفت بند' کا نام ہی بتاتا ہے کہ وہ سات بندوں کی نظم ہونا چاہیئے۔

۳- ہر بند کے آخر میں جو بیت مطلع کی شکل کی ہوتی ہے اس کو وہ فاضل شعر کہتے ہیں، اور بند میں اس کا شمار نہیں کرتے۔ مگر حقیقۃً وہ بند کا جزو ہوتی ہے۔

ان غلطیوں کے اسباب یہ معلوم ہوتے ہیں کہ پروفیسر براؤن نے نہ حسن کاشی کا ہفت بند دیکھا نہ محتشم کاشی کا۔ وہ محتشم کے مرثیے کو اُس کا ہفت بند سمجھے۔ اس مرثیے میں بارہ بند ہیں۔ اُس کو ہفت بند قرار دینے کے لئے اس کے ہر بند کے اشعار کی تعداد

[1] ضیا پاشا ایک ترکی ادیب اور شاعر تھا۔ اس نے عربی، فارسی اور ترکی اشعار کا ایک ضخیم مجموعہ مرتب کیا جو خرابات کے نام سے قسطنطنیہ میں ۱۲۹۲ھ مطابق ۱۸۷۵ء میں تین جلدوں میں شائع ہوا۔

پر نظر کی تو وہ آٹھ نکلے - چونکہ ہر بند کا آخری شعر صورت میں اور شعروں سے مختلف ہوتا ہے۔ اس لئے اُس کو شمار سے خارج کر کے ہر بند میں سات شعر قرار دئے - اور اس سے یہ نتیجہ نکالا کہ ہفت بند ایسی نظم کو کہتے ہیں جس کے ہر بند میں سات شعر ہوں - خیر یہ غلطی تو قیاسی ہے جو دوازدہ بند کو ہفت بند ثابت کرنے کی کوشش میں واقع ہوئی - اس سے زیادہ تعجب خیز یہ بات ہے کہ محتشم کا پورا مرثیہ پڑھنے کے بعد پروفیسر براؤن نے یہ کیونکر لکھ دیا کہ اس نظم کا موضوع مدح ائمہ ہے۔ ایسے فاضل، محقق اور محتاط مصنف سے ایسی فاش غلطیاں ہو جانا ہر مدعی تحقیق کے لئے سبق عبرت ہونا چاہیئے - بہر حال تحقیق میں غلطی ہو جانا اور چیز ہے اور بلا تحقیق کچھ لکھ مارنا اور چیز ہے -

قصہ مختصر شاہ طہماسپ صفوی نے شعرا کے ساتھ جو طرز عمل اختیار کیا اس کا نتیجہ یہی ہو سکتا تھا کہ عام شاعری کو زوال اور مذہبی شاعری کو ترقی ہو - صفوی عہد کی مذہبی شاعری دو شعبوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے - ایک کا موضوع ہے مناقب ائمہ بالخصوص مدح حضرت علی اور دوسرے کا مصائب ائمہ بالخصوص شہادت امام حسین - چونکہ اس مضمون کا موضوع بحث یہی دوسرا شعبہ ہے لہذا پہلے شعبہ سے قطع نظر کی جائے گی -

مصائب ائمہ کے بیان میں ایران کے جس شاعر نے لازوال شہرت حاصل کی وہ ملا محتشم ہیں - کاشان کا شہران کا وطن تھا - اُسی کی نسبت سے محتشم کاشی کہلاتے ہیں - تاریخ عالم آرائے عباسی کا مصنف محتشم کا ہمعصر تھا - اس نے لکھا ہے کہ مولانا محتشم خطہ کاشان سے ہیں - شاعری میں شہرۂ آفاق ہیں - جو صنائع و بدائع اپنے اشعار میں لاتے ہیں وہ دوسرے شاعروں کی دسترس سے باہر ہیں - بہت سے قصیدے اور بے شمار غزلیں اور ترکیب بند اُن کی تصنیف سے ہیں - ان کی رنگین عاشقانہ غزلیں خاص طرز

کی ہیں[1]۔

خاندان صفویہ کے اختتام کے کچھ ہی دن بعد والہ داغستانی نے اپنا ضخیم تذکرہ ریاض الشعرا لکھا اس میں محتشم کے متعلق صرف اتنا لکھا ہے کہ مولانا محتشم کاشی شعرائے مکرم میں معظم اور فصحاے محترم میں محتشم ہیں۔ شاہ اسمٰعیل اور شاہ طہماسپ کے زمانے میں دنیا میں کوس یکتائی بجاتے تھے۔ ان کا دیوان معروف اور اشعار مشہور ہیں[2]۔

ریاض الشعرا کی تصنیف کے چند سال بعد آذر اصفہانی نے اپنا تذکرہ آتشکدہ لکھا۔ اس میں مختلف مقامات کے شعرا کو اُن مقامات کے تحت میں یکجا کر دیا ہے محتشم کا ذکر عراق عجم کے شاعروں میں کیا ہے۔ لکھتا ہے مولانا محتشم اندبار کے رہنے والے تھے۔ شاہ طہماسپ صفوی کے مدّاح اور اس زمانے کے شعرائے فصاحت شعار میں ممتاز تھے۔ اکثر فنون نظم میں کمال مہارت رکھتے تھے۔ بالخصوص قصیدہ اور غزل میں۔ بلند اور متین قطعاتِ عاشقانہ بھی اُن کی تصنیف سے ہیں۔ ان کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اکثر اوقات مرض محبت میں مبتلا رہے۔ چنانچہ ایک دیوان مسمّٰی بہ جلالیہ اور ایک دیوان مسمّٰی بہ نقل عشاق مرتب کیا۔ اور ان دونوں کتابوں میں اپنا اور اپنے معشوق کا مفصّل نظماً اور نثراً بیان کیا ہے۔ ابتدائے عمر سے شعر کہتے تھے۔ چند دیوان مرتب کئے اور زمانۂ تصنیف کی نسبت سے صبائیہ اور شبابیہ ان کا نام رکھا۔ مثنوی اور رباعی نہیں کہی۔ کافی عمر پائی[3]۔

صاحب خزانۂ عامرہ علّامہ آزاد بلگرامی لکھتے ہیں کہ محتشم کاشی استاد عالیمقام

---

[1] تاریخ عالم آرائے عباسی مطبوعہ طہران صفحہ ۱۳۰،

[2] ریاض الشعراء قلمی، نوشتہ ۱۱۸۲ھ، حرف میم۔ یہ نسخہ تاریخ تصنیف سے صرف تیرہ برس بعد کا لکھا ہوا ہے

[3] تذکرۂ آتشکدہ۔ مطبوعہ

اور سخن سنجوں کی جماعت میں صاحب احتشام ہیں۔ اُنھوں نے ایک مختصر مثنوی عبدالرحیم خانخاناں کی مدح میں لکھ کر کاشان سے ہندوستان بھیجی اور اس میں ایک شخص کی طرف سے عرض حال کیا۔ خانخاناں نے ملا محتشم کی سفارش سے اس شخص کی درخواست منظور کر کے اس کا مقصد پورا کر دیا۔[1]

رضا قلی خان ہدایت طبرستانی طہرانی نے اپنا ضخیم تذکرہ مجمع الفصحا ناصرالدین شاہ قاچار کے عہد حکومت میں ۱۲۸۸ھ (۱۸۷۱ء) میں تمام کیا۔ وہ لکھتے ہیں کہ محتشم کاشانی شاہ طہماسپ کے معاصر و مداح اور مشہور شعرا میں سے تھے۔ ایام شباب میں شاطر جلال سے عشق بازیاں کیں اور غزلیں کہہ کر اُن کا نام جلالیہ رکھا۔ اور اُن پر ایک نثر لکھ کر اسے نقل عشاق کے نام سے موسوم کیا۔ ان کا دیوان میری نظر سے گزرا۔ صبائیہ اور شبابیہ پر مشتمل ہے۔[2]

پروفیسر براؤن لکھتے ہیں کہ عہد صفوی کے کثیر التعداد شعرا جنھوں نے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کو ائمہ کے فضائل و مصائب کی اشاعت کے لئے وقف کر دیا تھا اُن میں محتشم کاشی سب سے ممتاز ہیں۔ ان کا انتقال ۹۹۶ھ مطابق ۱۵۸۸ء میں ہوا۔[3]

مختلف ماخذوں سے محتشم کے حالات جو کچھ معلوم ہوئے وہ اوپر درج کر دئے گئے اب دیکھنا یہ ہے کہ خود محتشم کے کلام سے اُن کے حالات پر کیا روشنی پڑتی ہے۔ میرے پیش نظر کلیات محتشم کا وہ نسخہ ہے جو ۱۳۰۴ھ میں بمبئی میں چھپا تھا۔ اس میں سب سے پہلے رسالہ جلالیہ ہے۔ مصنف کا بیان ہے کہ ۹۷۰ھ میں شاطر جلال نے اصفہان سے آکر کچھ دن کاشان میں قیام کیا۔ اس کے حسن و جمال کا یہ عالم تھا کہ طفل صغیر سے لے کر

---

[1] ۔ خزانۂ عامرہ۔ مطبع نولکشور کانپور سنہ ۱۹۰۱ء صفحہ ۴۰۴

[2] ۔ مجمع الفصحا، مطبوعہ طہران، جلد دوم صفحہ ۳۶

[3] ۔ تاریخ ادبیات ایران جلد چہارم صفحہ ۱۷۲

شیخ کبیر تک اس پر شیفتہ ہوگیا۔ اُس کے عشق سے میرے دل پر جو کچھ گذری اور میرے اور اس کے درمیان جو کچھ واقع ہوا اس کو میں غزلوں کی شکل میں بیان کرتا رہا۔ ان غزلوں کی تعداد چونسٹھ ہے جو اتفاق سے لفظ جلال کے اعداد کے مطابق ہے۔ اور ان کے مجموعے کا نام جلالیہ ہے۔ ۹۸۰ھ میں میرزا سلیمان حسابی تذکرۂ اوصاف البلاد کی تالیف میں مصروف تھے۔ اور میری ان غزلوں کو کتاب میں شامل کرنا چاہتے تھے۔ اُن کی فرمائش سے میں نے ہر غزل کے شروع میں وہ حالات لکھ دئے، جو اُس غزل کی تصنیف کے محرک ہوئے تھے۔ انہیں نثر عبارتوں کے مجموعے کا نام آذر اصفہانی اور ہدایت طبرستانی نے نقل عشاق بتایا ہے، جیسا کہ اوپر مذکور ہو چکا ہے۔

کلیات مخمس میں رسالۂ جلالیہ کے بعد مجموعہ قصائد ہے۔ اس مجموعے میں ایک ایک قصیدہ محمد شاہ بادشاہ دکن، یوسف عادل شاہ فرمانروائے بیجاپور، اور شہنشاہ اکبر اعظم کی مدح میں اور تین قصیدے مرتضےٰ نظام شاہ بحری کی مدح میں ہیں۔ ان تینوں قصیدوں کے ضروری اقتباسات ذیل میں نقل کئے جاتے ہیں:-

(۱)

زمان زمان ز سرم از وساوس بشری — سپاہ غم بصد آشوب می کشید حشر
گہے ز فوت برادر غمے برابر کوہ — دل مرا ز تسلط نمودہ زیر و زبر
گہے ستادہ مجسم بہ پیش دیدۂ دل — پسر برادرم آن کو چکِ ندیدہ پدر
کہ در ولایت ہند از عداوتِ گردون — فتادہ طفل یتیم و غریب و بے مادر

. . . . . .

سپہر مرتبہ شاہا بربِّ ارض و سما — بشاہ غائب و حاضر خدائے جن و بشر

که نورِ چشمِ من آن کودکِ یتیم و غریب — که دامن دکن از آبِ چشمِ او شده تر
بلطف سوئے منش کن روان که باقی عمر — مرا بوئے برادر چو جان بود در بر
امید دیگرم این است ناامید نیم — که تا جهان بود اے خسروِ جهان پرور

. . . . . .

بدفترِ کرمت نامِ این گدا بنگار — بحالِ محتشم اے شاه محتشم بنگر

صفحہ ۷۲-۷۳

---

(۲)

کردم روان بدرگهش از نظم یک گهر — کارائش خزانهٔ هفت آسمان کند
گفتم مگر به قیمتِ آن شاه تاج بخش — فرق مرا بلند تر از فرقدان کند

. . . . . .

ناگه پس از دو سال فرستاده فقیر — کایام روزیش اجل ناگهان کند
آورده نقد، نقد برادر، ولے چه نقد — نقدے که دخل کیسه ز خرجش زیان کند
من مردِ کم بضاعت و او طفلِ پرهوس — با این دو وضع مرد معیشت چسان کند

. . . . . .

ادبار بین که بیدرمے چون من از عراق — نظمے روان بجانبِ هندوستان کند

. . . . . .

وان نظم مدح نکته شناسے بود که او — از بهر نکته دان کف و دل بحر و کان کند
وز رائے چاره ساز باندک توجهے — قادر بود که در بدن مرده جان کند

وآنگہ کند تغافل آید رسول من — نوعے کہ از جفائے مقارض فغان کند
خواھد کرایۂ دوسہ یکسر از فقیر — وز بار قرض پشت فقیرم گران کند

صفحہ ۷۵

---

(۳)

ہست این قصیدۂ ثالث کہ من بہند — با صد ھزار گنج دعا کردہ ام روان
این بار خود مراد من اندک حمایتے است — از لطف شہ کہ ہست بہ از گنج شائگان
ہم گشتہ ام باین صلہ قانع کہ در دکن — از من فتد اضہ کہ بود نزد این و آن
گردد بیک اشارۂ نوّاب کامیاب — واصل بقاصدان متنیرہ خان دمان

صفحہ ۷۵

ان اقتباسوں سے معلوم ہوتا ہے کہ محتشم کے ایک بھائی دکن میں رہتے تھے۔ اور وہیں انھوں نے ایک کمسن بچہ چھوڑ کر انتقال کیا۔ محتشم نے ایک مدحیہ قصیدہ لکھ کر ایک قاصد کے ہاتھ مرتضےٰ نظام شاہ بحری کی خدمت میں روانہ کیا۔ اس قصیدے میں اپنے بھتیجے کو اپنے پاس بھیجنے کی درخواست کی۔ اور دبی زبان سے قصیدے کا صلہ مانگا۔ محتشم کا قاصد دو سال کے بعد اُس بچے کو ساتھ لے کر ہندوستان سے واپس آیا۔ مگر صلے کی امید پوری نہ ہوئی۔ اس پر محتشم نے ایک دوسرا قصیدہ نظام شاہ کے پاس بھیجا۔ جس میں صلہ نہ ملنے کی شکایت کی۔ اور لکھا کہ میرا بھتیجا میرے پاس پہنچ تو گیا۔ لیکن اس 'پر ہوس' لڑکے کی وجہ سے مجھ کم بضاعت کے مصارف میں ناقابل

برداشت اضافہ ہوگیا ہے۔ اور قاصد کے جانے آنے میں جو خرچ ہوا اُس نے مجھ کو اور زیر بار کر دیا ہے۔ اس قصیدے کا صلہ بھی شاید کچھ نہیں ملا۔ محتشم نے ایک مختصر سا قصیدہ اور نظام شاہ کی خدمت میں روانہ کیا۔ اور لکھا کہ یہ تیسرا قصیدہ بھیج رہا ہوں۔ اس مرتبہ تھوڑی سی امداد کا امیدوار ہوں اور صرف اس صلے پر قناعت کرونگا کہ میری چھوٹی چھوٹی رقمیں جو لوگوں کے ذمے واجب الادا ہیں وہ 'نواب' کے ایک اشارے سے میرے قاصدوں کو وصول ہوجائیں۔

شہنشاہ اکبر کی مدح میں جو قصیدہ لکھا ہے اس کے مندرجہ ذیل اشعار ہندوستان کو دیکھنے کا اشتیاق بھی ظاہر کیا ہے:۔

شہا مشتاقِ خاکِ ہند ایرانی غلام تو — کہ از توران براو بار است محنتہائے زور آور

باین بُعدِ مسافت چشم آن دارد کہ خسرو را — زمدحت گستری گردد تقرب معنوی چاکر

کہ چون مرغان بے بال و پر از بارِ دل ویران — زایران نیستش جنبش میسر گر برآرد پر

صفحہ ۷۷

کلیاتِ محتشم میں مجموعۂ قصائد کے بعد ترکیب بندوں، قطعوں، رباعیوں وغیرہ کا مجموعہ ہے۔ ترکیب بند چار ہیں۔ ایک امام حسینؑ کا مشہور مرثیہ دوازدہ بند، دوسرا شاہ طہماسپ صفوی کا مرثیہ، تیسرا محتشم کے بھائی عبدالغنی کا مرثیہ، چوتھا ہفت بند کاشی کا جواب، قطعے مختلف مضمونوں کے ہیں۔ مگر زیادہ تر ایسے ہیں۔ جو کسی نہ کسی کی وفات پر کہے گئے ہیں۔ اکثر قطعوں میں مادّہ تاریخ بھی ہے۔ محتشم نے اپنے والد کے انتقال پر بھی ایک قطعہ کہا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اُن

کا نام خواجہ میر احمد تھا۔ اور ان کی وفات ۹۶۲ھ میں واقع ہوئی۔ وہ قطعہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے:۔

والد من خواجہ میر احمد کہ بود از اعتقاد — رشتۂ مہر امیر المومنین حبل المتین
با گناہ بیحد از دنیا چو رحلت می نمود — داشت امید شفاعت زان شفیع المذنبین
لاجرم تاریخ فوتش ہر کہ کرد از من سوال — گفتمش "باد اشفیع وے امیر المومنین"

(صفحہ ۱۱۲-۱۱۳)

ایک مختصر قطعہ اپنے بھائی عبد الغنی کی وفات پر بھی کہا ہے۔ اس کا پہلا اور آخری شعر درج ذیل ہے:۔

گل گلشن لطف عبد الغنی — کہ باد ش بہشت معلّٰی نصیب
خرد فکر تاریخ وے کرد و گفت — "چہ جائیے مبارک شد اور النصیب[1]"

(صفحہ ۱۱۲)

عبد الغنی کی وفات پر محتشم نے جو ترکیب بند کہا ہے اس کے مندرجۂ ذیل شعر اور مصرعے قابل لحاظ ہیں:۔

چو دیدہ بر رخ عبد الغنی من فگنی — ز روئے درد بر آراز زبان من فریاد

دلم کہ می شد از ادراک دوریٔ تو ہلاک — تو خود بگو کہ ہلاک تو چون کند ادراک

صفحہ ۹۲

---

[1] ۔ مادۂ تاریخ میں لفظ 'جا یئے' میں دو 'ی' شمار کرنا چاہیئے۔ ایک لفظ 'جائے' کا جزو، دوسری یائے تنکیر۔ ایرانی تلفظ کا مقتضا یہی ہے۔ اور اسی طرح یہ مادۂ تاریخ دوسرے مادۂ تاریخ یعنی "برادر باجان برابر من" کا ہم عدد ٹھہرتا ہے۔

زدیدۂ پدرا ے یوسف دیار لبتا چرا بہ مصر فتا بے برادران رفتی
(صد ۹۲ حاشیہ)

بیا ببین کہ فلک از غم جوانی تو چہ آتشے زدہ در خرمن جوانی من
صد ۹۳

ببین برابری او بجان کہ تاریخش بجز "برادر با جان برابر من" نیست
صد ۹۴

نبی کہ گفت شہید است ہر کہ مُرد غریب ترا ثواب شہیدان کربلا بادا
صد ۹۵

ان اشعار سے ظاہر ہے کہ عبدالغنی نے پردیس میں ۹۵۹ھ میں انتقال کیا۔ اُس وقت وہ بھی جوان تھا اور محتشم بھی جوان تھے۔ اور ان کے والد زندہ تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ عبدالغنی ہی محتشم کے وہ بھائی تھے جن کا انتقال دکن میں ہوا تھا اور جن کی وفات کا ذکر محتشم نے اپنے ایک قصیدے میں کیا ہے، جو مرثیے نظام شاہ کی مدح میں ہے۔ اس قصیدے کے متعلقہ اشعار اوپر نقل کئے جا چکے ہیں۔

کلیات محتشم کا آخری حصہ غزلوں کا مجموعہ ہے۔ عام رواج کے مطابق غزلوں کی ترتیب ردیف وار ہے۔ صرف واؤ تک ہر ردیف میں غزلیں موجود ہیں۔ مگر

'ہ' کی ردیف میں صرف چار غزلیں ہیں۔ اور 'ی' کی ردیف بالکل غائب ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مطبوعہ نسخہ جس قلمی نسخے کی نقل ہے وہ ناقص تھا۔ 'ہ' کی ردیف میں چار سے کہیں زیادہ غزلیں ہونا چاہئیے۔ اور 'ی' کی ردیف تو ہر دیوان میں سب سے بڑی ہوتی ہے۔ یوں سمجھنا چاہئیے کہ دیوان غزلیات کا تقریباً ایک تہائی حصّہ غائب ہے۔

پروفیسر براؤن نے محتشم کے متعلق لکھا ہے:۔

"In his youth he composed erotic verses, but in later life he seems to have consecrated his genius almost entirely to the service of religion."[1]

یعنی محتشم جوانی میں عشقیہ اشعار کہتے تھے، لیکن اُس کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے ملکۂ شاعری کو تقریباً بالکل مذہب کی خدمت کے لئے وقف کر دیا۔ کلیات محتشم کے مطالعہ سے اس قول کی تصدیق نہیں ہوتی۔ محتشم کی مذہبی نظموں کی کل کائنات فقط اتنی ہے۔ ایک قصیدہ حمد خدا میں، ایک نعت رسولؐ میں۔ تین قصیدے اور ایک ہفت بند منقبت حضرت علیؑ میں، ایک مرثیہ مصائب امام حسینؑ میں۔ یہ کل سات نظمیں ہوئیں۔ پانچ قصیدے اور دو ترکیب بند۔ اس مختصر مقدار کی بنا پر یہ نتیجہ نکالنا مشکل ہے کہ محتشم نے زمانۂ جوانی کے بعد عمر بھر مذہبی نظموں کے علاوہ گویا کچھ نہیں کہا۔ مذہبی نظموں کی اس سے زیادہ مقدار تو شاید اس زمانے کے ہر شاعر کے کلام میں موجود ہے۔

محتشم کے حال میں بہت طول ہو گیا مگر چونکہ اب تک کسی نے ان کا حال

---

[1] ۔ تاریخ ادبیات ایران جلد چہارم صفحہ ۱۷۲

تفصیل سے نہیں لکھا ہے۔ اس لئے یہ ضروری معلوم ہوا کہ فارسی مرثیے کی تاریخ میں اِس سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مشہور شخصیت کے حالات کسی قدر تفصیل سے لکھے جائیں۔

کلیات محتشم کا ایک سرسری خاکہ ابھی پیش کیا جاچکا ہے محتشم نے اکثر اصناف سخن میں طبع آزمائی کی۔ قصیدوں میں تخئیل کے زور دکھائے، مبالغے کے طوفان اٹھائے غزلوں میں عشق کی سچی داستانیں سنائیں، محبت کی جھوٹی کہانیاں بنائیں۔ مختصر یہ کہ ساری عمر مدحت طرازی اور غزلسرائی میں صرف کردی۔ اتفاق سے واقعۂ کربلا کے متعلق ایک چھوٹا سا مرثیہ بھی کہہ دیا۔ محتشم کو کیا خبر تھی کہ ان کی عظمت و شہرت کی وسیع و رفیع عمارت اِسی مختصر بنیاد پر قائم ہوگی۔ اگر محتشم نے یہ مرثیہ نہ کہا ہوتا تو ان کا نام تذکروں میں بھی ڈھونڈنے سے نہ ملتا۔

محتشم کا مشہور عالم مرثیہ ایک ترکیب بند نظم ہے، جس میں آٹھ آٹھ شعروں کے بارہ بند ہیں۔ اور اسی سبب سے وہ عام طور پر 'دوازدہ بند' کے نام سے شہرت رکھتا ہے۔ زمانۂ تصنیف سے اِس وقت تک اِس مرثیے کی شہرت میں کوئی خاص کمی نہیں ہوئی ہے۔ ممکن نہیں کہ فارسی مرثیون کا ذکر آئے اور محتشم کے مرثیے کی طرف ذہن منتقل نہ ہوجائے، ہندوستان میں جب تک مجالس عزا میں مخلوط نظم و نثر پڑھنے کا دستور تھا جس کو 'روضہ خوانی'، 'کتاب خوانی' اور 'نثر خوانی' کہتے تھے، اس وقت تک نثر کی عبارت کے درمیان میں محتشم کے مرثیے کے بند یا بعض اشعار جگہ جگہ پر شامل کردئے جاتے تھے۔ مجالس عزا میں پڑھنے کے لئے جو کتابیں فارسی یا اردو نثر میں لکھی گئی تھیں اُن میں محتشم کے مرثیے کے اشعار ضرور ملتے ہیں۔ اب کوئی پچیس

تیس برس سے کتاب دیکھ کر پڑھنا مجالس عزا میں متروک ہو گیا ہے۔ نئے اور نامی ذاکر سب زبانی تقریر کرتے ہیں۔ اب محتشم کے اشعار مجلسوں میں سنائی نہیں دیتے۔ مگر تعلیم یافتہ ہندوستانی مسلمان اب بھی محتشم کے نام سے واقف ہیں۔

میں ابھی اوپر کہہ آیا ہوں کہ محتشم کا مرثیہ زمانۂ تصنیف سے اب تک نہایت بلند پایہ نظم سمجھا جاتا ہے۔ اس قول کی تصدیق کے لئے چند معتبر مصنفوں کی رائیں تاریخی ترتیب کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں۔ اسکندر بیگ منشی لکھتا ہے :۔

"مرثیۂ بجہت سید الشہداؑ خامس آل عبا در سلک نظم آوردہ۔ ابیات بلند و معانی دقیق دران مندرج است۔ گوشوارۂ گوش سخن دران روزگار روتا یوم القرار از و یادگار است[1]"

والہ داغستانی کہتا ہے :۔

"مرثیۂ کہ بجہت سید الشہداؑ، قرۃ العیون حیدرؑ و زہراؑ، شاہ کربلا سلام اللہ علیہم گفتہ مشہور و در السنۂ عالم مذکور است۔ قبولے کہ دران مرثیہ است ہرگز بہیچ نظمے را نصیب نشدہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ شُبہ دران نیست کہ مرثیۂ آں مرحوم مقبول جناب رسول مختار و ائمہ اطہار صلوات اللہ علیہم اجمعین شدہ لہذا این قبولیت را بہم رسانیدہ[2]"

آذر اصفہانی کا قول ہے :۔

"مرثیۂ خوبے در ماتم سید الشہداؑ حسین بن علی علیہما السلام گفتہ کہ در اکثر بلادِ اسلام بین الخاص و العام مشہور است[3]"

---

[1] ۔ تاریخ عالم آرائے عباسی۔ مطبوعہ طہران صفحہ ۱۳۰ ، [2] ۔ تذکرۂ ریاض الشعرا نظمی
[3] ۔ تذکرۂ آتشکدہ۔ بیان محتشم کاشی۔

آزاد بلگرامی کا بیان ہے :-

" اگرچہ موزونان بسیار بمرثیۂ آنجناب خامۂ فکر را اشک ریز ساختہ اند اما حسن قبولے کہ این مرثیہ یافت دیگرے را نصیب نشد[1]"

صاحب شمس الضحیٰ لکھتا ہے :-

"مرثیہ ہائے کہ مولانا محتشم در مصائب آل عبا گفتہ مشہور عالم است از ابتدائے عالم تا انقراض متلش کسے نگفتہ و نخواہد گفت چہ بالفرض اگر کسے خون جگر خورد و بگوید بارے این قبولیت و تاثیر از کجا خواہد آورد کہ مرثیہ ہائے ملا را در عرب و عجم و ہندوستان حاصل شدہ[2]"

پروفیسر براؤن کا تبصرہ ہے :-

The language is extraordinarily simple and direct, devoid of those rhetorical devices and verbal conceits which many Europeans find so irritating, and shows true pathos and religious feeling."[3]

یعنی اس مرثیے کی زبان غیر معمولی طور پر سادہ، سلیس اور ان معنوی بدائع اور لفظی صنائع سے معرّا ہے، جن سے اکثر اہل یورپ کو الجھن ہوتی ہے اور حقیقی درد اور مذہبی احساس کی ترجمانی کرتی ہے۔

ان تبصروں کے علاوہ محتشم کے مرثیے کی مقبولیت کا ایک ثبوت یہ بھی ہے

---

[1] خزانۂ عامرہ، مطبع نولکشور، کانپور ۱۹۰۰ء صفحہ ۴۰۵

[2] مجموعۂ مراثی فارسی مرتبۂ تقی علی خان۔ مطبع نولکشور لکھنؤ ۱۸۹۰ء صفحہ ۳۶۱-۳۶۲،

[3] تاریخ ادبیات ایران جلد چہارم صفحہ ۱۷۳

کہ اُن کے زمانے سے لے کر آج تک سینکڑوں شاعروں نے اُس کے جواب میں مرثیے کہے اور متعدد شعرا نے اس کے اشعار کی تخمیس یا تضمین کی۔

راقم نے ۱۹۳۳ء میں ایران اور عراق کی سیاحت کے دوران میں وہاں کے مقدس مقامات کی زیارت کی۔ متعدد روضوں میں نقرئی ضریحوں پر مرثیہ مخمّس کے بعض بند یا شعر منبّت کئے ہوئے پائے۔ وہ بند اکثر جگہ لکھا ہوا دیکھا جو اس مصرعے سے شروع ہوتا ہے۔ "کشتی شکست خوردۂ طوفان کربلا" کئی روضوں میں سیلون پر بھی اِس بند کے بعض شعر لکھے ہوئے دیکھے۔ طہران سے چند میل کے فاصلے پر ایک قصبہ میں ایک احاطے کے اندر تین امام زادوں کے روضے ہیں۔ ان میں سے ایک کا نام عبدالعظیم ہے اور اُنہیں کے نام سے وہ قصبہ 'شہزادہ عبدالعظیم' کہلاتا ہے۔ اس احاطے کی دیواروں پر کاشی کاری سے مخمّس کا پورا مرثیہ لکھا ہُوا ہے۔ ان باتوں سے بھی اس مرثیے کی عظمت اور مقبولیت کا ثبوت ملتا ہے۔

مخمّس کے مرثیے کی یہ شہرت دیکھ کر بعض لوگوں نے قیاس کر لیا کہ مخمّس ایک باقاعدہ مرثیہ گو شاعر تھا اور بہت سے مرثیے اس کی تصنیف سے ہیں۔ مصنف شمس الضحیٰ کا یہ قول آپ ابھی سُن چکے "مرثیہ ہائے کہ مولانا مخمّس در مصائب آل عبا گفتہ"۔ اسی طرح "مراثی مخمّس" کا ذکر اکثر دیکھنے میں آتا ہے۔ پروفیسر براؤن سا محقق بھی اسی غلط فہمی میں مبتلا ہے۔ لکھتے ہیں :-

"..... his elegies (marāthī) on the martyrdom of Husayn and the other Imams, from which the extracts given in the Majma'al-Fusaha' are chiefly taken. [1]

[1] تاریخ ادبیات ایران۔ جلد چہارم صفحہ ۲۴۱

(ترجمہ) اس (مخمس) کے مرثیے امام حسین اور دیگر ائمہ کی شہادت پر جن سے وہ اقتباسات خاص کر لئے گئے ہیں جو مجمع الفصحا میں درج ہیں۔

پروفیسر براون کی یہ عبارت جہاں ان کی غلطی کو ظاہر کرتی ہے وہاں اُس غلطی کے ماخذ کا پتا بھی بتاتی ہے۔ مجمع الفصحا میں اس مرثیے کا آخری بند چھوڑ کر گیارہ بند بعض شعر حذف کر کے نقل کئے گئے ہیں۔ پہلے بند پر بطور عنوان "از مراثی اوست" دوسرے پر "ولہ ایضاً" اور پھر ہر بند پر "ولہ" لکھ دیا گیا ہے۔ اس سے فطرتاً یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ ایک ہی مرثیے کے مختلف بند نہیں ہیں، بلکہ مختلف مرثیوں کے اقتباسات ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ مجمع الفصحا میں یہ مرثیہ آتشکدۂ آذر سے نقل کیا گیا ہے۔ اس لئے کہ جو اشعار اور بندوں کی ترتیب آتشکدہ میں ہے وہی مجمع الفصحا میں بھی ہے صرف ایک شعر مقدم الذکر تذکرے میں ایسا ہے جو موخر الذکر میں نہیں ہے وہ شعر یہ ہے

ابن قالب تپاں کہ چنین ماندہ بر زمین
شاہِ شہید ناشدہ مدفون حسین تست

اس کے علاوہ بعض جگہ خفیف سا لفظی تغیر بھی ہے، جو غالباً حافظے کی مدد سے کر دیا گیا ہے۔ قابل لحاظ یہ بات ہے کہ آتشکدہ میں بھی بند اوّل کے بعد ہر بند کے شروع میں "ولہ" لکھا ہوا ہے، جو مذکورۂ بالا غلط فہمی کا باعث ہو سکتا ہے۔

کاتبوں کی اس غلطی کو بہت نمایاں صورت میں دیکھنا ہو تو کلیات خاقانی مطبوعہ نولکشور پریس لکھنؤ کے صفحہ ۶۰۴-۶۱۳ ملاحظہ کیجئے۔ خاقانی نے اپنے بیٹے رشید کی وفات پر ایک ترکیب بند مرثیہ کہا ہے۔ اس مرثیے میں اکیس اکیس شعر کے پانچ بند ہیں۔ کاتب نے ہر بند کے عنوان پر کچھ ایسی عبارت لکھ دی ہے کہ ہر بند ایک مستقل

نظم معلوم ہونے لگا ہے۔

اُس ترکیب بند مرثیے کے علاوہ جو 'دوازدہ بند' کے نام سے مشہور ہے واقعۂ کربلا کے متعلق محتشم کا کوئی دوسرا مرثیہ انتہائی تلاش کے باوجود مجھے دستیاب نہیں ہوا۔ اِسی ایک مرثیے کے بند یا اشعار سیکڑوں جگہ نقل کئے گئے ہیں۔ کتاب حزن المومنین میں بھی محتشم کے ایک ایک دو دو شعر جگہ جگہ نظر آتے ہیں۔ میں نے ان شعروں کو محتشم کے دوازدہ بند میں تلاش کیا۔ سب مل گئے سوا اس ایک شعر کے جو اس کتاب کے صفحہ ۱۸۵ میں درج ہے:۔

برفرق عرش مسند برچیدہ جائے کیست
صاحب عزا خداست خدایا عزائے کیست

غالباً مؤلف کتاب نے غلطی سے اس شعر کو محتشم کی طرف منسوب کر دیا ہے۔

محتشم کے اس مرثیے کو فارسی مرثیے بلکہ فارسی شاعری کی تاریخ میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اور اس کی عظمت، شہرت اور مقبولیت کی کوئی حد نہیں۔ اس کے علاوہ شعرا کی ایک کثیر تعداد نے اس کے جواب میں بہت سے مرثیے کہے۔ ان وجوہ سے یہ پورا مرثیہ یہاں نقل کیا جاتا ہے ہم نے اس مرثیے کے متعدد نسخوں کا مقابلہ کر کے اس کا متن درست کیا ہے۔ اور نسخوں کے اہم اختلافات کو حاشیے کے متن پر درج کر دیا ہے۔ مرثیوں کے بندوں اور بند کے شعروں کی ترتیب بھی سب نسخوں میں یکساں نہیں ہے۔ ان کی ترتیب قائم کرنے میں کہیں مطالب کے ربط کا لحاظ کیا ہے اور کہیں اکثریت کی پیروی کرنا پڑی ہے۔

مرثیهٔ دوازده بند از ملا محتشم کاشی علیه الرحمة

باز این چه شورش است که در خلق عالم است — باز این چه نوحه و چه عزا و چه ماتم است
باز این چه رستخیز عظیم است کز زمین — بی نفخ صور خاسته تا عرش اعظم است
این صبح تیره باز دمید از کجا کزو — کار جهان و خلق جهان جمله درهم است
گویا طلوع می کند از مغرب آفتاب — کاشوب در تمامی ذرات عالم است
گر خوانمش قیامت دنیا بعید نیست — این رستخیز عام که نامش محرم است
در بارگاه قدس که جای ملال نیست — سرهای قدسیان همه بر زانوی غم است
جن و ملک بر آدمیان نوحه می کنند — گویا عزای اشرف اولاد آدم است

خورشید آسمان و زمین نور مشرقین
پرورده در کنار رسول خدا حسینؑ

کشتی شکست خوردهٔ طوفان کربلا — در خاک و خون فتاده به میدان کربلا
گر چشم روزگار بر و فاش می گریست — خون می گذشت از سر ایوان کربلا
نگرفت دست دهر گلابی بغیر اشک — زان گل که شد شگفته به بستان کربلا
از آب هم مضایقه کردند کوفیان — خوش داشتند حرمت مهمان کربلا
بودند دیو و دد همه سیراب و می مکید — خاتم ز قحط آب سلیمان کربلا
زان تشنگان هنوز به عیوق می رسد — فریاد العطش ز بیابان کربلا
آه از دمی که لشکر اعدا نه کرده شرم — کردند رو به خیمهٔ سلطان کربلا

آن دم فلک بر آتش غیرت سپند شد
کز خوف خصم در حرم افغان بلند شد

کاش آن زمان سرادق گردون نگون شدے — وین خرگہ بلند ستون بے ستون شدے
کاش آن زمان کہ کشتیٔ آل نبی شکست — عالم تمام غرقۂ دریائے خون شدے
کاش آن زمان ز آہ جہان سوز اہلبیت — یک شعلہ برق خرمن گردون دون شدے
کاش آن زمان برآمدے از کوہ تا بہ کوہ — سیل سیہ کہ روئے زمین قیر گون شدے
کاش آن زمان کہ پیکر او شد درون خاک — بیخ جان جہانیان ہمہ از تن برون شدے
کاش آن زمان کہ این حرکت کرد آسمان — یک تنے سیماب وار روئے زمین بے سکون شدے
این انتقام اگر نہ فتادے بہ روز حشر — با این عمل معاملۂ دہر چون شدے

آل نبی چو دست تظلم بر آورند
ارکان عرش را بہ تزلزل در آورند

برخوان غم چو عالمیان را صلا زدند — اول صلا بہ سلسلۂ انبیا زدند
نوبت بہ اولیا چو رسید آسمان تپید — زان ضربتے کہ بر سر شیر خدا زدند
پس آتشے ز آہنگر الماس ریزہ ہا — افروختند و در حسن مجتبا زدند
وانگہ سراپردۂ کہ ملک محرمش نبود — کندند از مدینہ و در کربلا زدند
وز تیشۂ ستیزہ در آن دشت کوفیان — بس نخلہا ز گلشن آل عبا زدند
پس ضربتے کز آن جگر مصطفےٰ درید — بر حلق تشنۂ خلف مرتضا زدند
اہل حرم دریدہ گریبان کشادہ موئے — فریاد بر در حرم کبریا زدند
رفرف الامین نہادہ بہ زانو سر حجاب — تاریک شد ز دیدن آن چشم آفتاب

چون خون زحلق تشنهٔ او بر زمین رسید — جوش از زمین به ذروهٔ عرش برین رسید
نزدیک شد که خانهٔ ایمان شود خراب — از بس شکستها که به ارکان دین رسید
نخل بلند او چو خسان بر زمین زدند — طوفان به آسمان زغبار زمین رسید
باد آن غبار چون به مزار نبی رساند — گرد از مدینه بر فلک هفتمین رسید
یکباره جامه در خم گردون به نیل زد — چون این خبر به عیسی گردون نشین رسید
پر شد فلک زغلغله چون نوبت خروش — از انبیا به حضرت روح الامین رسید
کرد این خیال وهم غلط کار کان غبار — تا دامن جلال جهان آفرین رسید

هست از ملال گرچه بری ذات ذوالجلال
اوور دل است و هیچ دلی نیست بی ملال

ترسم جزای قاتل او چون رقم زنند — یکباره بر جریدهٔ رحمت قلم زنند
ترسم کز این گناه شفیعان روز حشر — دارند شرم کز گنه خلق دم زنند
دست عتاب حق بدر آید ز آستین — چون اهل بیت دست بر اهل ستم زنند
آه از دمی که باکفن خون چکان زخاک — آل نبی چو شعلهٔ آتش علم زنند
فریاد از آن زمان که جوانان اهل بیت — گلگون کفن به عرصهٔ محشر قدم زنند
جمعی که زد بهم صف شان شور کربلا — در حشر صف زنان صف محشر بهم زنند
از صاحب حرم چه توقع کنند باز — آن ناکسان که تیغ به صید حرم زنند

پس برسنان کنند سری را که جبرئیل
شوید غبار گیسویش از آب سلسبیل

روزی که شد به نیزه سر آن بزرگوار — خورشید سر برهنه بر آمد ز کوهسار

موجے بہ جنبش آمد و برخاست کوہ کوہ — ابرے بہ بارش آمد و بگریست زار زار
گفتی تمام زلزلہ شد خاک مطمئن — گفتی فتاد از حرکت چرخ بے قرار
عرش آن زمان بہ لرزہ در آمد کہ چرخ پیر — افتاد در گمان کہ قیامت شد آشکار
آن خیمہ کہ گیسوئے حورش طناب بود — شد سرنگون ز باد مخالف حباب وار
جمعے کہ پاس محمل شان داشت جبرئیل — گشتند بے عماری و محمل شتر سوار
با آن کہ سرزد این عمل از اُمت نبیؐ — روح الامین ز روئے نبی گشت شرمسار
وانگہ ز کوفہ خیل اَلَم روبہ شام کرد — حرمؑ
نوعے کہ عقل گفت قیامت قیام کرد

بر حربگاہ چون رہ آن کاروان فتاد — شور نشور واہمہ را در گمان فتاد
ہم بانگ نوحہ غلغلہ در رشش جہت فگند — ہم گریہ بر ملائک ہفت آسمان فتاد
ہر جا کہ بود آہوئے از دشت پا کشید — ہر جا کہ بود طائرے از آشیان فتاد
شد وحشتے کہ شور قیامت بہ باد رفت — چون چشم اہلبیت بر آن کشتگان فتاد
ہر چند بر تن شہدا چشم کار کرد — بر زخم ہائے کاری تیغ و سنان فتاد
ناگاہ چشم خنجر زہرا در آن میان — بر پیکر شریف امام زمان فتاد
بے اختیار نعرۂ "ہذا حسین" ازو — سر زد چنان کہ آتش ازان در جہان فتاد
پس با زبان پُر گلۂ آن بضعۃ البتول
رو در مدینہ کرد کہ یا ایہا الرسول

این کشتۂ فتادہ بہ ہامون حسین تست — وین صید دست و پا زدہ در خون حسین تست
این نخل تر کز آتش جان سوز تشنگی — دود از زمین رساندہ بہ گردون حسین تست

این ماهی فتاده به دریائے خون که هست — زخم از ستاره بر تنش افزون حسین تست
این خشک لب فتاده ممنوع از فرات — کز خون او زمین شده جیحون حسین تست
این غرقهٔ محیط شهادت که روئے دشت — از موج خون او شده گلگون حسین تست
این شاه کم سپاه که با خیل اشک و آه — خرگاه ازین جهان زده بیرون حسین تست
این قالب تپان که چنین مانده بر زمین — شاه شهید ناشده مدفون حسین تست

پس روے در بقیع به زهرا خطاب کرد
وحش زمین و مرغ هوا را کباب کرد

کاے مونس شکسته دلان حال ما ببین — ما را غریب و بیکس و بے آشنا ببین
اولادِ خویش را که شفیعان محشراند — در ورطهٔ عقوبت از اهل جفا ببین
در خلد بر حجاب دو کون آستین فشان — واندر جهان مصیبت ما بر ملا ببین
نے نے در آ چو ابر خروشان به کربلا — طغیانِ موجِ فتنه و سیلِ بلا ببین
تن هائے کشتگان همه در خاک و خون نگر — سر هائے سروران همه بر نیزه ها ببین
آن سر که بود بر سر دوش نبی مدام — یک نیزه اش ز دوش مخالف جدا ببین
وان تن که بود پرورشش در کنار تو — غلطان بخاک معرکهٔ کربلا ببین

یا بضعة الرسول ز ابن زیاد داد
کاو خاک اهل بیت رسالت بباد داد

اے چرخ غافلی که چه بیداد کرده ئے — وز کین چها در این ستم آباد کرده ئے
این ملعنت بس است که با عترت رسول — بیداد کرده خصم و تو امداد کرده ئے
اے زادهٔ زیاد نه کرده است هیچ گه — نمرود این عمل که تو شداد کرده ئے

کام یزید دادہ از کشتن حسین — بنگر کرا بہ قتل کہ دل شاد کردہ
بہر خسے کہ بار درخت شقاوت است — در باغ دین چہ با گل و شمشاد کردہ
حلقے کہ سود لعل لب خود نبی بر آن — آزردہ اش ز خنجر فولاد کردہ
با دشمنان دین نہ توان کرد آن چہ تو — با مصطفےٰ و حیدر و اولاد کردہ

ترسم ترا دمے کہ بہ محشر درآورند
از آتش تو دود ز محشر برآورند

خاموش محتشم کہ دل سنگ آب شد — بنیاد صبر و خانۂ طاقت خراب شد
خاموش محتشم کہ ازین حرف سوزناک — مرغ ہوا و ماہیٔ دریا کباب شد
خاموش محتشم کہ ازین نظم گریہ خیز — روئے زمین ز اشک جگرگون خضاب شد
خاموش محتشم کہ فلک بسکہ خون گریست — دریا ہزار مرتبہ گلگون حباب شد
خاموش محتشم کہ بسوز تو آفتاب — از آہ سرد ما تہیان ماہتاب شد
خاموش محتشم کہ ز ذکر غم حسین — جبریل را ز روح پیمبر حجاب شد

تا چرخ سفلہ بود خطائے چنین نہ کرد
بر ہیچ آفریدہ جفائے چنین نہ کرد

اس مرثیے کی شان نزول یہ بیان کی جاتی ہے کہ محتشم نے اپنے بیٹے کی وفات پر ایک مرثیہ کہا، جس میں یہ دو شعر بھی ہیں :-

روا بود کہ تو در زیر خاک باشی و من
سیاہ پوشم و بر سر کنم ز ماتم خاک

چرا تو جامہ نکردی سیاہ در غم من
چرا تو خاک نکردی بسر ز ماتم من[1]

یہ مرثیہ کہنے کے بعد ایک رات کو محتشم نے خواب میں حضرت علی کو دیکھا کہ فرماتے ہیں اے محتشم تم نے اپنے بیٹے کا تو مرثیہ کہا، میرے فرزند کا مرثیہ کیوں نہ کہا۔ دوسری رات کو پھر خواب میں دیکھا کہ حضرت علی فرماتے ہیں میرے فرزند حسین کا مرثیہ کہو۔ محتشم نے عرض کیا میں آپ پر فدا ہوں کیا کہوں۔ فرمایا! کہو "باز این چہ شورش است کہ در خلق عالم است"۔ جب محتشم کی آنکھ کھلی تو یہ مصرع یاد تھا۔ اُسی وقت اُسی بحر میں مرثیہ کہنا شروع کر دیا[2]۔ اس بیان میں تذکرۂ مخزن الغرائب اور ریاض الشعرا دونوں متفق ہیں۔ موخر الذکر نے اس پر اتنا اور اضافہ کیا ہے کہ مرثیہ کہتے کہتے محتشم جب اس مصرع پر پہنچے "ہست از ملال گرچہ بری ذات ذوالجلال" تو دوسرا مصرع نہ کہہ سکے۔ کئی دن گذر گئے مگر مصرع نہ ہوا۔ آخر ایک رات کو دیکھا کہ امام عصر تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ مصرع لگا لو "او در دل است و ہیچ دلے نیست بے ملال"

ان اعتقادی روایتوں کی صحت و عدم صحت کی تحقیق کی ہم کو ضرورت نہیں۔ ان سے اتنا ضرور ثابت ہوتا ہے کہ لوگ ایسا بلند پایہ اور مقبول عام مرثیہ کہنا بغیر کسی غیبی امداد کے معمولی انسان کا کام نہیں سمجھتے تھے۔

تاریخ عالم آرائے عباسی کے مصنف نے محتشم کے مرثیے کے متعلق جو رائے ظاہر کی وہ اوپر بیان کی جا چکی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ یہ مرثیہ محتشم کی زندگی

---

[1] جس مرثیے کے یہ دو شعر ہیں وہ محتشم نے اپنے بیٹے کی وفات پر نہیں بلکہ اپنے بھائی عبدالغنی کی وفات پر کہا تھا۔ اس مرثیہ کا ذکر اوپر ہو چکا ہے (دیکھئے صفحہ ۳۵۸) یہ اُس کے دوسرے بند کے آخری دو شعر ہیں۔

[2] مجموعہ مراثی فارسی، مرتبہ تقی علی خان مطبع نولکشور لکھنؤ ۱۸۹۰ء صفحہ ۳۶۰-۳۶۱

ہی میں بے حد مقبولیت حاصل کرچکا تھا۔ اور اس درجے کا قرار دیا جاچکا تھا کہ قیامت تک اپنے مصنّف کا نام باقی رکھے گا۔ اس سے قیاس کیا جاسکتا ہے کہ جس طرح مورّخ مذکور کے قول کے مطابق مُلّا محتشم کے ہفت بند کے جواب میں اُن کے پچاس ساٹھ ہمعصروں نے ہفت بند کہے تھے، اسی طرح محتشم کے زمانے ہی میں اُن کے مرثیے کے جواب میں بھی بہت سے مرثیے کہے گئے ہونگے۔

محتشم کے بعد بھی بہت سے ایرانی اور ہندوستانی شعرانے اس غیر فانی مرثیے کے جواب میں مرثیے کہے ہیں۔ اس طرح کے جو مرثیے اِس وقت میرے سامنے موجود ہیں اُن کے مصنّفوں کے نام یہ ہیں:۔ نصیبی کرمانشاہانی، حبیب کُردستانی جودی خراسانی، خاکی شیرازی، وصّال شیرازی، وقار شیرازی، سرباز ایرانی ان جواب لکھنے والوں نے اپنا پورا زور طبع صرف کردیا۔ مگر محتشم کا مقابلہ نہ کر سکے۔ اور ان میں سے کسی کے مرثیے کو کوئی خاص شہرت حاصل نہ ہوئی۔ جوابی مرثیوں کے علاوہ ایسے مرثیے تعداد میں بہت زیادہ ہیں جو محتشم کے طرز میں کہے گئے ہیں اور جن پر محتشم کا اثر نمایاں ہے۔

اوپر ذکر کیا جاچکا ہے کہ بعض مستند اور معتبر مصنفین کو محتشم کے ہفت بند اور مرثیے میں التباس واقع ہوگیا ہے۔ اس کے علاوہ بعض لوگ حسن کاشی کے مشہور ہفت بند کو محتشم کاشی کی تصنیف سمجھتے ہیں۔ اس کا خاص سبب یہ ہے کہ اس ہفت بند کا مصنّف مُلّا کاشی کے نام سے مشہور ہے۔ جس سے مراد بلاشبہ مُلّا حسن کاشی ہیں۔ مگر حسن کا حال کیسا اُن کے نام سے بھی بہت کم لوگ واقف ہیں برخلاف اِس کے محتشم کا نام نہایت مشہور ہے، جو مُلّا بھی تھے اور کاشی بھی تھے

اِن حالات میں مُلّا کاشی کے لفظ سے محتشم کی طرف ذہن کا منتقل ہوجانا بالکل فطری ہے، اس غلط فہمی کے استیصال کی غرض سے حسن کاشی کے مختصر حالات لکھے جاتے ہیں[1]۔

ملّا حسن کاشی خطۂ مازندران کے شہر آمُل میں پیدا ہوئے اور زندگی کا زیادہ حصہ مازندران ہی میں گزرا۔ لیکن آبائی وطن کاشان تھا۔ اُسی کی نسبت سے اُنھوں نے اپنا تخلّص کاشی رکھا۔ کبھی کبھی حسن بھی تخلّص کرتے تھے۔ مُلّا کاشی نے اپنے قصیدون میں اپنے وطن کا ذکر بار بار کیا ہے۔

مسکن کاشی اگر در خطّۂ آمُل بود　　لیکن از جدّ و پدر نسبت بہ کاشان میرود[2]

گر نہ خوردے آدم آن یکدانہ گندم در بہشت　　کے بُدے در خاک آمُل مولد و منشائے من

بندۂ بیچارہ کاشی از دل و جان سال و ماہ　　روز و شب در خطۂ آمُل ثنا خوان شماست

ذیل کے شعرون میں اپنے وطن اور مسکن کے علاوہ نام اور تخلّص بھی بتایا ہے:

کاشی اصلم آمُلی مولد حسن نامے کہ ہست　　ہمچو حسّان روز احسان صدر جنت جائے من

کمترین مملوک حیدر کاشی ام کز فضل او　　در سخن بالاتر از عیسیٰ است استعلائے من

مولانا کاشی فاضل و عاقل، خوبصورت اور نیک سیرت تھے۔ امیرون اور بادشاہون کی مدح نہ کرتے تھے۔ اور مناقب ائمہ کے سوا کچھ نہ کہتے تھے۔ اس کا ذکر اُنھون نے اپنے کئی قصیدون میں کیا ہے۔ ذیل میں دو قصیدون کے اقتباس درج کئے جاتے ہیں:

---

[1] حسن کاشی کے حالات تذکرہ دولت شاہ سے لئے گئے ہیں اور اُن کے اشعار مجالس المومنین سے نقل کئے گئے ہیں۔

[2] حسن کاشی کے حالات کے سلسلے میں یہ شعر یونہی لکھا گیا ہے۔ مگر ان کے کلام کا جو انتخاب مجالس المومنین میں دیا گیا ہے۔ اس میں یہ شعر یوں ملتا ہے:- مولد من آمل و آبشخورم مازندران　　از رہ جدّ و پدر نسبت بہ کاشان میرود

من غلام حیدر و آنگاہ مداحِ غیر — خواجگان حشر کے معذور دارندم دراین
آن حسن نامم کہ اندر مدح دامادِ نبیؐ — می کند بر طبع پاکم روح حسان آفرین

منم کہ یرلغ طبعم بدار ملک لقا — نوشتہ اند بمدّاحیٔ محمدؐ و آل
درون مدّت سی سال کس نداد نشان — کہ بودہ ام بہ سخن پیش کس مدیح سگال
مخدّرات سرا پردۂ ضمیر مرا — بمدح آل علی بستہ اند عقد وصال
بروضۂ دل کاشی ثنائے شان خواند — ہر آن شگوفہ کہ سر بر زند ز شاخ خیال

ان اشعار میں کاشی کہتے ہیں کہ میں نے تیس برس سے محمدؐ و آل محمدؐ کے سوا کسی کی مدح نہیں کی ہے۔ یہی بات ذیل کے شعر میں بھی کہی ہے :-

قرب سی سال شد کہ خاطر من — ہست در راہ دین ثنا گستر

اس شعر میں بھی اِسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے :-

قرب سی سال است افزون کاجر ستوفائے من
در کف سلطان دین ساقی کوثر کردہ اند

تذکرہ دولت شاہ کی روایت کے مطابق ملّا کاشی حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر نجف اشرف گئے اور روضۂ حضرت علی میں وہ قصیدۂ منقبت پڑھا جس کا مطلع یہ ہے :-

اے زبدۂ آفرینش پیشوائے اہل دین
اے زعزت ماہ بازوئے تو روح الامین

اُسی رات کو خواب میں دیکھا کہ حضرت علی فرماتے ہیں اے کاشی تو دور و دراز سے آیا ہے۔ مجھ پر تیرے دو حق ہیں۔ ایک مہمانی کا۔ دوسرا صلۂ شعر کا۔ تو بصرہ چلا جا وہاں

ایک تاجر ہے۔ مسعود بن افلح۔ اس کو میرا سلام پہنچانا اور کہنا کہ ایک سال عمان کے سفر میں تیرا جہاز غرق ہونے کو تھا۔ تو نے مجھ سے مدد مانگی اور ایک ہزار دینار میرے لئے نذر کئے۔ میں نے تیری مدد کی اور تیرا جہاز مع کل سامان کے بحفاظت ساحل پر پہنچا دیا۔ اب وہ نذر پوری کر اور وہ رقم کاشی کو دیدے۔ ملّا کاشی نے اس حکم کی تعمیل کی۔ اُس تاجر نے ایک ہزار دینار اور ایک خلعت مُلّا کو دیا اور اپنی نذر مقبول ہونے کی خوشی میں فقرا اور صلحا کی دعوت کی۔

ذیل میں چند قصیدوں کے اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مُلّا کاشی تنگدستی کے ہاتھوں تکلیفیں اُٹھاتے تھے، مگر کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلاتے تھے۔ محبّت ائمّہ کی دولت جو اُنہیں حاصل تھی۔ اس کو دولت دنیا کا نعم البدل سمجھتے تھے۔ چونکہ کسی کی مدح نہ کرتے تھے اِس لئے کسی سے صلے کی توقع بھی نہ رکھتے تھے۔ اور جو کچھ اُنہیں مل جاتا تھا اُسے جناب امیر کا عطیّہ سمجھتے تھے:۔

گدائے کوئے آن شاہم کہ در کوے گدایانش — سلیمان باہمہ حشمت ندارد پایہ سلمان
مرا گر ثروت دنیا نہ باشد غم چرا باشد — کہ بہتر بود این دنیا نخواہد بود جز حرمان

کربلائے من شد آمل زانکہ نان من در او — تنگ تر ز آب است کان بر آل حیدر کردہ اند
غم ز درویشی چہ دارم زانکہ می دانم یقین — عزّتے کز فقر با سلمان و بوذر کردہ اند
قرب سی سال است افزون کاجر مستوفائے من — در کف سلطان و بن ساقی کوثر کردہ اند

آن تونگر ہمتم دردین کہ با افراط فقر ظاہر است از خلق عالم فرط استغنائے من
محنت دل با کہ گویم زانکہ در مازندران نیست کس را از بلائے خویشتن پروائے من
تا نہ ریزد آبرویم پیش ہر کس ہمسران قفل خاموشی است دائم بر لب گویائے من
غم زدرویشی ندارم چونکہ می دانم کہ ہست در کف سالار محشر مایۂ اثرائے من
در ضیافت خانۂ تحقیق خوان سالار خلد می کند اجرئی ز دست میزدین اجرائے من

دولت شاہ کا بیان ہے کہ مُلّا حسن کاشی نے جوانی میں انتقال کیا۔ اور عراق کے شہر سلطانیہ میں دفن ہوئے۔ قاضی نوراللہ شوستریؒ لکھتے ہیں کہ مولانا حسن کی قبر شہر سلطانیہ میں جانب قبلہ واقع ہے۔ بادشاہ صاحبقران مغفورؒ کے حکم سے اُس پر ایک عمارت بنادی گئی ہے، اور باغ لگا دیا گیا ہے۔ اِس وقت وہ قبر اُس دیار کے باشندوں کی زیارت گاہ ہے۔

دولت شاہ نے لکھا ہے کہ مُلّا کاشی کا سنّ وفات معلوم نہیں، مگر وہ سلطان محمد خدا بندہ کے زمانے میں تھے۔ اس نام کے دو مشہور بادشاہ ایران میں گزرے ہیں ایک تاتاری خاندان کا۔ دوسرا صفوی خاندان کا۔ تذکرۂ دولت شاہ عہد صفوی کے آغاز سے پہلے ۸۹۲ھ (۱۴۸۷ء) میں تصنیف ہوا۔ اس لئے صاف ظاہر ہے کہ دولت شاہ کی مراد تاتاری خاندان کا وہ بادشاہ ہے جس کا تاتاری نام اولجائتو خربندہ اور اسلامی نام محمد خدا بندہ تھا۔ اس بادشاہ کا عہد سلطنت ۷۰۵-۱۶ھ ہجری (۱۳۰۵-۱۳۱۶ء) ہے۔ اس سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مُلّا حسن کاشی مُلّا محتشم کاشی سے کوئی ڈھائی سو برس پہلے گذرے ہیں۔

دولت شاہ نے مُلّا حسن کاشی کے نام کے ساتھ "افضل المتکلمین" لکھا ہے

اس کا قول ہے کہ اُن کے کلام میں جو متانت اور لطافت ہے وہ کسی اور شاعر کے کلام میں نہیں ہے۔ مناقب میں اُن کے قصیدے مشہور ہیں۔

قاضی نوراللہ شوستری مجالس المومنین میں تحریر فرماتے ہیں :-

"از جملۂ قصائد بے مانند او قصیدہ ایست ہفت بند کہ اکثر استادان متاخرین در تتبع آن دُرہا سفتہ اند و بہ آن لطافت تا غایت چیزے نگفتہ اند۔"

اِس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ مجالس المومنین کی تصنیف کے وقت تک یعنی مُلّا حسن کاشی کے انتقال کے تین سو برس بعد تک نامی شعرا اُن کے ہفت بند کا جواب کہا کرتے تھے۔ اس کوشش میں اُنھوں نے اچھی اچھی نظمیں کہیں، مگر کوئی نظم ہفت بند کاشی کو نہ پہنچ سکی۔

اِسی ہفت بند کاشی کے جواب میں مُلّا محتشم نے بھی ایک ہفت بند کہا تھا جس کو بعض مصنفین نے مرثیۂ محتشم سمجھ لیا، جیسا کہ اوپر مذکور ہو چکا ہے۔ مُلّا کاشی کا ہفت بند حضرت علی کی مدح میں ہے۔ اور اس کی تمام جوابی نظموں کی طرح محتشم کے ہفت بند کا موضوع بھی حضرت علی کی مدح ہے۔ ذیل میں حسن کاشی اور محتشم کاشی دونوں کے ہفت بندوں کا ایک ایک ابتدائی بند نقل کیا جاتا ہے :-

از مُلّا حسن کاشی

السّلام اے سایہ ات خورشید رب العالمین — آسمان عز و تمکین آفتابِ داد و دین
مفتیٔ ہر چار دفتر، خواجۂ ہر ہشت خلد — داور ہر شش جہت، اعظم امیر المومنین
عالمِ علم لدُنّی شہسوار لوکشف — ناصرِ دین، نفس پیغمبر، امام المتقین

صورت معنیٔ فطرت، باعثِ ایجادِ خلق — بہترین نسلِ آدم نفسِ خیر المرسلین
صاحب یُوفون بالنذر، آفتابِ انما — قرۃ العین لعمرک، نازشِ روح الامین
مقصدِ تنزیلِ بلغ، مظہرِ اسرارِ غیب — مطلعِ یتلوہ شاہد، مقطعِ حبل المتین
ناشنیدہ از زمان مہد تا پایانِ عمر — بے رضاے حق زتو حرفے کرامٌ کاتبین
کاتبِ دیوانِ امرت موسیٔ دریا شگاف — پردہ دارِ بامِ قصرِ عیسیٔ گردون نشین
از عطاے دستِ فیاضِ تو دریا مستفیض — وز ریاضِ نزہتِ طبعِ تو رضوان خوشہ چین
نقشِ بندِ کاف و نون از بدو فطرت تا کنون — ناکشیدہ چون مہ رخسارِ تو نقشِ مبین
در جہان از روئے حشمت چون جہانی در جہان — بر زمین از روئے رفعت آسمانی بر زمین
مثلِ تو چون شبہ ایزد در ہمہ عالم محال — در بود ممکن نہ الّا رحمۃ للعلمین

آنکہ مداحش خدا ہمدم رسول اللہ بود
گر کسے ہمتاش باشد ہم رسول اللہ بود

از مُلّا محتشم کاشی

السّلام اے عالمِ اسرارِ ربّ العالمین — وارثِ علمِ پیمبرؐ، فارسِ میدانِ دین
السّلام اے بارگاہت خلق را دار السلام — آستان رویت بطرف آستینِ روح الامین
السّلام اے پیکرِ زائر نوازت زیرِ خاک — از پئے جنّت خریدن خلق را گنجِ زمین
السّلام اے آہن دیوارِ تبغیت آمدہ — قبلۂ اسلام را از چار حدِ حصن حصین
السّلام اے نائبِ پیغمبرِ آخر زمان — مقتدائے اولین و پیشوائے آخرین
شاہِ خیبر گیر، اژدر در، امامِ بحر و بر — ناصرِ حق، غالبِ مطلق امیر المومنین

ملک دین را بادشاہ از نصب سلطانِ رُسل — مصطفےٰ را جانشین از نصِ قرآنِ مبین
با زوئے عونت رسول اللہ را رکنِ ظفر — رشتۂ مہرت رجال اللہ را حبل المتین
ہر کہ در باب تو خواند فصلے از فضلِ کلام — در مکان مصطفےٰ داند بلا فصلت مکین
بوترابت تا لقب گردیدہ، دارد آسمان — چون تیمیان گرد و عنبر بر چہرہ از رشکِ زمین
چون سگِ کویت نہد پا بر زمین در راہ او — گستراند پرہائے چشم خود آہوئے چین
مایۂ تخمیرِ آدم گشت نورِ پاک تو — ورنہ کے می بست صورت امتزاجِ ماء و طین
آنکہ خاتم را ید اللہ کرد در انگشتِ تو — ساخت نصِ فوق ایدیہم ترا نقشِ نگین
چون ید اللہی کہ ابن عم رسول اللہ بود — ایزدت جا دادہ بالا دستِ ہر بالا نشین

آن ید اللہ را کہ ابن عم رسول اللہ بود
گر کسے ہمتاش باشد ہم رسول اللہ بود[1]

اسی ایک ایک بند کے مقابلے سے ان دونوں نظموں کا فرق ظاہر ہو جاتا ہے محتشم کا ہفت بند بھی ایک بلند پایہ نظم ہے مگر جو رفعت، جزالت اور معنویت کاشی کے کلام میں ہے وہ محتشم کے یہاں کہاں۔ یہ بھی ایک اتفاق ہے کہ ایران کی مذہبی شاعری کے دونوں شعبوں یعنی مناقب ائمہ اور مصائب ائمہ میں کاشان ہی کے ایک ایک شاعر نے بلند ترین منزلت اور لازوال شہرت حاصل کی۔ بلا مبالغہ سینکڑوں شاعروں نے اپنا پورا زور طبع صرف کر دیا۔ لیکن نہ حسن کاشی کے ہفت بند کا جواب ہو سکا۔ نہ محتشم کاشی کے مرثیے کا۔

محتشم اور آذری کے مرثیوں کے متعلق میرا ایک قیاس ہے جس کو بیان کر دینا

[1] محتشم کے ہفت بند کا جو بند اوپر نقل کیا گیا ہے اس کے آخری دو شعروں کا پہلا مصرع تقریباً ایک ہی ہے یہ کتابت کی غلطی ہے۔ مگر اس ہفت بند کا کوئی دوسرا نسخہ دستیاب نہ ہوا اس لئے اس غلطی کی تصحیح نہ ہو سکی۔

ضروری معلوم ہوتا ہے۔ فخرالدین علاوالدولہ عرب شاہ رئیس ہمدان کو آخری سلجوقی بادشاہ طغرل بن ارسلان نے قتل کروادیا سلجوقی خاندان کی تاریخ راحت الصدور کے مصنف محمد بن علی بن سلیمان راوندی نے مقتول کا مرثیہ کہا، جو اسی کتاب میں شامل ہے۔ یہ کتاب ۵۹۹ھ میں تالیف ہوئی تھی۔ راوندی کا مرثیہ ترکیب بند ہے[1]۔ اس کا پہلا بند یہ ہے:-

آہ این چہ محنت است کہ اندر جہان فتاد — آہ این چہ واقعست کہ از ناگہان فتاد
این دیدہ چیست گوئی کز دیدہ خون بریخت — وین غصہ از چہ در دل پیر جوان فتاد
خورشید تیرہ گشت ہمش محنتے رسید — مہ زرد روئے گشت و چنین ناتوان فتاد
بر جان مصیبتے است کہ دل را کباب کرد — بر دل ہم از غمیست کہ چندین فغان فتاد
دانی ز چیست این ہمہ آوازۂ بدست — کز رفتن عرب شہ شاہ زمان فتاد

اے دیدہ خون گری کہ شہ فخر دین نماند
آن سرور زمانہ و شاہ زمین نماند

تیسرے بند کی آخری بیت یہ ہے:-

نور دو چشم حیدر و سردار اہلبیت
خورشید فاطمہ سرو سالار اہلبیت

چوتھے بند کے ابتدائی دو شعر یہ ہیں:-

اے چرخ دون ز آل پیمبر چہ خواستی — وز خاندان حیدر و صفدر چہ خواستی
در کربلا کمین بکشودی تو بر حسین — اورا گرفتہ بودی و دیگر چہ خواستی

راوندی، آذری اور محتشم تینوں کے مرثیے ترکیب بند ہیں، تینوں کی بحر ایک

[1] دیکھو کتاب راحت الصدور مطبوعہ ہالینڈ ۱۹۲۱ء صفحہ ۳۵۳-۳۵۵

ہے، راوندی کے پہلے بند اور محتشم کے آٹھویں بند کا قافیہ اور ردیف یکساں ہے، راوندی اور محتشم کے مطلعے ایک ہی انداز کے ہیں۔ راوندی کے مرثیے میں واقعۂ کربلا اور شہادتِ امام حسین کا ذکر بھی ہے۔ ان سب باتوں سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ آذری نے راوندی کے مرثیے کو، اور محتشم نے آذری کے مرثیے کو اپنے لئے نمونہ قرار دیا۔ افسوس ہے کہ آذری کا مرثیہ اب تک مجھے دستیاب نہیں ہوا۔ ورنہ یہ قیاس غالباً یقین سے بدل جاتا۔

محتشم کے بعد ایران میں جس شاعر نے مرثیہ گوئی میں سب سے زیادہ شہرت حاصل کی وہ ملا مقبل ہیں۔ تعجب ہے کہ ان کے مرثیے جس قدر مشہور ہیں اسی قدر اُن کے حالات مستور ہیں۔ تاریخ ادبیات ایران کے زبردست ماہر پروفیسر براون نے بھی حالات مقبل سے کامل ناواقفیت کا اعتراف کیا ہے[1]۔ فارسی شعرا کے جتنے تذکرے مجھے دستیاب ہوئے اُن میں سے کسی میں مقبل کا حال درج نہیں ہے۔ تذکرۂ خزانۂ عامرہ میں محمد افضل ثابت الہ آبادی کے حال میں ضمناً مقبل کا ذکر آگیا ہے مصنف تذکرہ نے لکھا ہے کہ ثابت الہ آبادی نے "مقبل صفاہانی" کے مشہور "واقعات" کے طرز میں واقعات کربلا نظم کئے ہیں۔ اسی سلسلے میں مقبل کے متعلق بھی اتنا لکھ دیا ہے کہ:-

"مقبل در عہدِ سلطان حسین میرزائے صفوی اعتبارے داشت و در فرقت افاغنہ متواری بسمری برد۔ و در عصر نادر شاہ بہند آمد۔ و در گجرات نزد مومن خان ناظم آنجا می گزرانید۔ و ہمونجا در سنہ سبع و خمسین و مائۃ والف در گزشت[2]"

یعنی مقبل سلطان حسین میرزا صفوی کے عہد میں باعزت تھے۔ افغانوں کے عارضی تسلط کے

---

[1] - تاریخ ادبیات ایران بزبان انگریزی جلد چہارم صفحہ ۱۹۳

[2] - خزانہ عامرہ۔ مطبع نولکشور، کانپور ۱۹۰۰ء صفحہ ۱۷۳

زمانے میں پوشیدہ طور پر زندگی بسر کرتے تھے۔ نادر شاہ کے عہد میں ہندوستان آئے۔ اور گجرات کے ناظم مومن خان کے پاس رہنے لگے اور وہیں ۱۱۵۷ھ میں انتقال کیا۔ اور کتاب حزن المومنین میں لکھا ہے کہ ملا مقبل کا نام محمد شیخا تھا۔ وہ عنفوان شباب میں بڑے ظریف آدمی تھے۔ ایک مرتبہ محرم کے زمانے میں ایک گروہ عزائے امام حسین میں رونا اور ماتم کرتا ہوا نکلا۔ ملا بھی اُس جماعت میں شامل ہوگیا۔ اور تمسخر کی راہ سے ایک نظم پڑھی، جس سے اُس گروہ کے لوگوں کا دل دُکھا۔ اُس کے کچھ ہی دن بعد ملا مرض جذام میں مبتلا ہوگیا۔ اور یہ حالت ہوگئی کہ لوگ اس کی قربت سے پرہیز کرنے لگے۔ وہ لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رہنے کے لئے ایک حمام کی بھٹی میں پڑا رہتا تھا۔ ایک دن ایک خرابے میں دل شکستہ بیٹھا ہوا تھا کہ شیعوں کا ایک گروہ ماتم کرتا ہوا اور یہ نوحہ پڑھتا ہوا گزرا :-

چہ کربلاست امروز - چہ پُر بَلاست امروز
سرِ حسینِ مظلوم - از تن جداست امروز

ملا یہ دیکھ کر بہت متاثر ہوا اور رویا اور اُسی وقت یہ نوحہ کہا :-

روز عزاست امروز - جان در بلاست امروز
افغان و شورِ محشر - در کربلاست امروز

اُسی رات کو پیغمبر خدا کو خواب میں دیکھا کہ ملا پر بڑی نوازش فرمائی۔ اُس کا قصور معاف کیا اور مقبل کا خطاب عنایت فرمایا۔ اُس دن سے مقبل نے واقعات کربلا لکھنا شروع کر دیا۔ اِسی کتاب میں مقبل کی زبانی بیان کیا گیا ہے کہ میں نے واقعۂ شہادت امام حسینؑ شب جمعہ تمام کیا۔ اور اس کو پڑھ پڑھ کر خوب رویا۔ روتے روتے سو گیا

خواب میں دیکھا کہ مَیں روضۂ امام حسینؑ میں ہوں۔ حضرت رسولؐ اکرم بھی تشریف فرما ہیں آپ نے محتشم سے فرمایا کہ یہ شب جمعہ ہے۔ تم منبر پر جاؤ اور مصائب حسینؑ بیان کرو۔ محتشم نے تعمیل حکم کی اور اپنے مشہور مرثیے کے چند شعر پڑھے۔ جب محتشم مرثیہ پڑھ چکے تو حضرت نے اُن کو ایک خلعت عطا فرمایا۔ یہ دیکھ کر مجھ کو افسوس ہُوا کہ شاید میرے اشعار حضرت نے قبول نہیں فرمائے۔ ورنہ میری طرف بھی التفات فرماتے اور مرثیہ پڑھنے کا حکم دیتے۔ یہ خیال دل میں آیا ہی تھا کہ ایک حوریہ نے حضرت سے عرض کیا کہ جناب فاطمہؑ التماس کرتی ہیں کہ متقبل سے فرمائیے کہ وہ مصائب حسینؑ میں سے کوئی 'واقعہ' پڑھے۔ پس حضرت نے مجھ کو حکم دیا اور میں نے منبر کے پہلے زینے پر کھڑے ہو کر یہ مرثیہ پڑھنا شروع کیا :-

روایت است کہ چون تنگ شد بر او میدان — فتاد از حرکت ذوالجناح واز جولان
نہ سید الشہداؑ بر جدال طاقت داشت — نہ ذوالجناح دگر تاب استقامت داشت
کشید پا زرکاب آن جلالصۂ ایجاد — برنگ پر توخورشید بر زمین افتاد
بلند مرتبہ شاہے رصدز زین افتاد — اگر غلط نکنم عرش بر زمین افتاد

جونہی اِس بیت پر پہنچا ایک شخص نے مجھ کو اشارہ کیا کہ منبر پر سے اُتر آؤ۔ جناب فاطمہؑ بیہوش ہوگئی ہیں۔ مَیں اُتر آیا۔ دیکھا امام حسینؑ کی ضریح مبارک کا دروازہ کھلا اور ایک جلیل القدر شخص اُس ضریح سے نکلا جس کے جسم پر بے شمار زخم لگے ہوئے تھے اُس نے مجھ کو ایک خلعت فاخرہ عطا کیا۔ میں نے عرض کیا مَیں آپ پر فدا ہوں آپ کون ہیں۔ جواب دیا :-

حسینم کہ دوش نبی بودجائیم — فرستاد خلعت خدا از برائیم

لہ۔ حزن المومنین صفحہ ۴۹۹ - ۵۰۱

یہ بیان زیادہ تر عقائد سے تعلق رکھتا ہے۔ اِس لئے اس کے متعلق کسی بحث کی نہ ضرورت ہے نہ گنجائش۔

خزانۂ عامرہ اور حزن المومنین کے بعض بیانات کی تائید مقبل کے کلام سے ہوتی ہے۔ حزن المومنین میں ان کا نام محمد شیخا بتایا گیا ہے۔ اس کی تصدیق مقبل کے اس شعر سے ہوتی ہے :-

چنیں بہ مقبل شیخا صریح شد تصریح
کہ از سعید مسیب روایتست صریح

خزانہ عامرہ میں مقبل کو اصفہانی لکھا ہے۔ مقبل نے اس شعر میں اصفہان کا نام لیا ہے :-

بچشم مردم این شہر بسکہ ارزانم
سیاہ روئے ترا از مردم صفاہانم[1]

ایرانی شعرا کا اپنے اہل وطن کی مذمت کرنا کوئی عجیب بات نہیں ہے۔ خاقانی شروانی اپنے وطن اور اہل وطن کے متعلق کہتا ہے :-

من حسین وقت و نا اہلان یزید و شمر من
روزگارم جملہ عاشورا و شروان کربلا

حزن المومنین میں لکھا ہے کہ 'مقبل' رسول خدا کا عطا کیا ہوا خطاب ہے۔

---

[1] - اپنے وطن کی مذمت کرنا ایرانی شعرا کے لئے کوئی نئی بات نہیں ہے۔ خاقانی شروانی کہتا ہے :-
من حسین وقت و نا اہلان یزید و شمر من
روزگارم جملہ عاشورا و شروان کربلا
ملا حسن کاشی آملی کہتے ہیں :-
کربلائے من شد آمل زانکہ نان من در او
تنگ تر زآب است کان آل حیدر کرار را
ایسی مثالیں اور شاعروں کے یہاں سے بھی پیش کی جاسکتی ہیں۔

مگر خود مقبل کا قول ہے۔ کہ اُن کو یہ خطاب امام حسینؑ سے ملا تھا :-

خطاب مقبلی از شاہ تشنہ لب دارم — پے خلاصی خود بے گمان سبب دارم
علی الخصوص کہ این روسیاہ سر در پیش — کہ شاہ تشنہ لبش خواندہ است مقبل خویش

خزانۂ عامرہ کے بیان کے مطابق مقبل سلطان حسین میرزا صفوی کے عہد میں تھے اور افغانوں کے تسلط کے زمانے میں پوشیدہ طور پر زندگی بسر کرتے تھے۔ اِس بیان کی تصدیق مقبل کے ہفت[1] بند کے مندرجۂ ذیل شعروں سے ہوتی ہے ؎

عالمے از ظلم و دست انداز افغان شد خراب — خاصہ این کشور کہ ویران گشت ایران شماست
انچہ از باد مخالف غرق شد در بحرِ ظلم — کشتیٔ ناموس و نام دوستداران شماست
این قلمرو گشت از مستوفیان زیر و زبر — آخر این ویرانہ سکنائے محبّان شماست
مقبلت در صورت آزاد است و در معنی اسیر — گر تنہ کار است اما از غلامان شماست
گرچہ سلمان و ابوذر نیست امّا سالہاست — ذاکر شاہ شہید است و ثناخوان شماست

بایدش مضمون چو اخلاص تو در جان داشتن
شاعرے بنگر کہ باید شعر پنہان داشتن

افغانوں کا تسلط ایک بلائے عظیم تھی جو شاہ حسین صفوی کے عہد میں ایران پر نازل ہوئی۔ اور جس میں ایران ۱۷۲۲ء سے ۱۷۳۰ء تک مبتلا رہا۔ اس مدت میں قتل و غارت، قحط و وبا، کوئی مصیبت ایسی نہ تھی جو ایرانیوں پر، بالخصوص اہل اصفہان پر، نہ پڑی ہو۔ ایک ایک حملے میں کئی کئی ہزار سپاہی مارے گئے کئی کئی سَو امیر اور شریف بے سبب قتل کئے گئے۔ شاہی خاندان کے لوگ چن چن کر تہ تیغ کئے

[1] یہ ہفت بند حسن کاشی کے مشہور ہفت بند کے جواب میں کہا گیا ہے۔ اور فارسی مرثیوں کے ایک خوشخط قلمی مجموعے میں شامل ہے جو رائل کے کتب خانے میں موجود ہے۔ جو شعر یہاں نقل کئے گئے ہیں وہ اس نظم کے آخری بند سے لئے گئے ہیں۔

گئے، شاہی خزانہ لوٹا گیا۔ شہر تباہ کئے گئے۔ جوان عورتیں خراج مین حاصل کی گئیں۔ آخر آٹھ برس کے بعد نادر قلی (جو بعد کو نادر شاہ ہوگیا) کی کوششوں سے ۱۷۳۰ء مین یہ بلا ایران کے سر سے دور ہوئی مقبل نے اپنے ایک مرثیے مین ان مصیبتوں کا کچھ تذکرہ کیا ہے:-

که ما گروه که در خفت ایم و آزاریم — ز خادمان در اہل بیت مختاریم
مخالفان همه در کار طعنه اند بما — عجب غم است بعالم شماتت اعدا
بسا نجیب که از ظلم دستگیر شدند — بسا عزیز که بر کافران اسیر شدند
بسا زنان مسلمان که کافران دورنگ — فروختند باقصای بلاد شهر فرنگ
بقیهٔ که بجا مانده اند اے غفار — بحق شان بسر نازنین هشت و چهار[1]

خزانۂ عامرہ مین لکھا ہے کہ مقبل نادر شاہ کے زمانے مین ہندوستان آئے۔ وہ ایک مرثیے مین عالم غربت کا ذکر اس طرح کرتے ہیں:-

شها منم که به تلقین نفس کافر کیش — ز ملک خویش جدا گشته ام بصد تشویش
فتاده ام بغریبی بچنگ حرص اسیر — ز روئے لطف ترحم نما و دستم گیر
ازاین دیار بسوئے وطن روانم کن — خلاص از غم و درد فراق جانم کن

مقبل کو اپنے وطن جانے کی تمنا تھی مگر اُن کی یہ تمنا پوری نہ ہوئی اور ان کا انتقال گجرات مین ۱۱۵۷ھ (۱۷۴۴ء) مین ہوا۔

حزن المومنین مین مقبل کا خواب مین امام حسین کو دیکھنا بیان کیا گیا ہے۔ ان کے ایک مرثیے کے مندرجۂ ذیل اشعار سے اِس کی تصدیق ہوتی ہے:-

---

[1] - واقعات مقبل مطبوعہ صفحہ ۲۴۴ - ۲۴۵

شہا بشبے کہ رخت زائر گاھم کرد　　پناہ مرحمت مرحمت پناھم کرد
بخواب تا کہ ترا دیدہ است دیدۂ من　　شدہ است دیدۂ من روشنیٔ دیدۂ من
نداد شوق امانم بعرض مطلب خویش　　ہزار مرتبہ ہر لحظہ میگزم لب خویش
در آرزوئے تو پیوستہ ماندہ ام درخواب　　توجہے کن و یکبار دیگرم دریاب

ایک مرثیے میں کہتے ہیں کہ مجھ کو غم حسینؑ میں رونے کے لئے ماں باپ نے پالا ہے۔ یہ رونا بھی میری گھٹی میں پڑا ہے۔ آل رسول کا غم میرا کام ہے۔ اپنی اولاد کو بھی وصیت کی ہے کہ حشر تک امام حسین کی عزاداری کرتی رہے :۔

برائے نوحہ مرا پروریدہ است پدر　　ز گریہ شیر بمن دادہ دایہ و مادر
فغان و نالہ وصیت ز والدین من است　　ادائے تعزیہ از والدین دین من است
ہمین وصیت من نیز ہست با اولاد　　کہ داد تعزیہ تا روز حشر باید داد
غرض کہ ماتم آل رسول کار من است　　گواہ دعوئی من چشم اشکبار من است

ایک دوسرے مرثیے میں کہتے ہیں کہ میں ساری عمر غم حسینؑ میں روتا رہا میں عزاداری کے لئے بنایا گیا ہوں۔ میری جوانی امام حسینؑ کی خدمت کرنے میں صرف ہوئی ہے۔

منم کہ پیر غلام گناہ گار توام　　ہمیشہ گریہ کنان تعزیت شعار توام
مرا برائے عزاداری تو ساختہ اند　　خدا و خلق غلام توام شناختہ اند
بشغل خدمت تو صرف شد جوانی من　　بماتم تو بسر رفت زندگانی من
امید من بہ تو اے سرور شہیدان است　　غلام پیر چو شد مستحق احسان است

متقبل اوروں کو بھی یہی مشورہ دیتے ہیں کہ سوا عزاداری کے کوئی کام اور سوا واقعات کربلا کے کوئی کلام نہ کرو۔

بغیر تعزیہ کارے جہانیان نہ کنید
بجز وقائع کرب وبلا بیان نہ کنید

ہفت بند مقبل کے مندرجۂ ذیل شعروں سے معلوم ہوتا ہے کہ مقبل محض مرثیہ گو نہ تھے بلکہ مرثیہ خوان بھی تھے - اور شاید مرثیہ خوانی ہی اُن کا پیشہ تھا:-

مقبلت درصورت آزاد است و در معنی اسیر
گرچہ کار است اما از غلامان شماست

گرچہ سلمان و ابوذر نیست اما سالہاست
ذاکر شاہ شہید است و ثناخوان شماست

اشعار ذیل سے معلوم ہوتا ہے کہ مقبل کو کربلا کی زیارت کی بڑی تمنا تھی:-

تو اش نجات بفرمائے از رہ احسان
بہ کربلائے معلّٰے زرحمتت برسان

بمن نگر کہ من از دوریٔ تو در تعبم
زراہ بندہ نوازی بہ کربلا طلبم

امان زورطۂ پر غصّہ گناہش دہ
بکربلائے خود از مرحمت پناہش دہ

بکربلائے تو آمادۂ شتافتن است
نشستہ منتظر وقت یافتن است

ذیل کے شعروں سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کی یہ تمنا پوری بھی ہوگئی تھی:-

مقبل تو غم مخور کہ رسیدی بکربلا
اکنون ترا قرین اجابت دعا رسید

بکربلائے تو سالے کہ میہمان بودم
درآستانۂ تو از مجاوران بودم

مقبل کو ایک مرتبہ کربلا کی زیارت نصیب تو ہوگئی مگر دل میں اشتیاق باقی ہی رہا -

وہ امام حسینؑ سے درخواست کرتے ہیں کہ

زلطف بارد گر کربلا نصیبش کن
زآشنا و رفیق وطن غریبش کن

ایک مرثیہ جو مقبل نے غالباً کربلائے معلّٰی میں کہا تھا اُس کے آخری چند شعر ذیل میں نقل کئے جاتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مقبل مستقل قیام کرنے کے ارادے سے کربلا گئے تھے۔ مگر وہاں اُن کی کچھ قدر نہ ہوئی اور قیام کی کوئی صورت نہ نکلی تو کربلا سے مشہد مقدس کے سفر کا تہیّہ کیا اور باقی عمر وہیں بسر کرنے اور وہیں دفن ہونے کا ارادہ کرلیا۔ خدا خانے وہ مشہد پہنچ سکے یا نہیں۔ بہرحال اتنا تو معلوم ہی ہے کہ اُن کی عمر کا آخری حصّہ ہندوستان میں گزرا۔ اور یہیں اُن کا انتقال ہوا۔

شہا منم کہ زروئے یقین غلام توام — بہ مقبلیٔ تو در دھر نیک نام توام
بچشم مردم این شہر بسکہ ارزانم — سیاہ روئے تر از مردم صفاہانم
اگر بمرتبہ نالائق دیار توام — غلام تعزیہ دار گناہگار توام
بکربلائے تو اے آفتاب انور من — بدفن آمدہ بودم نشد میسر من
برآستان تو کز بہر مدفنم جانیست — امید وارم و این آرزوے بیجانیست
مرا بمشہد شاہ رضا مرخص کن — پئے تدفن من طوس را مشخص کن
امید من بسوئے مشہد امام رضاست — من و طواف رضا و رضا رضائے خداست

ایک دوسرے مرثیے کے اشعار ذیل سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مقبل جب کربلا پہنچے تو اپنی بقیہ عمر وہیں صرف کرنا چاہتے تھے اور وہیں کی خاک کا پیوند ہو کر گناہوں سے نجات پانے کی امید رکھتے تھے۔ مگر اُن کی یہ دیرینہ آرزو پوری نہ ہوئی:-

منم کہ مقبل و ناقابل جناب توام — ہمیشہ منتظر لطف بیحساب توام
بکربلائے تو سالے کہ میہمان بودم — ور آشیانۂ تو از مجاوران بودم
بکربلائے تو سگ دیدم و حسد دارم — چرا کہ من بہمین منزلت رسد دارم
خصوص پیر سگے دیدم و دلیر شدم — باین امید و باین چشمداشت پیر شدم
بہ کربلائے تو گر بعد مرگ خاک شوم — باین وسیلہ مگر از گناہ پاک شوم
نہ کرد نفع بحال من آدمیتِ من — رسد مگر بمداوائے من سگیتِ من

مقبل نے اپنے مرثیے زیادہ تر مثنوی کی شکل میں اور ایک مخموص بحر میں کہے ہیں۔ اور ان کے عنوان اس طرح کے قرار دئے ہیں :۔

واقعۂ شہادت حضرت فاطمہ زہرا ،
واقعۂ شہادت حضرت امیر المومنین ،
واقعۂ وداع حضرت سید الشہدا ..... از مدینہ ،
واقعۂ نزول حضرت امام حسین بہ بیت اللہ و روانہ شدن بہ کربلائے معلّٰے ،
واقعۂ شہادت حضرت شاہزادہ قاسم ،
واقعۂ وصیت حضرت سید الشہداء ..... و تشریف برون بمیدان و فائز شدن بہ سعادتِ شہادت .....
واقعۂ رفتن اہلبیت بکوفہ و کلام کردن ضعیفہ مومنہ بحضرت زینب .....
واقعۂ مراجعت نمودن حضرت امام زین العابدین بکربلا از شام .....

انہیں عنوانوں کی بنا پر مقبل کے مرثیے 'واقعات' کہلاتے ہیں۔ مقبل نے اپنے بعض مرثیوں میں 'واقعہ' یا 'واقعات' کا لفظ استعمال کیا ہے مگر اس سے

کوئی خاص نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا ۔ مثلاً

کسے کہ مقبل اوشد چرا بود ابتر برائے واقعۂ او کشادہ ام دفتر

چو ناقلان سخن شرح غم حکایت کرد ز واقعات جگر تشنگان روایت کرد

مقبل کے 'واقعات' فارسی مرثیون کے قلمی مجموعون مین بالعموم ملتے ہین ایسے دو مجموعے میرے کتب خانے مین بھی ہین ۔ ایک مین مقبل کے بیس واقعات اور دوسرے مین مقبل کی صرف پانچ نظمین ہین، جو بعض حیثیتون سے بہت اہمیت رکھتی ہین ۔ ان نظمون کا ذکر آگے چل کر کیا جائیگا ۔ قلمی بیاضون کے علاوہ فارسی مرثیون کا ایک مجموعہ مطبع نولکشور لکھنؤ مین ۱۳۰۷ھ (۱۸۹۰ء) مین چھپا تھا ۔ اس مجموعے مین مقبل کے ۱۹ واقعات شامل ہیں، یہ مجموعۂ مراثی حاجی نواب محمد تقی علی خان کربلائی بنیرۂ نواب شجاع الدولہ بہادر فرمانروائے اودھ نے مرتب کیا تھا ۔ انہین نواب صاحب نے مقبل کے دو واقعے جو بقول اُن کے مطبع نولکشور کے کارپردازون نے تعصب مذہبی کے سبب نکال ڈالے تھے علیحدہ مطبع شوکت جعفری لکھنؤ مین چھپوا دئے تھے ۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ مقبل نے 'واقعات' کے سوا اور کچھ نہین لکھا ۔ اس مین شک نہیں کہ ان کے صرف 'واقعات' ہی مشہور ہوئے اور وہی قلمی بیاضون میں ملتے بھی ہین ۔ لیکن میرے پاس ایک قلمی مجموعۂ مراثی مین مقبل کی پانچ نظمیں ایسی موجود ہین جو شکل یا موضوع یا دونون کے اعتبار سے اُن کے 'واقعات' سے الگ ہیں ۔ ان مین کی پہلی نظم ۱۳۱ شعر کا ایک مرثیہ مثنوی کی شکل کا ہے ۔

اُس کا عنوان کاتب نے "مرثیۂ مقبل" قرار دیا ہے۔ اس کا مطلع یہ ہے :-

یاران نظر بواقعۂ کربلا کنید
یاد از شکستۂ حالیٔ آلِ عبا کنید

اس مرثیے میں اور 'واقعات' مین خاص فرق وزن عروضی کا ہے مقبل کے واقعات بحر مجتث مخبون مقصور یا محذوف میں ہیں + یعنی ان کا وزن یہ ہے :-

مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلان یا فعلن

غالباً اسی نمایان فرق کی وجہ سے کاتب نے اس مرثیے کو 'واقعہ' نہیں کہا، حالانکہ لفظ 'واقعہ' اس کے مطلع میں موجود بھی ہے۔ یہ مرثیہ ایک دوسرے قلمی مجموعے مین بھی شامل ہے۔

دوسری نظم کا عنوان "مرثیۂ ہفت کواکب" ہے یہ بارہ بندون کا ایک ترجیع بند ہے۔ ہر بند مین ترجیع کا شعر ملا کر ۶ شعر ہیں۔ اس نظم مین مصنف نے مختلف چیزون کو خطاب کر کے امام حسین کا غم کرنے کی تاکید کی ہے۔ دوسرے بند سے آٹھوین بند تک ہر بند مین سات سیّارون میں سے ایک ایک کو مخاطب کیا ہے اسی بنا پر اس مرثیے کا نام 'مرثیۂ ہفت کواکب' رکھا گیا ہے۔ اس مرثیے کا پہلا بند یہ ہے :-

اے نالہ دراین تعزیہ تکمیل اثر کن — آہ جگر سوختہ را نیز خبر کن
اے آتش آہ جگر سوختہ برخیز — چون شعلۂ جوالہ جہان پُر ز شرر کن
اے دل تو ہم از تعزیۂ آلِ پیمبر — یک قطرۂ خون گر دو سرازدیدہ بدر کن
اے دیدہ مرشک تو چرا رنگ ندارد — در یوزۂ اشکے ز سویدائے جگر کن

اے شیعہ اگر پیروِ اولادِ رسولی در فرقت شاہِ شہدا خاک بسر کن

این وردِ زبان ساز دراین ماہ محرم

با نالہ و فریاد کہ مظلوم حسینم

تیسری نظم ایک مناجات ہے۔ اس میں کل دس شعر ہیں، جن میں سے تین درج ذیل ہیں:-

اے سوئے درگہ تو راہ ہمہ بکف بخشش نگاہ ہمہ

غم زبدخواہی خلائق نیست چونکہ ہستی تو خیرخواہ ہمہ

لطف کن بیشتر بمن کہ بود گنہم بیش از گناہِ ہمہ

چوتھی نظم ۱۲ شعر کی ایک نعت ہے۔ ابتدائی دو شعر یہ ہیں:-

اے بر اندازۂ جاہ تو رسول اللّٰہی منصب خاص جناب تو حبیب اللّٰہی

قامت رتبۂ جاہِ تو بحد یست رسا کہ کند خلعت معراج بر آن کوتاہی

پانچویں نظم جو اس مجموعے میں مقبل کی آخری نظم ہے حضرت علی کی مدح میں ایک ہفت بند ہے۔ یہ ملا حسن کاشی کے مشہور ہفت بند کے جواب میں کہا گیا ہے۔ اس کی بحر وہی ہے، ہر بند کا قافیہ و ردیف وہی ہے، بندوں میں شعروں کی تعداد وہی ہے ان کے علاوہ اور بہت سے تفصیلات میں بھی بہت مشابہت ہے۔ اِس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اپنا ہفت بند کہتے وقت مقبل نے کاشی کا ہفت بند اپنے سامنے رکھ لیا تھا۔ ذیل میں ہفت بند مقبل کا پہلا بند نقل کیا جاتا ہے:-

السّلام اے اشرف خلق الٰہ العالمین قبلۂ ام القریٰ تکبیرۃ الاحرام دین

اسم اعظم، عقل کل، مالک رقاب نفس و جان آیۂ رحمت، امام دین، امیر المومنین

مسند آرائے خلافت، آفتاب کائنات — قرۃ العین ملائک، عرش را کرسی نشین
قاسم ارزاق از مِمّا رَزَقْنَا یُنْفِقُوْن — ساقی انہار خَمْرٌ لَذَّۃٌ لِّلشَّارِبِیْن
انبیا و اوصیا را در حقیقت چون الف — ہم بہ معنی اولین و ہم بصورت آخرین
منشی دیوان وصفت مالک یوم الحساب — شاہد فضل و کمالت رحمۃ للعالمین
مرغ دست آموز باغ دانشت روح القدس — طفل ابجد خوان بمکتب خانہ ات روح الامین
خرج و دخل مشرق و مغرب بفر و مہر و ماہ — می زند از نسخۂ امرت کرامٌ کاتبین
حق کلام خویش از نام تو بر کرسی نشاند — شد ازین معنی علی با آیۃ الکرسی قرین
آنچہ می آید از اسم اعظم پروردگار — از علی می آید آن با معجزات بیقرین
محضر کرّوبیان را از تو تحریر سجل — خاتم پیغمبران را نام تو نقش نگین
در ہوائے جستجویت چرخ یک بیہودہ گرد — در فضائے اقتدارت خضر یک صحرانشین

آنکہ از اسرار ذات کردگار آگہ بود
واقف از اسرار دانش ہم رسول اللہ بود

ہم اوپر کاشی اور محتشم کے ہفت بندوں کے ابتدائی بند نقل کر چکے ہیں مقبل کا یہ بند ان بندوں کے مقابلے میں رکھ کر دیکھیئے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مقبل اگرچہ کاشی کے برابر نہیں پہنچ سکے مگر محتشم سے پیچھے نہیں رہے۔

میرے کتب خانے میں مراثی فارسی کا ایک اور قلمی مجموعہ ہے۔ اُس میں مقبل کا ایک مرثیہ قصیدے کی شکل کا بھی موجود ہے۔ اس کے شروع اور آخر کے تین تین شعر درج ذیل ہیں:-

اے ماہ محرم بفلک خیمۂ دیبا — منسوخ شد از شعشۂ اش رایت بیضا

اے دیدہ اگر ہست ترا نورِ بصیرت — خونِ دل خود ریز درین ماتم عظما
بنگر کہ چہ آمد بسرِ آلِ محمدؐ — در کرب و بلا از ستم و شوئی اعدا

. . . . . .

. . . . . .

ہر چند کہ مستغرق دریائے گناہیم — امید چنانست کہ در عرض فردا
از بہر لب تشنۂ سلطان شہیدان — سازی ہمہ را داخل فردوس معلّا
یا شافع فردائے قیامت نظرے کن — از روئے کرم بہا بسوئے مقبل شہداؑ

قصیدے کی شکل کا ایک مرثیہ مقبل کا اور بھی مشہور ہے۔ یہ مرثیہ ذیل میں ایک پرانی بیاض سے نقل کیا جاتا ہے۔ جو راقم کے کتب خانے میں موجود ہے :-

در کربلا چون آن شہ ہر دو سرا رسید — بہرِ سلام با ادب اوّل فضا رسید
یک گام بر نداشت نرہے مہریٔ فلک — اسپ حسین چونکہ بکرب و بلا رسید
آسودگی نہ گشت میسّر بر آن زمین — از چرخ بر حسین بلا بر بلا رسید
یاران شدند قتل ہمہ رو بروئے او — نوبت کنوں بقاسم نوکتخدا رسید
قصر زمردی شدہ ماتم سرائے خلد — پیشِ حسن چو قاسم گلگون قبا رسید
کوثر باین سبب شدہ از شرم آب آب — عباس تشنہ لب چو زدار فنا رسید
از نیزۂ کہ سینۂ اکبر فگار شد — آن نیزہ آہ بر جگر مصطفےٰ رسید
بر حلق خشک اصغر نادان[1] اے فلک — تیرِ قضا ز لشکر اہل جفا رسید
شہدا[2] ز چشم منع نمودند آن زمان — در قتلگاہ چون خلف مرتضا رسید
شہ گفت چون بغیر شما در جہان زیم — از بہر ما جفائے چنین بر شما رسید

[1] اعلان نون مضاف الیہ محل تامل ہے ۱۲ ادارہ ۔ [2] سکون ہا شہدا قابل غور ہے ۱۲ ادارہ

بہر سجود گشت چو شبیر سرنگون — در عین سجدہ خنجر کین از قضا رسید
بنگر فلک جفا کہ ہمہ فوج اشقیا — اکنون برائے غارت ماتم سرا رسید
اشتر کشان ز کرب و بلا آہ نیم جان — تا شہر شام آدم آل عبا رسید
در مجلس یزید ہمہ ہا گریستند — چون سر برہنہ دختر خیر النساء رسید
اہل مدینہ حشر نمودند آن زمان — بر روضۂ رسول چو زین العبا رسید

مقبل تو غم مخور کہ رسیدی بہ کربلا
اکنون ترا قرین اجابت دعا رسید

مقبل نے اس مرثیے میں نہایت اختصار کے ساتھ داخلۂ کربلا سے واپسی مدینہ تک کے کل حالات بیان کر دئے ہیں۔ آخری شعر سے قیاس ہوتا ہے کہ مقبل نے یہ مرثیہ کربلا میں کہا تھا۔

ان نظموں کی موجودگی میں یہ کہنا غلط ہے کہ مقبل نے مرثیے کے سوا کچھ نہیں کہا اور یہ کہنا اور بھی غلط ہے کہ مقبل نے 'واقعات' کے سوا اور کچھ نہیں کہا۔

'واقعات'، مقبل کا نمونہ دکھانے کے لئے ذیل میں اس 'واقعے' کے چند شعر نقل کئے جاتے ہیں جس کے متعلق مقبل کا ایک خواب کتاب حزن المومنین کے حوالے سے اوپر بیان کیا گیا ہے۔ ان شعروں کے بیچ بیچ سے بہت سے شعر حذف کر دئے گئے ہیں۔ پورے 'واقعے' میں ۱۹۵ شعر ہیں۔ اور یہ 'واقعہ' مطبع نولکشور کے چھپے ہوئے فارسی مرثیوں کے مجموعے میں صفحہ ۱۰۹ سے شروع ہوتا ہے

محرم آمد و تجدید شد عزائے حسین — رسید موسم طوفان بکربلائے حسین
روایت است کہ چون گشت عازم میدان — بآرزوئے شہادت امام تشنہ لبان

مخدرات تمامے بہ نوحہ و ماتم — روان شدند بدنبال آن امام اُمم
سکینہ برہمگی سبقت از شتاب گرفت — دویدہ شاہ جگر تشنہ را رکاب گرفت
دل شکستہ و اعضا بہ لرزہ چون سیماب — خطاب کرد بسوئے پدر بچشم پُر آب
براہ گلشن فردوس گشتہ مُسفدی — تو میروی و مرا نیست تاب بے پدری
ز دوریت نہ ہمین من الیم خواہم بود — تو چون شہید شدی من یتیم خواہم بود
ترا گمے کہ تمنا کنم کجا جویم — پئے تسلی خاطر پدر کرا گویم
بمن کسے ز تو دل گرم تر نخواہد بود — ہزار دوست یکے چون پدر نخواہد بود
چو این حدیث شنید از سکینہ شاہ شہید — نم تلابۂ داغ دلش بدیدہ رسید
خطاب کرد بسوئے سکینہ آن سرور — بگریہ گفت کہ اے با غم آشنائے پدر
غمین مباش کہ پروردگار یاور تست — جناب حضرت زین العبا برادر تست
رفاہ امت بیچارہ در مشقت ماست — غم شفاعت شان شربت شہادت ماست
بگفت و گشت روان سوئے لشکر اعدا — بدیدہ ہائے پر از آب سید الشہداؑ
روایت است کہ چون تنگ شد بر او میدان — فتاد از حرکت ذو الجناح و ز جولان
ز سید الشہدا بر جدال طاقت داشت — نہ ذو الجناح دگر تاب استقامت داشت
روایت است کہ در پیکر شہ ذی جود — ہزار و نہصد پنجاہ و یک جراحت بود
نبود بر سر آن تشنہ کام غمخوارے — نداشت جز بدن پارہ پارہ دلدارے
کسے کہ خون ز رخش شست اشک جاری بود — کسے کہ سوخت بآن زخمہاے کاری بود
فتادہ بود بہ این حال سبط پیغمبر — ستادہ بود باطراف آن صف لشکر

ر۔ آشنائے غم پدر

چو ابن سعدِ لعین دید حالت او را　　طلب نمود ز لشکر شهادت او را
کسے قبول شهادت نه کرد از لشکر　　شد آن لعین ستمگار عاجز و مضطر
چه از حکایت شمر لعین کنم تقریر　　که هست قصهٔ آن روسیاه عالمگیر

ہندوستان کی عربی تصانیف و تالیف متعلقہ علوم قرآنیہ

ڈاکٹر زبید احمد پروفیسر الہ آباد یونیورسٹی

ابتدائے اسلام سے آجتک جو ممالک کبھی نہ کبھی مسلمانوں کے قبضے میں رہ چکے ہیں اُن میں غالباً یورپی ترکی اور ہندوستان ہی (باستثنار سندھ، ملتان اور بلوچستان) ایسے دو ملک ہیں جن پر مسلم عربوں نے یا کسی عربی بولنے والی قوم نے حکومت نہیں کی بغریب ہندوستان تو اپنے جغرافی محل وقوع کی بنا پر عربی تہذیب و تمدن اور عربی علوم و فنون کے اہم مرکزوں کے زیر اثر آنے کی اُن سہولتوں سے بھی محروم رہا جو دیگر ممالک اسلامیہ مثلاً ایران اور توران کو مشرق میں اور شمالی افریقہ کو مغرب میں حاصل تھیں۔ سندھ اور ملتان پر عرصے تک عربوں نے حکومت کی مگر اُن کے علمی و ذہنی کارناموں کے متعلق بہت ہی کم معلوم ہے۔

ہندوستان میں مسلمانوں کی تعداد غیر مسلموں کے مقابلے میں ہمیشہ بہت کم رہی ہے، علاوہ بریں ہندوستان کے مسلمان یہاں کی ملکی زبانوں کی خدمت سے کس طرح بے نیاز ہو سکتے تھے۔ غرض ان دو وجوہ سے ہندوستان کی عربی پیداوار یہاں کی فارسی پیداوار کے مقابلے میں بہت کم ہے۔

لیکن ان تمام جغرافی و سیاسی موانع کے باوجود ہندی مسلمانوں نے عربی سے

بے اعتنائی نہیں کی اور وہ ایسا کر بھی کیونکر سکتے تھے جبکہ عربی اُن کی آسمانی مقدس کتاب کی زبان ہے اور یہی وہ زبان ہے جس کی بدولت علوم اسلامیہ کے خزانوں تک اُن کی رسائی ہوسکتی تھی۔

مگر ہندوستان کے پیدا کردہ عربی سرمایہ میں اُپج اور جدّت بہت کم پائی جاتی ہے جس کی ذمہ داری ہندوستان پر عائد نہیں ہوتی۔ بات یہ ہے کہ جس زمانے میں یہاں عربی تصانیف و تالیف کا سلسلہ شروع ہوا یہ وہ زمانہ تھا جس کے کچھ ہی بعد دیگر بلاد اسلامیہ کی عام علمی جدّ وجہد کا عہد زرّیں ختم ہوگیا۔ اور کئی علوم عربیہ پختگی و ارتقا کی اس حد کو پہنچ گئے جس سے آگے مزید ترقی نہیں ہوسکتی تھی۔ مثلاً علوم دینیہ میں علم تفسیر، علم حدیث و علم فقہ وغیرہ اس قدر ترقی کر چکے تھے کہ مسلم نقطہ خیال سے مزید ترقی کی گنجائش باقی نہ تھی۔ دیگر شعبوں میں مثلاً فلسفہ، علم کلام، ریاضیات و طبعیات وغیرہ میں ہمیشہ ترقی ہوسکتی ہے۔ لیکن ان علوم کی رفتار ترقی میں عام طور سے انحطاط پیدا ہوگیا تھا اور عام ذہنی جد وجہد محض حواشی و شروح تک محدود ہوکر رہ گئی تھی۔ جب عربی علوم کے مرکزی مقامات میں تصنیف و تالیف کا یہ حال تھا تو ہندوستان ایسے دور دراز ملک کے ذہنی کارناموں میں اُپج کی توقع کیونکر کی جاسکتی ہے ہاں دیگر ممالک اسلامیہ تو علوم عربیہ کی فصل بہار بھی دیکھ چکے تھے۔ لیکن ہندوستان میں عربی تصنیف و تالیف کا سلسلہ، عربی تہذیب و تمدن کی خزان ہی سے شروع ہوا۔

ہندوستان میں مسلمانوں نے بہ زبان عربی تصنیف و تالیف کے ذریعے قرآنی علوم کی جو خدمت کی ہے اس کا سطور ذیل میں دھندلا سا خاکہ ہدیہ ناظرین ہے۔

راقم الحروف عہد غزنوی سے لے کر ۱۸۵۷ء کے غدر تک کے ایسے ساٹھ پینسٹھ مصنفین و مؤلفین کے اسمائے گرامی جمع کرسکا ہے جنہوں نے علوم قرآنیہ پر عربی میں کوئی

نہ کوئی کتاب لکھی ہے۔ ان مصنفین کی عربی تصانیف و تالیف کی تعداد اسّی سے زیادہ ہے ان میں سے مندرجۂ ذیل پندرہ کتابیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں :-

(الف) ان میں سے تین کتابیں تو قرآن کی عام تفسیریں ہیں ۳

(ب) چار ایسی تفاسیر ہیں جو کسی خاص نقطۂ خیال سے لکھی گئی ہیں ... ۴

(ج) ایک تصنیف اصول تفسیر پر ہے ۱

(د) دو تفسیریں محض صنعت لزوم مالایلزم کی پابندی میں لکھی گئی ہیں ... ۲

(ہ) تین کتابیں سابقہ تفسیروں کے حواشی ہیں ۳

(و) دو تصنیفیں قرآن شریف کے انڈیکس کے طور پر ہیں ۲

میزان ۱۵

پہلی ذیل کی کتابیں یعنی تین عام تفسیریں

تین عام تفسیروں میں سے ایک کا نام تبصیر الرحمٰن و تیسیر المنّان ہے جو عام طور سے تفسیر رحمانی کے نام سے مشہور ہے۔ یہ کتاب دو جلدوں میں حیدر آباد دکن سے شائع ہو چکی ہے۔ اس کے مصنف ملّا علاء الدین علی ابن احمد مہائمی المتوفی ۸۳۵ھ ہیں۔ ان کا تعلق قبیلہ نوائت سے تھا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ لوگ ان عربوں کی اولاد ہیں جو حجاج بن یوسف کے ظلم سے ہندوستان بھاگ آئے تھے۔ موصوف عالم باکمال تھے اور کئی تصانیف کے مالک۔ شافعی مذہب رکھتے تھے۔ ان کی دوسری تصنیف موسوم بہ 'فقہ مخدومی' شافعی فقہ میں ہے۔ انھوں نے آیہ الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ

کے وجوہ اعراب میں ایک رسالہ لکھا تھا جس میں اعراب کی ۲۴ ۵ ۲۴ ۴ ۳ ۲۸ ۱ صورتیں قائم کیں۔ اس رسالہ کا کوئی نسخہ میری نظر سے نہیں گذرا۔ نہ معلوم دنیا کے پردے پر کہیں موجود ہے یا نہیں۔ البتہ آزاد بلگرامی نے اپنی مشہور عربی تصنیف سبحۃ المرجان میں اس کا اقتباس دیا ہے یا بجنسہٖ نقل کر دیا ہے۔ ہر لفظ کے کئی کئی وجوہ اعراب۔ بیان کئے ہیں جن کو باہم ضرب دینے سے مندرجہ بالا حیرت انگیز تعداد حاصل ہو جاتی ہے۔

یہ تفسیر بعینہٖ تفسیر جلالین کی طرح شرح ممزوج کی ترکیب پر ہے۔ مگر جلالین سے زیادہ مشرح اور جامع ہے تمامی قرآنی قصص تفصیل کے ساتھ مذکور ہیں اور آیات کا شان نزول بھی درج ہے اس کے علاوہ آیات کا باہمی ربط بھی دیا گیا ہے۔ فاضل مصنف نے دو خصوصیتیں اول سے آخر تک بالالتزام برقرار رکھی ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہر سورہ کے آغاز میں سورہ کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہیں اور دوسرے یہ کہ صورت کے مضمون کے مطابق بسم اللہ کی تضمین کرتے ہیں مثلاً سورۂ ناس میں بسم اللہ کی تضمین اس طرح ہے :-

بسم اللہ المتجلی باسمائہ وصفاتہ وافعالہ فی الناس
الرحمن بتکمیلہ بعد اضافتہ نورالوجود علیہ
الرحیم بحفظہ من شرما فیہ وشرما خرج عنہ

قل اعوذ برب الفلق میں بسم اللہ کی تضمین اس طرح ہے :-

بسم اللہ المتجلی بکمالاتہ فی النور الفالق
الرحمن باشاعۃ ذلک النور
الرحیم باعاذۃ من عاذبہ من الشرور

غرض ہر سورہ میں بسم اللہ کی تضمین مضمون سورہ کے مطابق کرتے ہیں۔

دوسری تفسیر التفسیر المحمدی ہے جو شیخ محمد بن احمد میانجی بن نصیر گجراتی المتوفی ۹۸۲ھ کی تصنیف ہے۔ وہ ظاہری و باطنی دونوں قسم کے علموں کے جامع تھے فاضل مصنّف نے جیسا کہ دیباچہ میں لکھا ہے، یہ تفسیر آیات کا باہمی ربط ظاہر کرنے کے لئے لکھی ہے۔ یہ تفسیر بہت مختصر ہے اور ہنوز شائع نہیں ہوئی۔ میں نے اس کا قلمی نسخہ برلن کے کتب خانے میں دیکھا تھا۔

تیسری تفسیر تفسیر مظہری ہے جو پانی پت کے شہرۂ آفاق قاضی ثناء اللہ المتوفی ۱۲۲۵ھ کی تصنیف انیق ہے۔ قاضی صاحب حضرت مرزا مظہر جان جانان کے مرید تھے۔ انہیں کے اسم گرامی پر اس تفسیر کا نام تفسیر مظہری رکھا ہے۔ قاضی صاحب اپنے عہد کے بڑے زبردست فقیہہ تھے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی جو ان کے ہم عصر تھے اُن کو بیہقی ہند، فرمایا کرتے تھے۔ ان کی مالابد فارسی میں فقہ کی مشہور کتاب ہے۔ یہ تفسیر معانی بے بہا اور نکات عالیہ سے پُر ہے۔ کچھ اجزاء ہندوستان میں طبع ہو چکے ہیں۔

۲۔ وہ چار تفسیریں جو مختلف نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہیں

۱۔ ان میں سے ایک شئون المنزلات ہے جو علی متقی برہانپوری المتوفی ۹۷۳ھ کی تصنیف ہے۔ علی متقی اپنے وقت کے نہایت بزرگ اور عالم باعمل تھے آخری عمر میں ہجرت فرما کر مکہ معظمہ تشریف لے گئے تھے۔ آپ کئی ایک تصانیف کے مالک ہیں جن میں کنز العمال جو حدیث میں ہے اور حیدرآباد سے شائع ہو چکی ہے بہت مشہور ہے۔ شیخ عبدالحق حقی دہلوی المتوفی ۱۰۵۲ھ جب حج کرنے تشریف لے گئے تو انھوں

نے علی متقی ہی کے خلیفہ سے استفاضہ کیا تھا۔

اس تفسیر میں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے آیات قرآنیہ کے شئون نزول صحیح اور معتبر حدیثوں سے مستنبط کئے ہیں۔ کہیں ادبی نکات بھی بیان کر جاتے ہیں۔ ہر آیت کی تفسیر نہیں کرتے بلکہ صرف انہیں آیات سے سروکار رکھتے ہیں جن کے شئون نزول مروی ہیں۔ اس کے دو قلمی نسخے انڈیا آفس لائبریری میں موجود ہیں۔

۲ - دوسری کتاب اس ذیل کی ترجمۃ القرآن ہے جس کے مصنف شیخ محب اللہ الہ آبادی المتوفی ۱۰۵۸ھ ہیں۔ آپ حضرت فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں ہیں جن کا سلسلہ نسب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تک منجر ہوتا ہے، شیخ ایک زبردست عالم بھی تھے اور بلند پایہ صوفی بھی۔ تصوف میں ان پر محی الدین ابن عربی کے فلسفے کا رنگ غالب تھا وہ اپنی تمام تصانیف میں زیادہ تر ابن عربی ہی کے فلسفے کی تشریح و توضیح کرتے ہیں اسی وجہ سے انہیں ہندوستان کا ابن عربی کہا جاتا ہے۔ الہ آباد میں ان کا مزار عام و خاص کی زیارت گاہ ہے۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں عربی اور فارسی دونوں زبانوں میں۔

فاضل مصنف نے یہ تفسیر بالکل صوفیانہ نقطۂ خیال سے اور خاص کر وحدۃ الوجود کے زاویہ نظر سے لکھی ہے۔ کئی باتوں میں علمائے ظاہری سے اختلاف رکھتے ہیں۔ مثلاً فرعون کی بابت سورہ یونس کی اس آیت سے وجاوزنا ببنی اسرائیل البحر ۔ ۔ ۔ ۔ الخ سے یہ استنباط کرتے ہیں کہ وہ آخر میں ایمان لے آیا تھا اس لئے وہ مومن مرا۔ افسوس ہے کہ یہ تفسیر نہ میری نظر سے گذری اور نہ اس کا کسی کتب خانے میں موجود و محفوظ ہونا پایا جاتا ہے۔ البتہ میں نے اس کا حاشیہ جو خود شیخ کا لکھا ہوا ہے اور ایک مستقل تصنیف ہے انڈیا آفس لائبریری میں دیکھا ہے۔

۳- تیسری تصنیف اس ذیل کی تفسیر احمدی ہے جس کا پورا نام التفسیرات الاحمدیہ فی بیان الآیات الشرعیہ ہے۔ اس کے مصنف ملا جیون المتوفی ۱۱۳۰ھ محتاج تعارف نہیں۔ اپنے وقت کے جید عالم تھے۔ ان کی دوسری تصنیف عربی 'نور الانوار' شرح المنار بھی جو اصول فقہ میں ہے بہت مشہور ہے۔

یہ تفسیر احمدی تمام قرآن کی تفسیر نہیں ہے بلکہ صرف اُنہیں آیات کی ہے جن سے احکام شرعیہ مستنبط ہوتے ہیں۔ دیباچے میں لکھتے ہیں کہ کسی نے آج تک ایسی آیتوں کو جمع نہیں کیا جن سے احکام نکلتے ہوں۔ میں نے بچپنے میں سنا تھا کہ امام غزالی نے اس قسم کی پانسو آیات جمع کی ہیں مگر جب میں نے غزالی کی تصانیف کو ڈھونڈا تو معلوم ہوا کہ میں نے غلط سنا تھا۔ بالآخر میں نے خود یہ کام شروع کیا اور پانچ برس کی مدت میں ختم کر سکا اور چھ برس بعد نظر ثانی کی۔

ملا صاحب نے شروع میں اُن تمام سورتوں کی فہرست دی ہے جن سے احکام نکلتے ہیں اور جن سے نہیں نکلتے (خالیۃ عن الاحکام) ان کی بھی فہرست دی ہے۔

وہ پہلی آیت جو اس ذیل کی ہے سورہ بقر کی یہ آیۃ ہے۔ ھوالذی خلق لکم ما فی الارض جمیعاً۔ اس آیت سے یہ حکم نکالا ہے کہ ان الاباحۃ اصل فی الاشیاء آخری پارے کی تمام آیتیں خالیہ عن الاحکام ہیں بجز سورہ کوثر کے جس سے حوض کوثر کا وجود استنباط کیا ہے۔

۴- چوتھی تصنیف فتح الخبیر بما لابد من حفظہ فی علم التفسیر ہے جو شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی تصنیف ہے۔ شاہ صاحب فی الواقع محتاج تعارف و تعریف نہیں۔ نواب صدیق حسن صاحب نے کیا خوب کہا ہے کہ اگر شاہ صاحب ابتدائی دور میں

ہوتے تو اپنے وقت کے امام سمجھے جاتے۔ میں اوپر عرض کر آیا ہوں کہ ہندوستان کی تصانیف عربیہ میں اُپج اور جدت کی تلاش فضول ہے۔ لیکن اس رائے کا اطلاق تمام تصانیف ہند پر نہیں ہوتا۔ کچھ شاندار مستثنیات بھی ہیں۔ چنانچہ شاہ صاحب کی حجۃ البالغہ درحقیقت ایسی تصنیف ہے جس میں بڑی حد تک اوجنلٹی ہے۔

فتح الخبیر میں شاہ صاحب نے ان تمام احادیث کو جمع کر دیا ہے جن میں آیات قرآنیہ کی کچھ نہ کچھ تفسیر پائی جاتی ہے۔ سیوطی نے اپنی مشہور کتاب اتقان میں ایک باب باندھا ہے جس میں اس قسم کی اُن احادیث کا ذکر ہے جو عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے بوساطت ابن علی طلحہ اور ضحاک مروی ہیں۔ لیکن فتح الخبیر میں وہ تمام صحیح احادیث مذکور ہیں جو دوسرے اسناد سے بھی مروی ہیں۔ یہ کتاب شاہ صاحب کی ایک بڑی تصنیف الفوز الکبیر فی اصول التفسیر کا پانچواں باب ہے۔ اس کتاب کا ذکر آگے آئیگا۔ فتح الخبیر کی محدثانہ تفسیر کا نمونہ یہ ہے :-

اِنا اَعطَینٰاکَ الکوثر۔ قال الرسول ھو نھر۔ ان شانك عدوك۔

قل ھو اللہ کے متعلق لکھا ہے۔ قال المشرکون صف لنا ربك فانزل اللہ علیہ قل ھو اللہ احد۔

اتقان اور اس کتاب میں یہ بھی فرق ہے کہ اول الذکر میں سلسلۂ اسناد مذکور ہے اور فتح الخبیر میں نہیں۔

۳۔ ادبی اور صنعتی تفسیریں یعنی وہ تفسیریں جو صنعت

لزوم مالایلزم کی پابندی میں لکھی گئی ہیں

یہاں دو قابل ذکر ہیں :-

ایک سواطع الالہام ہے جو خاصی ضخیم کتاب ہے اور جسے علامہ فیضی نے صنعت مہملہ میں لکھا ہے فیضی فارسی شاعری میں تو ید طولے رکھتا ہی تھا لیکن عربی ادب پر بھی پورے طور سے قادر تھا۔ اس کی دوسری تصنیف عربی بھی اسی التزام کے ساتھ لکھی گئی ہے۔ اس کا نام موارد الکلم وسلک درر الحکم ہے۔ اس میں مذہبی مسئلے اور اخلاقی مقولے صنعت مہملہ میں درج ہیں۔

سواطع الالہام کے شروع میں ایک بسیط مقدمہ ہے موسوم بہ سواطع جو دو حصوں میں منقسم ہے۔ ایک حصے میں خود مصنف کا حال درج ہے اور دوسرے میں علوم قرآنیہ کا ذکر ہے۔ ہر ایک حصہ کئی کئی ٹکڑوں میں منقسم ہے اور ہر ٹکڑے کا نام ساطع رکھا ہے۔ چھوٹے سے چھوٹا ساطع ایک سطر کا ہے اور بڑے سے بڑا تیس چالیس سطور پر مشتمل ہے۔ طویل ترین ساطع مصنف نے اپنے باپ کی شان میں لکھا ہے۔ مقدمے کے آخر میں ایک نظم اُسی صنعت کی پابندی کے ساتھ ہے جس میں مصنف نے اپنی تصنیف کی تعریف کی ہے۔

فیضی آٹھ بھائی تھے۔ آٹھ نام یہ اور نواں نام والد کا۔ فیضی نے ان نوں ناموں کو حروف منقوطہ سے بچنے کے لئے معمے اور لُغز کے طور پر بیان کیا ہے۔ معمے اور لُغز میں یہ فرق ہے کہ معمے کا مدلول ایک ہی ہوتا ہے اور حروف کے ایر پھیر سے حاصل ہوتا ہے لُغز کا اطلاق، مفہوم کے اشتباہ کے باعث کئی چیزوں پر ہو سکتا ہے۔ مصنف نے اپنے

اور ابوالفضل اور ابوالخیر کے ناموں کے مفہوموں کو لغز کے طور پر ادا کیا ہے۔ ان لغزوں کا اطلاق ان ناموں کے علاوہ دیگر ہم معنے الفاظ پر بھی ہو سکتا ہے۔ بقیہ چھ ناموں کو مصنّف نے معموں میں ظاہر کیا ہے۔ راقم الحروف کو ان معموں کے حل کرنے میں کافی دماغ سوزی کرنی پڑی۔ ایک دو معمے مع حل کے مثال کے طور پر ذیل میں عرض ہیں :-

۱- مبارک کے نام کا معمہ۔ اساس العلم (یعنی لفظ علم کا آخری حرف) اصل الروع (یعنی لفظ 'روع' کے مترادف لفظ 'قلب' کا آخری حرف) مطلع الالہام (لفظ الہام کا پہلا حرف) راس الرؤس (یعنی رؤس کا پہلا حرف) امام الکرام (یعنی کرام کا پہلا حرف)

۲- ابوالبرکات کا تتمیہ :- والد عاد اصلہ اصل الروع مروم دور الاکر و مکرر ابد الدھر

لفظ 'والد' سے 'ابو' حاصل ہوا۔ اب 'برکات' باقی رہ جاتا ہے۔ 'ب' حاصل ہوتی ہے عاد اصلہ اصل الروع کہنے سے۔ 'روع' کے معنی 'قلب' کے اور 'قلب' کی اصل یعنی آخری حرف 'ب'۔ عاد اصلہ اصل الروع سے یہ مراد کہ لفظ 'والد' کے ہم معنی لفظ 'ابو' کے آخر میں 'ب' لگاؤ۔ 'رکا' حاصل ہوتا ہے 'مرومردور الاکر' کہنے سے۔ اس کے یہ معنی کہ 'اکر' کو الٹا کرو۔ اس سے 'رکا' حاصل ہوا۔ اب 'ت' باقی رہ جاتی ہے۔ یہ حاصل ہوتی ہے 'مکرر ابد الدھر' سے۔ لفظ 'دھر' کی ابد یا انتہا حرف 'ر' ہے اور اس کے عدد دو سو اور اس کا مکرر یعنی دوگنا چار سو جو حرف 'ت' کے عدد ہیں۔

مولانا شبلی نے ایک موقع پر لکھا ہے کہ ایک دفعہ عرفی ابوالفضل کے پاس گیا و

کسی دماغی کاوش میں مبتلا تھا۔ دریافت کیا کہ کیا فکر درپیش ہے۔ ابو الفضل نے جواب دیا کہ بھائی صاحب کی تفسیر بے نقط کے مہملہ دیباچہ میں والد کا نام لانا چاہتا ہوں عرفی نے کہا کہ یہ کیا مشکل ہے اپنے لب ولہجہ کے مطابق 'مبارک' لکھ دو۔ اگر یہ قصہ صحیح ہے تو میرا خیال ہے کہ یہ گفتگو خود فیضی سے ہوئی نہ کہ ابو الفضل سے۔

ابو الفضل و فیضی کو عام طور سے ملحد کہا جاتا ہے مگر اس تفسیر میں اوّل سے آخر تک کوئی بات الحاد کی نہیں ملتی۔ اہل سنت والجماعت کے صحیح عقائد کے مطابق یہ تفسیر لکھی گئی ہے۔

ادبی اہمیت کے علاوہ تفسیر کے نقطۂ نظر سے سواطع الہام کو کوئی وقعت حاصل نہیں صنعت مہملہ کی پابندی کی وجہ سے تفسیری جملے بہت مختصر ہیں بلکہ اکثر ہوا ہے کہ جہاں کہیں بلا ضرورت مضمون غیر منقوطہ الفاظ میں ادا ہوتا چلا گیا وہاں تو خاصے طول طویل فقرے ہیں اور جہاں یہ ممکن نہ ہوا۔ وہاں صرف ایک آدھ لفظ بڑھا کر ٹرخا دیا گیا ہے۔ اختصار کے لحاظ سے یہ تفسیر جلالین کے ہم پلہ کہی جا سکتی ہے مگر مضمون اور افادیت کے لحاظ سے دونوں میں کوئی نسبت نہیں۔

اس موقع پر ایک بات خاص طور سے قابل لحاظ ہے۔ غالباً ہندوستان کی فضا صنعتگری، نمائشی لفاظی اور تصنع آمیز طرز کے لئے بہت موافق ہے۔ ادب سنسکرت کے متعلق میں نے ماہرین فن سے سنا ہے کہ انتہائی درجے کی تصنع آمیز شان رکھتا ہے فارسی میں امیر خسرو کا طرز جہاں تک مثنویات کا تعلق ہے خاص کر قران السعدین میں نہایت صنعتگرانہ اور تصنعات سے پُر ہے۔ اعجاز خسروی تو بے راہ روی کی نمایاں ترین مثال ہے۔ ابو الفضل کا طرز خواہ اس کے رقعات کو لیجئے یا آئین اکبری کو دیکھئے

